[illegible]

[illegible]

जन्म पत्री

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

ॐ ... مصنف یا دستخط پر مصنف ... ثبت نہیں ہوں گے۔ وہ مال مسروقہ ہوگا ॐ

Amar Nath Kaul

اوم

رازِ قسمت حصہ اوّل

معروف

چشمۂ جنم پتری

دمبدم تعریف و شکریہ اوس خالق ارض و سما و مالک دنیا کا واجب ہے۔ کہ جس نے سات ستاروں کو رات دن میں وہ گردش دی۔ کہ جن کی استدراک کیفیت اور ماہیت میں عقل منجمان دقیقہ رس و مہندسان اختر شناسان والا دسترس عاجز اور حیران ہے قلم در زبان شکریہ اوس پرماتمان کا کچھ ادا نہیں کر سکتی۔ کہ جس نے اپنی قدرت کامل سے وہ عجایب اور غرائیب علم پیدا کئے۔ کہ جن کے ذریعہ سے انسان بیچارہ کسی قدر حالات جہان پر آگاہ اور مطلع ہوگیا ہے۔ ورنہ کہنا ماہییّت اوس کا مقدور اور فہم و ادراک انسان سے باہر ہے بقولہ۔ کہ خاصان دریں راہ فرومانده اند۔ بلاحصی از گمک فرو مانده اند

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitized by eGangotri

امابعد نیاز ارتسام خاکسار چیت رام ... صاحب سکنہ کمالیہ ضلع منٹگمری پنجاب بدرگاہ سرب شکتیمان سرو ویاپی عرض پرداز ہے

ہر دیباچہ حمد اوسکی ہے شایاں
گئے ہیں مہر و ماہ جس سے نمایاں
بنایا بہر مردم عرصہ خاک
سکئے ہیں اوس نے انجم زیر افلاک
کئے کیا کیا دقیقہ اوس نے پیدا
مہندس اُس کی قدرت پر ہیں شیدا
محاسب کہتے ہیں تقویم دل سے
بشر اوس نے بنائے آب و گل سے

تاوقتیکہ عامل علم نجوم ریاضت اور عبادت میں کامل نہ ہو۔ دل اوس کا روشن اور منکشف اسرار ربانی اور بابرکت کلام زبانی نہیں ہو سکتا ہے۔ جب دل اوس کا عبادت اور ریاضت میں صاف اور روشن ہو جاتا ہے۔ تو گناہ اور کذب و فریب بالکل دور ہو جاتا ہے۔ اوس وقت اسرار غیبی اور کلمات لاریبی خزانۂ غیب سے عالم الغیب عطا فرماتے ہیں:-

نظم اسماء صفاتی

گوکل ناتھ جسو دانندن	سیا ناتھ کوشلیا نندن
رشک بہاری دیوکی نندن	انتر جامی کنس نکندن
نند کشور شام سکھ راشی	کرشن بشن بے کنٹھ نواسی
باسدیو بادن داموودر	ماکھن چور الکھ منسی دھر
کرپا سندھ رن چھوڑ گنی ودھر	... نرنگ سکھ ساگر

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitized by eGangotri

پرمانند چیتر بھج راگھو
پار برہم گھنشام منوہر
دیانندہ جگدیش کنہیا
برج باشی جیون پرسوتم
کملاپت رگھناتھ مراری
جگ جیون انتر ابناشی
دینیال مکند گہراری
بن مالی مرلی دہردانا
سالگرام رام بنواری
پرجاپت جگت پت جگ پوجن
رہبسی سر گن گوپالا
گوپی ناتھ ابھی سکھدائی
کالی مردن کنج بہاری
جو یہ نام چپے من لائے

دیاسئے رادھا پرکیشو
کمل نین گوبند بشیشر
نارائن مادھو جادا ریا
جگ سوامی نرسنگھ شروتم
نند نندن پربھو اودہ بہاری
نرنکار اوتم بنیاشی
دوکھ بھنجن جادوپت گردہاری
پدم ناتھ آدرشٹ بدہاتا
سری پیت آدو یوہنکاری
جگ تارن ہری سنکٹ موچن
منگل گو بردہن نند لالہ
سرو بنجے ارکیرت رگہرائی
دسترتھ نندن مدن بہاری
اوہ سدہ پاوے سب پائی

جیسا کہ کہنا ماہیت ایشور دینیال کا نہایت باریک اور لطیف ہے۔ ویسا یہ علم نجوم یعنے جوتش باریک اور لطیف ہے۔

ایشور کے گیان سے یہ علم رکھیشران پر ظاہر ہوا۔ اور انہوں نے اپنی ریاضت اور عبادت سے ریاض میں وہ کمال دکھلایا۔ کہ جس کے استدراک کی ماہیت میں عقل فکر انسان حیران ہے

دانایان ممالک غیر نے علم ہندسہ میں ہندوستان سے سبق لیا۔ گرگ رشی جب کسی زمانہ میں شاہ ہند کی طرف سے مصر میں بحالت سفارت

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitized by eGangotri

تشریف لے گئے۔ اوس زمانہ میں اون سے حکیم بطلیموس خدیو مصر نے
اس علم نجوم شاخ ریاضی میں تعلیم پائی۔
اور پھر اوس کی ترقی ممالک غیر میں اس حد تک ہوئی کہ کہتے ہیں کہ ایک
وقت ملک الموت یونان میں آیا۔ اور اوس نے ایک عیائی چرواہا ہوشیار
سے پتہ فرشتہ ملک الموت کا دریافت کیا۔ تو اوس نے زائچہ کھینچ کر
بتلایا۔ کہ اسوقت ملک الموت آسمان پر نہیں ہے۔ اور نہ کسی اور
زمین میں ہے۔ بلکہ اسی جگہ موجود ہے۔ پس چونکہ اسوقت اسجگہ
بغیر میرے اور تمہارے اور کوئی ذی روح بشر نہیں ہے۔ میں
ملک الموت نہیں ہوں۔ انسان ہوں۔ اس لیئے تم ملک الموت ہو
اُس سے آگے دروازہ شہر پر پونہچے اور دریافت فرمایا۔ کہ میں
ضعیف العمر ہوں۔ اور میرے ہاتھ پاؤں کو لرزہ ہوتا ہے۔ کسی حکیم
کا پتہ بتلایا جاوے۔ تو اُس سے معالجہ کراؤں۔
اسی دروازہ کے بالا خانہ پر ایک حکیم موجود تھا۔ اور اوس نے
دروازہ پر ایک گھڑیال لٹکایا ہوا تھا۔ دربان نے اوس گھڑیال
کے ذریعہ بمثل تاربرقی حکیم صاحب کو اطلاع آمد بیمار کی دی۔ حکیم
صاحب نے فرمایا۔ کہ بیمار گھڑیال پر ہاتھ لگا دیوے۔ چنانچہ
ملک الموت نے گھڑیال کو ہاتھ لگایا۔ تو حکیم صاحب نے کہا۔ کہ
بیمار اوپر بالاخانہ پر آجاوے۔ انہوں نے عذر کمزوری اور ضعیف
العمری بیان کر کر بالاخانہ پر جانے سے انکار کیا۔ اوس پر حکیم فرماتے
ہیں۔ کہ وہ ساتویں آسمان سے کس طرح زمین پر آیا۔ وہ بیمار اور ضعیف
نہیں ہے۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

اس جواب کو سنتے ہی ملک الموت اپنے آسمان پر واپس چلے گئے گو فی زمانہ ایسی روایتوں کو تو تعلیم یافتہ لوگ مبالغہ خیال فرماتے ہیں۔ مگر دراصل یہ مبالغہ نہیں ہے۔ بمقابلہ اس کے کہ جب من کل الوجوہ حالات کائنات اور انسان ماضی حال و مستقبل اس علم سے تبلائے جا سکتے ہیں۔ تو کیا ملک الموت کا معلوم کرنا زیادہ مشکل تھا۔

چونکہ ایشور پرماتماں نے اس کائنات کو چر لینے منقلب طالع یعنے لگن میں پیدا کیا۔ اس لئے تمام موجودات اوس کے بھی منقلب قرار پائے اور ہر ایک حالت کو ایسا انقلاب آیا۔ کہ وے تمام اعلےٰ علوم اور دانا عالم کائنات ہندوستان سے جاتے رہے۔

موجودہ ترقیات اہالیان یورپ سے خلق اللہ حیران اور پریشان ہے۔ کیونکہ فی زمانہ ترقی ہندوستان کا نام و نشان معدوم ہو چکا ہے۔

(راز اوّل)

لگن عروج اقبال اور زوال کا دارمدار وقت پر ہے۔ اور اس کی تاثیر اور گردش ستارگان فلکی سے نیک و بد کا اظہار علامات و آثار قرار دیا گیا ہے۔

از نجومیب زیادہ ترضرورت دریافت صحیح وقت کی ہے۔ اگر وقت صحیح ہوگا۔ تو تمام تشخیصات اور نتائج اوس کے صحیح آدینگے ورنہ غلط۔

تحیٰ المقدور بسعی بلیغ و کوشش کمال ایک ساری جدید بحساب گھنٹہ منٹ نو ایجاد کر کر بنام نہاد کلید نجوم معروف چشمہ لگن ساری طبع کرائی گئی ہے۔ اور اس میں تمام دیگر قواعد دریافت لگن بھی درج کردئیے گئے ہیں۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitized by eGangotri

بعد اوس کے ضرورت اخراج یعنے بیشٹ ہر ایک لگن و گرہوں کی پیش آتی ہے

اوس کیلئے ایک خاص کتاب راز نجوم تصنیف کی گئی ہے جس سے من کل الوجوہ حالت حیثیت طاقت وقت ستارگان بخوبی واضح ہو سکتی ہے۔

ازاں بعد معلوم کرنا اس امر کا ضروری ہے۔ کہ ہر ایک گرہ مفرد اور مجمل جنم کنڈلی میں کیا کیا اثر سعادت اور نحوست ظاہر کرتے ہیں اُن کیلئے کتاب ہذا بنام نہاد راز قسمت حصہ اول معروف چشم جنم پتری بزبان اردو شاستری۔ گورمکھی وغیرہ تحریر کی گئی ہے۔ تاکہ ہر ایک صورت سے مکمل پھلا دیش جنم کنڈلی ایک موقعہ پر کتاب ہذا سے ملجاویں۔ اکثر اوقات پھلا دیش گرہوں کے مطابق تشخیص صحیح ظہور میں نہیں آتی ہیں۔ اوسکے وجوہات آگے بیان کرونگا۔

تاکہ عاملان کو بخوبی واضح ہو جاوے کہ اونکی وجہ کیا ہے۔ کتاب اشجار الاثمار میں سید علیشاہ بخاری نے تحریر فرمایا ہے۔ کہ بنائے آفرینش انسان سات قوتوں پر ہے۔ اور ہر ایک قوت گرہ سے منسوب کی گئی ہے۔

۱۔ قوت طبعی چاند سے منسوب ہے۔ (۲) قوت حیوانی سورج سے منسوب ہے۔ (۳) قوت شہوانی شکر سے منسوب ہے۔ (۴) قوت فکر و گفتگو بدھ سے منسوب ہے۔ (۵) قوت غضب و غصہ منگل سے منسوب ہے (۶) قوت نفسانی برہسپت سے منسوب ہے (۷) قوت ماسکہ سنیچر سے منسوب ہے۔

یہ تمام قوتیں اور استعداد قبولیت انکی وقت تولد سے حاصل ہونا شروع ہوتی ہیں۔ لیکن اثران کا بقدر قوت ستارگان شکم مادر میں پیدا ہوتا ہے جب وقت مولود شکم مادر سے باہر ہوتے ہی دم لیتا ہے۔ تو ایک حالت سے دوسری حالت میں آتا ہے۔ اور احکام تاثیرات گردش فلکی شکم مادر سے نکل کر دوسری احکام تاثیرات قدیمی داخل ہوتے ہیں پس یہی وقت تولد اصل اعظم ہے

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitized by eGangotri

اور اسی وقت کے ستارگان بحق مولود اثر اپنا ظاہر کرتے ہیں۔
وقت تولد سے چار سال تک مولود کو انسان نہیں کہہ سکتے۔ اور نہ اوسپر احکام انسانی صادق آسکتے ہیں۔ تا وقتیکہ اوسمیں حال انسانی مثل حرکات سکنات وقوت ناطقہ و نکلنے دانت ظاہر تر نہ ہو۔ اور یہ قوت ناطقہ و نکلنا دندان وغیرہ بمدت چار سال مولود کو حاصل ہوتی ہے۔ اسی واسطے چار سال تک جنم پتری کا بنانا ممنوع ہے۔ اُس وقت صحیح استخراج لگن اور ستارگان کرکر جنم پتری یعنے زندگی نامہ تیار کیا جاوے اور اوسمیں تشخیص قوت ہر ایک گرہ کرکر احکام سعادت و نحوست لگائے جاویں۔
جن امورات سے اکثر منجمان بے خبر ہوتے ہیں۔ اونکو ذیل میں تحریر کیا جاتا ہے
۱۔ کوئی کوکب ثابت عظم اول یا عظم دوم کا درجہ طالعہ پہ واقع ہو یا مرو اُس کا درجہ عاشر پہ ہو۔ دلیل اقتضائے سعادت بزرگ کی ہے۔
۲۔ اگر طالع (لگن) کسی مولود کا موافق طالع قران کے پڑے۔ تو دلیل ہے کہ مولود کو سعادت درجہ کمال حاصل ہووینگی۔
۳۔ جنم دن میں اگر درجہ (دانس) طالع کسی مولود کا موافق درجہ سورج کے پڑے یعنے جس درجہ میں برج ہو۔ وہی درجہ طالع مولود کا پڑے۔ یا جنم رات میں درجہ طالع موافق درجہ چاند کے یا موافق درجہ سہم السعادت اوسکے کے ہو۔ تو وہ مولود موافق اوس قران کے سعادت قوی اور عظیم پائیگا
۴۔ اگر طالع کسی مولود کا سال قران السعدین میں ہو۔ اور گرہ کسیقدر بلوان ہوں۔ تو برکت اوس قران سے مولود کو سعادتہائے بزرگ حاصل ہونگی۔
اگر گرہ کامل بلوان ہوں تو مولود صاحب نصیب و حاکم ہوگا۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

اگر یہ اتفاق سال قران النحسین میں ہو۔ تو نتیجہ برخلاف اس کے ظہور میں آویگا
خصوصاً اگر قران النحسین کرک راشی میں واقع ہو۔ تو ہر چند کہ گرہ بلوان ہوں
لیکن ثمرہ اس کا نیک نہیں ہوگا۔ کیونکہ سنیچر اور منگل دونوں اس راشی میں
ضعیف اور بد حال ہیں۔ یہ راشی سنیچر کے لئے وبال اور منگل کیلئے ہبوط
(نیچ) ہے۔ قران النحسین ویسے تو ہر دو سال میں ایک دفعہ واقع ہوتا ہے
لیکن کرک راشی میں تیس سال کے بعد ہوتا ہے
اگر یہ اتفاق سال قران السعدین میں واقعہ ہو۔ تو بوجہ سعادت قران السعدین
کے سعادت مولود زیادہ ہوجاویگی۔
یہی وجہ ہے۔ کہ لگن کسی مولود کا کمزور اور ضعیف ہوتا ہے۔ اور وہ بلند اقبال
اور خوشحال ہوتا ہے۔ کیونکہ سال قران السعدین میں اس کا جنم ہوا ہے۔
اگر قران برہسپت و شکر کا مین راشی واقع ہو۔ تو وہ راشی میں برہسپت
کا گھر اور شکر کا شرف یعنی اوچ استھان ہے۔ دونوں مقبول ہیں۔
قران السعدین ویسے تو ہر سال میں ایک مرتبہ ہوا کرتا ہے لیکن مین راشی بارہ
برس کے بعد ہوتا ہے۔ اور قران چاند کا ہمراہ شکر و برہسپت مولود اور ابتدا
کاموں کے لئے بدرجہ کمال نیک ہے۔ صاحب قران اوس شخص کو کہا
جاتا ہے۔ کہ جس کے جنم لگن میں برہسپت اور شکر کا قران ہو۔ (قران
زادہ لقب امیر تیمور بادشاہ کا ہے۔ کہ بادشاہ چند اقلیم کا تھا) بعض منجم
یہ نہیں جانتے ہیں۔ کہ یہ سعادت کس گرہ سے ہے۔ اور کہاں سے آئی۔
علیٰ ہذا القیاس جنم لگن کسی مولود کا بلوان ہوتا ہے۔ لیکن وہ بد حال اور خراب
وخستہ ہوتا ہے۔ کیونکہ سال قران النحسین میں اوس کا جنم
ہوا ہے۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

اس نحوست سے بھی بہت منجم بےخبر ہوتے ہیں۔

۵۔ اگر طالع کسی مولود کا موافق درجہ کسی شبہ گرہ کے ہو۔ طالع قران سے یا راشی قران سے تو مولود کیلئے سعادت عظیم حاصل ہوویگی۔

۶۔ اگر درجہ طالع میں کسی مولود کے اجتماع ستارگان ہو۔ تو وہ مولود دولت عظیم پائیگا۔ اور قوت ہائے ذاتی وعارضی اوس کی کامل ہونگی۔

۷۔ اگر درجہ طالع کسی مولود کا وہ درجہ ہو کہ جو سعد ہے۔ یا وہ درجہ سعد عاشر واقعہ ہو یا راشی سورج یا چاند یا راشی سہم السعادت یا راشی لگنیش یا مستولی یعنے غالب تر بر صاحب طالع یا بر عاشر (۱۰) واقع ہو۔ تو وہ مولود سعادتہائے عظیم پر پہونچے گا۔ اگر برخلاف اس کے درجہ ہائے نحس میں سے کوئی درجہ طالع یا مرکز عاشر یا راشی سورج۔ چاند یا سہم السعادت یا راشی گرہ دیگر ہو تو مولود کو کوئی سعادت حاصل ہوویگی۔ بلکہ اندیشہ ضرر اور ذلت کا ہے ہر چند کہ کنڈلی میں [illegible] قوی ہوں

۸۔ قدرتاً درجات سعد ونحس مذکور ہر ایک راشی مخصوص ہیں اسلئے انکو ذیل میں درج کیا جاتا ہے

	درجات جو باتفاق سعد ہیں						درجات جو باتفاق نحس ہیں						
میکھ	۱۰	۱۹					۶	۱۱	۱۷	۲۳	۲۹		
برکھ	۳	۱۵	۱۹	۲۷	۳۰		۸	۱۳	۱۸	۲۴	۲۵	۲۶	
متھن	۱۱	۱۵	۲۰				۳	۱۲	۱۷	۲۶	۲۷	۳۰	
کرک	۱	۲	۳	۴	۱۴	۱۵	۱۳	۱۷	۲۳	۲۴	۲۶	۳۰	
سنگھ	۳	۵	۶	۷	۱۷		۶	۱۳	۱۵	۲۲	۲۳	۲۶	۲۸
کنیا	۲	۱۲	۱۵	۲۰			۷	۸	۱۳	۱۶	۲۱	۲۵	
تلا	۳	۵	۲۱	۲۲			۱	۷	۲۰	۳۰			
برچھک	۲	۷	۱۲	۲۰			۵	۱۰	۱۴	۲			

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

دھن	۱۳	۲۰	۲۳				۷	۱۲	۱۵	۱۴	۲۶	۲۷	۳۰
[illegible] مکر	۱۲	۱۳	۱۴	۲۰	۲۲	۲۶	۲	۷	۱۷	۱۳	۲۴	۲۸	[illegible]
کنبھ	۶	۷	۱۶	۱۷	۲۰		۱	۱۲	۱۴	۲۳	۲۹		
مین	۱۰	۱۲	۲۰	۲۷			۳	۴	۹	۲۴	۲۸		

اوصاف خانجات کنڈلی

۱- خانہ ۱-۴-۷-۱۰-کو کیندر کہتے ہیں۔ فارسی میں اوتاد

۲- خانہ ۵-۹-کو ترکون کہتے ہیں۔ فارسی میں مائل اوتاد

۳- خانہ ۶-۸-۱۲-کو ترک کہتے ہیں۔

۴- خانہ ۴-۸-کو چتورسیہ بھی کہتے ہیں۔

۵- خانہ ۲-۵-۸-۱۱-کو پنپھر کہتے ہیں۔ فارسی میں مائل اوتاد

۶- خانہ ۳-۶-۹-۱۲-کو آپوکلم کہتے ہیں۔ فارسی میں زائل اوتاد

۷- خانہ ۳-۶-۱۰-۱۱-کو اوپچے کہتے ہیں۔ اور بعض ترکسدی بولتے ہیں۔

۸- خانہ ۳-۶-۱۱-کو ترکھت ایہ کہتے ہیں۔

۹- خانہ ۱۱-۱۲-۱-۲-۳-۴-کو پوربارده کہتے ہیں۔

۱۰- خانہ ۵-۶-۷-۸-۹-۱۰-پراوه کے نام سے موسوم ہیں۔

اوصاف ہر ایک راشی یا لگن

۱- میکھ۔ برکھ۔ کرک۔ دھن۔ مکر۔ کو پرشٹ اودے لگن کہتے ہیں۔ یہ بلی پشت ہوتے ہیں۔ اور رات کو بلوان ہوتے ہیں۔

[illegible] کنیا۔ تلا۔ برچھک۔ کنبھ لگن کو شیرکھودی کہتے ہیں۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitized by eGangotri

پہ پسر سے طلوع ہوتے ہیں۔ اور دن کو بلوان ہوتے ہیں۔ مگر متعین لگن کا بل زیادہ تر رات کو ظہور پذیر ہوتا ہے۔ ۳ بین لگن مشترک ہے۔ باقی اوصاف ہر ایک خانہ اور ہر ایک لگن کتاب راز نجوم میں مفصل تحریر کئے گئے ہیں۔

اوقات ثمرہ ستارگان

ہر ایک گرہ ثمرہ اپنا بزمانہ دشا ظاہر کرتا ہے جس کی تفصیل بہ قاعدہ ونشوتری و جوگنی و فردارات منجمان ممالک غیر وسودرشن چکر کتاب راز قسمت حصہ دوم معروف جنم دشا میں درج کی گئی ہے۔ لیکن رکھیشران نے ہر ایک گرہ کے ثمرہ کو عمر انسان سے منسوب کیا ہے۔ اور لکھا ہے کہ ثمرہ ہر ایک گرہ کا وقت تولد سے شروع ہو جاتا ہے۔ لیکن کامل ثمرہ اوس کا اوقات مختلف ظہور میں آتا ہے۔

سورج۔ ۲۲ سال کو کامل ثمرہ اپنا شروع کرتا ہے۔
چاند۔ ۲۴ سال کو کامل ثمرہ اپنا شروع کرتا ہے۔
منگل۔ ۲۱ سال کو کامل ثمرہ اپنا شروع کرتا ہے۔
بدھ۔ ۲۳ سال کو کامل ثمرہ اپنا شروع کرتا ہے
برہسپت۔ ۱۶ سال کو کامل ثمرہ اپنا شروع کرتا ہے
شکر۔ ۲۵ سال کو کامل ثمرہ اپنا شروع کرتا ہے
سنیچر۔ ۳۶ سال کو کامل ثمرہ اپنا شروع کرتا ہے
راہو کیت۔ ۴۴ سال کو کامل ثمرہ اپنا شروع کرتا ہے

جو گرہ اپنے نوانسہ میں ہو وہ دیگر تم اور تمام نحوستوں کو دور کر کے اعلیٰ مراتب پر پہنچاتا ہے۔

جو گرہ بخانہ دوست واقع ہو وہ خوشحال ہوتا ہے۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

جو گرہ اپنے گھر میں واقع ہو۔ وہ مطمئن اور طاقت ور ہوتا ہے۔
جو گرہ بخانہ شرف ہو۔ یعنے اوج وہ باجلال و بااقبال ہوتا ہے۔
جو گرہ طلوع میں ہوتا ہے۔ وہ بلوان ہوتا ہے۔
جو گرہ است یا غروب ہو وہ بیقرار بیمار ہوتا ہے۔
جو گرہ شبہ گرہ کی برگ میں ہو وہ بلوان اور خوشحال ہوتا ہے۔
جو پاپی گرہ کے برگ میں ہو۔ وہ خراب حال اور بدثمرہ دیتا ہے۔
جو گرہ سورج سے نزدیک تر ہو۔ اندر ۱۲ انش کے۔ غروب ہو جاتا ہے۔
جو گرہ سورج سے دور ہو جاتا ہے وہ طلوع کہلاتا ہے۔
گو ضعف اور قوت ستارگان کو کتاب راز نجوم میں مفصل بیان کیا گیا ہے
تاہم اس موقعہ پر ضروری قوت ہر ایک گرہ کا بیان کرنا لازم ہے! اسلئے ذیل میں
بیان کرتا ہوں۔

قوت ستارگان

سورج

(۱) کرشن پکھ (۲) راشی مذکر (۳) بروز آئیت (۴) بخانہ خود (۵) بخانہ دوست
(۶) زیر نظر دوست (۷) ہمراہ دوست (۸) زیر نظر شبہ گرہ (۹) ہمراہ شبہ گرہ (۱۰)
مابین شبہ گرہوں کے (۱۱) بخانہ ترکمت آیو (۱۲) بعہد پیری (۱۳) بخانہ اوج۔
(۱۴) بخانہ مول ترکون

چاند

(۱) شکل پکھ (۲) راشی مؤنث (۳) بروز سوموار (۴) بخانہ خود۔ (۵) بخانہ دوست
(۶) زیر نظر دوست (۷) ہمراہ دوست (۸) زیر نظر شبہ گرہ۔ (۹) ہمراہ شبہ گرہ
(۱۰) شبہ گرہوں کے مابین (۱۱) بخانہ کیندر (۱۲) بخانہ ترکون (۱۳) بعہد طفولیت
(۱۴) ہمراہ اوج (۱۵) بخانہ مول ترکون۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

چاند کی تین حالت ہوتی ہیں۔ بال۔ جوانی۔ پیری۔ ان میں سے بال اور پیری اوستھا کمزور اور نحس ہوتی ہے۔ حالت جوانی سعد اور مبارک ہے۔ ابتدائے بدی اوسمی لغائیت شدی دوج چاند کی بال اوستھا ہوتی ہے اور ابتدائے شدی وسمی لغائیت بدی دوج۔ پوران چندرماں اور جوانی اوستھا ہے۔ اسمیں بلوان اور سعد ہوتا ہے۔

منگل

(۱) کرشن پکھ (۲) مذکر راشی (۳) بروز منگل (۴) بخانہ خود (۵) بخانہ دوست وہمراہ دوست وزیر نظر دوست (۶) زیر نظر شبھ گرہ (۷) ہمراہ شبھ گرہ (۸) مابین شبھ گرہ (۹) بخانہ ترکھت آیو (۱۰) بعہد جوانی (۱۱) بخانہ اوچ (۱۲) بخانہ مول ترکوں۔

بُدھ

(۱) شکل پکھ (۲) مونث راشی (۳) بروز بدھ (۴) بخانہ خود (۵) بخانہ دوست (۶) ہمراہ دوست (۷) زیر نظر دوست (۸) زیر نظر شبھ گرہ (۹) ہمراہ شبھ گرہ (۱۰) مابین شبھ گرہ (۱۱) بخانہ کیندر (۱۲) بخانہ ترکون (۱۳) بعہد طفولیت (۱۴) بخانہ اوچ (۱۵) بخانہ مول ترکون۔

برہسپت

(۱) شکل پکھ میں (۲) ہمراہ راشی مذکر (۳) بروز ویروار (۴) بخانہ خود (۵) بخانہ دوست (۶) ہمراہ دوست (۷) زیر نظر دوست (۸) ہمراہ شبھ گرہ (۹) زیر نظر شبھ گرہ (۱۰) مابین شبھ گرہ (۱۱) بخانہ کیندر (۱۲) بخانہ ترکون (۱۳) بعہد پیری (۱۴) بخانہ اوچ (۱۵) بخانہ مول ترکون

شکر

(۱) شکل پکھ (۲) راشی مونث میں (۳) بخانہ خود (۴) بخانہ دوست (۵) زیر نظر دوست (۶) ہمراہ دوست (۷) زیر نظر شبھ گرہ (۸) ہمراہ شبھ گرہ (۹) مابین شبھ گرہ (۱۰) بخانہ کیندر (۱۱) بخانہ ترکون (۱۲) قریب خاتمہ جوانی (۱۳)

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitized by eGangotri

بخانہ اوچ (۱۲) بخانہ مول ترکون۔

سنیچر

(۱) کشن پکھ (۲) راشی مونث میں (۳) بخانہ اول بشرطیکہ راشی مکر۔ کنبھ۔ تلا ہو (۴) بعہد پیری (۵) بخانہ ترکھٹ آیو۔ (۶) ہمراہ دوست (۷) زیر نگاہ دوست (۸) ہمراہ شبھ گرہ (۹) زیر نظر شبھ گرہ۔

راہ وکیت

(۱) بخانہ ترکھٹ آیو (۲) بخانہ اول بشرطیکہ راشی میکھ۔ برکھ۔ متھن۔ کرک۔ کنیا ہو

نوٹ

مقامات مندرجہ بالا ہر ایک گرہ بلوان ہوتا ہے۔ اگر اس کے برخلاف ہوں تو ضعیف تر اور منحوس ہوتے ہیں۔

منسوبات ہر ایک خانہ کنڈلی جنم

چونکہ تمام امورات دنیاوی متعلقہ ذات بارہ خانجات کنڈلی سے منسوب کئے گئے ہیں۔ اور جن کو ہر ایک خانہ میں بلحاظ سعادت و نحوست ستارگان کے دیکھا جاتا ہے۔ انکو ذیل میں درج کرتا ہوں۔

خانہ اول

رنگ چہرہ۔ طاقت جسم۔ سر و شکم۔ پانچوں گیان اندری۔ پانچوں کرم اندری۔ حافظہ۔ اضطراب۔ نیکنامی۔ فخر۔ دہرم۔ مذہب۔ خوشی۔ تعداد عمر انسان و حیوان۔

خانہ دوم

خاندان۔ رشتہ داران۔ دولت۔ آنکھ۔ تعلیم علم۔ جائیداد غیر منقولہ۔ راستی۔ علم وید مقدس۔ شاعری۔ ارادہ۔ اشرفی۔ جواہرات۔ خزانہ۔ کسب کاروبار معاشرہ۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

جوگ ابھیاس سدھی وغیرہ۔

خانہ سوم

عیاشی۔ خدمت گار۔ علم موسیقی۔ دلیری۔ بہادری۔ ہمت۔ برادران و ہمشیرگان۔ مکان و دکان۔ برتن۔ مذہب۔ فتوحات۔ تعداد عمر۔ قرضہ۔ نقل حرکت نزدیک۔

خانہ چہارم

ماں۔ نانکے۔ تعلیم۔ سواری۔ گاڑی۔ آرام۔ آسائش۔ خوشی۔ تجارت۔ رہائشی مکان فتوحات جنگی۔ معاملات ملکی۔ صحت تندرستی۔ دفینہ۔ طلا۔ خزانہ۔ کاروبار دنیاوی۔ دودھ۔ مویشی۔ سفر شمالی ممالک۔

خانہ پنجم

ماں۔ نانا۔ ماما۔ حال جنم۔ گذشتہ۔ شاعری۔ زبان۔ خود تصنیف۔ فرزندان۔ دختران۔ حمل عمل۔ جادوگری۔ منتر۔ علم۔ عقل۔ برادران و ہمشیرگان۔ جنم آئندہ۔ جوگ ابھیاس

خانہ ششم

مرض۔ غم۔ زخم۔ اسلحہ وغیرہ۔ غرق آب۔ تنازعات برادری۔ حالت نزع۔ پھوڑے پھنسی۔ جراحی۔ امراض آتشک وغیرہ۔ کاٹنا زہردار جانوراں سانپ۔ بچھو۔ قید۔

خانہ ہفتم

رشتہ داران۔ سفر غربی۔ عورت۔ شادی۔ مقدمات۔ تنازعات۔ پہلی عورت سے ناکامی۔ دوسری سے فرزندان۔ دختران۔ راجہ سے انعام۔ فوائد بغیر محنت و کوشش۔ تجارت۔ مرگ والد اور اس کی جائیداد کے تنازعہ۔

خانہ ہشتم

جنگ میں موت۔ لوگوں سے نقصان۔ زخم۔ بلندی سے گرنا۔ بیماری عرصہ دراز۔ کاموں میں ناکامی۔ رنج و غم۔ قرضہ۔ فضول خرچی۔ قتل۔ دشمن کے ہاتھ سے۔ دشمنی۔ جھگڑا۔ زہر سے حادثہ

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

شکست۔ قید۔

خانہ نہم

باپ۔ جایداد پدری۔ خیرات۔ انعام۔ خوش قسمتی۔ تعمیر عمارت۔ رفاہ عام و مذہبی خواہ علمی آٹھویں سدی جوگ۔ غیب بینی۔ پیشین گوئی۔ تالاب۔ چاہ۔ باولی سرائے۔ مسافر خانہ۔ گیان۔ رہائش۔ جنگل و پہاڑ۔

خانہ دہم

پہلے جنم کے مذہبی افعال۔ نیک کام حیات۔ جایداد زرعی و غیر منقولہ۔ دھرم۔ مذہبی اعتقاد۔ مکانات۔ خدا پرستی۔ دلیری۔ نیکنامی۔ لباس۔ تبدیلی مکان و جائے قیام۔ جانب شرق۔ روزگار۔ راج دربار

خانہ یازدہم

بڑا بھائی و ہمشیرہ و ان کی خوش قسمتی و بدقسمتی۔ زناکاری۔ زباندانی۔ زبان حاکم دولت جائداد۔ پالکی۔ بگھی۔ غم سے آزادی۔ لباس۔ راگ۔ رقص۔ ہم و دیا شاہی عنایات۔ خوشخطی۔ سفر بحری بامید فایدہ۔

خانہ دوازدہم

سیاحت و سیر ملک۔ روزگار بملک بیگانہ۔ شادکامی۔ حکمرانی ہر قسم۔ خواب خوراک۔ سزا سرکاری۔ تنازعات۔ بدمعاشی۔ عیاشی۔ فضول خرچی۔ نقصان۔ زر و مال۔ فوائد بسبب ہر نیک اعمال جنم گذشتہ۔ انعام خیرات۔ قربانی۔ مذہبی رسوم

منسوبات دیگر

چونکہ جنم کنڈلی مولود سے تمام حالات گردش فلکی مقسوم مولود بتلائے جاتے ہیں اور اسمیں جنم لگن سے تمام خانجات کا نتیجہ نیک و بد اخذ کیا جاتا ہے۔

بلکہ حالات تمام خوش لغارب بھی ہر ایک خانہ متعلقہ سے دیکھے جاتے ہیں۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitized by eGangotri

مثلاً خانہ ۳ سے حالات برادران اور خانہ ۴ سے والدہ کا حال اور خانہ ۵ سے اولاد کا حال دریافت کیا جاتا ہے۔
بہیں صورت اگر خانہ ۳ کو لگن قرار دیا جاوے۔ تو اوس کے تمام خانجات سے کل حالات برادران معلوم ہو سکتے ہیں علے ہٰذا دیگر خانجات کو لگن قرار دیکر اون اقارب اور عزیزوں کے حالات دریافت کئے جاسکتے ہیں۔ جن سے وہ منسوب ہیں۔
دوسرا گرہوں کو بھی خویش اقارب سے منسوب کیا گیا ہے اسلئے اون کی سعادت نحوست سے حالات سعد نحس رشتہ داران قریبی معلوم کئے جاتے ہیں۔
سورج کی سعادت نحوست کا اثر باپ پر مؤثر ہے۔ اس لئے سورج سے باپ کا حال
چاند سے مادر کا حال معلوم کیا جاتا ہے۔
شکر سے عورت کا حال "
منگل سے برادر کا حال "
برہسپت سے فرزند کا حال "
بُدھ سے دوستوں کا حال "
سنیچر سے تمام دیگر رشتہ داران کے حالات معلوم کئے جاتے ہیں۔
دیگر ماسوا اسکے ہر ایک گرہ سے حالات اقارب دریافت کئے جاسکتے ہیں۔
سورج سے نانویں گھر سے باپ کا حال معلوم کیا جاتا ہے۔
چاند سے چوتھے گھر سے ماں کا حال "
منگل سے تیسرے بھائی کا حال "
بُدھ سے چوتھے ماموں کا حال "
برہسپت سے پانچویں اولاد کا احوال "
شکر سے ساتویں عورت کا احوال "

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

سنیچر سے آٹھویں سوائے اُن عزیزوں کے دیگر رشتہ داران کے گھر ہیں۔
بس جن گھروں میں نیک گرہ ہوں۔ اُن کے واسطے نتیجہ نیک ہے اور جن گھروں میں بد گرہ ہوں۔ اُن کے لئے نتیجہ بد ہے۔
جنم کنڈلی میں ہر ایک گرہ کا ثمرہ کا راز خانہ وار درج کر دیا ہے اوس سے سعادت نحوست ہر ایک خانہ کا نتیجہ بخوبی معلوم ہو جاویگا۔
اب رہا یہ امر کہ یہ تمام نتایج مردوں کے لئے بیان کئے گئے ہیں۔ ان میں عالم عورت کا ذکر نہیں آیا۔ کہ وہ کن گرہوں کی نحوست سے بیوہ ہو جاتی ہیں۔ یا وُہ اولاد سے محروم رہتی ہیں۔ یا خاوند اُن کو حقوق زوج سے ترک کر دیتے ہیں جس سے کہ تمام زندگی اُن کی تلخ اور برباد ہو جاتی ہے! اور اُنکی آہ سرد اور نالہ فغاں سے خاندان تباہ ہو جاتے ہیں بلکہ اثر اُن کا قوم اور مذہب اور حصہ ملک کو زوال پہنچاتا ہے۔ اُن کے حالات معلوم کرنے کے لئے چشمہ جنم پتری استریاں ایک علیحدہ کتاب تیار کی گئی ہے۔ اور اُس میں مدارج متعلقہ عالم عورت بالتفصیل تحریر کئے گئے ہیں۔
باقی رہا۔ ورش پھل کا بنانا۔ سو چونکہ قواعد اُس کے بروئے تاجک شاستر مخصوص ہو چکے ہیں۔ اسیواسطے اُنکو خاص کتاب ورش پھل میں بالتشریح دکھایا گیا ہے
اب ہر ایک خانہ جنم کنڈلی کے رازوں کا ملاحظہ فرمایئے کہ جو اصل مدعا اور مضامین کتاب ہذا کے ہیں۔ اور جن کو کتاب ہا ز زمانہ سلف سنسکرت و عربی فارسی سے انتخاب کر کر اپنے اپنے موقع پر جگہ دی گئی ہے۔
باقیماندہ دلیش مفرداً اور مجملاً کسی اور حصہ کتاب ہذا یا کسی دیگر میں تحریر کئے جاویں گے۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

ثمرہ جنم کنڈلی

ہر ایک گرہ ہر ایک گھر میں جداگانہ پھلادیش کرتا ہے۔ لیکن جب وہ دیگر چند گرہوں سے مل کر آتا ہے۔ تو پھل اُس کا تبدیل ہو جاتا ہے۔ گو کل گرہوں کے دوگوں کا پھلادیش تحریر کرنا امر محال ہے تاہم جسقدر ممکن ہے اُسکو ذیل میں تحریر کیا جاتا ہے۔

ہر ایک گرہ اپنے گھر کا پھلادیش اپنی وِشا کے زمانہ میں دکھلاتا ہے نیز اُس وقت کہ جب اُس کے پھل کا وقت آتا ہے۔

راز دوم

خانہ اوّل

۱۔ سورج۔ اگر جنم راس میں ہو۔ تو مولود غصہ ور اور بچپن میں بیمار ہو۔ لیکن اگر سیکھ یا سنگھ راس کا ہو۔ تو ذیشان و نیکوکار و انصاف پسند اور صاحب حکومت ہو۔

۲۔ سورج۔ اگر سورج میکھ راس میں ہو۔ تو وہ دولتمند و بختاور ہو۔

۳ سورج۔ اگر برکھ راس میں ہو۔ تو خوش پوشاک اور شائق راگ ہو۔

۴ سورج۔ اگر متھن راس میں ہو۔ تو مولود جوتشی اور عقلمند و خوشحال ہو۔

۵۔ سورج۔ اگر کرک راس میں ہو۔ تو اوروں کی امید پر گذارہ کرے۔

۶۔ سورج۔ اگر سنگھ راس میں ہو۔ تو پرتاب والا۔ نامور اعلےٰ درجہ والا ہو۔

۷۔ سورج۔ اگر کنیا راس میں ہو۔ تو نازک بدن۔ شاعر تصویرکش۔ اعلیٰ خیال ہو۔

۸۔ سورج۔ اگر تلا راس میں ہو تو گرہ اقبال سے زوال اور کئی طرح کے عذاب تکالیف

۹۔ سورج۔ اگر برچھک راس میں ہو تو تندمزاج اور کم دولت مغموم۔ مبتلا بہ رنج

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

خانہ اول

۱۰ سورج - اگر دھن راس میں ہو۔ تو دولتمند، حکیم و صاحب قدر اعلیٰ رتبہ ہو۔

۱۱ سورج - اگر مکر راس میں ہو۔ تو کم طالع اور لالچی بے قدر۔

۱۲ سورج - اگر کنبھ راس میں ہو۔ تو مفلس اور خانہ بدوش مخالف رسوم خاندان

۱۳ سورج - اگر مین راس میں ہو۔ تو عاقل - اعلیٰ مراتب - جوہر شناس - عیاش

۱۴ سورج - اگر خانہ اول میں ہو۔ تو خوبصورت و نیک مزاج - الاکم شہوت اور مبتلا بہ بیماری - بادی - بلغمی ہو۔ صاف چہرہ۔ گورا بدن - رحیم المزاج محب عورات واشیاء منشی - ہر فن ماہر و پاکیزہ وضع۔

۱۵ - چاند - اگر میکھ - برکھ - متھن - کرک - تلا - کنیاں - دھن - مین - لگن میں ہو تو ہر طرح شبہ اور مفید ہے۔ ورنہ برچھک - مکر کنبھ میں ہو۔ تو اشبھ ہے۔

۱۶ - منگل - اگر خانہ اول میں ہو۔ تو کوتاہ قد گربہ چشم - روشن اندام - خوبصورت ناک پر گوشت - تندرست سخت کلام بغصہ ور - دلیر - جوانمرد خوش نظارہ کسیقدر شوم - لاغر مزاج بیمارہ

۱۷ اگر جنم راس سنگھ یا برچھک یا مکر ہو۔ اور اس میں منگل ہو تو مولود صاحب اقبال اور بارعب ہو شیر جیسے پر سبب طاقتور ہوکر دیکھتا ہو۔

۱۸ منگل - اگر میکھ یا برچھک راس میں واقع ہو۔ تو سردار فوج اور جہاں گشت و دولتمند جیتا ...

۱۹ منگل - اگر متھن یا کنیا راس میں ہو۔ تو صاحب اولاد بیخوف - چالاکی - اور دل کے کام آنیوالا ہو - اور راگی ہو

۲۰ منگل - اگر برکھ یا تلا راس میں ہو۔ خشک مزاج - غصہ ور - ناامیدہ دغاباز - عیاش ہو۔

۲۱ منگل - اگر کرک راس میں ہو۔ تو اقبال بے زوالی اور ہر طرح اچھا ہے

۲۲ منگل - اگر سنگھ راس میں ہو۔ تو دار جنگجو شخص

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitized by eGangotri

۲۳ - منگل - اگر دھن یا مین راس میں واقع ہو تو عالی مرتبہ ہو۔ اور دشمن زیر ہوں۔

۲۴ - منگل - اگر کنبھ راس میں ہو۔ تو مسافر غمناک۔ نادار۔ بے اعتبار۔ دروغگو۔ کم قدر

۲۵ - منگل - اگر کرک راس میں ہو۔ تو صاحب اقبال اور دولتمند۔ تندرست

۲۶ - بدھ - اگر خانہ اول میں ہو۔ تو عاقل۔ دراز قد۔ سبز رنگ۔ نوشت خواند میں ہوشیار۔
عالم۔ ہر دلعزیز۔ آہستہ گو۔ خوش کلام سلیم الطبع شیریں زبان۔ خوبصورت بخشادہ۔

۲۷ - بدھ - اگر میکھ یا برچھک راس میں ہو۔ تو صحبت بد۔ شراب خوار۔ بدکار

۲۸ - بدھ - اگر برکھ تلا راس میں ہو۔ تو فرمانبردار والدین گو ہنرور خوش مزاج و احسان جتانے والا

۲۹ - بدھ - اگر متھن راس میں ہو۔ تو خوش مزاج شیریں کلام عاقل۔ ایک رنگ و نیرنگ کا مشتاق

۳۰ - بدھ - اگر کرک راس میں ہو۔ اپنی قوت بازو سے دولت پیدا کرے۔ خویشوں سے بگاڑ

۳۱ - بدھ - اگر سنگھ راس میں ہو تو بلا اولاد اور نادار۔ کم قدر۔

۳۲ - بدھ - اگر کنیا راس میں ہو۔ تو معزز اعلیٰ مراتب صاحب حشمت ہنرور عقلمند ہوشیار۔ دولتمند

۳۳ - بدھ - اگر مکر و کنبھ راس میں ہو تو محتاج مغرور ناپسند کام۔

۳۴ - بدھ - اگر دھن راس میں ہو۔ تو ملازمت امراء سے ممتاز۔ عالم معزز

۳۵ - برہسپت - اگر خانہ اول میں ہو تو صاحب عقل۔ دانا۔ عالم۔ دراز قد۔ گورا رنگ نیکو رو
فربہ بدن۔ نیک مزاج۔ شاعر اور مصنف کتب کا۔ دھرم و عدالت راغب۔ رنگ
رنگ ہر ایک کو عزیز اور معزز۔ خوش خوراک۔ مہمان نواز۔ عالم اوسکے معتقد
کام ہوں۔ خوبصورت۔ سیاہ چشم۔ اعلیٰ مراتب۔ دولتمند۔ عابد۔

۳۶ - برہسپت - اگر میکھ یا برچھک راس میں ہو۔ تو خوشحال و سردار۔ وہر ایک کا غمخوار اور حامی

۳۷ - برہسپت - اگر برکھ یا تلا راس میں ہو۔ تو عورت اور اولاد سے خورسندی۔ معزز سردار

۳۸ - برہسپت - اگر متھن یا کنیا راس میں ہو۔ تو پرہیزگار۔ کثیر الاولاد۔

۳۹ - برہسپت - اگر سنگھ راس میں ہو۔ تو سردار و شاد کام ہو۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۴۰۔ برہسپت۔ اگر دھن یا مین راس میں طاقتور ہو۔ تو عالی نسب اور صاحب علاقہ و صاحب امیر کبیر۔ عابد۔ دولتمند۔ عاقل و معزز با شان و شوکت ہو۔

۴۱۔ برہسپت اگر کرک راس میں واقع ہو وکری یا است نہ ہو نہ منگل سینچر کی دشمنی میں ہو۔ تو صاحب مراتب اعلےٰ اور نامور اور بہمہ صفت موصوف ہو تمام نحوست کنڈلی کو دفع کرے۔ عمر دراز اور تمام عمر خوشی اور ناموری سے بسر ہو۔ کام پورن ہوں۔

۴۲ برہسپت۔ اگر مکر راس میں ہو تو محتاج اور اقبال سے زوال ہر طرح بدحال ہو

۴۳ برہسپت۔ اگر کنبھ راس میں ہو۔ تو کاریرار متوسط حیثیت ہو۔

۴۴ شکر۔ اگر خانہ اول میں ہو۔ تو سخنوری میں یکتا۔ نیک کردار سبزہ فام۔ بال سیاہ روشن چہرہ شیریں سخن خورد چشم۔ راگ رنگ کا شایق شہوت پرست ناچ اور سرود سے خوش۔ راغب صحبت عورت مستعد بکار۔ تعمیر مکانات۔ ہر فن میں ماہر شعر و سخن گوئی میں لائق۔ عمر دراز

۴۵ شکر۔ اگر سینکھ یا برچھک میں ہو۔ تو دولت غیر عاقل کرے اور شایق بوتنبیر ہو

۴۶ شکر۔ اگر برکھ یا تلا راس میں ہو۔ تو اپنی قوت بازو سے دولت حاصل کرے۔ اور صاحب قدر و عزت ہو۔

۴۷ شکر۔ اگر متھن راس میں ہو۔ تو صاحب اولاد و خوشحالی و شایق راگ رنگ

۴۸ شکر۔ اگر کنیا راس میں ہو۔ تو ہر طرح تکلیف اور موجب نقصان۔ ہر ایک کام میں ناکامی۔

۴۹ شکر۔ اگر کرک راس میں ہو۔ تو دو عورت۔ دولت مند۔ رنج و راحت آمیز

۵۰ شکر۔ اگر سنکھ میں ہو۔ تو کم حیثیت اور بدکار زانی ہو۔

۵۱ شکر۔ اگر مکر یا کنبھ راس میں ہو۔ تو مرد لعزیز اور عیاش ہو۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۵۲ شکر — اگر دھن یا مین لگن میں ہو۔ تو اقبال ور۔ مولود معزز و دولتمند ہر طرح سے خوش

۵۳ سنیچر — اگر خانہ اول میں ہو۔ تو مولود دراز قد سیاہ بدن زرد چشم کاہل لوجود مزاج بادی دموی۔ روغب آب۔ مرض خارش۔ مال زیادہ پیدا کرے

۵۴ سنیچر — اگر مکر کنبھ تلا لگن میں ہو۔ تو مولود زمیندار صاحب مرتبہ دولتمند نامور و معزز عہدیدار ہو

۵۵ سنیچر۔ — اگر میکھ برچھک لگن میں ہو۔ تو جاہل خونخوار بے رحم۔ مسافر سیاح ہو

۵۶ سنیچر — اگر برکھ لگن میں ہو۔ تو کم مرتبہ و عیاش ہو۔

۵۷ سنیچر۔ — اگر تلا یا کنبھ لگن میں واقع ہو۔ تو علاقہ دار و نامور و صاحب مراتب ہو۔

۵۸ سنیچر۔ — اگر کرک لگن میں ہو۔ تو بے دولت و بے مادر ہو۔

۵۹ سنیچر۔ — اگر سنگھ لگن میں ہو۔ تو بے اولاد و غریب الوطن مسافر۔ مفسد ہو۔

۶۰ سنیچر۔ — اگر دھن یا مین لگن میں ہو تو عورت اولاد سے خوش و صاحب روزگار

۶۱ سنیچر۔ — اگر مکر لگن میں واقع ہو۔ تو صاحب مرتبہ اور سردار خاندان ہو۔

۶۲۔ راہ کیت — اگر خانہ اول میں ہوں تو مولود ہمیشہ بیمار۔ بدشکل۔ ناقص اندام و خراب لباس۔ و بدفعل۔ دکاہل و مخالف عام

۶۳۔ راہ کیت۔ — اگر میکھ۔ برکھ۔ متھن۔ کنیا۔ کرک۔ لگن میں واقع ہوں۔ تو مولود صاحب مرتبہ و نامور ہو۔ اگر پاپی گرہ شامل ہوں یا دیکھتے ہوں تو مریض بدشکل و بدلباس ہو

۶۴ سورج یا منگل — ہمراہ بدھ کے خانہ اول میکھ لگن میں ہوں۔ تو گرم مزاج۔ بڑا خوش نصیب دانا تیز عقل۔ نیک نام۔ بہادر۔ دلیر۔ جوان۔ شوہر پر عاشق عورت۔ بدھ آیو تک با اقبال و با دولت رہے اسی عمر میں نادار ہو جاوے لیکن پھر دولت حاصل کرے فرزند با اقبال اور دولتمند ہوں۔ کسی کی پرواہ نہ کرے۔

۶۵ شکر یا چاند۔ — خانہ اول میں میکھ لگن کا ہو۔ تو جوانی عمر میں خاندان والدہ کو نقصان پہونچے اپنی عورت سے بے آرام اور دیگر عورت سے فائدہ اور آرام پاوے [illegible] مقدمات

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

درمیانی عمر میں پریشانی اور بیقرار۔ اکثر مقامات دور میں سفر کرے کچھ آرام بھی پاوے لڑکیاں زیادہ۔ قرضہ دہندگان اور لین دین اپنی عورت میں مبتلا رہے۔ بلغمی سردی تپ دق سے بیمار ہو کر صحتیاب ہو جاوے۔ آنکھوں اور دیگر حواس میں تکلیف پہنچے پھر شفا ہو جاوے

۶۶۔ برہسپت یا بدھ اگر خانہ اول میں اکٹھے ہوں۔ تو دانا۔ نیک چلن اور اکثر مصیبت میں گرفتار اور دشمن زیر ہوں۔ نقصان جائیداد۔ بے سمجھ اور سست و بیمار ہو۔ یا کوئی عضو بدن کا ضائع ہو جاوے۔

۶۷۔ راہو و کیت یا شنیچر۔ خانہ اول میں اکٹھے ہوں۔ تو نالائق بدکار و مصیبت زدہ۔ دشمن زیر۔ جائیداد موروثی بزرگان نقصان کرے مریض۔ کوئی عضو بدن کا ناکارہ ہو جاوے۔ والدین مر جاویں۔

۶۸۔ اگر مالک راس طاقتور ہو کر لگن میں یا لگن کو نظر کامل دیکھتا ہو۔ تو عمر دراز اور نیکوکار تندرست اور ہر طرح سے شاد کام و معزز آدمی ہو۔

۶۹۔ اگر مالک راس طاقتور ہو کر دوسری گھر میں ہو یا دوسرے گھر کو پورن دشٹی سے دیکھتا ہو۔ تو دولتمند ہو اور دولت بزرگان فائدہ اٹھاوے۔ بلوان اور نیکوکار

۷۰۔ اگر مالک راس بلوان ہو کر تیسرے گھر میں ہو یا تیسرے گھر کو پورن دشٹی دیکھتا ہو تو بھائی بند و سے خوش اور با محبت ہو۔ نقل حرکت اور سفر زیادہ کرے اور بہادر دلاور

۷۱۔ اگر مالک راس بلوان ہو کر چوتھے گھر میں ہو یا پورن دشٹی سے دیکھتا ہو۔ تو ماں باپ اور سنبندھیوں سے محبت کرے اور خوشحال و صاحب زراعت و زمین و باغ و مکان وغیرہ ہو۔ معزز اور عالی مرتبہ ہو۔ فرمانبردار والدین۔ کم خور۔ نیک کام

۷۲۔ اگر راس کا مالک بلوان ہو کر پانچویں گھر میں ہو یا پانچویں گھر کو پورن دشٹی سے دیکھتا ہو۔ تو عزیز اولاد ہو۔ حکیم ہو۔ ودوان اور با اقبال ہو۔ نیکوکار

۷۳۔ اگر مالک راس بلوان ہو کر چھٹویں گھر ہو یا چھٹویں گھر کو دیکھتا ہو۔ تو

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

تو دشمن زیادہ ہوں ہمیشہ اندیشہ ور مزاج تند۔ دشمن پر غالب۔ اپنے کام میں مستعد۔ لیکن بخیل۔

۷۴۔ اگر راس کا مالک بلوان ہو کر ساتویں گھر میں ہو۔ یا دیکھتا ہو تو اپنی عورت سے محبت رکھے۔ خرید و فروخت میں نفع بخش کرے۔ بڑے رعب والا۔ خوشمزاج اور عورت دلپسند نصیب ہو۔

۷۵۔ اگر مالک راس بلوان ہو کر آٹھویں گھر میں ہو۔ یا دیکھتا ہو۔ تو عمر کوتہ ہمیشہ خوف و خطر میں رہے۔ اور ایک مرتبہ مرض مہلک میں مبتلا ہو۔ اگر گرہ پاپی ہے تو زیادہ بیمار ہو۔ اور بخیل ہو اگر شبھ ہے۔ تو جسم تندرست اور دولت پیدا ہو۔

۷۶ اگر مالک راس بلوان ہو کر خانہ نانویں میں ہو یا دیکھتا ہوں۔ تو سفر دور دراز کرے ہمت والا۔ اور مشہور۔ دھرم آتماں آرام گاہ۔ اور دھرم استھان تیار کراوے بھی عابد۔

۷۷ اگر مالک راس بلوان ہو کر دسویں گھر میں ہو۔ یا پورن درشٹی سے دیکھتا ہو۔ تو دولتمند و صاحب اقبال عزت ناموری بزرگاں کا پیارا و خدمتگار۔ راج دربار میں معزز

۷۸ اگر مالک راس بلوان ہو کر گیارھویں گھر میں ہو۔ تو عمر دراز بھی۔ مال بزرگان سے فائدہ مند۔ سواری اسپ اور شائق علم نجوم۔ دوست زیادہ ہوں۔ روزگار عمدہ اولاد نیک و ناموری ہمیشہ تندرست۔

۷۹ اگر مالک راس بلوان ہو بارھویں گھر میں ہو۔ یا پورن درشٹی سے دیکھتا ہو تو خرچ زیادہ۔ اور عزت کی خواہش۔ مگر پورن نہ ہو خرچ مال سے فائدہ نہو۔ ایکبار خوف قید۔ سخت کلام مقدمہ باز۔ دایم السفر۔ اگر ہمراہ اشبھ گرہ کے ہوگا۔ تو سر پر کا بھی نقصان ہوگا

۸۰ اگر مالک راس بلوان ہو کر دوسرے گھر میں ہو۔ اور دوسرے گھر کے مالک بلوان ہو کر ہم راس ہو تو مولود عقیل۔ دولتمند نیک مزاج سخی۔ تندرست ہر طرح سے باآرام ہوتا ہے۔

۸۱ اگر مالک راس بلوان ہو کر تیسرے گھر میں ہو۔ اور تیسرے گھر کا مالک بلوان ہو کر پہلے گھر جنم راس میں ہو تو مولود بھائی بندوں سے محبت کرے۔ عقل و تدبیر ہو۔ خاندان پرور۔ اور بھائی نیک ہوں الا قوی ہو۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۸۲ اگر مالک راس بلوان ہو کر چوتھے گھر میں ہو۔ اور چوتھے گھر کا مالک بلوان ہو کر پہلے گھر جنم راس میں ہو۔ تو فرمان بردار ماں باپ اور نیک مزاج و مصاحب امراءِ وقت اور دیکار سرکار ہوشیار۔ مستقل سخن۔ مدھدل۔ گورو اُس کا لائق ہو۔

۸۳ اگر مالک راس بلوان ہو کر پانچویں گھر میں اور پانچویں گھر کا مالک بلوان ہو کر پہلے گھر جنم راس میں ہو۔ تو مولود عالم اور عقلمند۔ صاحب اقبال و عزت و عزیز اولاد و اولاد نیک ہو۔ اپنے خاندان میں نامور و معزز ہو۔

۸۴ اگر مالک اس بلوان ہو کر چھٹویں گھر میں ہو اور چھٹے گھر کا مالک بلوان ہو کر پہلے گھر جنم راس میں ہو۔ تو مولود بخیل اور دشمن پر غالب۔ تندرست۔ بیوفا۔

۸۵ اگر مالک راس بلوان ہو کر ساتویں گھر میں ہو۔ اور ساتویں گھر کا مالک بلوان ہو کر پہلے گھر جنم راس میں ہو۔ تو مولود مطیع عورت و صاحب اولاد روزگار ہو۔ و شایق عورت۔

۸۶ اگر مالک راس بلوان ہو کر آٹھویں گھر میں ہو اور آٹھویں گھر کا مالک پہلے گھر جنم لگن میں ہو۔ تو مولود چوری پیشہ و قمار باز و کم عمر ہو۔ باعث موت حکم حاکم یا اور شخص

۸۷ اگر مالک راس بلوان ہو کر نانویں گھر میں اور نانویں گھر کا مالک پہلے گھر جنم لگن میں ہو۔ تو مولود بختاور۔ نکوکار و فرمانبردار بزرگان و گورو و دھرم استھان ہو معزز۔ عابد سفر زیادہ کرے۔ تیرتھ جاترا کرے۔

۸۸ اگر مالک راس بلوان ہو کر دسویں گھر میں ہو۔ اور دسویں گھر کا مالک بلوان ہو کر پہلے گھر جنم راس میں ہو۔ تو مولود صاحب طالع نیک مزاج۔ گورو اور بزرگ پرست اعلیٰ منصب یا مستاجر ہو اعلیٰ

۸۹ اگر مالک راس بلوان ہو کر گیارہویں گھر میں ہو۔ اور گیارہویں گھر کا مالک بلوان ہو کر پہلے گھر جنم راس میں ہو۔ تو عمر دراز اور عقل و ہنر سے دربار شاہی سے دولت حاصل کرے معزز نیکنام نیک کام

۹۰ اگر مالک راس بلوان ہو کر بارہویں گھر میں ہو اور بارہویں گھر کا مالک بلوان ہو کر پہلے گھر جنم لگن میں ہو تو مولود بخیل و کم عقل بیہودہ۔ دشمن دوست شیلون مزاج سخت۔ زبان۔ دشمن زیادہ ہوں

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

اگر بیمھ کا خانہ اول میں ہو۔ تو تیز مزاج اور رنگ سرخ زرد۔ عقلمند نامور نیکنام۔ عمر دراز

۹۲ چاند۔ اگر برکھ راس کا خانہ اول میں ہو۔ تو گورا رنگ۔ دُبلا بیمار دم کشی کم عمر بہن بھائی زیادہ ہوں

۹۳ بُدھ۔ اگر برکھ راس خانہ اول میں ہو۔ وسیع اور گہرے خیالات ہوں۔ اوروں کے مال کا مالک ہو۔ والدین نادر اہل دولت۔ دو وان متوسط عمر۔

۹۴ منگل۔ اگر برکھ کا راس میں ہو۔ تو خود معہ عورت بیمار۔ خون خراب عزت کا خیال رکھے۔

۹۵ برہسپت۔ اگر برکھ کا خانہ اول میں ہو۔ تو عمر دراز اور معزز۔ اور جائیداد تلف ہو جاوے اور نادار و قرضدار ہو

۹۶ شکر۔ اگر برکھ کا خانہ اول میں ہو۔ تو پورن آیو۔ خوشحال۔ خوش شکل۔ عیاش۔ سوا ایک عورت کا اور رنگ راگ کا شائق۔ ہر دلعزیز۔ مویشی عمدہ ہو۔

۹۷ سنیچر۔ اگر برکھ راس کا خانہ اول میں ہو۔ تو درمیانی عمر میں مشکلات پیش آویں ملک املاک جاتا رہے۔ خاص حیثیت نہ ہو۔ البتہ کچھ اختیارات ہوں اور صاحب حیاء ہو۔

۹۸ راہو۔ اگر برکھ راس کا خانہ اول میں ہو۔ تو مبتلائے تکلیف اور متلاشی مال گم شدہ۔ دائم السفر کچھ اختیارات حاصل ہوں۔

۹۹ کیت۔ اگر برکھ راس کا خانہ اول میں ہو تو بیمار۔ نادار کئی روزگار۔ دشمنوں سے لاچار۔

۱۰۰ سورج۔ اگر متھن راس کے خانہ اول میں ہوں۔ تو مدھ آیو۔ گرم طبیعت بہن بھائی زیادہ ہوں جسم پر داغ۔ بھائیوں کی امداد سے آرام اور دولت نصیب ہو۔

۱۰۱ چاند۔ اگر متھن راس کا خانہ اول میں ہو تو کوتاہ عمر میانہ قد۔ بیمار بلغم و درد پسلی

۱۰۲ منگل۔ اگر متھن راس کا خانہ اول میں ہو تو خون بگڑ جاوے کم عمر جھگڑالو۔ خویشوں میں مقدمات عمر جوانی میں خوف سزا۔

۱۰۳ بدھ۔ اگر متھن راس کا خانہ اول میں ہو۔ تو پورن آیو۔ عقیل۔ عالم۔ فاضل۔ مہندس۔ رنگکار ہنرمند کل ساز۔ معزز۔ دولت مند۔ صاحب تدبیر۔

۱۰۴ برہسپت۔ اگر متھن راس کا خانہ اول میں ہو تو خوبصورت خوب قد۔ دانا عقلمند منصف مزاج۔ اور دائم المریض

۱۰۵ شکر۔ اگر متھن راس کا خانہ اول میں ہو۔ تو پورن آیو خوش شکل۔ معزز۔ انصاف پسند۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitized by eGangotri

عورت سے جائیداد دولت

۱۰۶۔ سنیچر۔ اگر متھن راس کا ہو۔ تو بھائیوں کی عمر اور اون کے آرام کا دشمن کم عمر کم قد۔ بیمار۔ کم قدر۔

۱۰۷۔ راہ کیت۔ اگر متھن راس کا خانہ اول میں ہو دائم المریض۔ متوسط قد و شکل۔ رنگ مائل بسیاہی
عالم جوانی میں مبتلا بہ تکالیف۔ عورت کا جلد انتقال ہو۔

۱۰۸۔ سورج۔ اگر کرک راس کا خانہ اول میں ہو۔ تو رنگ سرخ مائل بہ زردی روشن بشرہ۔ دراز قد
نامور معزز۔ گرم مزاج کسی وقت عمر میں بیماری درد شکم سے تکلیف ہو۔

۱۰۹۔ چاند۔ اگر کرک راس کا خانہ اول میں ہو۔ تو خوبصورت روشن بشرہ۔ پورن آیو۔ والدہ سے
وراثت حاصل ہو معزز۔ نامور بشرطیکہ چاند کمزور یا زیر نگاہ کرور گرہ نہو۔

۱۱۰۔ منگل۔ اگر کرک راس کا خانہ اول میں ہو۔ تو رنگ میلا۔ دائم المریض پھوڑا پھنسی۔ خون خراب
ناپسند عام۔ عمر قریباً پچاس سال۔

۱۱۱۔ بدھ۔ اگر کرک راس کا خانہ اول میں ہو۔ تو کم عمر۔ کم قد۔ کم اولاد۔ کم صورت۔ کم قدر۔

۱۱۲۔ برسپت۔ اگر کرک راس کا خانہ اول میں ہو تو عالم فاضل۔ دانا۔ دولتمند۔ راجاؤں یا معززین
کا دوست۔ پورن آیو۔ مصنف۔ عامل۔ اور خوف مرض آتشک اور
بعمر جوانی سخت مقدمات آئین میں مبتلا ہو۔

۱۱۳۔ شکر۔ اگر کرک راس کا خانہ اول میں ہو۔ تو بھائی بند زیادہ۔ خوشرنگ و خوش گذران
عمر دراز۔ امیر کبیر۔ صاحب جائیداد۔ زمین زراعت عمدہ مکانات و عمدہ سواریاں
عقلمند۔ دور اندیش۔ معزز۔ ہر دلعزیز۔ شایق عورات۔

۱۱۴۔ سنیچر۔ اگر کرک راس کا خانہ اول میں ہو۔ تو ادھرمی۔ پاپی۔ موٹا بدن۔ لمبا قد سیاہ
رنگ بیمار خصوصاً مبتلا بہ مرض آتشک ہو۔ کم قدر۔ کم عقل۔ کم حیثیت۔ بلکہ
جائیداد بزرگان بھی تلف کرے۔

۱۱۵۔ راہ کیت۔ اگر کرک راس کا خانہ اول میں ہو تو کم قد۔ کم حیثیت۔ بد شکل

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

اگر شبھ گرہوں کی درشٹی ہو۔ تو پھل نیک کریں گے۔

۱۱۶ سورج۔ اگر سنگھ راس کا خانہ اول میں ہو تو خوش شکل روشن چہرہ۔ نامور معزز۔ بالا قد۔ دراز عمر۔ تیز مزاج۔ گرم طبع دولتمند۔ با اختیار ہو۔ اگر برہسپت کی پورن درشٹی ہو۔ تو اعلےٰ منصب پاوے۔

۱۱۷ چاندر۔ اگر سنگھ راس کا زور آور ہو کر خانہ اول میں ہو۔ تو خوبصورت خوش کلام۔ نامور۔ ودیا کھیان میں ہوشیار۔ مباحثہ میں لائق۔ خیر خواہ عام۔ کوتاہ قد۔ جوانی میں عیاشی اور امداد غیر مذاہب سے بدنام ہو۔ شہوت پرست۔ گاہے گاہے بیمار ہو جایا کرے۔ درمیانی عمر میں جہان گشت ہو کر سیر اور سیاحت وغیرہ میں مصروف ہو۔

۱۱۸ منگل۔ اگر سنگھ راس کا خانہ اول میں ہو۔ کم عمر دائم المریض۔ عیش۔ جوانی بے مزہ۔ بدن پر پھوڑا پھنسی زخم اسلحہ زیادہ ہوں۔ جائیداد برباد ہو جاوے۔ آخیر عمر میں خوف مرض بواسیر۔

۱۱۹ بدھ۔ اگر سنگھ راس کا خانہ اول میں بلوان ہو۔ تو اکثر بیچارہ بیقرار مختلف خیالات۔ پریشان مزاج۔ اچھے اور نامور خاندان میں جنم پا کر بھی آرام اور فایدہ سے محروم رہے۔

۱۲۰ برہسپت۔ اگر سنگھ کا خانہ اول میں بلوان ہو۔ تو نامور معزز۔ بدربار شاہی مان پاوے۔ پرہیزگار۔ دھرم آتماں عادل۔

۱۲۱ شکر۔ اگر سنگھ راس کا بلوان ہو کر خانہ اول میں ہو۔ تو عمر دراز۔ دولتمند۔ عالم اکثر علوم ہنر ول اور زبان غیر ممالک میں ماہر ہو۔ لیکن بسبب عیاشی اور شہوت پرستی صحت مزاج اور دولت برباد کرے۔ انجام خراب ہو۔

۱۲۲ سنیچر۔ اگر سنگھ راس کا خانہ اول میں ہو۔ تو بدصورت۔ بداخلاق۔ رذیل خیالات۔ خلاف دھرم۔ عمر تکالیف میں گذرے۔ دائم المریض۔

۱۲۳ راہکیت۔ بدفعل بدنام۔ بدخواہ۔ دشمن عام۔ جعلساز۔ دروغگو۔ کم عمر۔ ہر ایک مباحثہ اور کاروبار میں ناکامیاب ہمیشہ ناخوش رہے۔

۱۲۴ سورج۔ اگر کنیا راس کا خانہ اول میں ہو۔ تو مفلس نادار۔ بیمار۔ جائیداد بزرگان تلف ہو۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۲۵ چاند۔ اگر کینیا راس کا خانہ اول میں ہو۔ تو کم عمر۔ کم قدر۔ کم حیثیت۔ بیمار۔

۱۲۶ منگل۔ اگر کینیا راس کا خانہ اول میں ہو۔ تو کم عمر۔ کم حیثیت۔ بدنام۔ دشمنوں سے لاچار دوستوں سے مخالفت۔ اہلکاران سے تنازعات۔

۱۲۷ بدھ۔ اگر کینیا راس میں بلوان ہو کر خانہ اول میں ہو۔ تو معزز۔ ممتاز۔ عمر دراز۔ دولت مند ورنہ مدھ آیو اور نربل۔

۱۲۸ برہسپت۔ اگر بلوان ہو کر کینیا راس کا خانہ اول میں ہو۔ تو نامور۔ معزز۔ عالم وفنون میں ماہر۔ نیک نام۔ اگر کمزور ہو۔ تو کثرت بیماری سے مدھ آیو ہے۔

۱۲۹ شکر۔ اگر کینیا راس کا خانہ اول میں ہو۔ تو دراز عمر۔ معزز۔ عورت زیادہ ہوں۔ شروع عمر میں جو جو جائیداد برباد کرے۔ آخیر عمر میں پھر پیدا کرے۔

۱۳۰ سنیچر۔ اگر کینیا راس کا بلوان ہو کر خانہ اول میں ہو۔ تو صاحب اقبال و معزز و خوشحال و دراز عمر۔ مدھ آیو میں کسیقدر پریشان رہے۔ کمزور ہو۔ تو پہلا ویش برخلاف ہوگا۔

۱۳۱ راہو و کیت۔ اگر کینیا راس کا خانہ اول میں ہو۔ تو دایم المریض یا کوئی عضو بدن ناکارہ ہو۔ دشمن زیادہ مخالف خاندان۔ نادار مفلس۔ کم عمر۔ جائیداد بزرگان کو نقصان پہنچاوے۔

۱۳۲ سورج۔ اگر تلا راس کا خانہ اول میں ہو۔ تو کم عمر۔ دایم المریض۔ امراض خونی کا غلبہ ہو۔ عمر آخیر میں بدنام۔

۱۳۳ چاند۔ اگر تلا راس کا خانہ اول میں ہو۔ کم عمر۔ کم آرام۔ بلکہ آخر عمر میں اندھا ہو جانے کا خوف۔ جوڑوں میں درد۔ دولتمند اور بااولاد ہو۔

۱۳۴ منگل۔ اگر تلا راس کا ہو۔ اور خانہ اول میں آوے۔ تو کم عمر۔ دشمنوں سے نقصان بیمار کاربار تجارت میں خلل۔ زیربار قرضہ۔

۱۳۵ بدھ۔ اگر تلا راس کا بلوان ہو کر خانہ اول میں ہو۔ تو صاحب اقبال۔ دولت مند متوسط عمر۔ میانہ قد۔ اگر شکر کی پورن درشٹی ہو تو نظر میں فرق آوے

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۳۶ برہسپت۔ اگر تلا راس کا بلوان ہو کر خانہ اول میں آوے۔ تو بڑا دھرم آتماں۔ نیک خصال عابد۔ زاہد عالم۔ عمر دراز۔ آخیر عمر میں صاحب املاک و اراضیات ہو۔

۱۳۷ شکر۔ اگر تلا راس کا بلوان ہو کر خانہ اول میں آوے تو دراز عمر۔ خوش نصیب دولتمند نامور۔ اولاد۔ اور عزت سے خوشحال۔ عورت سے خوش۔ نظر میں یا کسی اور عضو میں کسیقدر نقص ہو۔

۱۳۸ سنیچر۔ اگر تلا راس کا خانہ اول میں آوے۔ تو دایم المریض۔ عمر متوسط۔ ذلیل دشمن زیادہ ہوں۔ گزند جانوران زہر دار سے تکلیف۔ بدفعل اور بے آرام۔ آخیر میں کچھ آرام پاوے۔

نوٹ:۔ یہ ثمرہ دیگر دوانان کے بالکل برخلاف ہے اور تجربہ مصنف میں بھی غلط پایا گیا ہے۔

۱۳۹ راہکیت اگر تلا راس میں بخانہ اول ہو۔ زہردار جانوروں سے گزند کا خوف۔ دائم المسافر دشمن زیادہ عمر دراز پیری میں نصیب یاور ہوں۔

۱۴۰ سورج اگر برچھک راس کا خانہ اول میں ہو۔ ماں باپ کے لئے باعث تکلیف اور رنج۔ کم عمر۔ تند مزاج۔ گرم طبع۔ ابتدا میں نقصان دولت۔ الاجوانی میں بااقبال اور دولتمند۔ اگر دیگر دلائل مانع نہ ہوں۔ تو ملازم فوج اور اختیارات مجسٹریٹی نصیب ہوں۔

۱۴۱ چاند اگر برچھک راس کا خانہ اول میں ہو۔ عمر متوسط۔ دبلا مزاج ہمیشہ مبتلائے تکلیف اور اگر برہسپت کی پورن درشٹی ہو۔ اور چاند بلوان ہو تو زود جوانی کا کمال ہو جاوے۔

۱۴۲ منگل اگر برچھک راس کا خانہ اول میں ہو۔ تو ہمیشہ بیمار۔ دشمنوں سے لاچار۔ متوسط عمر۔ الاتیز عقل اور مستعد مزاج۔

نوٹ:۔ یہ ثمرہ و دوانان کے برخلاف ہے۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitized by eGangotri

۱۴۳ بدھ۔ اگر برچھک راس کا خانہ اول میں ہو۔ تو کم عمر۔ اولاد اور بھائیوں سے ناخوش۔ بیمار نادار۔ ابتدا عمر میں زیادہ تکالیف پیش آدیں۔ بے سمجھ اور کم عقل ہو۔

۱۴۴ برہسپت۔ اگر برچھک راس کا بوان خانہ اول میں ہو۔ تو عالم۔ فاضل۔ خوش تقریر۔ خوش تحریر۔ درست گو۔ پورن آیو۔ نامور معزز۔ نیکنام۔ خاندان شریف۔ عمر آخیر میں تکالیف۔

۱۴۵ شکر اگر برچھک راس کا خانہ اول میں ہو۔ تو فضول خرچ۔ شایق عورات۔ خوش شکل۔ درمیانہ قد۔ درمیانی عمر میں عورت سے تکلیف آخیر عمر میں خوف بیکاری عضو۔

۱۴۶ سنیچر۔ اگر برچھک راس کا خانہ اول میں ہو۔ تو بد اخلاق۔ بدشکل۔ بیقرار مزاج۔ بیمار پھوڑوں سے تکلیف۔ بدچلن۔ بھائیوں کا قاطع زندگی۔ کم عمر۔

۱۴۷ راہو وکیت۔ اگر برچھک راس کا خانہ اول میں ہو۔ تو دائم المریض۔ شروع عمر میں ماں باپ کا انتقال ہو۔ اور دولت ضائع ہو جاوے۔ الا عمر دراز اور عمر آخیر میں بخت یاور ہو۔

۱۴۸ سورج۔ اگر دھن راس کا خانہ اول میں ہو۔ پورن آیو۔ صاحب اقبال اور عزت نامور نیکنام۔ حکام وقت کا مصاحب۔ گرم و سوداوی مزاج ہو۔

اگر دیگر دلایل نیک ہوں۔ تو حاکم با اختیار ہو۔ اور اعلیٰ مراتب پاوے ورنہ خوف نقصان جائیداد موروثی ہے۔

۱۴۹ چاند۔ اگر دھن راس کا خانہ اول میں ہو۔ تو دائم المریض کم عمر۔ بدن پر ورم۔ عالم شباب تک ماں باپ کا انتقال ہو۔ لیکن دیگر منجمان کے برخلاف ہے۔

۱۵۰ منگل اگر دھن راس کا خانہ اول میں ہو۔ تو دائم المریض۔ تمام بدن پھوڑا پھنسی سے بدصورت۔ رنگ چہرہ میلا ہو جاوے۔ کم عمر۔ عزت پسند۔ اور صاحب حیا ہو۔ دشمن زیادہ ہوں۔

۱۵۱ بدھ۔ اگر دھن راس کا خانہ اول میں ہو۔ مدہ آیو ہو۔ عورت زیادہ۔ علم ہندسہ اور حکمت میں ماہر۔ دانا۔ نرم مزاج۔ خوش خلق۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۵۲ برہسپت۔ اگر دھن لگن کا بلوان خانہ اول میں ہو۔ اپنے دھرم میں یکتا خوبصورت خوشکلام معزز عالم فاضل عابد۔ زاہد نیکنام۔ دراز عمر سخی۔ فیاض۔ دراز قد۔ دولت کما کر خود خرچ کر دیوے۔

۱۵۳ شکر۔ اگر دھن لگن کا خانہ اول میں ہو۔ متوسط عمر۔ روشن بشرہ سرخ مائل بہ زردی۔ کوتاہ قد عورت سے آرام نہو۔ آخری حصہ عمر میں بیماری مرض گردہ عورت بیمار اور مخالف

۱۵۴ سنیچر۔ اگر دھن لگن کا خانہ اول میں ہو۔ تو پریشان چہرہ بے سمجھ بخیل عمر دراز۔ کوئی عضو بیکار۔ آخری حصہ عمر میں عورت اور بھائی مرجاویں کئی تکالیف پیش آئیں۔ بدنام ہو

۱۵۵ راہ کیت۔ اگر دھن لگن کا خانہ اول میں واقع ہو تو جائیداد و بزرگان سے فائدہ نہو۔ دائم المسافر۔ جوانی میں دھرم اپنا بدل لیوے۔ آخری حصہ عمر میں شاہان ممالک غیر سے دولت اور اعزاز پاوے۔ اور اولاد پیدا ہو لیکن بہر حال چلن قابل تعریف نہ ہو

۱۵۶ سورج۔ اگر مکر لگن کا خانہ اول میں ہو۔ کم عمر سخت مزاج۔ گرم طبع۔ دُبلا۔ نادار۔ عالم شباب میں والدین مرجاویں۔ درد سر اور آنکھوں کی بیماری سے تکلیف ہو۔

۱۵۷ چاند۔ اگر مکر لگن کا خانہ اول میں ہو پیشاب کی مرض۔ لاغر اندام۔ کم عمری عورت۔

۱۵۸ منگل۔ اگر مکر لگن کا خانہ اول میں ہو۔ تو متوسط عمر۔ دشمن زیادہ ہوں۔ دریائی عمر میں بلندی سے گرے۔ یا جنگ میں زخمی ہو نشان زخم بدن پر ہوں شروع جوانی میں ماں کا۔۔ انتقال ہو۔ جائیداد بزرگان سے محروم ہو۔ نوٹ پہلا ویش اسکا دیگر بھیشران کے برخلاف ہے

۱۵۹ برہسپت۔ مکر لگن کا اگر خانہ اول میں ہو۔ تو مردہ آیو ہو۔ نادار مفلس ناخوش۔ جائیداد و بزرگان سے فائدہ نہ ہو۔ مرض کان۔ ہر طرح سے ذلیل اور تکلیف میں ہو۔

۱۶۰۔ بدھ۔ مکر لگن کا اگر خانہ اول میں ہو تو کم عمر شباب عالم میں ماں باپ مرجائیں کسی دُور گذر کرے۔ مگر فائدہ نہو ہمیشہ ناخوش رہے۔

۱۶۱۔ بدھ۔ مکر لگن کا اگر خانہ اول میں ہو عمر دراز۔ بدفعل۔ اپنا صاحب خا[illegible] کو نذر کرے۔ خوش شکل۔ دولت مند۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۶۲۔ سنیچر مکر لگن کا اگر خانہ اول میں ہو۔ تو صاحب جائیداد زرعی اور جنگلات۔ دائم السفر۔ عمر دراز
اکثر بکار اراضیات پیمائش یا نگرانی یا پٹیالی بعہد افسری مصروف ہو۔ بالا قد۔ عورات
زیادہ ہوں۔ نامور۔ باحوصلہ۔ نیک نام۔

۱۶۳۔ راہ و کیت۔ مکر لگن کا اگر خانہ اول میں ہو۔ تو صاحب دولت ہو۔ الّا مدہ آیو۔ اور
بدن پر نشانات پھوڑا پھنسی ہوں۔ بیمار۔ بعد جوانی نقصانات دولت ہو۔

۱۶۴۔ سورج کمبھ لگن کا اگر خانہ اول میں ہو تو نامور مشہور۔ دولتمند۔ مسافر۔ شادی دیر بعد ہو۔ عمر
دراز۔ معاملات لین دین پر گذارہ ہو۔ بیمار۔ تنومند۔ پھلاوش اسکا دیگر دودمان سے برخلاف ہے

۱۶۵۔ چاند کمبھ لگن کا اگر خانہ اول میں ہو۔ تو کم عمر۔ معزز۔ بیمار۔ کم حیثیت۔ دشمن زیادہ ہوں۔

۱۶۶۔ منگل کمبھ لگن کا خانہ اول میں ہو۔ دائم المریض۔ کوتاہ قد۔ فضول خرچ۔ تیز مزاج۔
بعمر جوانی مفلس۔ آخری عمر میں خوش ہو۔ عیاش۔

۱۶۷۔ بدھ کمبھ لگن کا اگر خانہ اول میں ہو۔ تو عقلمند۔ خواہان عزت۔ ہنرمند۔ دبلا۔ دشمنوں
سے نقصان دولت اٹھاوے۔ صبر میں رہے۔

۱۶۸۔ برہسپت کمبھ لگن کا خانہ اول میں ہو۔ نامور۔ معزز۔ دراز عمر۔ نیک نام۔ جوانی میں
رنج اٹھاوے۔ مگر آخری عمر میں خوش ہو۔ اور دولت بھی حاصل ہو۔

۱۶۹۔ شکر کمبھ لگن کا خانہ اول میں ہو۔ تو عورات زیادہ۔ دشمنوں کی کوشش سے نقصان دوست
اور دوں کی جائیداد ہاتھ آوے۔ عمر دراز۔ متوسط عمر میں خوشحال ہو۔

۱۷۰۔ سنیچر کمبھ لگن کا خانہ اول میں ہو۔ تو دل حیران پریشان۔ متوسط عمر میں خوشحال ہو۔
بالا قد۔ وسط عمر میں بھائی مر جائیں۔

۱۷۱۔ راہو کیت کمبھ لگن کا اگر خانہ اول میں ہو۔ تو بدکار حیل ساز۔ مدہ آیو۔ ناجائز وسائل
[illegible] کماوے۔ آخری حصہ عمر میں کوئی عضو بیکار ہو جاوے۔

[illegible] اگر خانہ اول میں ہو تو عالم [illegible] شب [illegible] باپ کا انتقال ہو۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitized by eGangotri

خانہ اول

بزرگان سے فائدہ نہو۔ افسران سے بدسلوکی۔ کم عمر۔

۱۷۳۔ چاند مین لگن کا اگر خانہ اول میں ہو۔ تو درمیانہ قد۔ ورثہ کم ملے۔ متوسط عمر۔

۱۷۴۔ منگل۔ مین لگن کا اگر خانہ اول میں ہو تو گرم مزاج۔ صاحب دولت۔ خواہان عزت جائیداد کے تنازعات۔

۱۷۵۔ بدھ مین لگن کا اگر خانہ اول میں ہو۔ تو چند عورات۔ دبلا۔ کم عمر۔ عقلمند۔ ہنر در اکثر اوقات پریشان رہے۔

۱۷۶۔ برہسپت۔ مین لگن کا اگر خانہ اول میں ہو۔ تو عالم فاضل۔ دانا۔ پورن آیو۔ خوش نصیب۔ فربہ بدن مضبوط خوش شکل ہنرمند عقیل۔ حفا۔ دوا۔ اعلی مراتب واقبال۔

۱۷۷۔ شکر مین لگن کا اگر خانہ اول میں ہو۔ تو خوبصورت۔ فضول خرچ۔ وسط عمر میں دولت ضایع کرے۔

نوٹ:۔ پہلا دیش دیگر رکھیشران سے مخالف ہے۔

۱۷۸۔ سنیچر مین لگن کا اگر خانہ اول میں ہو۔ تو بدصورت بدخصلت۔ ورثہ بزرگان تلف ہو۔ وسط عمر۔ پریشان مزاج۔

۱۷۹۔ راہ وکیت۔ مین لگن کا خانہ اول میں ہو۔ تو دائم المریض مسافر۔ نادار عمر متوسط

۱۸۰۔ میکھ راس کے چندرماں اور سنیچر ملکر جنم لگن میں ہوں۔ تو دبلا اور کمزور ہو۔

۱۸۱۔ خانہ اول میں خشک لگن اور خشک گرہ ہو یا خشک گرہ دیکھتا ہو۔ تو دبلا اور کمزور ہو

۱۸۲۔ جنم لگن کا مالک خشک گرہ کے ساتھ خشک گھر میں ہو تو دبلا کمزور ہو۔

۱۸۳۔ اگر مالک جنم لگن تر لگن میں ہو۔ اور تر گرہ اسکے ساتھ ہو۔ یا اوسکو پورن درشٹی سے دیکھتا ہو۔ تو مضبوط بدن ہو۔

۱۸۴۔ اگر جنم لگن تر ہو۔ اور اس میں شبھ گرہ ہو یا اوس کو دیکھتا ہو پورن درشٹی سے تندرست اور توانا ہو۔ فربہ بدن ہو۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۸۵۔ اگر بدھ سے ساتویں گھر میں منگل ہو۔ تو قد دراز ہو۔

۱۸۶۔ اگر مالک لگن لگن میں ہو یا پورن درشٹی سے دیکھتا ہو تو قد لمبا ہو۔

۱۸۷۔ اگر سنگھ راس کے سورج بجائے دھم اور مکر راس کے چندرماں بجائے سوم ہوں۔ تو کوتاہ قد ہو۔

۱۸۸۔ اگر مالک راس کوتاہ راس میں ہو اور اُس کوتاہ راس کا مالک جنم راس کو پورن درشٹی سے دیکھتا ہو تو قد کوتاہ ہو۔

۱۸۹۔ جس راس میں چاند ہو۔ اُس کا مالک جنم راس کے مالک کیساتھ ہو تو منجھلا اور تندرست ہو

۱۹۰۔ جنم لگن میں برہسپت ہوں یا پورن درشٹی سے دیکھتے ہوں۔ تو تندرست ہو۔

۱۹۱۔ جنم لگن میں اگر کوئی گرہ بلوان ہو۔ تو تندرست ہو۔

۱۹۲۔ اگر کیندر میں گرہ شبھ اشبھ مل کر ہوں۔ تو زیادہ تر بیمار رہا کرے۔

۱۹۳۔ اگر جنم لگن میں شکر کو سنیچر دیکھتا ہو۔ تو بیماری کان کی ہو۔

۱۹۴۔ اگر پانچویں گھر میں منگل میں اور اسکو اشبھ گرہ پورن درشٹی سے دیکھتا ہو۔ تو بدن مولود میں کوئی عیب ہو۔

۱۹۵۔ اگر دوم خانہ میں سنیچر اور دہم خانہ میں چاند اور ساتویں گھر میں بدھ ہوں۔ تو بدن کو بہت نقصان پہونچاویں۔

۱۹۶۔ اگر منگل میں لگن میں ہو۔ تو صرکت تپ کی بیماری ہو۔

۱۹۷۔ اگر چندرماں اور برہسپت کو منگل دیکھتا ہو۔ تو بے شرم ہو۔

۱۹۸۔ اگر کمزور چاند ہمراہ منگل ۱-۶-۸-۱۲ گھروں میں ہو۔ تو بے حیا ہو۔

۱۹۹۔ اگر جنم لگن میں بدھ شکر۔ اور ساتویں گھر میں منگل دیکھتا ہو۔ تو بے حیا ہو۔

۲۰۰۔ اگر جنم لگن میں برہسپت کو منگل دیکھتا ہو۔ تو بے حیا ہو۔

۲۰۱۔ اگر منگل و چاند ملا ساتویں گھر میں ہوں۔ اور برہسپت پورن درشٹی سے دیکھتا ہو تو باحیا ہو

۲۰۲۔ اگر منگل۔ بدھ بلوان ہو کر مجاویں۔ تو دغاباز ہو

۲۰۳۔ اگر سیکھ لگن میں کیندر ہو اور گرہ شبھ شکر گ دیکھتے ہوں۔ تو دغاباز ہو۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitized by eGangotri

۲۰۴۔ اگر چوتھے گھر میں پاپی گرہ ہو۔ خواہ پاپی گرہ اسکو پورن درشٹی سے دیکھتے ہوں۔ تو دغاباز ہو

۲۰۵۔ اگر نانویں یا چہارم گھر کا مالک چھٹے گھر میں ہو۔ تو دغاباز ہو

۲۰۶۔ دسویں یا اٹھویں گھر کا مالک چوتھے گھر میں ہو۔ تو دغاباز ہو۔

۲۰۷۔ اگر راہ۔ سنیچر۔ منگل یکجا ہوں۔ تو دغاباز ہوں۔

۹۶۔ راہ کیت۔ اگر دوسرے گھر کنبھ راس میں ہو۔ تو نادار اور نادار خاندان میں بیاہا جاوے۔ مسخرہ۔ یا نقال یا تماشہ گر یا بہروپیہ ہو کئی تدابیر سے گذارہ کرے۔

۹۷۔ سورج۔ اگر دوسرے گھر مین راس میں ہو۔ تو دولت مند اور معقول کلام الا بے اولاد۔ آنکھیں بیمار۔ آخری عمر میں بسبب مخالفت دشمنان نقصان گذارہ کا ہو۔

۹۸۔ چاند۔ اگر دوسرے گھر مین راس میں ہو۔ تو بے اولاد۔ چالاک مصنف کتاب زمین بھی پیدا کرے۔ الا متوسط عمر میں نادار ہو جاوے۔

۹۹۔ منگل۔ اگر دوسرے گھر مین راس میں ہو۔ تو جائیداد بزرگان نصیب نہ ہو باوجود اعلی خاندان کے پیشہ رذیل لوہار و ترکھان پہ گذارہ کرے خواہ مستری ہو۔ دائم المریض۔

۱۰۰۔ بدھ۔ اگر دوسرے گھر مین راس میں ہو۔ تو نادار بے دولت ہو۔ خویش اقارب کا انتقال ہو۔ اپنے گناہ اور خطا خود ظاہر کیا کرے۔ متوسط عمر میں رات کو نظر بند ہو جاوے۔

۱۰۱۔ برہسپت۔ اگر دوسرے گھر مین راس میں ہو۔ تو نیک خصلت اور عمدہ صلاح کار۔ قابل مشورہ قانون دان۔ وسط عمر میں دولت پیدا کرے اور محسن کش اور مخالف خیر اندیش ہو۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۰۲ شکر۔ اگر دوسرے گھر میں راس میں ہو۔ تو شیریں زبان۔ شائق راگ رنگ۔ عیاش۔
بدکار۔ متوسط عمر میں بذریعہ عورات جائیداد کثیر پیدا کرے۔

۱۰۳ سنیچر۔ اگر دوسرے گھر میں راس میں ہو۔ تو وراثت بزرگان کو نقصان پہونچاوے
آسمانی رنگ۔ آنکھیں ہوں۔ کم علم۔ متلون مزاج متوسط
گذارہ۔

۱۰۴ ۔ راہ کیت۔ اگر دوسرے گھر میں راس میں ہو۔ تو جلد بگڑنے والی
مزاج۔ ایک آنکھ میں کچھ بیماری ہو۔ مال و دولت سے خوشحال ہو آخری
عمر میں نیکنام ہو۔

۱۰۵ سورج۔ اگر دوسرے گھر میکھ راس میں ہو۔ تو جائیداد بزرگان برباد
ہو۔ آنکھوں کی بیماری۔ والدین بیمار۔ متوسط عمر میں اپنے کام تیزی طبع سے
خود بگاڑ لیوے۔

۱۰۶ ۔ چاند۔ اگر دوسرے گھر میکھ راس میں ہو۔ تو پریشان اور فکرمند
دبلا۔ کم شریر۔
" اکثر زبانوں کا شائق۔ متوسط عمر میں عورت اولاد کا انتقال ہو آنکھوں
سے پانی جاری ہو۔

۱۰۷ منگل۔ اگر دوسرے گھر میکھ راس میں ہو۔ تو دلیر۔ بہادر۔ دشمند
سخت مزاج۔ خوش پیشہ۔

۱۰۸ ۔ بدھ۔ اگر دوسرے گھر میکھ راس میں ہو۔ تو حلیم المزاج عالم۔ کم نظر

۱۰۹ ۔ برہسپت۔ اگر دوسرے گھر میکھ راس میں ہو۔ تو ابتداء عمر میں پریشان اور
ناخوش۔ الا آخری عمر میں امیر کبیر۔ دانشمند۔ خوش کلام ہو۔

۱۱۰ شکر۔ اگر دوسرے گھر میکھ راس میں ہو۔ تو نقال یا تماشہ گر یا مسخرہ ہو۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

واقف چند زبانوں کا۔ جوانی خوش و خرم

۱۱۱۔ سنیچر۔ اگر دوسرے گھر سکیھ راس میں ہو تو نقصان دولت اور دھرم اپنا چھوڑ دیوے۔ بدقسمت۔ پریشان۔ مبتلا بہ مرض آنکھ ہو۔

۱۱۲۔ راہو کیت۔ اگر دوسرے گھر سکیھ راس میں ہو۔ تو عالم۔ دانا۔ عاقل۔ اخیر عمر میں دولت حاصل ہو۔ الا تکلیف اور ایذا اٹھاوے۔

۱۱۳۔ سورج۔ اگر دوسرے گھر کے مالک کیندر ترکون میں ہوں۔ تو دولت مند ہو۔

۱۱۴۔ اگر چاند سے ۳۔۶۔۱۰۔۱۱ گھروں میں شُبھ گرہ ہوں تو جلدی دولت مند ہو۔

۱۱۵۔ اگر دوسرے گھر کا مالک شبھ گرہ ساتھ کیندر میں ہو۔ تو دولت مند ہو۔

۱۱۷۔ اگر دوسرے گھر کا مالک مقام کیندر ترکون میں ہوں لیکن بدھ گرہ یا چھٹے گھر کے مالک کے النس ہو۔ تو کمتر دولت حاصل ہو۔

۱۱۸۔ اگر چاروں کیندر میں شبھ گرہ بلوان ہوں۔ تو پورن دولت مند ہو۔

۱۱۹۔ اگر گیارہویں گھر میں کرک راس ہو کر بدھ سنیچر ملکر ہوں۔ تو دولت مند ہو۔

۱۲۰۔ اگر پانچویں گھر کا مالک پانچویں گھر میں ہو۔ اور سنیچر گیارہویں گھر میں ہو۔ تو دولت مند ہو۔

۱۲۱۔ اگر پانچویں گھر کا مالک پانچویں گھر میں ہو۔ اور گیارہویں گھر میں برہسپت ہو تو دولتمند ہو۔

۱۲۲۔ اگر سنگھ کے سورج خانہ اول میں برہسپت کے ساتھ ہوں تو دولتمند ہو۔

۱۲۳۔ اگر منگل اپنے گھر میں ستاگر سنیچر، بدھ کی ساتھ خانہ اول میں ہو تو دولت مند ہو۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۲۵۔ اگر لگن کا مالک خانہ اول کا مالک دوسرے گھر میں اور گیارھویں گھر کا مالک دسویں گھر میں ہو۔ اور برہسپت پورن درشٹی سے دیکھتا ہو۔ تو بڑا دولتمند ہو۔

۱۲۶ اگر پہلے گھر کا مالک دوسرے گھر میں اور دوسرے گھر کا مالک گیارھویں گھر میں اور گیارھویں گھر کا مالک پہلے گھر لگن میں بلوان ہوں۔ تو بڑا دولتمند ہو۔

۱۲۷۔ اگر لگن کا مالک شبھ گرہ بلوان ہوکر دوسرے گھر میں ہو۔ تو دولتمند ہو۔

۱۲۸۔ اگر پہلے اور دوسرے گھر مالکان بلوان ہوکر تیسرے گھر میں ہوں اور تیسرے گھر کا مالک پورن درشٹی سے اونکو دیکھتا ہو۔ تو بھائیوں اور رشتہ داروں اور نقل حرکت سے اور قوت بازو سے دولت حاصل کرے۔

۱۲۹۔ اگر مالکان خانہ اول و دوم بلوان ہوکر چوتھے گھر میں ہوں۔ اور چوتھے گھر کا مالک پورن درشٹی سے اونکو دیکھتا ہو۔ تو ماں اور اراضیات و مکانات کے ذریعہ دولت حاصل ہو۔

۱۳۰۔ مالکان خانہ اول و دوم جس گھر میں بلوان ہوکر آویں اور اوسکے گھر کا مالک اونکو دیکھتا ہو۔ تو اوسکے ذریعہ سے دولت حاصل ہو۔

۱۳۱۔ اگر چوتھے گھر میں سورج بلوان اور شبھ ہوکر شبھ گرہ کے انس میں ہوں تو دولت باپ سے حاصل کرے۔

۱۳۲۔ اگر دسویں اور دوسرے گھر کے مالکان ملکر بلوان ہوکر کیندر میں ہوں اور خانہ اول کے انس کا مالک بلوان ہوکر دیکھتا ہو۔ تو ابتدا، بچپن میں دولتمند ہو۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۳۳- اگر پہلے دوسرے گیارہویں گھر میں شبھ گرہ بلوان ہوں۔ اور دوسرے گھر کے الیش کا مالک پورن درشٹی سے دیکھتا ہو۔ تو بچپن میں دولت حاصل ہووے۔

۱۳۴- اگر دوسرے گھر کا مالک کیندر ترکون میں بلوان ہو اور گیارہویں میں پاپی گرہ ہو۔ تو دولت مند ہو۔

۱۳۵- اگر گیارہویں گھر کا مالک کیندر یا ترکون سے شبھ گرہ سے اتصال یا ایک گھر میں ہو کر یا درشٹ سمبندھ کرتا ہو۔ تو دولتمند ہو۔

۱۳۶- اگر دوسرے گھر کا مالک آٹھویں گھر میں ہو تو کمتر دولت حاصل ہو۔

۱۳۷- اگر آٹھویں گھر میں شبھ گرہ بلوان ہو۔ تو دولتمند ہو۔

۱۳۸- اگر چھٹے گھر کا مالک دوسرے گھر میں ہو۔ تو نقصان دولت اور ضرر فرزند پہونچتا ہے۔

۱۳۹- اگر کیتو دوسرے گھر میں ہو۔ اور چاند دیکھتا ہو۔ تو دولت نشٹ۔

۱۴۰- اگر دوسرے گھر میں سورج ہو اور سنیچر دیکھتا ہو۔ تو دولت مند ہو۔

۱۴۱- اگر دوسرے گھر میں سنیچر ہو۔ اور بدھ پورن درشٹی سے دیکھتا ہو۔ تو لڑکا دولت مند بنتا ہے۔

۱۴۲- اگر دوسرے گھر میں نربل چاند ہو اور بدھ اوسکو دیکھتا ہو۔ تو دولت بزرگان کا نقصان کرتا ہے۔

۱۴۳- اگر نربل چاند دوسرے گھر یا اوسکے مالک کو دیکھتا ہو۔ تو نادار اور بیمار ہو۔

۱۴۴- اگر دوسرے گھر میں چاند و منگل ہوں۔ اور سنیچر دیکھتا ہو۔ تو کم گذارہ اور مبتلائے درد اعضا جوڑ ہو۔

۱۴۵- اگر بدھ بارہویں گھر میں ہو۔ تو تکرار و بحث علمی میں نقصان دولت ہو۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitized by eGangotri

خاتمہ دویم

۱۴۶- اگر بارہویں گھر میں پاپی گرہ ہو۔ تو بلا ضرورت اور ناقص معاملات میں نقصان دولت ہو۔

۱۴۷- اگر مالک جنم لگن نربل ہو۔ اور دوسرے گھر کا مالک سورج کے ساتھ بارہویں گھر میں اکٹھا ہو۔ خواہ پاپی گرہ اوسکو دیکھتا ہو۔ تو مقدمات سرکاری اور سزا سرکاری میں دولت نقصان ہو۔

۱۴۸- اگر بارہویں گھر میں دسویں گھر کا مالک دوسرے گھر کے مالک کے ساتھ دشمن کے انش کا ہو۔ تو جرائم اور سزا سرکاری میں نقصان دولت ہو۔

۱۴۹- اگر گیارہویں گھر کا مالک بارہویں گھر میں اور دوسرے گھر کا مالک ۶ - ۸ - ۱۲ - گھر میں آوے۔ بارہویں گھر کا مالک دوسرے گھر میں مخالف یا دشمن کے انش کا ہو۔ تو سزا و سرکاری سے نقصان دولت ہو۔

۱۵۰- اگر دوسرے گھر کا مالک چھٹے گھر میں پاپی گرہ کے ساتھ مین لگن میں ہو تو سزا سرکاری میں دولت برباد ہو۔

۱۵۱- اگر دوسرے گھر کا مالک چھٹے گھر میں ہو تو نقصان دولت ہو۔

۱۵۲- اگر بارہویں گھر میں دوسرے گھر کا مالک اور بارہویں گھر کا مالک دوسرے گھر میں پاپی گرہ کے ساتھ ہو۔ اور پہلے گھر کا مالک چھٹے گھر ہو۔ تو سزا سرکاری میں نقصان دولت ہو۔

۱۵۳ اگر دوسرے گھر میں پاپی گرہ ہو۔ اور دوسرے گھر کا مالک پاپی گرہ کے ساتھ ہو۔ تو نادار ہو۔

۱۵۴- اگر سورج مین راس کا ساتھ پاپی گرہ کے کیندر استھان میں ہو تو نادار ہو۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۵۵۔ اگر بارہویں گھر میں بارہویں گھر کا مالک پاپی گرہ کے ساتھ ہو۔ تو بد اعمالی میں نقصان دولت ہو۔ اگر شبھ گرہ کے ساتھ ہو۔ تو اچھے کاموں میں خرچ دولت ہو۔

۱۵۶۔ اگر دوسرے گھر کا مالک نربل خواہ پاپی گرہ کے انس کا ہو۔ اور چھٹے گھر کے مالک سے اتصال یا سمبندھ کرتا ہو۔ دشمنوں سے نقصان دولت ہو۔

۱۵۷۔ اگر دوسرے گھر کا مالک نربل ہو کر پاپی گرہ کے انس کا ہو۔ اور ساتویں گھر کے مالک سے سمبندھ کرتا ہو۔ تو مدعی، مقدمہ یا عورت سے نقصان دولت ہو۔

۱۵۸۔ اگر دوسرے گھر کا مالک نربل ہو کر پاپی گرہ کے انس کا ہو اور پانچویں گھر کے مالک سے سمبندھ کرتا ہو۔ تو اولاد سے نقصان دولت ہو۔

۱۵۹۔ اگر دوسرے گھر کا مالک نربل ہو کر پاپی گرہ کے انس کا ہو۔ اور دسویں گھر کے مالک سے سمبندھ کرتا ہو۔ تو باپ یا بزرگان یا کاروزگار یا حکام سے نقصان دولت ہو۔

۱۶۰ اگر دوسرے گھر کا مالک نربل ہو کر پاپی گرہ کے انس کا ہو۔ اور چہارم گھر کے مالک سے سمبندھ کرتا ہو۔ تو ماں یا اراضیات وغیرہ سے نقصان دولت ہو۔

۱۶۱۔ اگر مالک دوسرے گھر کا نربل ہو کر منگل سے سمبندھ کرتا ہو۔ تو بھائیوں اور سزا جھگڑوں میں نقصان دولت ہو۔

۱۶۲۔ اگر دوسرے گھر کا مالک نربل ہو کر بدھ سے سمبندھ کرتا ہو۔ تو دوستوں اور اہل قلم اشخاص سے نقصان دولت ہو۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۶۳- اگر دوسرے گھر کا مالک نربل ہوکر برہسپت سے سمبندھ کرتا ہو۔ تو مصاحبان اور عالم و شرفاء یا فرزندان سے نقصان دولت ہو۔

۱۶۴- اگر دوسرے گھر کا مالک نربل ہوکر شکر سے سمبندھ کرتا ہو۔ تو عورات سے نقصان دولت ہو۔

۱۶۵ اگر دوسرے گھر کا مالک نربل ہوکر سنیچر سے سمبندھ کرتا ہو تو رذیل لوگوں سے نقصان دولت ہو۔

۱۶۶- اگر دوسرے گھر کا مالک نربل ہوکر راہ۔کیت سے سمبندھ کرتا ہو۔ تو نیچ لوگوں سے نقصان دولت ہو۔

۱۶۷- اگر دوسرے گھر کا مالک نربل ہوکر سورج سے سمبندھ کرتا ہو۔ تو باپ یا حکام سے نقصان دولت ہو۔

۱۶۸- اگر دوسرے گھر کا مالک نربل ہوکر چاند سے سمبندھ کرتا ہو۔ تو والدہ یا عورت یا فرزند سے نقصان دولت ہو۔

۱۶۹- اگر دوسرے گھر کا مالک چھٹے گھر میں دشمن گھر کا ہوکر آوے تو دشمنان سے تباہی دولت ہو۔

۱۷۰- اگر میکھ ورگ میں راہو بشکر۔ چاند کے ساتھ مالک مقام قیام چندرمان کا دوسرے گھر میں ہو۔ تو بدکاری یا خراب کاموں میں دولت برباد ہو۔

۱۷۱- اگر آٹھویں گھر کا مالک لگن میں اور لگن کا مالک اٹھویں گھر میں ہو تو نادار ہو۔

۱۷۲- اگر دوسرے گھر کا مالک آٹھویں گھر میں مالک اٹھویں گھر کے ساتھ ہو۔ یا اٹھویں گھر کا مالک دوسرے گھر میں دوسرے گھر کے مالک کے ساتھ ہو۔ تو نادار ہو۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۷۳۔ اگر بارہویں گھر میں شبھ گرہ اور دوسرے گھر میں پاپی گرہ ہوں۔ تو تنگدست ہو۔

۱۷۴۔ اگر ناویں گھر کا مالک بارہویں گھر میں ہو۔ اور بارہویں گھر کا مالک دوسرے گھر میں ہو۔ اور تیسرے گھر میں بھی پاپی گرہ ہو۔ تو نادار اور مفلس ہو۔

۱۷۵۔ اگر مین راس کے سورج ۵۔۹ گھر میں ہوں۔ اور آٹھویں گھر میں منگل ہوں۔ تو امیر کبیر کے گھر میں جنم لیوے۔ تب بھی مفلس ہو جاوے۔

۱۷۶۔ اگر جنم لگن کا مالک بلوان ہو کر مالکان ۱-۴-۷-۱۰ کے ساتھ خانہ اول میں ہو۔ تو صاحب دولت ہو۔

۱۷۷۔ اگر جنم لگن میں سورج ہو۔ اور برہسپت پورن درشٹی سے دیکھتے ہوں اور مالک جنم لگن دسویں گھر میں ہو۔ تو دولتمند ہو۔

۱۷۸۔ اگر پانچویں اور ناویں گھر میں شبھ گرہ بلوان ہوں تو ہر طرح بآرام اور آرائش و عزت اور دولت سے ممتاز ہو۔

۱۷۹۔ اگر دوسرے گھر کا مالک شبھ گرہوں کے ساتھ ۱-۴-۷-۱۰۔ خواہ دوسرے گھر میں ہو۔ تو مردمان خاندان بہت ہوں اور دولتمند ہو۔

۱۸۰۔ اگر دوسرے گھر کا مالک دوسرے گھر میں ہو کر شبھ گرہوں سے سمبندھ رکھتا ہو۔ تو خاندان وسیع اور دولت کافی ہو۔

۱۸۱۔ اگر برکھ و تلا میں سورج سمتھن یا برچھک میں چاند مینکھ میں سنیچر و کرک میں منگل دوسرے گھر میں ہوں، تو شخص نادار مفلس ہو۔

۱۸۲۔ اگر گیارہویں گھر کا مالک بارہویں گھر میں ہو۔ ۱-۴-۷-۱۰-۵-۹ گھروں میں پاپی گرہ ہوں۔ تو مفلس و نادار ہو۔

۱۸۳۔ اگر دوسرے گھر کا مالک ۲-۶-۱۲ گھروں میں پاپی گرہ کے ساتھ ہو۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

تو بیچارہ و نادار ہو

۱۸۴ - اگر تمام گرہ اشبھ - خانہ ۱ - ۷ - ۱۲ - میں آویں تو تمام خاندان مولود تباہ ہو جاوے۔

۱۸۵ - اگر چاند سے دوسرے گھر یا پانچویں گھر میں برہسپت ہو۔ اور آٹھواں گھر خالی ہو۔ تو کمینہ پیشہ پر گذارہ ہوۃ

۱۸۶ - اگر تیسرے گھر کا مالک چھٹے گھر میں ہو۔ تو لکڑی اور پھل وغیرہ پر گذارہ ہو۔

۱۸۷ اگر پہلے گھر کا مالک دسویں گھر میں ہو۔ اور سنیچر ۲ - ۵ - ۹ - گھر میں ہو آٹھواں گھر خالی ہو۔ تو ذلیل پیشہ پر گذارہ ہو۔

۱۸۸ اگر میکھ کے چاند کو منگل دیکھتا ہو۔ تو کم حیثیت اور غمناک ہو۔

۱۸۹ ۔ سورج چھٹے گھر چندرماں آٹھویں گھر سنیچر بارہویں گھر منگل دوسرے گھر میں ہو۔ تو اولاد پاک چشم بینے کافی ہو۔

۱۹۰ ۔ دوسرے گھر کا مالک بارہویں گھر میں ہو۔ تو تنگدست اور نادار ہووے

۱۹۱ ۔ دوسرے اور چوتھے گھر میں پاپی گرہ ہو۔ تو دشمن اور کنگال ہو۔ بلکہ گھر کا مال اسباب بھی نقصان کردیوے۔

۱۹۲ آٹھویں گھر میں منگل ۔ پانچویں یا نویں گھر میں برہسپت و سورج ملکر ہوں تو دشمن بلکہ چھوٹی عمر میں بھیک مانگنے والا ہو جاوے

۱۹۳ ۔ جو یوگ ۔ ۲ ۔ ۷ ۔ ۱۲ ۔ گھر میں برہسپت بلوان ہو۔ تو مال سوداگری سے بہت لابھ ہو۔

۱۹۴ ۔ اوچ استھان ہو کر کوئی گرہ بلوان دوسرے گھر میں ہو اور شبھ گرہ اوسکو پورن درشٹی سے دیکھتا ہو۔ تو منش مال سوداگری سے دھن جمع کرے

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

اور لڑکے پرتاپ والا دھنوان ہو۔

۱۹۵۔ والد یوگ سینچر جنم لگن میں ہو۔ دسویں گھر میں کوئی گرہ نہ ہو۔ اور نہ کوئی شبھ گرہ کیندر استھان میں بلوان ہو۔ تو منش والدین اور نردھن ہو۔ لگن

۱۹۶ لگنیش نیچ ہوکر پانچویں گھر میں ہو۔ تو نردھن اور کنگال ہو۔

۱۹۷ لگنیش بارھویں گھر میں پاپی گرہ کے ساتھ ہو۔ تو نردھن و کنگال ہو۔ اگر کوئی شبھ گرہ بلوان ہوکر اوسکو دیکھتا ہو۔ یا چوتھے گھر میں ہو۔ تو دوش اس کا دور ہو جاویگا۔

۱۹۸۔ دوسرے گھر سورج اور منگل ہوں۔ تو خود کم گذارہ اور اولاد بھی کم دولت ہوگی۔

۱۹۹۔ میکھ راشی خانہ دوم میں ہو۔ تو نقصان مال و دولت اور خلل کار و بار و پیشہ۔ اگر جنم کنڈلی میں بخانہ دوم شبھ گرہ ہوں۔ تو زر سرخ پارچہ سرخ حاصل ہوں

۲۰۰۔ برکھ راشی خانہ دوم میں ہو۔ تو ترقی مال و دولت و جمعیت خزانہ ترقی کار و بار با منافع۔

۲۰۱۔ متھن راشی خانہ دوم میں ہو۔ تو کار و بار باستقلال ہوں تجارت سے نفع پہونچے۔

۲۰۲ کرک راشی خانہ دوم میں ہو۔ تو ترقی دولت مال و کار و بار پیشہ و معاش حصول چاندی نقرہ و اشیاء سفید۔ و کامیابی امید۔

۲۰۳۔ سنگھ راشی خانہ دوم میں ہو۔ تو کار و بار اور احکام سے فائدہ۔ خرچ روپیہ بخوشی خود۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

لگن

۲۰۴۔ کنیا لگن خانہ دوم میں ہو۔ کاروبار پیشہ میں ترقی امداد اہل قلم حصول مال میں توقف۔

۲۰۵۔ تلا خانہ دوم میں ہو۔ تو ترقی کاروبار و پیشہ

۲۰۶۔ برچھک خانہ دوم میں ہو۔ تو انقلاب حال مولود صحبت امیراں ملنا مال امداد اور اعانت حکام سے۔

۲۰۷۔ دھن خانہ دوم میں ہو۔ تو ترقی مال اور فائدہ خرید فروخت اور خرچ بخوشی دل

۲۰۸۔ مکر خانہ دوم میں ہو۔ تو کاروبار میں ترقی معاملات مشارکتی میں فائدہ۔

۲۰۹۔ کمبھ خانہ دوم میں ہو۔ انقلاب حالت خرید فروخت و مال۔

۲۱۰۔ مین خانہ دوم میں ہو۔ تو روزگار کاروبار ترقی اور عروج عزت و اقبال دوستی با امیراں۔

۲۱۱۔ اگر دوسرے گھر میں سورج اور منگل ہوں۔ تو مولود کم اوقات ہوگا۔

راز چہارم

خانہ نمبر ۳

۱۔ سورج۔ اگر تیسرے گھر میں بلوان ہو۔ تو تمام دوش ہائے کنڈلی کو دور کرتا ہے۔ اور مال و آرام خانہ داری سے خوشحال رکھتا ہے۔ مولود عالم و عاقل ہو۔ اگر اشبھ حالت میں ہو تو بڑا بھائی زندہ رہے۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۲۔ چاند تیسرے گھر میں بلوان ہو۔ تو عاقل و سخی و نیک خصلت اپنی محنت سے دولتمند ہو۔ اگر اشبھ ہو تو بھائیوں سے سکھ نہ ہو۔ اور نہ اخلاق نیک ہوں۔ البتہ مشہور کے ہر قسم پر خوشی رہے۔

۳۔ منگل تیسرے گھر میں بلوان ہو۔ تو بڑا کا مولود کو دوسرے چھوٹوں کو گرفتار کرے۔ دولتمند صاحب اولاد اور عمر دراز ہو۔

۴۔ بُدھ تیسرے گھر میں بلوان ہو۔ تو مولود دروغگو اور ہر کام میں بے اعتبار و ذلیل ہوگا۔ اور بخیل ہو۔ تاہم بھائیوں سے خوش رہے۔

۵۔ برہسپت۔ اگر تیسرے گھر میں ہو۔ تو دولتمند اور عاقل ہو۔ الا اتفاقی نہو۔ اگر باختیار حکومت پر ہو۔ تو دنیا پرور انہ زیادہ کرے ظالم اور بے رحم ہو۔

۶۔ شکر تیسرے گھر میں ہو۔ تو مولود کنکد رنگ خوبصورت حسین کم خوراک اور پردہ دار رہے۔ الا بزدل و کم حیثیت و شوم بھائی پیدا رہے۔

۷۔ شنیچر تیسرے گھر میں ہو۔ تو اپنے بھائی بندوں سے بدسلوکی سسرال کا بہت پیار ہو سکتا ہے۔ اولاد بھائیوں کا سکھ نہو۔ مولود کے بعد جو بھائی بند ہوں۔ وہ زندہ نہیں۔ الا صاحب روزگار اور مالدار ہو آسودہ رہے گو عادت نا شگفتہ ہو۔

۸۔ راہو کیتو۔ اگر تیسرے گھر میں ہوں تو اکثر قسمت دولتمند نیک مزاج معزز مصاحب یا امرا ہو۔ کل دوستوں کنبہ کے واسطے نصیب روزگار و نیک تدبیر ہو۔

۹۔ شنیچر اگر تیسرے گھر میں [illegible] ہوں۔ تو [illegible]۔ بداخلاق۔ بدبیماری آتشک وغیرہ میں مبتلا۔ بدنام۔ بدکردار۔ [illegible] اور اگر بھائی ہوں تو

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

کتابخانہ

ان سے بدسلوکی۔ بڑی نوکری۔ نیچ کام۔ زیور کان کا نقصان ہو مقروض درمیان عمر میں خون کم ہو جاوے بیماری درد کان۔ دشمنوں کے ظلم سے ستایا جاوے۔ اور سزایاب ہو۔

منگل مینھ راس میں تیسرے گھر ہو۔ تو بمثل سنیچر پھل کرتا ہے۔
راہ۔کیت یہی راس میں اگر تیسرے گھر ہو۔ تو بمثل سنیچر پھل کرتا ہے

۱۰۔ شکر۔ اگر تیسرے گھر متھن راس میں ہو۔ نامور۔ نیک نام۔ خوش قسمت برادران اور عورات کے ذریعہ حصول دولت ہو عہدہ و منصب حکومت باختیار نصیب ہو۔ شائق راگ رنگ۔ عورت خوش قسمت ملے دو عورات ہوں۔

۱۱۔ برہسپت اگر تیسرے گھر متھن راس میں ہو بھائی بہت زیادہ ہوں صاحب نصیب۔ جوانی میں نقصان اٹھائے۔ فساد عورات موجب نقصان ہو۔ صاحب منصب یا اعلے عہدہ دار ہو۔ غیر زبانیں جانتا ہو متمول امیر ہو۔

سورج۔ اگر متھن راس میں تیسرے گھر ہو۔ تو بمثل برہسپت پھل کرتا ہے
چاند۔ اگر متھن راس میں تیسرے گھر ہو۔ تو بمثل شکر پھل کرتا ہے۔

۱۲۔ سورج۔ سنیچر۔ راہ۔کیت۔ اگر تیسرے گھر کرک راس میں ہو۔ خود بیمار ہے مرض آتشک وغیرہ مبتلا آنکھوں کو درد بلکہ عورت بھی مبتلا بہ مرض فساد خون ہو۔ ادنے ملازمت سرکاری ہو۔ اگر بھائی خوش نصیب ہوں۔

۱۳۔ چاند۔ اگر کرک راس میں تیسرے گھر ہو۔ نکوکار نامور۔ اعلیٰ مرتبہ خواہ وزیر حاکم۔ اعلیٰ روزگار ہو بھینیں زیادہ ہوں۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۴۔ منگل۔ اگر کرک راس میں تیسرے گھر ہو۔ تو بھائیوں کے حق میں نحس ہے بھائی نہ ہو۔ عورت بیمار مرض خون ہو۔ میلا اور ناپاک رہے بیوہ عورت گھر میں رکھے بغصہ ور۔ کانوں میں بیماری ہو۔ غذا ناقص ہو۔

۱۵۔ بدھ۔ اگر کرک راس میں تیسرے گھر ہو۔ عیاشی۔ زناہ کار۔ چند بھائی ہوں۔ ڈرپوک۔ رنگساز۔ نقاش۔ بیماری خونی یا آتشک ہو۔ بھائی خوش و خورم ہوں۔

۱۶۔ برہسپت اگر کرک راس میں تیسرے گھر ہوں۔ خوش قسمت۔ لڑکیاں زیادہ ہوں۔ اعلےٰ خاندان میں بیاہا جاوے۔ مقدمات جائداد عورت میں بربادی دولت۔ اور ذلت ہو۔ پیٹ پھول جاوے۔

۱۷۔ شکر۔ اگر کرک راس میں تیسرے گھر ہو۔ اپنی عورت سے خوش و خورم عمر دراز سسرال سے مال پاوے۔ شائق راگ رنگ و سیر ممالک غیر۔ ریاست میں دولت کماوے مشہور۔ نیک نام۔ بیماری دم کشی اور درد پٹھوں سے تکلیف اٹھاوے۔ سسرال کبھی سے فائدہ اور نام مشہور۔

۱۸۔ سورج سنگھ راس میں تیسرے گھر ہو۔ تو بہن بھائی زیادہ ہوں۔ دلاور باہمت جوانی تک عمدہ حکومت کرے بارعب اور نقل مقامی کرے۔

۱۹۔ چاند سنگھ راس میں تیسرے گھر ہو۔ تو نہایت دھول اور ڈرپوک اور بے ہمت اس حد تک کہ کوئی گھر کا آدمی یا عورت یا رشتہ دار اس کا خوف نہ مانے۔ خود دار۔ خود پسند ہو کر بدکار ہو جاویں بہن بھائی زیادہ ہوں۔

۲۰۔ منگل سنگھ راس میں اگر تیسرے گھر ہو۔ تو بھائی بہن مر جاویں۔ بیماری آتشی خونی یا آتشک میں مبتلا ہو۔ حریص ہو۔ باوجود اس کے البتہ دلاور

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitized by eGangotri

مزاج ہو۔

۲۱۔ بدھ سنگھ راس میں تیسرے گھر ہو۔ تو معزز منصب اور نامور ہو۔ الا کمزور و کم ہمت بعمر جوانی تکلیف دیکھے۔ نلکے اُس کی امداد کریں جائیداد بزرگان کا نقصان ہو۔ بھائی بہن ہوں۔

۲۲۔ برہسپت سنگھ راس میں تیسرے گھر ہو۔ ملایم طبع۔ جوانی کے بعد اعزاز و منصب سرکاری نصیب ہو۔ بھائی بہین زیادہ ہوں۔

۲۳۔ شکر سنگھ راس میں تیسرے گھر ہو۔ تو محب عورات۔ کئی شادیاں ہوں شایق راگ رنگ۔ تنازعات لوگوں کے فیصلہ کرے۔ الا بھائی بہین کم ہوں اور خاندان واقعات موت سنگین ہوں۔

۲۴۔ سینچر سنگھ راس میں تیسرے گھر ہو۔ تو بیمار۔ بدنام۔ بے عزت۔ بہین بھائی مرجاویں۔ درمیانی عمر میں سزایاب ہو۔ سخت تکالیف اور خواری میں مبتلا ہو۔

۲۵۔ راہ کیت سنگھ راس میں اگر تیسرے گھر ہو۔ تو بھائی بہینوں کی اولاد کم ہو۔ شہوت سے تنگ اولاد بھائی بہینوں کی ہو کر درمیانی عمر میں مرجاوے سزا کا خوف۔ موت پھانسی یا ذلیل ذریعہ سے ہو۔

۲۶۔ سورج۔ کنیا راس میں اگر تیسرے گھر ہو۔ تو بیمار بلکہ خوف مرض تپدق کا ہو بھائی بدچلن ہوں۔ تاہم وہ اول میں صاحب عروج اور پھر جلدی تنگ حال ہو جاویں۔

۲۷۔ چاند کنیا راس میں تیسرے گھر ہو۔ تو آرام آسایش بہت کم نصیب ہو بھائی زیادہ ہوں۔ آخری عمر میں خوشحال ہو۔

۲۸۔ منگل کنیا راس میں تیسرے گھر ہو۔ تو تمام عمر بے مزہ اور تکالیف میں گذرے

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

بھائی نہ ہوں۔ اگر ہوں۔ تو بھر جوانی کسی بیماری میں رنج اوٹھاوے اور مصیبت دیکھے لڑکیاں ہوں۔

۲۹۔ بدھ۔ کنیا راس میں تیسرے گھر ہو۔ تو اوّل نادار۔ تنگ حال درمیانی عمر میں غیر ممالک میں دولت پاوے۔ صاحب علم۔ بہین بھائی زیادہ ہوں۔

۳۰۔ برہسپت۔ کنیا راس میں تیسرے گھر ہو۔ تو بھائی زیادہ ہوں لیکن اون سے سخت نقصان اوٹھاوے۔ اور شایق راگ اور علم خاص باطنی ہو۔

۳۱۔ شکر کنیا راس میں تیسرے گھر ہو۔ تو بھینوں کے ذریعہ نصیب یاور ہو عیاشی میں روپیہ برباد کرے۔ خوش صورت سے بدشکل ہو جاوے۔ کئی علوم اور فنون میں ماہر ہو۔ کچھ زمانہ حقیر حالت میں رہے اوس کے بعد جوانی میں معزز اور بااختیار درجہ پاوے۔ مگر وہ جلدی کھویا جاوے۔ باوجود اس کے پھر بھی حکام وقت عزت اور مہربانی سے شاد کام رکھیں۔

۳۲۔ سنیچر۔ کنیا راس میں اگر تیسرے گھر ہو۔ تو صرف ایک بھائی کم حوصلہ ہو۔ اس کے سبب سے کئی تکالیف پیش آویں۔ جائیداد بزرگان نصیب نہو عورت بدشکل اور بدخیال ملے۔ ماں باپ اوّل عمر میں دادی دادا یا نانی نانا۔ انتقال کر جاویں۔ آخری عمر میں نادار ہو جاوے اور اوس کے اولاد بھی کار و بار سے بیکار ہو جاوے۔

۳۳۔ راہو۔ کیت۔ اگر کنیا راس میں تیسرے گھر ہو۔ تو اکیلا ہو۔ بہین بھائی کوئی نہ ہو۔ اپنا اصلی دہرم چھوڑ کر دوسرے

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

دہرم میں جانے کو تیار ہو۔ رزیل پیشہ ہو۔ سفر زیادہ کرے بسوائے نقصان اور ذلت کے کچھ حاصل نہ ہو۔

۳۴ سورج۔ تلا راس میں تیسرے گھر ہو۔ تو ہمیشہ فکر و اندیشہ و نقصان و تنزل درجہ میں مبتلا کسی ارادہ میں کامیاب نہ ہو۔ بیماری درد کانوں سے سخت تکلیف دیکھے۔ بھائی بہین زیادہ ہوں مگر اون سے آرام نہ ہو۔

۳۵۔ چاند۔ تلا راس میں تیسرے گھر ہو۔ تو بھائی بندوں کا محتاج غیر ممالک میں آرام پاوے۔ ادنے ملازمت۔ اور رزیل پیشہ ہو۔ علاوہ دیگر بیماریوں کے مرض آتشک دامنگیر ہو جاوے۔

۳۶۔ منگل۔ کنیا راس میں اگر تیسرے گھر ہو۔ اول تو بھیں بھائی نہ ہوں اگر ہوں۔ تو اون سے سخت مصائب دیکھے۔ اور متوسط عمر رنج آلودہ ہو۔ سر اور سینہ میں درد ہو۔ دِلاوری اور جوانمردی سے گذارہ کرے۔

۳۷۔ بدھ کنڈلی اس مں تیسرے گھر ہو۔ تو بھائیوں سے فائدہ نہ ہو۔ وہ فقیر ہو کر چلے جاویں۔ کم علم۔ کم حوصلہ کم دل جائیداد و بزرگان نقصان کرے۔

۳۸۔ برہسپت۔ تلا راس میں اگر تیسرے گھر ہو۔ تو بد چلن۔ بدکار۔ عیاش و اوباش بھائی بندوں کا قاتل۔ ماں۔ باپ کا نافرمان اون سے سخت رنج پاوے۔

۳۹۔ شکر تلا راس میں اگر تیسرے گھر ہو۔ تو راگ رنگ کا شائق پیغام رسانی یا وکالت وِلائت میں ہوشیار۔ کام حکومت اور تجویز مہنرا

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

میں خبردار۔ خرچ عورت سے زیر بار ہو۔

۴۰۔ سنیچر۔ تلا راس میں تیسرے گھر ہو۔ تو بہن بھائی گو زیادہ ہوں۔ مگر سب تکلیف میں اور مبتلا رنج ہوں۔ اور خود بیمار رہے۔ بوجہ بیماری اپنے کاموں میں کامیاب نہ ہو۔ اپنے دھرم چھوڑنے یا تبدیل کرنے پڑیں گے۔ شکل عورات سے محبت ہو۔ اپنی عورت کے فساد میں اول دولت اور جائیداد بزرگاں برباد کرے۔ بعد اوسکے خود جائیداد پیدا کرے۔ اور دولتمند ہوجاوے۔ اور لوگوں پر اوسکا رعب ہو۔

۴۱۔ راہ۔ کیت۔ تلا راس میں تیسرے گھر ہو۔ تو بہن بھائی زیادہ ہوں۔ وسط عمر میں خوشحال اور صاحب اقبال ہو۔ اور اپنے ارادوں میں کامیاب ہوجاوے۔ جوانی میں بیماری کان سے تکلیف دیکھے۔ آخر کار ہر ایک کام دنیاوی سے پرہیزگار ہوکر فقیر کامل ہوجاوے۔

۴۲۔ سورج برچھک راس میں تیسرے گھر ہو۔ بھائی موجب سخت تکالیف ہوں۔ غیر ملک میں اقبال یاور ہو۔ اور بھائیوں کو بھی فائدہ پہونچے۔

۴۳۔ چاند برچھک راس میں تیسرے گھر ہو۔ بھائی مرجاویں اور بہن کے ذریعہ نصیب یاور ہو۔ آرام اور آسائش پاوے۔ ابتداء عمر میں مصیبت پیش آوے۔

۴۴۔ منگل۔ برچھک راس میں تیسرے گھر ہو۔ سینہ میں بیماری۔ زناکار بدفعل جائیداد بزرگان برباد کرے۔

۴۵۔ بدھ۔ برچھک راس میں تیسرے گھر ہو۔ بھائی زندہ نہ رہیں بھائی

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

اور مقدمات میں گرفتار۔ وسط عمر میں زیادہ تر نقصان اوٹھاوے گو قانون دان ہو۔

۴۶- برہسپت - برچھک راس میں تیسرے گھر ہو. عالم - فاضل - دہر (؟) تماں ہنرمند۔ بھائیوں کا پیارا۔ عورت صاحب قسمت اوسکے ذریعہ نصیب یاور ہو۔

۴۷- شکر - برچھک راس میں تیسرے گھر ہو۔ دو شادیاں ہوں۔ اوسکے بعد بخت یاور ہو۔

۴۸- سنیچر - برچھک راس میں تیسرے گھر ہو. بھائی بند زیادہ ہوں۔ اور بڑا بردار ہو۔ ان سے یا اُن کی ذریعہ سے سخت مصائب اور تکالیف اُٹھاوے۔ الا زور بازو سے دولت دوسروں کی حاصل کرے البتہ انصاف پسند ہو۔

۴۹- راہ کیت - برچھک راس میں تیسرے گھر ہو. تو خوف نقصان جائیداد بسبب فریب اور ناداری حکام سے خوف سخت نقصان اور تکالیف کا ہو۔

۵۰- سورج - دہن راس میں تیسرے گھر ہو. تو دلاور۔ بہادر مشہور نیکنام واقف زبان سرکار بھائی ہوں۔ بیمار خصوصاً مرض آتشک ہو۔

۵۱- چاند - دہن راس میں تیسرے گھر ہو. تو شائق راگ۔ صاحب دولت ناکوں سے فائدہ۔ بھائی زیادہ ہوں۔

۵۲- منگل - دہن راس میں تیسرے گھر ہو۔ تو دولت دلاوری غصہ اغراز دشمن زیادہ ہوں. زیر بار روپیہ ہو جاوے بھائی زندہ نہ رہیں۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitized by eGangotri

۵۳ - بدھ - دہن راس میں تیسرے گھر ہو - تو عالم - فاضل دانشمند - ملایم طبع بھائی زیادہ ہوں -

۵۴ - برہسپت - دہن راس میں تیسرے گھر ہو - تو عالم ہو - مگر اوس سے فائدہ نہ ہو - بھائی زیادہ اور کئی زبانیں جانتا ہو بھر کرے تیرتھ پر رہنا چاہیے -

۵۵ - شکر - دہن راس میں تیسرے گھر ہو - شیریں کلام - خوش بخت معزز عورتوں سے روپیہ حاصل ہو - وسط عمر میں بھائیوں کا انتقال ہو -

۵۶ - سینچر - دہن راس میں تیسرے گھر ہو - رنج غم - ناداری - تنگدستی بھائیوں سے نقصان - آخر عمر میں البتہ کیقدر آرام پاوے

۵۷ - راہ کیت - دہن راس میں تیسرے گھر ہو - تو مقدمہ باز - فسادی غصہ زیادہ - گو بھائی زیادہ ہوں - مگر اُن سے فائدہ اور آرام نہ ہو -

۵۸ - سورج - مکر راس میں تیسرے گھر ہو - تو بھائیوں سے پریشان مالک ملک سے خوف - مزاج متلون - بے فائدہ نقل حرکت ہو -

۵۹ - چاند - مکر راس میں تیسرے گھر ہو - عالم شباب میں دولتمند - راگ میں لائق ہنر مند - نقاش تجارت اور کئی پیشہ ہوں - مگر ضعیفی میں نادار ہو جاوے بہنیں زیادہ ہوں -

۶۰ - منگل - مکر راس میں تیسرے گھر ہو - تو بھائی نہ ہو - زبردست اور مقدمہ باز اور مقدمات میں روپیہ کماوے - بیماری خونی بالخصوص مرض آتشک اور ازیں قسم دامنگیر ہو - متوسط عمر میں کچھ آرام پاوے -

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۶۱- بدھ- مکر راس میں تیسرے گھر ہو۔ تو ہنر مند اور دستکار ہو۔ اکیلا بھائی بند ہوں۔ اور خویش اقارب میں بدسلوکی اور لڑائی جھگڑا ہو۔ عورت اور اولاد سے جلدی دائمی جدائی ہو۔ یا وہ انتقال کر جاویں۔

۶۲- برہسپت مکر راس میں تیسرے گھر ہو۔ تو فرزند ہو کر انتقال کر جاویں دولت نصیب نہ ہو۔ جائیداد بزرگان پر کئی حملہ ہوں۔ گو بھائی ہوں۔ مگر فائدہ اور امداد نہ ہو۔

۶۳- شکر- مکر راس تیسرے گھر ہو۔ معزز اور عالم۔ اُستاد امیراں دولتمند۔ لڑکیاں زیادہ ہوں۔

۶۴- سنیچر- مکر راس میں تیسرے گھر ہو۔ تو مستقل دہرم نہ ہو۔ کئی دہرم اور اعتقاد اختیار کرے۔ بغیر ملک میں رہے۔ بھائیوں کو رنج اور غم پہونچاوے۔ اور خود بھی رنج میں مبتلا رہے۔ متوسط عمر میں بخت یاور ہو۔ اور فائدہ پہونچے۔

۶۵- راہ- کیتُ- مکر راس میں تیسرے گھر ہو۔ تو بھائی زیادہ ہوں۔ اور ابتدائے میں صاحب روزگار۔ الا متوسط عمر میں روزگار ترک کرے۔ اور رنج و غم میں انتقال ہو۔

۶۶- سورج- کنبھ راس میں تیسرے گھر ہو۔ تو دلاور۔ بہادر۔ ہر ایک کام میں کامیاب۔ نامور۔ نیک نام۔ کئی ملازم اور لوگ تابع حکم ہوں۔ بھائی صاحب مراتب ہوں۔ مگر اوس کو فائدہ نہ پہونچاویں نہ اوسکی امداد کریں۔

۶۷- چاند- کنبھ راس میں تیسرے گھر ہو۔ تو بھائیوں کی موت کا خوف بیماری نامردی درد کان۔ بوجہ عورت نقصان۔ خویش و اقارب سے دشمنی

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۶۸۔ منگل کنبھ راس میں تیسرے گھر ہو۔ تو کم عمر۔ ڈاکوؤں اور چوروں سے نقصانات ہوں۔ بیمار رہے خصوصاً کان میں درد اور پھوڑا ہو۔

۶۹۔ بُدھ۔ کنبھ راس میں تیسرے گھر ہو۔ تو خویش اقارب سے پیار بیماری نامردی ہو۔ متوسط عمر میں روزگار ملے۔ مشہور اور بدنام چور آخری عمر میں خوش رہے

۷۰۔ برہسپت کنبھ راس میں تیسرے گھر ہو۔ تو وہ مراتمان مستقل اعتقاد عالم فاضل استاد۔ دولت مند۔ نامور۔ نیک نام۔ بھائی زیادہ ہوں۔ خوش اور مسخر مزاج آخری عمر میں اعلیٰ مالدار اور قیمتی جواہرات حاصل ہوں۔

۷۱۔ شکر کنبھ راس میں تیسرے گھر ہو۔ تو عیاش اور شائق عورات اول سے متوسط عمر میں نقصان اوٹھاوے۔ بلکہ بیماری پیشاب شروع ہو۔ کانوں میں درد اور تکلیف ہو۔ آخری عمر میں نہائت خوش اور شادماں ہو۔

۷۲۔ سنیچر کنبھ راس میں تیسرے گھر ہو۔ تو۔ بدفعل۔ زناہ کار۔ کثرت زناہ سے متوسط عمر میں کانوں سے بہرہ ہو جاوے۔ بھائی زیادہ ہوں مگر ان کا آرام نہ پاوے۔

۷۳۔ راہ کیت کنبھ راس میں تیسرے گھر ہو۔ تو دلاور۔ بہادر۔ زناہ کار شائق عورات۔ کئی بھائی ہوں۔ متوسط عمر میں نقصان دولت ہو۔ آخری عمر میں دولت ملجاوے۔ مگر بدنام اور چوروں و ڈاکوؤں کا شریک قرار دیا جاوے۔ اور کئی بدمعاش

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

کی امداد میں نقصان دولت کرے۔ عمر دراز ہو۔

۷۴۔ سورج۔ مین راس میں تیسرے گھر ہو۔ بالخصوص اشبھ ہے۔ ماں باپ بیمار۔ خود بمرض آتشک گرفتار۔ چھوٹے بھائی کی موت ہو۔

۷۵۔ چاند۔ مین راس میں تیسرے گھر ہو۔ تو راگ رنگ کا شائق بھینوں بھائیوں کا پیارا۔ بھینیں زیادہ ہوں۔ درد کان کی بیماری ہو۔

۷۶۔ منگل۔ مین راس میں تیسرے گھر ہو۔ تو دلاور۔ بہادر۔ جنگ جو۔ پراکری معزز۔ معتبر۔ تند مزاج۔ شراب خورا۔ الّا کسیوقت خاص محتاجی کا بار اوٹھاوے۔

۷۷۔ بدھ۔ مین راس میں تیسرے گھر ہو۔ تو سمبند ھیوں سے مخالف ہو۔ کئی بھائی ہوں۔ تمیزدہ ہو۔ متوسط عمر میں آثار دیوانگی یا جنون نمودار ہوں۔

۷۸۔ برہسپت۔ مین راس میں تیسرے گھر ہو۔ شروع عمر میں مسافر رہے بھائی زیادہ ہوں۔ نامور اور صاحب دولت ہوں۔ اور خود نادار اور تنگ حال و مبتلا بہ مرض نامردی ہو۔ فصیح الکلام اور مشابہ شکل ہو۔

۷۹۔ شکر مین راس میں تیسرے گھر ہو۔ سمبندھیوں سے بدسلوکی اور جھگڑا ہو۔ شائق راگ۔ عورات باعث ترقی و دولت اور عزت ہو بھینیں بخانہ دولتمنداں بیاہی جاویں۔

۸۰۔ سنیچر۔ مین راس میں تیسرے گھر ہو۔ سمبندھیوں سے کم توجہی ہو۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitized by eGangotri

ادنےٰ پیشہ کرے۔ بے عقل ہو پیشہ زراعت یا زمین اختیار کرے گم نام اور کم بخت ہو۔ بھائیوں کی موت کا خوف۔

۸۱۔ راہ کیت۔ مین راس میں تیسرے گھر ہوں۔ اول عمر میں معزز اور مشہور۔ ہنرمند ہو۔ متوسط عمر میں اتفاقیہ حادثہ پیش آوے۔ آخری عمر نادار اور مفلس ہو کئی بھائی ہوں۔

۸۲۔ سورج۔ میکھ راس میں تیسرے گھر ہو۔ تو پراکرمی اور دلیر عیاش شہوت پرست عورت کی خاطر نقل حرکت زیادہ کرے۔ بھائی زیادہ ہوں جو ہوں اُنکو نقصان پہونچے۔

۸۳۔ چاند میکھ راس میں تیسرے گھر ہو۔ تو بمقابلہ بھائیوں کے بہنیں زیادہ ہوں۔ خوش اور نقل حرکت کرے۔ ایک وقت محتاج اور ماتحت ہو کر جلدی اوس سے باہر ہو جاوے۔

۸۴ منگل میکھ راس میں تیسرے گھر ہو۔ تو عیاش اور شایق عورت غیر ہو۔ بھائی زیادہ ہوں۔ مگر اون سے آرام اور آسایش نہ پہونچے

۸۵ بُدھ میکھ راس میں تیسرے گھر ہو۔ تو بھائیوں سے ناراض بچپن میں ۱۲۔ برس کے قریب اپنے گھربار سے الگ کر دیا جاوے عمر اول اچھی گذرے آخری میں تکلیف ہو۔ بیماری بخصوص درد کان کی شکائیت ہو۔

۸۶۔ برہسپت میکھ راس تیسرے گھر ہو۔ تو عالم۔ فاضل معزز۔ نامور دولتمند۔ دانشمند۔ بہین بھائی بکثرت ہوں۔

۸۷۔ شکر میکھ راس میں تیسرے گھر ہو۔ تو عزیز اقارب۔ صاحب وتندرست شایق راگ۔ بہنیں اور عورات زیادہ ہوں۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitized by eGangotri

عمر دراز۔

۸۸۔ سنیچر۔ میکھ راس میں تیسرے گھر ہو۔ تو ضدی۔ جاہل۔ حقیر۔ سست۔ خویش اقارب سے ناخوش۔ تنزل درجہ۔ بھائی نہ ہوں۔ اگر ہوں تو اُن سے ناراض۔

۸۹۔ راہ کیت۔ میکھ راس میں تیسرے گھر ہو۔ سفر زیادہ کرے۔ لائق اور عقلمند۔ مستعد۔ اپنی کمائی سے دولت جمع کرے۔

۹۰۔ سورج۔ برکھ راس میں تیسرے گھر ہو۔ تو بھائی جسقدر ہوں جوانی میں مر جاویں۔ نامور نیک نام۔ دلاور۔ با حوصلہ۔ بہادر۔ متوسط عمر میں بیماری دم کشی ہو۔ تھوڑا زمانہ ماتحتی اور تابعداری کرنی پڑے پھر خود مختار ہو جاوے۔

۹۱۔ چاند۔ برکھ راس میں تیسرے گھر ہو۔ تو پراکرمی اور دولت مند مختلف پیشہ اختیار کرے۔ خوش رہے۔ بہنیں بمقابلہ بھائیوں کے زیادہ ہوں۔ چند عورات ہوں۔ ہنرمند۔ کچھ زمانہ تک پیشہ رذیل ہو۔

۹۲۔ منگل۔ برکھ راس میں تیسرے گھر ہو۔ تو بے قرار اور پریشان۔ متلون مزاج اور مقام رہائش نقل کرے بھائی نہ ہوں بلوی مشکل سے آخیر عمر میں ہو۔ متوسط عمر میں حادثہ بیماری دیکھے۔

۹۳۔ بدھ۔ برکھ راس میں تیسرے گھر ہو۔ تو ہر طرح آرام و آسائش نصیب ہو دانا۔ نقاش۔ دبلا کئی بھائی ہوں۔

۹۴۔ برہسپت۔ برکھ راس میں تیسرے گھر ہو۔ صاحب علم و ہنر و مستعد۔ دہرماتماں۔ عورت نیک بخت۔ اوس کے ذریعے مال ہاتھ آوے اور دولت ملے۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۹۵۔ شکر۔ برکھ راس میں تیسرے گھر ہو۔ تو فاضل اور سوداگر غیر ممالک میں اراضیات اور مکانات سے آرام و آسائش پاوے اور عیاش ہو۔

۹۶۔ سینچر۔ برکھ راس میں تیسرے گھر ہو۔ تو کم حوصلہ بزدل۔ ڈرپوک خوشامدی بھائی ہوں۔ شادی بہت دیر بعد ہو۔

۹۷۔ راہ کیت۔ برکھ راس میں تیسرے گھر ہو۔ تو بہت جاہل۔ کمزور۔ بدکار زانی بھر جوانی بیماری کال ہو۔ بھائیوں کی موت کا خوف۔

۹۸ مالک خانہ اول بلوان ہو کر تیسرے گھر میں ہو۔ خواہ تیسرے گھر کو بنظر کامل دیکھتا ہو۔ تو بھائیوں کا پیارا۔ اور زیادہ تر سفر میں رہے۔

۹۹۔ مالک خانہ اول تیسرے گھر میں اور تیسرے گھر کا مالک خانہ اول میں ہو۔ تو بھائی بندہوں سے محبت اور خوش ہو۔ اور صاحب تدبیر ہو۔

۱۰۰۔ تیسرے گھر کا مالک پہلے گھر میں ہو۔ تو وہ آدمی مقدمہ باز۔ لڑائی کرنے والا۔ احمق۔ دوستوں کا دشمن اور بدمزہ طبع ہوتا ہے۔

۱۰۱ اگر تیسرے گھر کا مالک دوسرے گھر میں ہو۔ تو مفلس نادار الپ آیو ہوتا ہے۔ اگر پاپی گرہ ہو۔ تو بھائی بندہوں کا مخالف اور روپیہ سے محروم ہو۔ اگر شبھ گرہ ہو۔ تو متوسط حیثیت اور گذارہ کا آدمی ہو۔

۱۰۲ اگر تیسرے گھر کا مالک تیسرے گھر میں ہو۔ تو مستقد مغز۔ گورو۔ برہمن۔ دیوتا کا معتقد بھائیوں سے فائدہ مند اور خوش ہو۔

۱۰۳ تیسرے گھر کا مالک چوتھے گھر میں ہو۔ تو ماں باپ کا مخالف اور دکھ دائی۔ زمین زراعت آرام کو ہر طرح نقصان دیتا ہے۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۰۴ تیسرے گھر کا مالک اگر پانچویں گھر میں ہو۔ تو متوسط علم اولاد سے آرام۔ عمر دراز۔ خیر خواہ اور کار بار عام

۱۰۵- اگر تیسرے گھر کا مالک چھٹے گھر میں ہو۔ تو اکثر بیمار۔ رشتہ داران اور بھائیوں سے تنازعات و تکرار۔ آنکھوں کو آشوب۔

۱۰۶- تیسرے گھر کا مالک اگر ساتویں گھر میں ہو۔ تو کار بیوپار غیر مقامات پر ہو۔ اور عورت اُس کی خوش شکل و خوش بخت ہوتی ہے۔ سایہ خاوند سے وایا خوش رہتی ہے۔ اور خاوند تا زندگی اوسکے زندہ رہتا ہے اگر پاپی گرہ ہو۔ تو چھوٹے بھائی کے گھر رہتی ہے۔

- - - - - - - - -

۱۰۷ اگر تیسرے گھر کا مالک آٹھویں گھر میں ہو۔ تو بھائیوں کو بیمار کرتا ہے بلکہ اونکی زندگی کا قاطع ہے۔ اگر گرہ پاپی ہو۔ تو خود مولود کو بھی بیمار کرتا ہے۔ اگر شبھ ہو۔ تو زیادہ تر نقصان نہیں دیتا ہے۔

۱۰۸ اگر تیسرے گھر کا مالک نانویں گھر میں ہو۔ اور شبھ گرہ ہو۔ تو تیرتھ جاترا اور دھرم کرم اور شبھ کام اور بھائی سکھ دائی ہوتے ہیں۔ اگر پاپی گرہ ہو۔ تو بھائی بندہوں سے علیحدہ کر کر مسافر الوطن کر دیتا ہے۔

۱۰۹ اگر تیسرے گھر کا مالک دسویں گھر میں ہو۔ تو معزز اور صاحب روزگار۔ تابعدار ماں باپ اور نامور اور نیک نام و معتبر خاندان ہو۔

۱۱۰ اگر تیسرے گھر کا مالک گیارھویں گھر میں ہو۔ تو ہر طرح عزت اور آرام

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

اور ناچیدہ یار سے فائدہ پہونچتا ہے۔

۱۱۱ ۔ تیسرے گھر کا مالک اگر بارہویں گھر میں ہو۔ تو بھائیوں اور رشتہ داروں سے مخالفت اور ہر ایک سے جدائی مسافر دور بعید الوطن کرتا ہے۔

۱۱۲ ۔ اگر تیسرے گھر کا مالک اپنے گھر میں ہو۔ اوسکو شبھ گرہ پورن درشٹی سے دیکھتا ہو یا شبھ گرہ کے ساتھ خانہ ۱-۴-۷-۱۰ میں ہو تو بھائی کا آرام نصیب ہو۔

۱۱۳ اگر تیسرے گھر کو شبھ گرہ دیکھتا ہو۔ یا شبھ گرہ تیسرے گھر میں ہو۔ اور تیسرے گھر کا مالک بلوان ہو۔ تو بھائیوں سے آرام اور امداد نصیب ہو۔

۱۱۴ ۔ اگر تیسرے گھر کا مالک شبھ گرہ کے انش کا ہو تو بھائی نصیب ہو۔

۱۱۵ ۔ اگر تیسرے گھر کا مالک پہلے گھر کے مالک کا دوست ہو۔ تو بھائیوں سے پیار اور محبت ہو۔ اگر دشمن ہو تو سخت مخالفت رہے۔

۱۱۶ ۔ اگر نانویں گھر میں مونث یعنے استری گرہ ہو تو بہن۔ اگر مذکر یعنے پرش گرہ ہو۔ تو بھائی ہوگا۔

۱۱۷ ۔ اگر تیسرے گھر کا مالک ۶-۸-۱۲ گھر میں دشمن کے گھر ہو تو بھائی نہیں ہوگا۔

۱۱۸ ۔ اگر تیسرے گھر کا مالک پاپی گرہ کے ساتھ چھٹے گھر میں ہو۔ تو بھائی زندہ نہ رہے۔

۱۱۹ ۔ اگر مذکر گرہ تیسرے گھر کو دیکھتا ہو تو تیسرے گھر کا مالک خواہ سنگل مذکر راشی میں ہو۔ تو بھائی ہوگا۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۲۰ - اگر تیسرے گھر کا مالک مونث لگن میں اور منگل بھی مونث لگن
میں ہو۔ اور مونث گرہ تیسرے گھر کو پورن درشٹی سے دیکھتا
ہو۔ تو بہین ہوگی۔

۱۲۱ - اگر دونوں یوگ ملکر ہوں۔ تو بھائی اور بہین ہوں۔

۱۲۲ - اگر تیسرے گھر کا مالک پنچ گھر کا یا پنچ گرہ خواہ آٹھ گرہ کے اُس
کا ہو۔ تو ہرگز بھائی نہیں ہوگا۔

۱۲۳ - اگر تیسرے گھر میں سنیچر ہو۔ اور منگل پورن درشٹی سے دیکھتا
ہو۔ تو بھائی نہ ہو۔

۱۲۴ - اگر تیسرے گھر میں سنیچر ہو۔ اور برہسپت و شکر پورن درشٹی سے
دیکھتے ہوں۔ تو بھائی ہوگا۔

۱۲۵ - اگر تیسرے گھر میں سنیچر ہو۔ اور منگل و بدھ اوسکو دیکھتے ہوں تو
بھائی زندہ نہ رہے۔

۱۲۶ - اگر تیسرے گھر میں سورج پاپی اور اشبھ ہوکر ہو تو بڑا بھائی زندہ نہ رہے

۱۲۷ - اگر تیسرے گھر میں منگل پاپی ہوکر آوے۔ اور پاپی گرہ پورن درشٹی
سے دیکھتے ہوں۔ تو بڑا چھوٹا بھائی دونوں کو صدمہ پہونچا دے

۱۲۸ - تیسرے گھر میں سنیچر پاپی ہوکر آوے اور پاپی گرہ اوسکو دیکھتے ہوں تو
چھوٹے بھائی کو خوف موت رہے

۱۲۹ - اگر تیسرے گھر میں پاپی گرہ ہو۔ اور تیسرے گھر میں راہو ہو۔
تو بھائی نہ ہو۔

۱۳۰ - اگر منگل سے تیسرے گھر میں راہ وغیرہ پاپی گرہ ہوں۔ تو بھائی نہ ہو۔

۱۳۱ - اگر چھٹے گھر کا مالک دسویں گھر میں ہو۔ اور دسویں گھر کا مالک سنیچر کے ساتھ

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitized by eGangotri

۱-۴-۷-۱۰-گھر میں ہو۔ تو غلام اور داسیاں نصیب ہوں

۱۳۲- اگر سورج دسویں گھر میں ہو۔ اور دسویں گھر کا مالک اوسکو دیکھتا ہو غلاموں اور نوکروں کا مالک افسر ہو۔

۱۳۳- اگر دسویں گھر یا دسویں گھر کے مالک کو شبھ گرہ دیکھتے ہوں۔ کئی غلام اور نوکر ہوں۔

۱۳۴- اگر تیسرے گھر کا مالک لگنیش کے ساتھ ہو۔ تو آدمی اوپرا کرمی ہو۔

۱۳۵- اگر تیسرے گھر کا مالک چھٹے گھر میں دشمن ہوکر آوے۔ یا چھٹے گھر کا مالک دشمن ہوکر تیسرے گھر میں آوے تو گھر چھوٹ جاوے اور بھائیوں سے علیحدگی اختیار کرے۔

۱۳۶- دوسرے گھر میں سنیچر و منگل اور تیسرے گھر میں راہو ہو۔ تو بھائی مرجاوے۔

۱۳۷- تیسرے گھر کا مالک سورج و شکر کے ساتھ ۶-۸-۱۲-گھروں میں ہوں تو بھائیوں کو اندھا یا کانا یا بیمار آنکھ کر دیویں۔

۱۳۸- تیسرے گھر کے مالک برہسپت ہوں۔ ۱۰-۶-۸-۱۲ گھر میں آجاویں تو بھائی گونگا ہو۔

۱۳۹- دوسرے گھر میں منگل و سنیچر۔ اور تیسرے گھر میں راہو ہو۔ تو بھائی کی مرتو ہو۔

۱۴۰- تیسرے گھر کا مالک اپنے گھر میں یا جنم لگن میں یا دوسرے گھر میں ہو۔ تو اس کا چھوٹا بھائی زندہ نہیں رہیگا۔

۱۴۱- سورج تیسرے گھر میں ہو۔ تو ہمیشہ لوگوں کو کھانا کھلایا کرے

۱۴۲- تیسرے گھر میں اگر کوئی گرہ پاپی ہوکر پاپی کی درشٹی میں آوے تو بھائیوں کو مرتو دکھلاتا ہے

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۴۳۔ تیسرے گھر میں سورج پاپی ہو۔ تو بڑا بھائی مرتو ہو۔ کیونکہ سورج بڑا گرہ ہے۔

۱۴۴۔ تیسرے گھر میں منگل یا سنیچر ہو تو چھوٹے بھائی کی موت ہو۔

۱۴۵۔ تیسرے گھر میں اگر راہو ہو۔ تو بڑے اور چھوٹے بھائیوں کی موت ہو

۱۴۶۔ تیسرے گھر میں کیتو ہو۔ تو بہن بھائی زندہ نہ رہے۔

۱۴۷۔ تیسرے گھر میں پاپی ہو کر برہسپت ہو۔ تو بھائی کی موت ہو۔

۱۴۸۔ جنم لگن میں برہسپت دوسرے گھر میں سنیچر اور تیسرے راہو ہو۔ تو بھائی مرتو ہوگا۔

۱۴۹۔ خانہ سوم میں جو گرہ ہے اس میں جو جو گرہ بلوان ہوں۔ اور ان کے ساتھ جسقدر شبھ گرہ پڑے ہوں۔ اسیقدر بھائی ہونگے۔

وقت پیدائش برادر خورد

۱۵۰۔ جنم لگن اور قرار حمل کے وقت کا لگن۔ ان دونوں لگنوں کے مالکان کا سپشٹ راشی انش۔ کلا باہم جمع کرو۔ اور حاصل جمع کو بارہ پر تقسیم کیا جاوے جو باقی برآمد ہو اس سے جو راشی آوے۔ اس راس میں جب گوچر کر کے برہسپت آوے۔ تو چھوٹا بھائی جنم لیویگا۔

وقت موت برادر خورد

۱۵۱۔ جنم کے وقت منگل کا سپشٹ۔ راس۔ انش۔ کلا جسقدر آوے اس میں سے راہو کا سپشٹ راس۔ انش۔ کلا کم کرو۔ جسقدر راس انش کلا باقی برآمد ہوں۔ اس راس کے پانچویں نانویں راس میں جب گوچر مارگ کر کے برہسپت آوے۔ تب چھوٹے بھائی کی مرتو ہو۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitized by eGangotri

وقت موت پرا ورکلاں

۱۵۲۔ جب راہو کے سپشٹ راسی۔ انش۔ کلا میں سے منگل کا سپشٹ راس انش۔ کلا کم کیا جاوے اس باس میں جو نشانہ ہے۔ اس فوالنہ راسی میں جب برسپت آویگا۔ تب بڑے بھائی کی مرتو ہو۔

۱۵۳۔ اگر میکھ راشی خانہ سوئم میں ہو۔ تو بھائی بند ہوں سے جنگ فساد اور عزیزوں سے نقصان اور نقل حرکت بے فائدہ ہو۔

۱۵۴۔ برکھ راشی خانہ سوم میں ہو۔ تو بھائی بند ہوں عزیزوں دوستوں سے خوشی اور مراد حاصل ہوں۔ سفر نزدیک با فائدہ با امداد برادران و دوستان تمام کام حاصل ہوں۔

۱۵۵ متھن راشی خانہ سوم میں ہو۔ تو بھائی بندوں عزیزوں۔ اقارب اور سفر نزدیک سے فائدہ ہو۔

۱۵۶۔ کرک راشی خانہ سوم میں ہو۔ خویش اقارب سے فایدہ اور خوشی برادر ہمشیرہ سے آرام سفر نزدیک با فائدہ

۱۵۷ سنگھ راشی خانہ سوم میں ہو۔ تو سفر بافایدہ خوشی بھائی بند ہوں و خویش اقارب وکاروبار برادر ہو۔

۱۵۸ کنیا خانہ سوم میں ہو۔ بھائی بند ہوں سے فائدہ۔ خوف خطرہ سے امن سفر میں نہ ہوگی

۱۵۹ تلا خانہ سوم میں ہو۔ بھائی بند خویش اقارب دوستوں سے سلوک سفر نزدیک با فائدہ

۱۶۰۔ برچھک خانہ سوم میں ہو۔ تو جنگ خدمت بھائی بند ہوں اور عزیز اقارب سے نفاق سفر نزدیک۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۶۱- دھن خانہ سوئم میں ہو تو بھائی بندوں سے فائدہ سفر نزدیک بافائدہ

۱۶۲- مکر خانہ سوئم میں ہو۔ تو بھائی بندوں سے تفرقہ اور ملال ہو۔

۱۶۳- کُنبھ خانہ سوئم میں ہو ۔ تو تفرقہ اور جدائی برادران وخویش اقارب رنج تنازعات سفر نزدیک

۱۶۴- مین خانہ سوئم میں ہو۔ تو سفر بافائدہ اور حصول امید بزرگان و برادران وخویش اقارب

۱۶۵- اگر تیسرے خانہ میں سورج ہو۔ تو برادر کلاں کی موت ہو۔ اگر منگل یا سنیچر ہو۔ تو برادر خورد زندہ نہ رہے۔

۱۶۶- اگر تیسرے خانہ میں راہو ہو۔ تو برادران خورد کلاں کی موت ہو۔

۱۶۷- اگر تیسرے خانہ میں کیت ہو۔ تو تین بھائی کوئی زندہ نہ رہے۔

۱۶۸- اگر تیسرے خانہ میں برہسپت ہو۔ تو مولود کا بھائی مر جائے گا۔

۱۶۹- اگر لگن میں برہسپت ہو۔ دوسرے گھر میں سنیچر اور تیسرے گھر میں راہو ہو۔ تو برادر مولود مر جائے گا۔

راز نجم۔ احکام جنم کنڈلی

خانہ ۴

۱- سورج۔ اگر چوتھے گھر میں بلوان ہو۔ تو سمبندھیوں کا دشمن اور اپنے خاندان کا مخالف اور حکام سے ناموافق غلاموں سے خوشحال ہو۔ اور صاحب قدر۔ مگر سواری نہ ہو۔ دولت اور آرام ماں سے

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

بے نصیب ہو۔

۲۔ چاند۔ اگر چوتھے گھر میں بلوان ہو۔ تو مولود رشتہ داروں کی پرورش کرے۔ مکانات خوشنما بنگلہ وغیرہ تعمیر کراوے سواری سے آسودہ رہے۔ دو تین شادیاں کرے اور اون سے محبت ہو۔ خوشبودار چیزوں کا شائق ہو۔ اگر عورت ہو تو نیکبخت اور پاکدامن فرمانبردار خاوند ہو

۳۔ منگل اگر چوتھے گھر میں بلوان ہو۔ تو بھائی بندوں اور رشتہ داروں سے محبت نہ ہو۔ اور مکان بزرگان کو برباد کرے۔ بیمار پریشان خاطر فکرمند۔ بدکار۔ خوشی ماں نصیب ہو۔

۴۔ بدھ اگر چوتھے گھر میں بلوان ہو۔ تو استری اولاد سے خوش وخرم ہو۔ الا بچپن میں بیماری پاوے آسودہ۔ دولتمند۔ سچ بولنے والا رشتہ داروں کی پرورش پائے۔ خوش خوراک وخوش پوشاک ہو۔

۵۔ برہسپت۔ اگر چوتھے گھر میں بلوان ہو۔ تو ہر آدمی کا دوست اور ہنرمند۔ دستکار۔ اور نقاش معزز۔ عالم۔ فاضل۔ سواری۔

۶۔ شکر۔ اگر چوتھے گھر میں بلوان ہو۔ تو لوگوں میں صاحب عقل ومعزز ہر ہنر میں ہوشیار نوکر وغلاموں سے شادکام۔ ہمیشہ خوشی سے زمانہ بسر کرے۔ دانشمند۔ دراز عمر قبیلہ پرور۔

۷۔ سنیچر۔ اگر چوتھے گھر میں بلوان ہو تو مستقل مقام رہائش نہ ہو البتہ دشمنوں پر غالب رہے۔ مگر تنگدست ہو۔ مرض بادی سے لاچار ماں باپ سے بدسلوکی ہو۔

۸۔ راہ۔ کیت۔ اگر چوتھے گھر میں ہو تو جھوٹا اور دغاباز۔ بیمار۔ دائم المسافر ہاں

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

مرتو ہو۔ بدصحبت۔ ناپاک۔ رذیل خیالات۔

۹۔ سورج۔ کرک راس میں چوتھے گھر ہو۔ تو خوش قسمت۔ خوش اقبال صاحب اختیارات حکومت تلوم ذلسیت۔ سواریاں۔ تجارت۔ نامور نیک نام بیاذ خانہ عبادت گاہیں اور مفید عام۔ مکانات بنوانیوالا۔ نا بکے امیر کبیر کئی علوم اور زبانیں جانتا ہو شباب جوانی میں والدہ کی مرتو ہو درمیانی عمر میں خوف نقصان اور بلند جگہ یا سواری سے گرنیکا ہو۔

۱۰۔ چاند۔ کرک راس میں چوتھے گھر ہو۔ تو بشرح سورج پھلادیش کرتا ہے

۱۱۔ منگل کرک راس میں چوتھے گھر ہو۔ تو اس کے دوش اور تکالیف بیان کرنے مشکل ہیں۔ تمام عمر تکالیف رنج وسفر ونقصان جائیداد بزرگان اور مقدمات اور لڑائی وفساد۔ بدفعلی وشراب خوری ومقابلہ مخالفاں میں بسر ہووے اور ادھرمی اور پاپی ہو۔

۱۲۔ بدھ کرک راس میں چوتھے گھر ہو۔ عالم۔ عاقل۔ ہنرمند۔ دانا۔ و ودیا ست مارگ میں ہوشیار۔ بلکہ لوگوں کو ہدایت کرے۔ خوش تحریر۔ وخوش تقریر پر اثر۔ سخی۔ واقف کئی علوم۔ انصاف پسند معزز ہر دل عزیز۔ دوشادیاں۔ معاش عمدہ۔ سواری۔ سفر بری و بحری۔ خوبصورت آرام آسائش عمدہ ورنگین مکانات۔ باغ اعزاز سرکاری۔

۱۳۔ برسپت۔ کرک راس میں چوتھے گھر ہو۔ تو بمثل سورج پھل کرتا ہے

۱۴۔ شکر کرک راس میں چوتھے گھر ہو۔ تو بدھ کے برابر پھل کرتا ہے۔

۱۵ سینچر۔ کرک راس میں چوتھے ہو۔ منگل کے برابر پھل کرتا ہے

۱۶۔ راہو کیت راس میں چوتھے گھر ہو۔ تو بمثل منگل پھل کرتا ہے

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۷- سورج - چوتھے گھر سنگھ راس میں ہو - تو بزرگان کی وراثت جائیداد نصیب ہو - عالم شباب میں انتقال والدہ ہو - وسط عمر میں تکالیف اٹھا دے اور نالکے گھر کو زوال دکھلا دے - جائیداد بزرگان سواریاں سے فائدہ نہ پہونچے - بلکہ منصب اور اختیارات حکومت یا اختیار سے خطرہ جان ہو - آرام آسائش جاتا ہے - جائیداد کو نقصان پہونچے

۱۸- چاند - چوتھے گھر سنگھ راس میں ہو - تو تمام دولت جو ابتداء میں جمع ہو جاتی ہے - رنج اور مصیبت اوٹھائے - بھائیوں کا انتقال ہو - پھر ایک زمانہ کسیقدر آرام و آسائش سے بسر کرے -

۱۹- منگل - چوتھے گھر سنگھ راس میں ہو تو کم جائیداد - مکانات اور اراضیات کافی نہ ہوں - بیماری سے بدن ڈھیلا ہو جاوے ماں بیمار - نانکے تنگ ولاچار -

۲۰- بدھ - چوتھے گھر سنگھ راس میں ہو - تو عالم شباب جوانی میں والدہ کا انتقال ہو - اوس کے بعد جوانی میں صاحب دولت و اعزاز اور خورم ہو - کئی اقسام کی تجارت کرے - نانکے امداد دیویں - اور ان کا عزیز ہو -

۲۱- برہسپت - چوتھے گھر سنگھ راس میں ہو - تو معزز - نیک نام - عالم فاضل - دوہرا تماں بچا - جائیداد ہر قسم زرعی اور مکانات سے شادکام ہو - ہر طرح کی آسائش اور آرام اور ہر ایک کام میں کامیابی نصیب ہو - مستقل مزاج -

۲۲- شکر - چوتھے گھر سنگھ راس میں ہو - تو ہر علم و فنون دوست دنیا میں نامور معزز اور مختلف عہدوں سے کامیاب ہو - تلون مزاج بھائی بندوں سے

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

خوش اور اونکی امداد سے ممتاز۔ درمیانی عمر میں اقبال ترقی پر ہو۔ مقامات خوشرنگ و آرام آسایش نصیب ہو۔ ہر ایک امیدن میں کامیابی

۲۳۔ سنیچر۔ چوتھے گھر سنگھ راس میں ہو۔ تو ذریں پیشہ پر گذارہ ہو۔ بچپن میں موت والدہ کا خوف۔ مانکیوں کا نقصان۔ دشمن زیادہ سست۔ جائیداد بزرگان کا نقصان۔

۲۴۔ راہ کیت۔ چوتھے گھر سنگھ راس میں ہو۔ تو بھائیوں اور رشتہ داروں سے دشمنی اور بگاڑ ہو۔ جائیداد نہ ہو۔ اگر ہو۔ تو نقصان ہو جاوے تھوڑا زمانہ اقبال یاور ہو۔

بھر پستی اور ذلت آجاوے۔ اچھے مکانوں میں رہائش نہ ہو۔ بہ انجام کاربار کامیابی ہو۔

۲۵۔ سورج چوتھے گھر کنیا لگن میں ہو۔ تو شائق سیر سفر۔ دوست اہل قلم۔ محنت سے فائدہ نہ ہو۔ مکانات کا آرام اور آسائش نہ ملے بجائے دوسریوں کے روپیہ دینا آوے انجام کام ہر ایک کام اچھا ہو۔

۲۶۔ چاند۔ چوتھے گھر کنیا راس میں ہو۔ تو عالم۔ نامور۔ فنون دستکاری اور نوایجادوں میں لائق بعزت۔ رشتہ داراں والدہ سے فائدہ اوٹھاوے۔ جائیداد بزرگی کو ترقی دیوے۔ حکام وقت میں اعزاز اور تعظیم ہو۔

۲۷۔ منگل چوتھے گھر کنیا راس میں ہو۔ تو تمام عمر با تکلیف گذرے ہر کام میں ناکامی ہو۔ بدن سے کوئی عضو بیکار ہو۔ بھائیوں بہنوں سے مخالفت۔ جائیداد برباد ہو۔ ماں بیمار۔ اوسکے رشتہ دار مرجاویں

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

بچپن سے نقصانات شروع ہوں۔

۲۸۔ بدھ اگر چوتھے گھر کنیا راس میں ہو۔ عالم۔ دانا۔ ہنرمند علم ہندسہ میں ہشیار علم سے شباب جوانی میں فروغ پاوے الا مستقل سکونت نہ ہو یا نکی دولتمند نہ ہوں۔

۲۹۔ برہسپت چوتھے گھر کنیا راس میں ہو۔ صاحب علم و اقبال و عمر دراز درمیانی عمر میں زمین۔ مکانات۔ سواری گاڑی وغیرہ نصیب ہو رشتہ داران مادر سے فائدہ پہونچیں۔ عیاش اور زناکار ہو کئی عورات ہوں۔

۳۰۔ شکر چوتھے گھر کنیا راس میں ہو کئی ہنروں میں ماہر ہو۔ اور بعد جوانی مشہور ہووے جائیداد بزرگان برباد۔ اگر پھر خود جائیداد پیدا کرے۔ ردی خیال اور ذلیل کام ہوں۔ اکثر امیدوں میں ناکامیاب رہے۔ لڑکیاں زیادہ ہوں۔

۳۱۔ سنیچر۔ چوتھے گھر کنیا راس میں ہو۔ تو اپنے دہرم کا پابند نہ ہو۔ نہ جائیداد زمین مکان کا آرام نصیب ہو بچپن میں رشتہ داران والدہ مرجاویں۔

۳۲۔ راہ کیت۔ چوتھے گھر کنیا راس میں ہو۔ تو ماں۔ باپ کو تکلیف پہونچاوے۔ نادار مفلس مختلف زبانوں سے ماہر

۳۳۔ سورج چوتھے گھر تلا راس میں ہو۔ تو تمام خاندان اور جائیداد کو نقصان پہونچاوے۔ اراضیات اور جائیداد بزرگان برباد کرے۔ مکانات اور سواری ضائع ہوں۔ اقبال اور ناموری خاندان میں زوال آوے بچپن میں ماں باپ مرجاویں۔

۳۴۔ چاند چوتھے گھر تلا راس میں ہو۔ تو ہنرمند۔ کمتر حیثیت۔ تھوڑی

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

زمین اور ناکامی مکان۔ نانکیوں میں موت۔

۳۵۔ منگل۔ چوتھے گھر تلا راس میں ہو۔ تو دلاور۔ خوش مزاج۔ جوانی کے بعد گذارہ اچھا ہو جاوے اور آرام پاوے زبان آور ہو۔ ورنہ ابتدائے عمر میں نہ گھر نہ مکان نہ زمین نہ آرام نہ سواری اور دوسروں کا محتاج اور تابعدار۔ ماں۔ باپ کو تکلیف۔

۳۶۔ بدھ اگر چوتھے گھر تلا راس میں ہو۔ تو مسافر۔ جہان گشت شاہی خدمت نہ ملے۔ بے فائدہ تجارت میں نقصان جائیداد کی بربادی بدنام ناشاد علم ہندسہ اور حکمت میں ماہر بانکی نادار اور کمتر۔ بھائیوں سے فائدہ نہ ہو۔

۳۷۔ برہسپت۔ چوتھے گھر تلا راس میں ہو تو دشمنوں کے مقابلہ میں شکست ہو۔ رشتہ داران والدہ کا دشمن۔ قرضدار۔ متلاشی روزگار زمین اور جائیداد برباد کرے۔

۳۸۔ شکر۔ چوتھے گھر تلا راس میں ہو۔ تو چراغ خاندان۔ سواری گاڑی زمین نصیب ہو۔ زمانہ اول اچھا اور خوشی سے گذرے پھر پریشانی اور حیرانی ہو۔ زبان سرکاری کا واقف۔ ماں۔ باپ سے آرام۔ آسودہ۔

۳۹۔ سنیچر چوتھے گھر تلا راس میں ہو۔ عورت خوش شکل نہ ہو بچپن میں ماں باپ کا انتقال ہو اور بہن بھائی جوانی میں مر جاویں مستقل رہائش یا مکان رہائش نہ ہو۔ نہ زمین نہ سواری نہ گذارہ معاش کی کوئی خاطر خواہ صورت ہو۔ جو ہو وہ ضائع ہو جاوے البتہ مدہ آیو کے بعد خوشحال ہو۔ اولاد صاحب نصیب خود کئی امیدوں میں ناکامیاب اور مایوس ہو۔ لاچار اوروں کا تابعدار ہو کر گذارہ کرے۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۴۰۔ راہ کیت۔ چوتھے گھر تلا راس میں ہو۔ تو ہر طرح ابتری اور خرابی پیش آوے۔ جوانی میں تکالیف اور مصائب دیکھے۔ سواری کے گرنے سے کوئی عضو کمزور ہو جاوے۔ بھائی بند والدہ کو برباد کرے۔

۴۱۔ سورج۔ چوتھے گھر برچھک راس میں ہو۔ تو نامور اور جائیداد بزرگان پر قبضہ پاوے لیکن اوسکا آرام اور فائدہ نصیب نہ ہو متوسط عمر میں خوشحال ہو۔ ہر امر میں فتح نصیب ہو۔ والدین کی عمر دراز۔ اور اون سے نقصان مال ظہور میں آوے۔

۴۲۔ چاند۔ چوتھے گھر برچھک راس میں ہو۔ تو عالم شباب میں والدہ کی موت ہو۔ نہ گھر ہو۔ نہ زمین۔ کسی اور خاندان میں متبنیٰ بنایا جاوے بیوپار اور تجارت دور دراز ممالک سے فائدہ اوٹھاوے خود زمین اور مکان پیدا کرے ہوشیار اور چست مزاج ہو۔

۴۳ منگل چوتھے گھر برچھک راس میں ہو۔ زمین اور ملازمت پر گذارہ ہو۔ متوسط عمر میں والدہ کو تکلیف یا موت ہو۔ جائیداد باپ اور بزرگان سے فائدہ نہو بھائیوں سمدھیوں کی ہمت سے دولتمند اور نیکنام ہو۔

۴۴۔ بدھ چوتھے گھر برچھک راس میں ہو۔ کم علم۔ خواہان عزت۔ ناکوں کو نقصان پہونچے۔ جائیداد بزرگان برباد کرے۔ الاآخر عمر میں پھر جائیداد پیدا کرے۔

۴۵۔ برہسپت چوتھے گھر برچھک راس میں ہو تو معزز۔ عالم۔ فاضل صاحب جائیداد۔ زمین۔ مکانات نصیب ہوں۔ خلیق۔ قانونی

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

خانہ علم

منصف مزاج۔ ڈھنگ۔ حکومت خوب جانتا ہو۔ بذریعہ علم روپیہ کماوے۔ آخر عمر میں کامیاب اور ترقی پاوے خوشحال رہے۔

۴۶۔ شکر چوتھے گھر بچھک راس میں ہو۔ عیاشی میں نقصان کرے جائداد کرے۔ ہنرمند کاروبار میں ہوشیار۔ عالم۔ فاضل متوسط عمر تک خوش و خورم رہے۔ اوسکے عروج میں زوال آوے یعنی تکالیف اور مصیبتیں پیش آویں۔

۴۷۔ سنیچر۔ چوتھے گھر بچھک راس میں ہو۔ تو جائداد زمین برباد ہو جوانی میں والدین کا انتقال ہو۔ بے قرار اور پریشان رہے سخت محنت سے دولت پاوے۔ اور خود جائداد پیدا کرے۔ مگر متلون مزاج ہو اس لئے اپنے ارادوں کو پورا نہ کر سکے۔

۴۸۔ راہ کیت۔ چوتھے گھر بچھک راس میں ہو تو دور دراز ملک میں سفر کرے یعنی کام مفید اور روزگار عمدہ پاوے تاہم خوشحال نہ ہو۔ نہ آرام مکان اور زمین نصیب ہو۔ نہ خاندان والدہ کو اقبال اور عروج میں آنے دیوے بلکہ اونکو زوال دکھاوے۔

۴۹۔ سورج۔ چوتھے گھر دھن لگن میں ہو۔ تو نامور معزز۔ عالم فاضل عمر دراز۔ صاحب جائداد۔ الیٹوں سے ڈرنیوالا ہمرکاری زبان سے واقف۔

۵۰۔ چاند۔ چوتھے گھر دھن راس میں ہو۔ تو عالم شباب میں انتقال والدہ ہو۔ کاروبار میں ہوشیار تجارت میں ماہر۔ متوسط عمر میں مصائب اور تکلیف پیش آوے۔ کسی خاص تجارت پر گذارہ ہو۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitized by eGangotri

۵۱۔ منگل۔ چوتھے گھر دہن راس میں ہو۔ تو سفر دور دراز کرے غیر ممالک میں نامور۔ اور نیک نامی حاصل کرے۔ ناکیوں کے ذریعہ فاعدہ تیر اندازی میں تعلیم پاوے متوسط عمر میں ماں مرجاوے۔

۵۲۔ بُدھ چوتھے گھر دہن راس میں ہو۔ تو صاحب علم وعقل و دولتمند عمر دراز مالک زمین و مکانات خوش رنگ۔ والدہ سے فائدہ بخیل

۵۳۔ برہسپت چوتھے گھر دہن راس میں ہو عمر دراز۔ عالم فاضل زمین مکانات سے خوش۔ متوسط عمر سے زیادہ تر آرام اور آسائش نصیب ہو۔ باوجود اس کے نیکنام نہ ہو۔

۵۴۔ شکر۔ چوتھے گھر دہن راس میں ہو۔ تو زمین اور مکانات خوشوضع و خوش حیثیت چند سواریاں۔ متوسط عمر میں دولتمند۔ اوسی زمانہ میں والدہ کا انتقال ہو۔

۵۵۔ سنیچر چوتھے گھر دہن راس میں ہو۔ شروع عمر میں جائیداد بزرگان برباد کرے مگر پھر خود پیدا کرے۔ گو معزز ہو۔ تاہم غم آلودہ اور مبتلا بہ مقدمات ہو۔ نانکیوں کو نقصان پہونچاوے۔

۵۶۔ راہ کیت۔ شروع عمر میں مسافر ہو۔ اور مختلف مقامات پر جا کر رہایش اختیار کرے۔ خوشی و رنج یکے بعد دیگرے پیش آوے۔ نہ کوئی خاص گذارہ آمدنی ہو۔ خاندان نانکے کو نقصان پہونچاوے

۵۷۔ سورج چوتھے گھر مکر راس میں ہو تو بچپن میں ماں باپ مرجاویں ورثہ بزرگان مکان نصیب ہو۔ نامور۔ نیکنام بمشکل سے امیدوں میں کامیابی ہو

۵۸۔ چاند۔ چوتھے مکر راس میں ہو۔ تو صاحب زمین اور دولتمند۔ نانکے مخالف

۵۹۔ منگل چوتھے گھر مکر لگن میں ہو۔ نادار۔ مریض۔ قرضدار۔ متوسط عمر سے ذلیل

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

اور مصیبت زدہ ہو۔ جائداد بزرگان نقصان ہو۔ بدنام۔

۶۰۔ بدھ چوتھے گھر مکر راس میں ہو۔ تو باوجود ہنرمندی دکام دستکاری کے دوسریوں کے مال پر گذارہ ہو۔ آخر عمر میں تنگدست اور نادار ہو جاوے۔ جائداد اور ماں باپ کا آرام نہ ہو۔

۶۱ برہسپت چوتھے گھر مکر راس میں ہو۔ نامور سخی۔ مکانات۔ رفاہ عام مسافر خانہ اور عبادتخانہ تعمیر کرے۔ عالم شیریں کلام۔ پرتاثیر کلام خوش بخت۔ ہر ایک کام کا انجام کامیابی ہو۔

۶۲۔ شکر چوتھے گھر مکر راس میں ہو۔ تو معزز مشہور راگ اور رنگ کا شایق۔ محبت عورت کی سواریاں۔ صاحب جائداد و مکانات خوش حیثیت جادوگری کا قائل۔ زبان اور عالم شاہی ہو مگر عمر آخیر میں تکالیف برداشت کرے

۶۳ سنیچر۔ چوتھے گھر مکر راس میں ہو۔ تو صاحب علم اور لیاقت ہو۔ باوجود اس کے جائداد بزرگان اور ورثہ کا نقصان ہو جاوے اور بالکل نادار ہو جاوے اپنی بداعمال اسکو ذلیل کرینگے

۶۴ راہ کیت۔ چوتھے گھر مکر راس میں ہر طرح کا نقصان کرتی ہیں اور کئی قسم کے رنج دکھلاتے ہیں تمام عمر رنج اور ایذا میں بسر ہوتی ہے۔ جا بجا ملک غیر میں گشت کرتا ہے۔ خویش اقارب سے رنج پہونچتا ہے۔ بیماریاں دامنگیر رہتی ہیں۔ بیفائدہ خرچ اور کئی مصائب کا سنبھالنا پیش آتا ہے۔

۶۵ سورج۔ چوتھے گھر کنبھ راس میں ہو۔ تو جائداد بزرگان برباد ہو۔ اپنے سمبندھیوں کو فائدہ نہ پہونچاوے۔ بچپن میں ماں باپ کا انتقال ہو۔ علم شاہی میں واقف اور متوسط عمر میں عہدہ و منصب سرکاری نصیب ہو۔

۶۶ چاند۔ چوتھے گھر کنبھ راس میں ہو۔ تو صاحب علم ہو۔ بچپن میں ماں باپ دور ہو جاوے۔ اور ان کے آرام سے محروم ہو جاوے جائداد میں مکانات پیدا کرے

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

تک پیشہ ملازمت سرکاری ہو۔ بعدہ اسکے پیشہ تجارت اختیار کرے سوداگر ہو

٦٧۔ منگل چوتھے گھر کینڈر اس میں ہو۔ تو تمام سمبندھیوں کو عذاب اور رنج پہونچے

والدہ اور اس کے سمبندھی مرجاویں جنگی فسادی جھگڑالو۔ دلیر خونریز ہو

جائیداد بزرگان کا نام و نشان گل کر دیوے متوسط عمر میں بھائی کا انتقال ہو

٦٨۔ بدھ چوتھے گھر کینڈر اس میں ہو۔ تو صاحب علم و ہنرمند ہو۔ مگر جوانی میں اس

فائدہ مند خوشحال ہو ہنر نقاشی و مصوری میں کمال ماہر ہو۔ دانشمند

پونا نامی اور عابد گوشہ نشین۔ پہاڑوں میں خوش رہے بحری بحری کرے۔

٦٩۔ برہسپت۔ چوتھے گھر کینڈر اس میں ہو۔ عالم امیر کبیر صاحب فرزندان

سواریاں عمدہ مانگی گل سے بہت امداد ہے اور فائدہ اٹھاوے صاحب

دولت و اقبال اور مکانات خوش رنگ ہو۔

٧٠۔ شکر چوتھے گھر کینڈر اس میں ہو۔ کم علم کم دولت ترکہ موروث حاصل ہو۔ مگر

اُن سے کمال آرام نصیب نہو بحری سفر کا اتفاق پیش آوے نادار

زمیندار قرضہ ہو عورتوں کا بے موقعہ انتقال ہو۔

٧١۔ سنیچر چوتھے گھر کینڈر اس میں ہو۔ کم علم کم عقل۔ نافرمان والدین ہو۔

بددیانتی سے دولت کماوے پورانا اور ناپسند مکانات خرید کرے

زمین سے فائدہ اوٹھاوے۔

٧٢۔ راہو کیتو۔ چوتھے گھر کینڈر اس میں ہو۔ بدمزاج بدعادت بے اعتبار

کام مختلف پیشہ اور فریب سے دولت اور جائیداد پیدا کرے۔ مگر وہ

کام نہ آوے اور سکو تلف کر دیوے متوسط عمر میں معاملات سرکاری

میں شرمندگی۔ اور بے عزتی اوٹھاوے ہمیشہ سفر میں گذارہ کے لئے کسی کام کر

٧٣۔ سورج چوتھے گھر میں اس میں ہو۔ تو عاشق اور عالم ہو۔ مگر غلامت دولت

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitized by eGangotri

حاصل نہ ہو۔ بلکہ جائیداد بزرگان نیست نابود کر دیوے پھر اپنی کمائی سے دولت جمع کرے۔ اور مکانات تعمیر کراوے اور آخری زمانہ خوشحالی سے بسر ہو۔

۷۴۔ چاند۔ چوتھے گھر میں راس میں ہو۔ صاحب علم خوش تقریر۔ خوش تحریر۔ مختلف پیشہ ہو۔ متوسط عمر میں اراضیات اور مکانات حاصل کرے۔ اور بدن تندرست الا زیریں حصہ بدن کا یعنی ٹانگ میں کچھ کمزوری یا کجی ہو۔

۷۵۔ منگل۔ چوتھے گھر میں راس میں ہو تو کاریگر دستکاری لوہے اور لکڑی وغیرہ کا کام جانتا ہو۔ سواری بری بحری جہاز ریلوے پر سفر پیش آوے۔ جائیداد بزرگان جو ورثتاً حاصل ہو۔ برباد کر دیوے۔ دلیر اور جنگی ہو۔ کام اسلحہ سیکھ جاوے

۷۶۔ بدھ چوتھے گھر میں راس میں ہو۔ صاحب علم و ہنر اور مختلف پیشہ ہو نقاش اور مصور دورہ دوست ہو۔ شاقی عولت اور عورات سے دولت حاصل ہو اور پھر عمر آخری میں خرچ کر دیوے۔

۷۷۔ برہسپت چوتھے گھر میں راس میں ہو۔ تو عالم اور فاضل ہو۔ مگر اس سے فائدہ نہ اوٹھاوے۔ متوسط عمر میں محبت عورات سے بدنام ہو آخری عمر میں زمین اور مکانات پیدا کرے اور فیاض۔ لوگوں پر بہت احسان کرنیوالا

۷۸۔ شکر۔ چوتھے گھر میں راس میں ہو۔ تو عالم فاضل ہنرمند جوتشی قیافہ شناس ہیئت دان۔ شاقی عورات اور اسپ متوسط عمر میں تکالیف اٹھاوے۔

۷۹۔ سنیچر چوتھے گھر میں راس میں ہو تو عالم اور فاضل اور ریاستوں میں گذارہ کرے ہنسی ٹھٹھولی کا عادی۔ جائیداد مستقل نہو۔ نہ مکانات اور رہائش مستقل ہو

۸۰۔ راہ کیت۔ چوتھے گھر میں راس میں ہو۔ تو بے اعتبار۔ بدعہد بددیانت مقدمہ باز دوسریوں کے مال پر گذارہ ہو۔ اپنا خاص پیشہ کوئی نہ ہو۔

۸۱۔ سورج۔ چوتھے گھر سکھ راس میں ہو تو اوچ استھان میں بلوان ہوتا ہے۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

والدین بیمار ہوں مستقل مزاج نہو۔ مکان اور سواری و آرام نصیب نہو سرکاری کام متعلق تعمیرات اور مینات ٹھیکہ داری ہو۔

۸۲۔ چاند۔ چوتھے گھر میکھ راس میں ہو۔ تو ایسے جیو کو جنم کا کچھ فائدہ نہ پہنچے ابتدائے شباب بلوغت میں والدہ کا انتقال ہو۔ اور پھر اگر دیگر گرہ شبھ استھان پر بلوان نہوں تو قریباً سولہ برس خود بھی مرجاوے۔

۸۳ منگل چوتھے گھر میکھ راس ہو۔ تو کسی طرح سے کوئی آرام نہ پاوے نہ گھر ہو نہ عزت نہ دولت بلکہ جائیداد بزرگان تلف کردیوے۔

۸۴ بدھ چوتھے گھر میکھ راس میں ہو۔ تو ہنر مند۔ دستکار متعلق معاش کم علم۔ دوسریوں کا محتاج کبھی خوش کبھی ناخوش جائداد زیادہ نہو۔

۸۵ برہسپت۔ چوتھے گھر میکھ راس میں ہو۔ گو صاحب علم اور فاضل ہو مستقل سواریاں نہوں مکانات اور زمین ہوں۔

۸۶۔ شکر۔ چوتھے گھر میکھ راس میں ہو۔ صاحب علم واراضیات و باغ ہو۔ مکانات تعمیر کراوے مخالفوں کو زیر کرے خوش مزاج خندہ رو سواریاں زیادہ ہوں عمدہ ان

۸۷ سنیچر چوتھے گھر میکھ راس میں ہو۔ تو بے علم و بے عقل و بے دولت و نادار و پریشان و بیقرار و غم آلود۔ بے سواری و بے مکان۔

۸۸ راہ۔ کیت۔ چوتھے گھر میکھ راس میں ہو۔ یار سنجیدہ مکروہ اشیاء دائم السفر۔ آخری عمر میں زمانہ اچھا گذرے۔

۸۹ سورج۔ چوتھے گھر برکھ راس میں ہو۔ تو والدین سے آرام اور فائدہ نہ پاوے مختلف پیشوں پر گذارہ ہو۔ اوروں کے مال اور سواری سے معاش پیدا کرے اپنا مکان نہ ہو۔

۹۰۔ چاند۔ چوتھے گھر برکھ راس میں ہو۔ تو ماں باپ سے آرام نہ پاوے۔ بلکہ وہ جوانی

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

میں مرجاویں۔ اپنا مکان نہو اوروں کے روپیہ لے کر مکان بناوے

۹۱۔ منگل چوتھے گھر برکھ راس میں ہو۔ تو زمین مکان سے آرام نہو یا ماں باپ بیمار ہوں۔ ناخوش رہے۔ امیدوں میں کامیاب نہو۔

۹۲۔ بدھ چوتھے گھر برکھ راس میں ہو۔ تو ہنرمند یکسی علوم صاحب دولت شایق تجارت دائم السفر۔ آخری عمر میں خوشحال و نیکنام و نامور ہو۔

۹۳۔ برہسپت۔ چوتھے گھر برکھ راس میں ہو۔ تو معزز عالیشان کئی سواریاں مکانات خوش رنگ مختلف حیثیت۔

۹۴۔ شکر۔ چوتھے گھر برکھ راس میں ہو۔ تو شایق عورات و راگ صاحب مکان و باغات۔ خوشمزاج۔ الا آخر عمر میں پریشان خاطر ہو۔

۹۵۔ سنیچر۔ چوتھے گھر برکھ راس میں ہو۔ تو کم عقل پریشان خاطر بے جائداد عورات کے تنازعات میں عزت برباد کرے۔ قرضہ والدین میں ذلت اوٹھاوے اور وہ اسکو عزیز رکھیں۔

۹۶۔ راہ کیت چوتھے گھر برکھ راس میں ہو۔ کسی طرح آرام نصیب نہ ہو۔ جوانی میں ماں باپ کا انتقال ہو ہمیشہ مسافر رہے۔ جائداد بزرگان اول ضایع ہو جاوے۔ پھر حاصل کرے۔

۹۷۔ سورج۔ چوتھے گھر متھن راس میں ہو۔ گھر کا آرام نہ ہو۔ جائداد بزرگان سے فائدہ نہ پاوے معزز نامور۔ نیکنام اپنے مقام چھوڑ کر اور مقامات پر رہے۔

۹۸۔ چاند۔ چوتھے گھر متھن راس میں ہو۔ تو زیادہ تر بیمار رہے۔ جوانی میں والدین کا انتقال ہو۔ وسط عمر میں زمین حاصل کرے۔

۹۹۔ منگل۔ چوتھے گھر متھن راس میں ہو۔ تو زمین مکان اور حیثیت کافی ہو تاہم خوشحال نہ رہے۔ نہ نام نیک ہو۔ بلکہ متوسط عمر میں بدنام ہو۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۰۰ بدھ۔ چوتھے گھر مقیم راس میں ہو۔ تو عالم عاقل فہیم۔ عابد زاہد شب بیدار والدہ عمر دراز۔ پرانا یام میں ماہر۔ مکانات خوش رنگ متوسط عمر میں نانکے خاندان میں اموات زیادہ ہوں۔

۱۰۱ برہسپت۔ چوتھے گھر متھن راس میں ہو۔ تو معزز۔ ناموری نیکنام۔ ہر ایک امید میں کامیاب کئی علم اور ہنر جانتا ہو۔ اعلیٰ دماغ نانکے صاحب اقبال ہوں بہنیں خوش قسمت خاندان میں بیاہی جاویں۔

۱۰۲ شکر۔ چوتھے گھر متھن راس میں ہو۔ تو شائق عورات بدوضع موت فرزند کا حادثہ اوٹھاوے۔ زمین اور مکانات پیدا کرے۔ عمدہ سواریاں ہوں۔

۱۰۳ سنیچر چوتھے گھر متھن راس میں ہو۔ تو والدہ مریض اوسکے رشتہ دار زیادہ لقمہ موت ہوں۔ وسط عمر میں تعلقات دنیوی ترک کر مسافرت اختیار کرے

۱۰۴ راہ کیت۔ چوتھے گھر متھن راس ہو۔ تو اوسکی نحوست کا تحریر کرنا مشکل ہے بچپن میں والدہ کا انتقال ہو۔ جائداد بزرگان برباد ہووے قرض اور پریشانی میں زمانہ بسر کرے۔ گذارہ تنگ اور بدنام ہو۔ ہر ایک امید میں ناکامیاب رہے۔

۱۰۵ اگر پہلے گھر کا مالک بلوان ہوکر چوتھے گھر میں ہو۔ یا چوتھے گھر کو پورن دِرشٹی سے دیکھتا ہو۔ تو ماں باپ اور بھنیوں سے پیار رکھے۔ ہر ایک دوست اور مہربان ہو نیز علمیات سے فائدہ اٹھاوے مکانات تیار کراوے۔

۱۰۶ چوتھے گھر کا مالک پہلے گھر میں اور پہلے گھر کا مالک چوتھے گھر میں ہو۔ تو فرزند پدر دار ماں باپ نیک خصلت اور مصاحب یا وزیر حکام ہو۔

۱۰۷ چاند سے ۵۔۹ گھر میں سنیچر ہو۔ تو ماں مرجاوے۔

۱۰۸ چوتھے گھر میں شبھ گرہ کی درشٹی ہو۔ تو ماں کی عمر دراز ہو

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۰۹ - چاند بلوان ہو یا شکر کو شبھ گرہ پورن درشٹی سے دیکھتا ہو۔ تو ماں زندہ رہے۔

۱۱۰ - چاند یا شکر شبھ انش کے ۱۔۴۔۷۔۱۰ ہوں تو عمر مادر دراز ہو۔

۱۱۱ - چوتھے گھر کا مالک بلوان ہو کر جنم لگن میں ہو۔ تو ماں فرمانبردار خاوند ہو۔

۱۱۲ - اگر برچھک راس کا انس چوتھے گھر میں ہو۔ تو دودھ ماں کا خشک ہو جاوے۔

۱۱۳ - دسویں گھر میں منگل اور آٹھویں گھر میں برہسپت ہو۔ تو ماں کے آرام سے خود محروم ہو۔

۱۱۴ - چھٹے یا آٹھویں گھر میں چاند ہو یا ساتویں گھر میں منگل پاپی گرہ کے ساتھ ہو تو آرام ماں نصیب نہ ہو

۱۱۵ - شکر یا چاند پاپی گرہوں کے درمیان ہو۔ اور پاپی گرہ اسکو دیکھتا ہو۔ تو آرام ماں نہ ملے۔

۱۱۶ چوتھے گھر کا مالک پاپی گرہوں کے درمیان میں ہو۔ اور پاپی گرہ دیکھتا ہو تو آرام ماں نہ ملے

۱۱۷ چاند سے ساتویں گھر میں شکر پاپی گرہ کے ساتھ ہو۔ تو آرام ماں نصیب نہ ہو۔

۱۱۸ سنیچر چوتھے گھر میں ہو اور پاپی گرہ پورن درشٹی سے دیکھتا ہو۔ تو ماں جلدی مر جاوے

۱۱۹ سنیچر چوتھے گھر میں ہو اور شبھ گرہ پورن درشٹی سے دیکھتا ہو تو ماں کچھ دیر بعد مر جاوے

۱۲۰ چاند پانچویں گھر میں ہو۔ تو خوشی مادر نصیب نہو۔

۱۲۱ - چاند و منگل ملکر بارہویں خواہ نانویں گھر میں ہوں تو ماں کا آرام نصیب نہو۔

۱۲۲ - چاند ساتویں گھر میں پاپی گرہ کے ساتھ ہو۔ تو والدہ کا آرام نصیب نہو۔

۱۲۳ - برہسپت لگن میں سنیچر دوسرے گھر میں راہ تیسرے گھر میں ہو تو آرام مادر نصیب نہو۔

۱۲۴ تیسرے یا ساتویں گھر میں سورج۔ راس میں منگل ہو۔ تو ماں مر جاوے۔

۱۲۵ - چاند تیسرے گھر کے مالک کے ساتھ ہو کر چھٹے گھر میں ہو۔ تو دوسری عورت کا دودھ پیویگا

۱۲۶ - چاند کو تین پاپی گرہ پورن درشٹی سے دیکھتے ہوں۔ اور کوئی شبھ گرہ نہ دیکھتا
ہو تو ماں جلد مر جاوے۔

۱۲۷ - چاند پاپی گرہوں کے درمیان ہو اور چاند سے چوتھے گھر میں پاپی گرہ ہوں تو آرام مادر نصیب نہو

۱۲۸ - چوتھے گھر کا مالک اپنے نوانسہ یا اوچ کے نوانسہ کا ہو۔ اور شبھ گرہ دیکھتا ہو تو فرمانبردار خاوند ہو

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۲۹ - چھٹے گھر کا مالک منگل کیساتھ ہو اور چاند کو چوتھے گھر میں پاپی گرہ دیکھتا ہو تو ماں بدچلن ہو۔

۱۳۰ - چوتھے گھر کا مالک پاپی گرہ ہو۔ اور راہو کیساتھ ہو۔ تو ماں بدکار ہو۔

۱۳۱ - چوتھے گھر کا مالک جنم لگن میں ہو۔ خواہ مالک جنم لگن سے ہمیشہ درشٹ کرتا ہو۔ تو پیار ماں کا زیادہ ہو۔

۱۳۲ - چوتھے گھر کا مالک ۱-۴-۷-۱۰ گھر میں ہو اور اوسکو پہلے گھر کا مالک دیکھتا ہو تو بچہ کو پیار ماں زیادہ ہو۔

۱۳۳ - چوتھے گھر میں پاپی گرہ ہو۔ تو دوسری ماں آوے

۱۳۴ - اگر چوتھے گھر میں شبھ گرہ ہو تو والدہ اچھا ہو۔

۱۳۵ - مالک جنم لگن اگر اپنے نوانس میں ہو۔ یا شبھ گرہ اوسکو دیکھتا ہو تو ماں کی خوشی نصیب ہو

۱۳۶ - جنم لگن میں بلوان اور شبھ ہو۔ تو آدمی آخیر تک آرام اور آسائش میں زندگی بسر کرے

۱۳۷ - لگن سے اٹھویں مالک یا گیارہویں گھر کے اوس کا مالک ۱-۴-۷-۱۰ گھر میں ہو تو ۴۰ برس کی عمر تک آرام اور آسائش میں زندگی بسر کرے۔

۱۳۹ - پانچویں گھر سے آٹھویں گھر تک شبھ گرہ ہو۔ تو آدمی عمر میں آرام اور آسائش پاوے

۱۳۹ - جنم لگن کا مالک پہلے گھر میں برہسپت ۱-۴-۷-۱۰ گھر میں بلوان ہو۔ تو جوانی میں آرام اور آسائش نصیب ہو۔

۱۴۰ - ۱-۱۰ گھر میں شبھ گرہ ہوں۔ برہسپت ۱-۴-۷-۱۰ گھر میں ہو تو وہ پیدائش سے تا دم موت۔ آرام اور آسائش عیش اور عشرت میں زمانہ زندگی بسر کرے۔

۱۴۱ - دوسرے گھر میں پاپی گرہ ۱-۴-۷-۱۰ گھر میں شبھ گرہ ہوں جنم لگن کا مالک شبھ انس میں ہو۔ تو بچپن میں تکلیف سے زمانہ بسر ہو بعد اسکے ہر طرح آرام اور آسائش

۱۴۲ - اگر پانچ گرہ اپنے گھر کے ہوں تو ہر طرح آرام اور آسائش سے زمانہ زندگی بسر کرے

۱۴۳ - چوتھے گھر کے مالک کو برہسپت دیکھتا ہو یا اوسکے ساتھ ہو۔ تو عمر آرام سے گذرے

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۴۴۔ چوتھے گھر کا مالک ۵-۹-۱-۴-۷-۱۰ گھر میں شبھ گرہ کے ساتھ ہو تو عمر آرام سے گذرے

۱۴۵۔ چوتھے گھر میں منگل آٹھویں گھر میں سنیچر۔ پانچویں گھر میں راہو سورج۔ بدھ ہوں تو عمر تکلیف سے گذرے

۱۴۶۔ پہلے چوتھے ساتویں دسویں گھروں میں شبھ گرہ ہوں تو تمام عمر آرام اور خوشی سے بسر ہووے

۱۴۷۔ چوتھے گھر کا مالک کمزور ہو کر پاپی گرہ کے ساتھ ہو۔ تو زمانہ رنج اور تکلیف سے گزرے

۱۴۸۔ چوتھے گھر میں پاپی گرہ ہو۔ اور برہسپت کمزور ہو تو باوجود دولت بھی کلیش سے گزرے

۱۴۹۔ چوتھے گھر کا مالک پاپی گرہ کے انش کا ہو کر سورج و منگل کے ساتھ ہو۔ کوئی شبھ گرہ اسکو
نہ دیکھتا ہو۔ تو تمام عمر رنج اور بے آرامی میں بسر کرے۔

۱۵۰۔ اگر نویں گھر سے بارہویں گھر تک شبھ گرہ ہوں۔ تو آخر عمر میں آرام پاوے

۱۵۱۔ آٹھویں گھر کا مالک اگر گیارہویں گھر میں ہو۔ تو بچپن میں رنج اور تکلیف دیکھے

۱۵۲۔ جنم لگن میں سنیچر آٹھویں گھر میں راہو چھٹے گھر میں منگل ہو تو تمام عمر پریشان اور تنگ حال رہے

۱۵۳۔ چوتھے گھر کا مالک بلوان ہو کر پہلے گھر میں اور پہلے گھر کا مالک بلوان ہو کر چوتھے گھر میں
ہو تو اپنی قوت بازو سے جائیداد پیدا کرے۔

۱۵۴۔ چوتھے گھر اور پہلے گھر کا مالک بلوان ہو کر چوتھے گھر میں ہو۔ اور شبھ گرہ دیکھتا ہو۔
تو بلا محنت اور کوشش کے املاک حاصل ہو جاوے۔

۱۵۵۔ چوتھے گھر کے نوانسہ میں راہو سورج ہوں اور منگل دیکھتا ہو۔ تو مکان جل جاوے

۱۵۶۔ چوتھے گھر کا مالک چھٹے گھر میں ہو اور پاپی گرہ دیکھتا ہو۔ تو املاک تباہ ہو جاوے

۱۵۷۔ چوتھے گھر کا مالک آٹھویں گھر میں ہو تو مکانات از خود گر جاوے

۱۵۸۔ دسویں گھر کا مالک چوتھے اور چوتھے گھر کا مالک دسویں گھر ہو اور منگل بلوان ہو تو بہت املاک حاصل ہو۔

۱۵۹۔ چوتھے گھر کا مالک ۶-۸-۱۲ گھر میں پاپی گرہ کے ساتھ یا پاپی گرہ کی درشٹی میں ہو تو املاک برباد ہو

۱۶۰۔ چوتھے گھر کا مالک دوسرے گھر میں لگن میں یا دشمن کے گھر کا پاپی گرہ کے ساتھ یا
پاپی گرہ کی درشٹی میں ہو۔ تو املاک تلف ہو جاوے۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۶۱ - چوتھے گھر کا مالک تیسرے گھر کے مالک کے ساتھ شبھ استھان پر ہو۔ تو بھائیوں سے املاک حاصل ہو۔

۱۶۲ - چوتھے گھر کا مالک چھٹے گھر میں اور چھٹے گھر کا مالک چوتھے گھر میں ہو چوتھے گھر کا مالک چھٹے گھر کے مالک سے بلوان ہو۔ تو نانکے یا دشمن سے املاک حاصل ہو۔

۱۶۳ - دسویں گھر کا مالک پاپی گرہ کے ساتھ چوتھے گھر میں ہو تو املاک تلف ہو جاوے

۱۶۴ - جنم لگن کا مالک اور پانچویں گھر کا مالک باہم دوست ہو تو فرزند سے محبت ہو۔

۱۶۵ - جنم لگن کا مالک تیسرے گھر مالک کا دوست ہو۔ تو بھائیوں سے پیار ہو۔

۱۶۶ - جنم لگن کا مالک ساتویں گھر کے مالک سے دوست ہو۔ تو عورت سے محبت ہو۔

۱۶۷ - جنم لگن و چوتھے گھر کا مالک باہم دوست ہوں تو خویش اقارب سے زیادہ محبت ہو۔

۱۶۸ - چوتھے گھر میں برہسپت ہو۔ چوتھے گھر کا مالک شبھ گرہ کیساتھ ہو۔ تو خاندان میں چراغ ہو۔ تو تمام سمبندھی اوسکی عزت کریں۔

۱۶۹ - دوسرے گھر کا مالک گیارہویں گھر میں ہو۔ اور چوتھے گھر کا مالک ۵ - ۹ گھر میں ہو تو اپنے خاندان اور رشتہ داران میں عزیز اور انکا کار براد ہو۔

۱۷۰ - دسویں گھر میں سورج کے ساتھ چوتھے گھر کا مالک ہو۔ تو قہر حاکم سے املاک برباد ہو

۱۷۱ - چوتھے گھر کا مالک نویں گھر کے مالک کے ساتھ معہ شبھ گرہ کے گیارہویں گھر میں ہو تو سواری گھوڑا یا گاڑی یا فیل نصیب ہو۔

۱۷۲ - چوتھے گھر اور گیارہویں گھر کا مالک معہ برہسپت پہلے گھر جنم لگن میں ہو تو سواری گھوڑا گاڑی

۱۷۳ - جنم لگن کا مالک چوتھے گھر کے مالک کیساتھ اپنے گھر میں ہو۔ خواہ جنم لگن اور چہارم گھر کا مالک ملکر ۱ - ۴ - ۷ - ۱۰ میں آویں خود ملکیت حاصل ہو جاوے اور خوشی میں زمانہ بسر کرے۔

۱۷۴ - بارہویں - اٹھویں گھر میں پاپی گرہ ہوں تو مویشی کا نقصان ہو۔

۱۷۵ - جسقدر پاپی گرہ چوتھے گھر کو پورن درشٹی سے دیکھتے ہوں اُسیقدر جانوراں کا نقصان ہو

۱۷۶ - جسقدر پاپی گرہ سورج کے گھر میں ہوں اُسیقدر جانوراں کا نقصان ہو۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۷۷۔ دیکھیو یا برچھک کے منگل ہمراہ شکر کے ہوں ایک خاص بیماری سے نقصان جانوران ہو۔

۱۷۸۔ چوتھے گھر کا مالک پہلے گھر لگن میں ہو۔ تو خوش بخت اور ماں باپ کا پیارا ہو۔

۱۷۹۔ چوتھے گھر کا مالک دوسرے گھر میں ہو۔ تو شبھ گرہ ترقی دولت اور ورثہ والدین سے فائدہ مند کرتا ہے۔ اور بچہ خادم اور فرمانبردار ماں باپ کا ہوتا ہے پاپی گرہ ہو تو نقصان دولت اور ماں باپ سے رنج پیدا کرتا ہے۔

۱۸۰۔ چوتھے گھر کا مالک تیسرے گھر میں ہو بھائی بندوں سے خوش اور ماں باپ سے ناراض ہوتا ہے۔

۱۸۱۔ چوتھے گھر کا مالک چوتھے گھر میں ہو۔ تو معزز نیکنام و صاحب نصیب امیر صاحب سواری و دولتمند ماں باپ سے ممتاز مکانات اور زمین ہو۔

۱۸۲۔ چوتھے گھر کا مالک پانچویں گھر میں ہو۔ اولاد کثیر اور خوش نصیب و نیکنام ہو صاحب اقبال و عمر دراز ہو۔ ورثہ باپ حاصل ہو۔

۱۸۳۔ چوتھے گھر کا مالک چھٹے گھر میں ہو۔ تو اشبھ گرہ نقصان جائداد اور عزت اور عمر کوتاہ کرتا ہے والدین سے ناراضگی اور عداوت ہوتی ہے۔ اگر شبھ گرہ ہو۔ تو کسی قدر اثر کم کرتا ہے۔

۱۸۴۔ چوتھے گھر کا مالک اگر ساتویں گھر میں ہو۔ اگر پاپی گرہ ہو تو عورت کو تکلیف اور کاروبار کا نقصان۔ اور عورت اسکی والدین مولود کو تکلیف دیتی ہے منگل شکر ہو۔ تو بدکار اور فاحشہ ہوتی ہے شبھ گرہ ہو تو ترقی عزت اور جائداد کا فائدہ ہوتا ہے۔

۱۸۵۔ چوتھے گھر کا مالک ناٹویں گھر میں ہو۔ پاپی گرہ یا نیچ یا دشمن استھان کا ہو نادار مفلس جائداد زمین و مکان کا نقصان بدکار بدنام ہمیشہ بیمار ہو۔

۱۸۶۔ چوتھے گھر کا مالک نانویں گھر میں ہو تو دائم المسافر۔ عالم فاضل صاحب زمین و مکان آرام و آسائش ہو۔ دھرماتماں اور عبادت خانہ و آرام گاہ بنواوے الاماں باپ سے جلد علیحدہ ہو جاوے۔

۱۸۷۔ چوتھے گھر کا مالک اگر دسویں گھر میں ہو۔ تو باپ اسکا دوسری شادی کرے

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

اگر پاپی ہو۔ تو پہلی عورت کو نکال دیوے اور صاحب جائیداد ہو۔

۱۸۸ چوتھے گھر کا مالک اگر گیارہویں گھر میں ہو۔ تو زمین مکان عمر دراز نیکوکار اور ماں باپ سے فائدہ اوٹھاوے۔ معزز دولتمند ہو۔

۱۸۹۔ چوتھے گھر کا مالک بارہویں گھر میں ہو۔ تو زمین مکان کا نقصان ماں باپ جلدی مرجاویں یا اپنے مکان سے نکل جاویں اگر وہ پاپی ہو۔ تو شبہ شک ہے کہ مولود اپنے باپ کے نطفہ سے نہیں ہے۔

۱۹۰۔ چوتھے اور دسویں گھر کے مالک نربل ہوکر خانہ ۶۔ ۸۔ ۱۲ میں ہوں۔ اور لگنیش بلوان ہو۔ تو جنم کے وقت ماتا یا پتا مرتو ہو۔

۱۹۱ آٹھویں گھر میں منگل بارہویں گھر میں سورج چندرماں تیسرے گھر میں برہسپت و سنیچر ہوں۔ تو باپ فوراً مر جاوے۔

۱۹۲۔ جنم لگن میں برہسپت دوسرے گھر میں سنیچر تیسرے گھر میں راہو۔ تو ماں مرجاوے

۱۹۳ چوتھے گھر کا مالک سورج شکر کے ساتھ ۶۔ ۸۔ ۱۲ گھروں میں ہوں تو نظر اور آنکھ ماں کو نقصان پہونچاویں۔

۱۹۴۔ چوتھے گھر کے مالک برہسپت ہوکر ۶۔ ۸۔ ۱۲ گھر میں آجاویں تو ماتا کی زبان کو گنگ کردیویں۔ یا کچھ اور نقصان پہونچاویں۔

۱۹۵ جنم راس میں برہسپت دوسرے گھر میں سنیچر تیسرے گھر میں راہو تو ماتا کی مرتو ہو۔

۱۹۶۔ ۴۔ ۱۰۔ ۱۲ گھروں میں پاپ گرہ ہوں۔ اور شبھ گرہ نربل ہوں۔ تو ماں باپ کی مرتو سوائے ان کے جو پرورش کرے اوسکا بھی نقصان۔ خود پریشان اور حیران ہوکر ملک بملک پھرے۔

۱۹۷ بسنگھ میں منگل۔ برچھک میں سنیچر۔ کنیا میں شکر۔ بتھن میں راہو ہو۔ تو ماتا مرجاوے۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۹۸۔ منگل ۱-۲-۱۰-۱۲-۴ گھر میں ہو تو علاوہ اور نقصان کے ماتا مرتو ہو۔

۱۹۹ جنم لگن اور ساتویں گھر میں پاپی گرہ ہوں تو ماتا جلدی مرتو ہو۔

۲۰۰۔ چوتھے دسویں گھر میں پاپی گرہ ہو۔ تو ماتا کو کلیش دیویں یا اسکی مرتو ہو۔

۲۰۱۔ سنیچر چھٹے گھر میں ہو۔ اور چوتھے گھر کا سوامی نربل ہو۔ تو چھ دن یا چھ مہینے میں وہ جیو اپنا گھر چھوڑ کر دوسرے گھر جائیگا۔

۲۰۲۔ منگل ۱-۴-۵ گھر میں ہو۔ تو ماں باپ اس کے دونوں مرجاویں گے بشرطیکہ اور گرہ بلوان نہ ہوں۔

۲۰۳۔ سورج کے سپشٹ راس انس کلا سے چاند کا سپشٹ راس انس کلا کم کردو جو راس انس کلا باقی برآمد ہو۔ اسمیں جب گوچر کے سنیچر آوے یا اس راس سے پانچویں نانویں گھر میں سنیچر آوے۔ اسوقت ماتا کی مرتو ہو

۲۰۴۔ آٹھویں گھر کے مالک کا جو سپشٹ راس انس کلا ہے۔ اس میں سے سورج کا سپشٹ کم کردو۔ اس راس میں جب سنیچر آوے یا اس راس کے نوانسہ میں سورج آوے تو اسوقت ماتا مرتو ہو۔

۲۰۵۔ میکھ۔ راشی خانہ چہارم میں ہو۔ تو خوف اور تنگی دل نقصان املاک والد اور خوف چوری۔

۲۰۶۔ برکھ راشی خانہ چہارم میں ہو۔ تو عمر دراز۔ خوشنودی والد۔ ترقی مال

۲۰۷۔ متھن راشی خانہ چہارم میں ہو۔ تو جمعیت ترقی املاک اور خوشی از جانب والد

۲۰۸۔ کرک راشی خانہ چہارم میں ہو۔ ترقی املاک۔ آمدنی زراعت۔ اور باغ حصول مرادات والدین سے۔

۲۰۹۔ سنگھ راشی خانہ چہارم میں ہو تو اقبال والد۔ ترقی املاک آبادی مقامات۔ حصول مراد از بادشاہ اور امراء کاروبار عظیم

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۲۱۰ کنیا چہارم خانہ میں ہو۔ ترقی و فائدہ مال میراث و املاک باغ زراعت ترقی مال دوستاں تقویت برادران و ترک سفر

۲۱۱۔ تلا خانہ چہارم میں ہو۔ تو خوشی والد اور فائدہ زراعت۔ زمین ملک میراث و اسباب خانہ داری۔ تیاری مکانات و عزت و مرتبہ و شادی ہو۔

۲۱۲ برچھک خانہ چہارم میں ہو۔ والد سے پریشانی۔ خلل رہائش مکان۔ اور نقصان املاک۔

۲۱۳۔ دہن خانہ چہارم میں ہو۔ تو بخوشی خاطر مقام رہائش ترک کرے ملت املاک زراعت اسباب پدر۔ و خوشنودی مزاج والدین۔

۲۱۴ مکر خانہ چہارم میں ہو۔ تو والدین سے املاک اور اسباب حاصل ہو ترقی مال پدر شادی ایک عورت

۲۱۵ کمبھ خانہ چہارم میں ہو۔ تو نقل مقامی انقلاب املاک والدین اندیشہ چوری

۲۱۶ مین خانہ چہارم میں ہو۔ تو حصول مراد۔ فائدہ از پدر استقلال مزاج ترقی املاک اسباب و زراعت۔ آبادی ہر ایک کام میں عاقبت بخیر ہو۔

۲۱۷۔ اگر لگن میں اور دسویں گھر میں پاپی گرہ ہو۔ تو مولود کی ماں کو دودھ نہیں ہوگا کسی غیر عورت کا دودھ پئے گا۔ کیونکہ چوتھا گھر کھلانے کا ہے۔ اور چوتھے گھر پر پوری نظر پڑتی ہے۔ اور لگن سے بھی نظر چوتھے پر ہے۔ اور لگن ... خود کھانے کی چیز ہے۔ اس لئے دودھ سوکھ جائیگا۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

راز ششم

خانہ ۵

۱۔ سورج پانچویں گھر میں بلوان ہوکر آوے۔ تو صاحب ہنر روزگار اچھا کرے۔ الااولاد سے رنج پہلا حمل گرجاوے یا پہلا لڑکا مرجاوے ہنر حِرفہ کا شائق۔ دیوتا کا معتقد۔

۲۔ چاند۔ پانچویں گھر میں بلوان ہو تو دو لڑکیاں اور لڑکے دھن بیٹے پوتے اور اچھا فرزند نصیب ہو بشرطیکہ شبھ گرہ چاند کے ساتھ ہو۔ یا اوسکو پورن درشٹی سے دیکھتا ہو۔ اگر چاند کمزور ہو۔ یا پاپی گرہ کے ساتھ ہو۔ یا اوسکو پاپی گرہ دیکھتا ہو۔ تو بے اولاد و بے روزگار بے ٹھکانہ اور پریشان بے قرار ہو۔

۳۔ منگل۔ پانچویں گھر میں بلوان ہو۔ تو مقابلہ مخالفان میں فتحیاب رہیگا نیکوکار اور اولاد کا خواہاں رہیگا۔ مگر اولاد سے ناراض رہیگا۔

۴۔ بدھ۔ پانچویں گھر میں بلوان ہو ہمیشہ خوش رہے میدان میں فتح پاوے عالم فاضل شاعر۔ عزت اولاد سے خورسند ہو۔ اور نیکوکار

۵۔ برہسپت پانچویں گھر میں بلوان ہو تو بہت اولاد۔ عالم۔ فاضل۔ دانا۔ خوش شکل بہادر و شور بیر۔ بدرگاہ حکام وقت معزز۔ صاحب نصیب تمام رشتہ دار اس کی تابعداری اور عزت کریں۔ پرہیزگار و صاحب قدر و منزلت ہو۔

۶۔ شکر۔ پانچویں گھر میں بلوان ہو۔ تو عالم۔ فاضل۔ صاحب اولاد عمر دراز معزز۔ خوراک و پوشاک عمدہ ہو۔ ہنرمند۔ صاحب دولت

۷۔ سنیچر۔ پانچویں گھر میں بلوان ہو تو فکر اولاد بے عقل غصہ ور۔ لاغر بدن اپنے مکان میں خوفناک۔

۸۔ راہ کیت۔ پانچویں گھر میں ہو۔ تو ہمیشہ پژمردہ دل غمناک خاطر۔ اولاد سے

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitized by eGangotri

بے بہرہ۔ کم عقل الّا میکھ یا کرک راس میں ہو۔ تو اولاد زندہ رہیگی

۹۔ سورج۔ پانچویں گھر میکھ راس میں ہو تو کئی علوم اور فنون میں ماہر۔ ناموری عالم فاضل۔ چند پیشہ ہوں۔ محنت کش۔ بہادر۔ دلیر۔ جوانی میں ماں باپ کا اور اوسط عمر میں فرزنداں کا انتقال ہو۔

۱۰۔ چاند۔ پانچویں گھر میکھ راس میں ہو۔ تو کم علم۔ کم عقل۔ اولاد پیدا ہو کر مر جاوے۔

۱۱۔ منگل۔ پانچویں گھر میکھ راس ہو تو عالم عاقل۔ بلوان۔ دولاور۔ صاحب نصیب و اختیارات سزا۔ تیز مزاج اولاد کو سخت حادثہ موت پیش آوے خود اوسط عمر میں مبتلا بہ حادثہ پیش ہو۔

۱۲۔ بدھ۔ پانچویں گھر میکھ راس میں ہو۔ تو عالم۔ فاضل دانشمند ہنرمند ہمہ صفت موصوف۔ تحریر تقریر میں لائق۔ صاحب فرزنداں۔ ورثہ مادری ہاتھ آوے

۱۳۔ برہسپت۔ پانچویں گھر میکھ راس میں ہو۔ عالم۔ فاضل عابد۔ زاہد۔ خوش قسمت خوش اقبال۔ صاحب اولاد۔ پناہ دہندہ۔ چند زبانیں جانتا ہو۔ الّا متوسط عمر میں کسیقدر تکلیف اور رنج اوٹھاوے۔

۱۴۔ شکر۔ پانچویں گھر میکھ راس میں ہو۔ تو ہنرمند۔ دستکار۔ کل ساز۔ الا نادار۔ اولاد بد وضع بدکار۔ وسط عمر میں حملہ دشمناں اور زہر کا خوف صحبت بدعورات

۱۵۔ سینچر۔ پانچویں گھر میکھ راس میں ہو۔ بدکار۔ بدنام مخالف والدین بے اولاد بے عقل بے علم۔ جعلساز۔ چغلخور۔

۱۶۔ راہ کیت۔ پانچویں گھر میکھ راس میں ہو۔ بدمزاج بدخیال ابتدائے عمر میں والدین مر جاویں۔ اولاد سے خوشی نصیب نہ ہو کم عقل۔ کم علم۔

۱۷۔ سورج۔ پانچویں گھر برکھ راس میں ہو۔ تو جوانی میں ماں باپ اور وسط عمر میں

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

اولاد کا انتقال ہو۔ زیر عتاب حکام آوے ورنہ حاصل ہو مگر اُس سے آرام
اور راحت نہ پاوے۔

۱۸۔ چاند۔ پانچویں گھر برکھ راس میں ہو۔ تو صاحب حلم و علم۔ منتر جنتر و دھرم
ودیا میں ماہر ہو۔

۱۹۔ منگل۔ پانچویں گھر برکھ راس میں ہو تو پہلوان جنگجو۔ شائق ہتھیار۔
طبیعت متوسط عمر میں لائق۔ فرزنداں کی موت کا حادثہ۔ کم علم کم عقل۔

۲۰۔ بدھ۔ پانچویں گھر برکھ راس میں ہو۔ تو صاحب علم شاستر ودیا میں ہوشیار
بیمار۔ مخالف زیادہ۔

۲۱۔ برہسپت۔ پانچویں گھر برکھ راس میں ہو تو عالم۔ فاضل۔ مصاحب۔ حکام۔ نامور
نیکنام۔ برہم ودیا میں ماہر علم قیافہ و قانون میں ہوشیار۔ الّا اولاد سے محروم ہو

۲۲۔ شکر۔ پانچویں گھر برکھ راس میں ہو۔ صاحب علم و عقل ہوشیار۔ خوشمزاج خندہ
طبیعت۔ صاحب دولت چند فرزند۔ ہمیشہ خوش و خرم الّا عیاش صورت
عورات میں دولت برباد کردیوے۔

۲۳۔ سنیچر پانچویں گھر برکھ راس میں ہو۔ تو کم علم۔ کم عقل بے اولاد عورات سے رنج
ابتداء عمر میں اچھا زمانہ بسر ہو۔ الّا آخر میں کئی مصائب اور تکالیف دیکھے

۲۴۔ راہ کیت۔ کم عقل کم علم تاہم معزز اور دولتمند ہو۔ چالاک دشمن زیادہ۔

۲۵۔ سورج۔ پانچویں گھر متھن راس میں ہو تو صاحب اقبال و نامور و صاحب
علم خاندان مادر سے فائدہ۔ افسوس کہ وسط عمر میں حادثہ موت اولاد پیش آوے۔

۲۶۔ چاند۔ پانچویں گھر متھن راس میں ہو۔ تو کئی تکالیف پیش آویں ماں باپ اور
نانکے جلد نیست و نابود ہو جاویں نادار بے دولت۔ پرورش رشتہ دار خاندان
کریں۔ فرزند ہو کر لقمہ موت ہو جاویں۔ کوئی آرام نصیب نہ ہو۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitized by eGangotri

۲۷۔ منگل۔ پانچویں گھر متھن راس میں ہمیند ہوں کا ناش کرتے ہیں رشتہ داران خاندان ماں باپ کی تباہی وسط عمر میں علم وعقل کا نقصان جوان فرزند کا انتقال

۲۸۔ بدھ پانچویں گھر متھن راس میں ہو۔ تو عالم عاقل۔ صاحب جائیداد اور وراثت دیگراں ہاتھ آوے۔ الّا صدمہ موت فرزنداں پیش آوے۔

۲۹۔ برہسپت پانچویں گھر متھن راس میں ہو۔ تو عالم فاضل معزز۔ دولتمند اعلیٰ خاندان میں رکن اعظم ہو۔ نائب امیر ہوں۔ دانشمند صاحب سرکار۔ باضابطہ سرکار سے واقفیت۔ کثیر اولاد۔ فرزند خوش قسمت ہوں۔

۳۰۔ شکر پانچویں گھر متھن راس میں ہو۔ دانا وصاحب علم خوشحال نامور شاعر کبیر شائق عورات وفن جادوگری۔ لڑکیاں زیادہ ہوں۔

۳۱۔ سینچر پانچویں گھر متھن راس میں ہو تمام تکالیف اور حادثوں کا قیامگاہ ہو بے اولاد۔ اگر اولاد ہو۔ تو اس سے سخت آزردہ وپریشان خاطر ہو علم کامل اور مفید نہ ہو ماں باپ سے آرام نہ پاوے بہن بھائی سے خوش نہ ہو کم سرمایہ۔

۳۲۔ راہ کیت۔ بے علم کم عقل۔ فرزنداں پیدا ہو کر گذر جاویں بے قرار وپریشان جو کام اچھا کرے وہ پیچھے برا ہو جاوے۔ مورد الزام اور محیط الاتہام ہو۔ جائیداد برباد ہو کر پھر ہاتھ آوے۔

۳۳۔ سورج پانچویں گھر کرک راس میں ہو تو عادل وانصاف پسند حکمران باقبال ہو۔ الّا امیدوں میں کوشش مخالفان سے ناکامیاب وناشاد رہے حادثہ موت فرزندان دیکھے۔

۳۴۔ چاند۔ پانچویں گھر کرک راس میں ہو۔ صاحب علم وعقل ودولتمند وحاکم باخیال عورت اولاد سے خوش اور لڑکیاں زیادہ ہوں پیشاب کی بیماری دامنگیر ہو۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۳۵ ۔ منگل پانچویں گھر کرک راس میں ہو۔ کمال میں زوال مقدمات جائیداد زرعی وغیرہ تکالیف دکھاوئیں۔ بھائیوں کی موت۔ آخری چند عمر میں غم اور پریشانی۔ اولاد کا رنج۔

۳۶ ۔ بدھ۔ پانچویں گھر کرک راس میں ہو صاحب علم وحلم وحیا وعبادت وزہد وجہد سے نامور۔ انتہا جائیداد ہاتھ آوے اور اولاد کا رنج ہو۔

۳۷ ۔ برہسپت ۔ پانچویں گھر کرک راس میں ہو۔ تو عالم۔ فاضل۔ عابد۔ زاہد۔ ہر علم میں ماہر۔ لوگوں کے دلوں کا بھید جاننے والا۔ نامور معزز نیکنام صاحب مراتب قیافہ شناس صاحب اولاد۔ شاد کام وخوشحال ؛

۳۸ ۔ شکر۔ پانچویں گھر کرک راس میں ہو۔ تو معزز مالدار وخوشحال۔ لڑکیاں زیادہ شائق عورات وراگ ورنگ جسیم۔ اعضاء کمزور

۳۹ ۔ سنیچر پانچویں گھر کرک راس میں ہو۔ خودپسند۔ بدمزاج مغرور۔ متکبر باختیار حکمران۔ صاحب اقبال اعلیٰ منصب مزاج دور اندیش عقیل۔ الا بدمذہب وبے دہرم۔

۴۰ ۔ راہ کیت پانچویں گھر کرک راس میں ہو۔ تو بدبخت وبدخیال شروع میں ماں باپ کا انتقال بعد میں فرزند ہو کر گذر جاویں۔ نقاش وتصویرات کا شائق۔ بدنام مورد آلام۔

۴۱ ۔ سورج پانچویں گھر سنگھ راس میں ہو۔ اگر بدھ شامل ہو تو خوش قسمت صاحب اقبال دلیر۔ بہادر۔ بڑے مشکل کاموں میں کوشش کرنیوالا واقف فنون صاحب منصب اور معزز عہدہ سرکاری نصیب ہو دولتمند الا حکام اور چور ڈاکو سے خوف نقصان دولت۔ مقدمات میں اول گھبرا جاوے ازاں بعد مخالفان پر غالب آوے جوانی میں ماں باپ اور خویش اقارب مرجاویں اور مبتلا بہ تکلیف ہو

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۴۲ - چاند - پانچویں گھر سنگھ راس میں نہایت بدنتیجہ دکھلاتا ہے شروع عمر سے بیماری اور خوف مرض آتشک - ماں باپ کا انتقال کاروبار دنیاوی کا بار سر پر ہو - جو خاندان میں مددگار ہوں - وہ مر جاویں کبھی شادیاں ہوں عورت بیمار - خویش اقارب مخالف نہ ہوں - خوف سرکار کئی اقسام سے تکالیف پیش آویں

۴۳ - منگل پانچویں گھر سنگھ راس میں ہو - علم عقل سے فائدہ نہیں - اولاد کا سخت رنج اور غم پیش آوے - مقدمات جائیداد میں بربادی دولت علاوہ تکالیف اور مصائب کے خوف سزا - اگر شبھ گرہ کی درشٹی نہ ہو - تو زندگی وبال ہے -

۴۴ بدھ شامل سورج کے ہو - تو سورج کا پھل کریگا - اگر شامل چاند کے ہوگا - تو پھل چاند کا کریگا - غرضیکہ جس کے شامل ہوگا اوسی کا پھل کریگا -

۴۵ - برہسپت - پانچویں گھر سنگھ راس میں ہو - تو شبھ پھل نہیں کرتا ہے بلکہ ہر طرح کا نقصان دیتا ہے - ماں باپ کی ابتدا میں موت - جائیداد کی بربادی عزت اقبال کا زوال -

۴۶ - شکر - پانچویں گھر سنگھ راس میں ہو - تو ٹھیک مثل چاند کے پھل کرتا ہے -

۴۷ - سنیچر - پانچویں گھر سنگھ راس ہو تو مثل برہسپت کے پھل کرتا ہے -

۴۸ - راہ - کیت پانچویں گھر سنگھ راس میں مثل منگل کے شبھ پھل کرتا ہے

۴۹ - سورج پانچویں گھر کنیا راس میں ہو - تو اعلے خاندان اور صاحب جائیداد میں پیدا ہو - مگر سایہ ماں باپ جلدی دفع ہو - اچھے نامور آدمی خاندان کے انتقال کر جاویں - گو صاحب دولت جائیداد ہو - مگر اولاد کا غم جائیداد کا نقصان - حادثہ انتقالات بزرگان کا رنج -

۵۰ - چاند پانچویں گھر کنیا راس میں ہو - گو چند ہنروں میں ماہر و صاحب علم ہو تاہم آرام اور آسائش نہ پاوے دشمن زیادہ ماماں کی اولاد میں لڑکیاں

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

زیادہ ہوں۔

۵۱ ۔منگل۔ پانچویں گھر کنیا راس میں ہو۔ یہ جو ہمیشہ رنج اور غم میں رہے۔ نہ زیادہ دولت نہ ناموری۔ اگلا اولاد زیادہ ہو کر انتقال کر جاوے اور اُن کے حادثہ زندگی کو بے مزہ اور تلخ کردیں۔

۵۲ ۔بدھ پانچویں گھر کنیا راس میں ہو۔ تو عقلمند۔ دانا۔ صاحب علم اور منتظم جایداد کسی دوسرے خاندان کا ہو۔ صاحب دولت و اقبال ہو۔ مگر بے اولاد اور تایا یا چچا کا خاندان بے نشان ہو جاوے۔

۵۳ ۔برہسپت۔ پانچویں گھر کنیا راس میں ہو تو صاحب علم و ہنر ہو۔ ناموری و نیکنام ہو۔ گو اوسکو ایسے معاملات متنازعہ پیش آویں جس سے سکونت ملک ترک کردیوے تاہم وہاں بھی زمانہ زندگی آسودگی اور خوشحالی سے بسر ہو البتہ اولاد کا رنج ہو پہنچے یا نہ ہو۔

۵۴ ۔شکر پانچویں گھر کنیا راس میں ہو۔ تو عورت خصلت اور شایق عورات و راگ رنگ ہو۔ ہنرمند او مختلف پیشہ اختیار کرے تاہم کمزور۔ لڑکیاں زیادہ جوانی میں عورت کا انتقال بے موقعہ خوشحال نہ رہے۔

۵۵ ۔سینچر۔ پانچویں گھر کنیا راس میں ہو۔ تو دونوں خاندان۔ ماں اور باپ برباد کردیوے۔ خود بیمار۔ بدچلن۔ مرض آتشک یا ازیں قسم میں مبتلا۔ باوجود چند شادیوں کے اولاد سے محروم ہو۔

۵۶ ۔راہ کیت۔ پانچویں گھر کنیا راس میں ہو۔ تو مثل سینچر کے پھل کرتا ہے۔

۵۷ ۔سورج۔ پانچویں گھر تلا راس میں ہو۔ تو اول شاد کام اور اچھی حالت میں ہو۔ اوسوقت آرزو اولاد ہے مگر نصیب نہ ہو۔ جب زمانہ زوال آوے تو اُنکے خاندان میں موت اور خود نادار تنگدست ہو جاوے تب اولاد پیدا

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

ہووے۔ تھوڑا زمانہ جوانی میں آسودگی۔ اور خوشحالی دیکھے۔ پھر روز بروز کمی پر ہو۔ اس حد تک کہ جائداد بزرگاں ضایع کر دیوے۔

۵۸۔ چاند۔ پانچویں گھر تلا راس میں ہو۔ تو صاحب علم و عقل ہو۔ مباحثہ میں سب پر فضیلت پاوے۔ دوسری عورت سے اولاد خوش نصیب۔ اور اوس کے والدین سے دولت حاصل ہو۔ معزز اور نامور ہو جاوے۔

۵۹ منگل پانچویں گھر تلا راس میں ہو۔ تو عقل فکر اور حافظہ کو تلف کر دیتا ہے اپنی اولاد بلکہ بھائی بہنوں کی اولاد کو ایذا پہونچاتا ہے۔ آخری عمر میں کئی مصائب اور تکالیف پیش آتی ہیں۔ روپیہ جسقدر لوگوں کو دیوے وہ وصول نہیں ہوتا ہے۔ جو خود لیوے اوسکی ادائیگی میں جائداد بزرگان بھی تلف ہو جاتی ہے۔ غرضیکہ ہر طرح نحس ہے۔

۶۰۔ بدھ پانچویں گھر تلا راس میں ہو۔ تو اس کے اوصاف اور شبھ پھل بیان کرنے مشکل ہیں۔ بشرطیکہ کسی صورت سے کمزور نہ ہو۔ عالم عابد زاہد گیانی دھیانی مانی۔ پریم ودیا میں کامل دلی یا جوگیشر ہو۔ بڑا مدبر۔ صاحب عقل وزراء دماغ۔ مسافر۔ ممالک غیر ہو۔ عورت اول سے امید اولاد کم۔ الا دوسری شادی سے اولاد عقل کل۔ دانشمند عالم۔ فاضل اور معزز۔ نانکوں سے کثیر دولت حاصل ہو۔ معزز اور نامور ہو جاوے۔

۶۱ برسپت پانچویں گھر تلا راس میں ہو۔ تو اچھے گھر میں پیدا ہو۔ علم عقل اور دولت بھی ہو۔ مگر مخالف تنگ کریں۔ دولت جاتی رہے۔ خوف رشتہ دار اور بھائی بند مخالفان سے وطن چھوڑ جاوے نہ عزت ہو نہ رتبہ پریشانی میں زندگی بسر کرے۔

۶۲ شکر پانچویں گھر تلا راس میں ہو۔ اگر اور گرہ کمزور ہوں۔ اور شہ پاپ گرہ

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

اسکو وہ کہتے ہوں۔ تو عالم۔ فاضل دانشمند۔ عزیز حکام۔ اعلےٰ علوم پرگندہ ہو۔ خوبصورت۔ خوش چشم۔ ہر دل پسند۔ نہایت پاکیزہ وضع۔ خوشمزاج شاعر۔ اور استاد علوم و رہنما۔ اعلےٰ مراتب اور بلند عزت نصیب ہو صاحب دولت و کمال ہو۔

۶۳- سینچر۔ پانچویں گھر تلا راس میں ہو۔ عالم فاضل اعلیٰ خیال۔ نامور مشہور عورت اول سے اولاد نہ ہو۔ اور خصوص جوانی میں اسکا اقبال ہو۔ ورثہ نہ دگان ہاتھ نہ آوے۔ دوسری شادی کرے اسی سے اولاد ہو۔ مگر وہ بعد جوانی میں حادثہ موت پاکر رخصت ہوں۔ ماں سے امداد پاوے

۶۴- راہو کیت۔ پانچویں گھر تلا راس میں ہو۔ شروع عمر میں پوتر پرہیزگار نامور۔ نیکنام۔ جوگیشر یا ولی۔ لوگوں میں معزز۔ عورات سے قدر۔ دولتمند کئی بھائی ہوں۔ لیکن بھائی بیمار اور بڑے بھائی اور بچوں کی موت کا حادثہ پیش آوے

۶۵- سورج۔ پانچویں گھر برچھک راس میں ہو۔ تو گو صاحب اقبال و اولاد اور اولاد خوش بخت و دولتمند ہو۔ الا شروع میں درمیانی عمر تک مقروض اور گذارہ سے بھی تنگ ہو جاوے۔ اور زیادہ تر زمانہ حیرانی اور پریشانی میں بسر ہو۔

۶۶- چاند۔ پانچویں گھر برچھک راس میں ہو۔ اولاد سے خوش نصیب نہ ہو۔ نہ وہ دانا ہو۔ نہ نیک خیال نہ نیک اور نامور کام ہو۔ اور نہ زیادہ زندہ رہیں۔

۶۷- منگل۔ پانچویں گھر برچھک راس میں ہو۔ صاحب جائیداد اور زمیندار ہو اپنی اولاد سے پیار ہو۔ اور اولاد زیادہ ہو۔ لیکن ابتداءِ عمر میں پریشان اور خستہ حال اور مقدمات میں مال و دولت اور وقت ضائع کرے۔

۶۸- بدھ۔ پانچویں گھر برچھک راس میں ہو۔ گو صاحب علم و ہنر ہو تاہم تنگ خیال خستہ اور پریشان گذارہ اور کئی طرح کے کام اختیار کرے اور کئی فرزند ہو اولاد بھی ہو

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

مگر وہ بھی بدنصیب ہوں۔ بہر صورت عمر تکالیف میں بسر کرے۔

۶۹- برہسپت۔ پانچویں گھر برچھک راس میں ہو۔ نہایت شبھ پھل کرتے ہیں اگر دوسری گرہ بھی شبھ حالت میں ہوں۔ تو معزز۔ عالم فاضل عابد۔ زاہد ولی یا جوگیشر پرہیزگار۔ اور دو ہر ماتماں ہو۔ دانشمند۔ اور صاحب اولاد زیادہ ہو۔ بادشاہ یا راجہ کے برابر متوسط عمر کے بعد آرام پاوے۔ دانشمند ہوشیار صاحب تدبیر ہو۔ دہرم کے کاموں میں تن من اور دھن سے قربان ہو۔

۷۰- شکر۔ پانچویں گھر برچھک راس میں ہو۔ کئی انقلاب دکھلاتا ہے۔ گو فرزند و دختران ہوں لیکن اون سے آرام نہ ملے جلدی مر جاویں۔ جائداد و زرگان نہ ہو۔ نہ زور آور ہو۔ راجدربار ملنے پر بھی دولت ضایع ہو جاوے۔

۷۱- سینچر۔ پانچویں گھر برچھک راس میں ہو۔ تو رنج اولاد۔ عورت بدشکل اور بدکردار ہو۔ آخر عمر میں بھائی بندوں سے ایذا پہنچے اور تمام عمر تکالیف اور مصیبت میں بسر ہو۔ جائداد زرگان نہ ہو۔ دو بیاہ ہوں۔ عورت ثانی خوش نصیب ہو۔ اوس سے اولاد بھی خوش نصیب پیدا ہو۔ مگر وہ بھی دولت اور آرام پیدا کر کر جلدی ضائع کردیوے۔ خواہ معزز اور شاندار مثل راجہ کے ہو۔ تاہم آرام نہ پاوے۔

۷۲- راہ کیت۔ پانچویں گھر برچھک راس میں ہو۔ تو آرام اور آسایش سے محروم ہمیشہ مبتلا بہ مصائب رہے۔ دو شادیاں ہوں آخری عمر میں دوسری عورت سے اولاد زیادہ ہو۔

۷۳- سورج۔ پانچویں گھر دھن راس میں ہو تو صاحب علم و اقبال و نامور و صاحب اولاد ہو۔ سیر ملک کرے۔ وسط عمر میں شان شوکت اور جاہ و جلال۔ راجدربار نصیب ہوں۔ عادل اور منصف اور کاربار شاہی میں ہر طرح لائق ہو۔

۷۴- چاند۔ پانچویں گھر دھن راس میں ہو۔ تو اولاد نرینہ ہو۔ البتہ دختراں ہوں۔ دائم السفر اور دانشمند متحمل مزاج۔ خیر خواہ اور ہمدرد عوام الا پریشان خاطر

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

نا نکے خاندان سے زیادہ فائدہ اُٹھاوے۔ جوانی میں والدہ کا انتقال ہو۔ جائیداد بزرگان نقصان کرے۔ باوجود جوتیشہ اور نیپسی اور خیر خواہ عام ہونیکے زیادہ تر نامور اور برکت شمار نہ ہو۔ معمولی اوقات پر گذارہ ہو۔

۷۵۔ منگل پانچویں گھر دھن راس میں ہو تو عورت تابعدار اور شریف مزاج ہو۔ الا فرزند نافرمان۔ اور مخالف مزاج اور بانی فساد ہوں۔ اور خود ہی تند خو اور سخت مزاج جنگجو ہو۔

۷۶۔ بدھ۔ پانچویں گھر دھن لگن میں ہو۔ تو دانشمند اور صاحب علم اور عابد۔ خوش اخلاق ہو۔ ابتدائے عمر اول میں بے قرار اور پریشان رہے۔ آخری عمر میں دولت پیدا کرے۔ اور ہر کام میں فائدہ پاوے۔ اہل قلموں سے خوش ہو۔

۷۷۔ برہسپت۔ پانچویں گھر دھن راس میں ہو۔ عالم و عاقل و متحمل و نیک مزاج کاربار راجدربار میں ہوشیار اور فیاض و عالی دماغ۔ معزز۔ مگر ابتدائے عمر میں بدقسمت اور بے دولت اور بے اولاد ہو۔ وسط عمر میں اولاد دولت اور عزت نصیب ہو۔

۷۸۔ شکر۔ پانچویں گھر دھن راس میں ہو۔ تو شائق راگ اور تابعدار عورت بلکہ اوسکی محبت میں وراثت بزرگان کو نقصان پہنچاوے اولاد اور باپ کا مخالف ہو متوسط عمر میں راجدربار سے نقصان اوٹھاوے۔

۷۹۔ سنیچر۔ پانچویں گھر دھن راس میں ہو۔ تو بے عقل و کم علم۔ بدچلن۔ بدوضع بدعادت بے مذہب۔ ظالم۔ خونخوار جنگجو۔ قاتل۔ بے رحم۔ پٹھوں کی بیماری میں مبتلا نا ناہنجد عورات سیلے فرزند۔ بے دھرم۔ بدنام۔

۸۰۔ راہ کیت پانچویں گھر دھن راس میں ہو۔ تو مبتلا بہ رنج اور مصائب بلکہ فرزند نالائق اور باعث رنج و عذاب ہوں بے دھرم بلکہ الشہور کو بھی زمانے تنگ حال۔ مقروض متوسط عمر میں بدنام۔ گذارہ کیلئے کئی تدابیرات کرے

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۸۱ سورج۔ پانچویں گھر مکر راس میں ہو۔ جوانی میں اولاد نہ ہو۔ اور زمانہ پریشانی میں بسر کرے۔ اکثر اوقات بیماری گرمی میں مبتلا رہے الّا صاحب عقل اور علم نجوم میں کسیقدر واقف ہو۔ آخری عمر میں ایک فرزند اور خوشی و آرام نصیب ہووے

۸۲۔ چاند۔ پانچویں گھر مکر راس میں ہو۔ تو بیماری سردی اور بادی اور بلغمی دامنگیر ہو کئی بھائی بڑے ہوں۔ دور ملک میں جا کر دولت پیدا کرے یا کسی دوسرے کا مال ہاتھ آوے۔ اولاد صرف ایک لڑکی ہو۔ اگر برہسپت یا اور گرہ مذکر باوں ہوں۔ تو اولاد زیادہ ہو۔

۸۳۔ منگل۔ پانچویں گھر مکر راس میں ہو۔ تو کئی رنج اور تکالیف ابتدا جوانی میں پیش آویں۔ دشمن زیادہ ہوں۔ بد صحبت میں عادات بگڑ جاویں متوسط عمر میں موت فرزند کا خوف ہو۔ آخری عمر میں جا کر خوشی اور انجام نیک پیش آوے جائداد اور زمین فائدہ دیوے۔

۸۴۔ بدھ۔ پانچویں گھر مکر راس میں ہو۔ تو عمر اول پریشانی اور بے چینی میں بسر ہووے آخیر عمر میں صاحب بخت و عقلمند و صاحب عزت و دیانت ہو۔

۸۵۔ برہسپت۔ پانچویں گھر مکر راس میں ہو۔ تو جائداد بزرگان ضایع ہو جاوے متوسط عمر میں بدنام اور بے عزت ہو۔ فرزند پیدا ہو کر قبل از جوانی انتقال کر جاویں۔ تنگدست اور گذارہ سے لاچار ہو۔

۸۶ شکر۔ پانچویں گھر مکر راس میں ہو۔ تو لڑکیاں ہو۔ اور صاحب دولت ہو۔ زبان شاہی جانتا ہو۔ متوسط عمر میں بوسیلہ عورات راجدربار میں عزت اور عروج حاصل ہو۔ علم اور عقل ہو۔

۸۷۔ سنیچر۔ پانچویں گھر مکر راس میں ہو۔ تو ہر طرح رنج اور تکالیف دکھلاتا ہے رزق روزی سے تنگ۔ علم اور عقل سے بے بہرہ۔ جائداد بزرگان برباد ہو جاوے

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

شروع عمر میں مصیبتیں دامنگیر ہوں۔ فرزند پیدا ہو کر زندہ نہ رہیں

۸۸۔ راہ کیت۔ پانچویں گھر مکر راس میں ہو۔ تو کئی طرح رنج اور نقصان پہونچتا ہے بدنصیب۔ بدنام تہمتوں میں گرفتار۔ قرضدار۔ اولاد پہلی عمر زندہ نہ رہے۔ آخری عمر میں کئی بیٹے ہوں۔

۸۹ رسورج پانچویں گھر کنبھ راس میں ہو۔ گو زبان شاہی سے واقف اور نامور ہو۔ لیکن بے موقعہ صدمہ اولاد سے سخت مغموم اور پریشان ہو متوسط عمر ہو یا بیٹے مرجاویں اور ابتدائے عمر سے ناہ کار اور بدکردار ہو۔

۹۰۔ چاند۔ پانچویں گھر کنبھ راس میں ہو۔ تو صاحب علم اور مشہور اور لوگوں میں عزت ہو۔ دولت و اولاد سے خوش ہو۔ اراضیات کا مالک ہو۔ بلکہ نقصان شدہ جائداد پھر زر اور زور سے اپنے قبضہ میں لاوے آخری حصہ عمر کا اچھے بسر ہو

۹۱۔ منگل پانچویں گھر کنبھ راس میں ہو گو دولت زیادہ کماوے۔ مگر اوس سے آرام نصیب نہ ہو۔ خود برباد کر دیوے۔ بے رحم اور ظالم غصہ ور ہو۔ اپنی اولاد سے ہمیشہ رنج اور آزردہ رہے۔

۹۲۔ بدھ پانچویں گھر کنبھ راس میں ہو۔ تو ہنرمند اور صاحب علم ہو۔ عورت اول سے کئی بیٹے پیدا ہوں۔ اکثر صحبت بد میں زیادہ راغب ہو۔

۹۳ برہسپت۔ پانچویں گھر کنبھ راس میں ہو۔ تو صاحب علم اور عقل ہو کر بہت دولت پیدا کر کے بدکاری میں برباد کرے۔ موت کسی سمبندھی کا دل پر سخت صدمہ گذرے اور بیٹے ہو کر مرجاویں۔

۹۴۔ شکر پانچویں گھر کنبھ راس میں ہو۔ تو عالم اور عاقل و صاحب دولت ہو۔ لڑکیاں اور بہنیں زیادہ ہوں۔ وسط عمر میں تہمت اور

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitized by eGangotri

سزا راجہ دربار کا خوف ہو۔

۹۵۔ سنیچر۔ پانچویں گھر کنبھ راس میں ہو۔ تو غم اور رنج اور تہمت بدنامی میں مبتلا ہو۔ نیک کام کا نتیجہ بد اٹھاوے۔ بدکار۔ اور بے عقل ہو۔ اولاد کا سخت غم پہنچے۔

۹۶۔ راہ کیت۔ پانچویں گھر کنبھ راس میں ہو۔ تو ہر طرح سے غم اور رنج پیش آویں۔ اولاد ہوکر زندہ نہ رہے۔ متوسط عمر میں تنگدستی اور افلاس لاچار کر دیوے۔ آخری عمر میں کچھ آرام پاوے۔

۹۷۔ سورج۔ پانچویں گھر مین راس میں ہو۔ گو معزز اور نامور۔ اور راجدربار میں صاحب اختیار اور عہدہ دار ہو۔ تاہم کسی رنج اور نقصان اوٹھائے بیٹے پیدا ہوکر زندہ رہیں۔ اون سے سخت رنج اور غم اوٹھاوے ابتدائے عمر میں ماں انتقال ہو۔ متوسط عمر تک دولت اور جائیداد مقدمات اور فسادوں میں برباد کر دیوے۔ آخری عمر میں آنکھوں کی بیماری ہو۔

۹۸۔ چاند۔ پانچویں گھر مین راس میں ہو۔ تو صاحب علم اور عقل ہو۔ اول ملازمت سرکار ہو۔ لیکن تھوڑے زمانہ بعد چھوڑ دیوے۔ کئی پیشہ اختیار کرے دیگر فائدہ بیوپار میں ہو۔ لڑکیاں زیادہ ہوں بشرطیکہ چاند بلوان ہو۔

۹۹۔ منگل پانچویں گھر مین راس میں ہو تو عادات نیک نہ ہوں نہ جائیداد سے فائدہ اوٹھاوے بلکہ جائیداد بزرگان تلف کر دیوے فریب سے روپیہ کماوے۔ جادوگری کا شائق ہو۔ آخری عمر میں موت۔ جوان بیٹوں کا صدمہ پہنچے

۱۰۰۔ بدھ۔ پانچویں گھر مین راس میں ہو تو صاحب عقل و عالم فاضل ہو۔ مگر باوجود اس کے گذارہ سے تنگ اور اولاد سے بے بہرہ ہو۔

۱۰۱۔ برہسپت۔ پانچویں گھر مین راس میں ہو تو عالم۔ فاضل عابد۔ زاہد پرہیزگار

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitized by eGangotri

قانون سرکار میں ماہر۔ معزز۔ صاحب اولاد۔ دولتمند ہوشیار۔

۱۰۲۔ شکر۔ پانچویں گھر مین راس میں ہو۔ تو معزز۔ نامور۔ عالم۔ شائق عورات عورت خوش شکل۔ اور دولتمند نصیب ہو۔ الا متوسط عمر میں مرجاوے۔ بحری سفر اور رہائش کا خواہان۔ عمر دراز۔ صاحب اولاد ہو۔

۱۰۳۔ سینچر۔ پانچویں گھر مین راس میں ہو۔ تو بے عقل بے علم۔ بد دیانت۔ بے دھرم۔ ماں باپ کا مخالف۔ بیٹے ہو کر زندہ نہ رہیں بابچے روپیہ کماوے بدکاری میں خوش رہے

۱۰۴۔ راہ کیت۔ پانچویں گھر مین راس میں ہو۔ تو بے علم بے دھرم۔ بدکار۔ زانی شرابی بدنام مہتم۔ روپیہ برباد کردیوے۔ بیٹے زندہ نہ رہیں۔

۱۰۵۔ اگر پانچویں گھر میں شبھ گرہ ہو۔ اور اسکو شبھ گرہ دیکھتا ہو۔ تو دانا اور صاحب عقل ہو۔

۱۰۶۔ اگر دسویں گھر کا مالک خانہ اول میں ہو۔ شاعر ہو۔

۱۰۷۔ اگر پانچویں گھر کا مالک بلوان ہو کر لگن میں ہو۔ تو صاحب عقل ہو۔

۱۰۸۔ اگر برہسپت کیندر یا ترکون میں ہو۔ تو صاحب عقل ہو۔

۱۰۹۔ اگر بدھ پانچویں گھر میں برہسپت کے ساتھ ہو۔ تو صاحب علم ہو۔

۱۱۰۔ اگر پانچویں گھر کا مالک زور آور ہو کر کیندر میں ہو تو صاحب عقل ہو۔

۱۱۱ اگر بارہویں گھر کا مالک راس خانہ اول میں ہو۔ تو خوش تقریر ہو۔

۱۱۲ اگر پانچویں گھر کا مالک گیارہویں گھر میں ہو تو صاحب علم ہو۔

۱۱۳۔ اگر لگن میں چاند ہو۔ سینچر و منگل اوسکو دیکھتے ہوں۔ تو جاہل ہو۔

۱۱۴۔ اگر پانچویں گھر کا مالک پاپی گرہ اور چھیویں گھر کے انس کا ہو تو بے عقل ہو۔

۱۱۵۔ اگر دوسرے گھر کا مالک پاپی گرہ کیساتھ دسویں گھر میں ہو تو عام جلسہ میں تقریر نہ کرسکے

۱۱۶۔ اگر پانچویں گھر کا مالک پاپی گرہ کے ساتھ ہو۔ اور پانچویں گھر میں سینچر ہو کر پہلے گھر کے مالک کو دیکھتا ہو۔ تو بے عقل ہو ؎

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitized by eGangotri

۱۱۷۔ اگر بدھ شکر دوسرے یا تیسرے گھر میں زور آور ہوں تو علم جوتش میں ہوشیار ہو۔

۱۱۸۔ اگر دوسرے گھر میں کرک راس کے برہسپت ہو۔ تو جوتشی ہو۔

۱۱۹ اگر لگن کا مالک دوسرے خواہ گیارہویں گھر میں ہو تو صاحب علم اور نیک مزاج ہو۔

۱۲۰۔ اگر گیارہویں گھر کا مالک گیارہویں گھر میں ہو۔ تو شاعر ہو۔

۱۲۱۔ اگر چوتھے گھر کا مالک پہلے خواہ ساتویں گھر میں ہو۔ تو ودوان پنڈت ہو اگر
جلسہ عام میں تقریر نہ کر سکے۔

۱۲۲۔ اگر پانچویں گھر میں راہ ہو۔ منگل اوسکو دیکھتا ہو۔ تو لاولد ہو۔

۱۲۳۔ اگر صاحب راس اور پانچویں گھر کا مالک کمزور ہوں اور پانچویں گھر میں پاپی گرہ ہو تو لاولد ہو

۱۲۴۔ اگر پہلے گھر کا مالک راہ کے ساتھ اور پانچویں گھر کا مالک منگل کے ساتھ ہو تو لاولد ہو۔

۱۲۵۔ اگر سورج اور پانچویں گھر کا مالک پاپی گرہوں کے درمیان ہوں۔ اور پاپی گرہ انکو
دیکھتا ہو۔ تو بزرگان کی بددعا سے اولاد نہ ہو۔

۱۲۶۔ اگر پانچویں گھر میں سورج پاپی گرہوں کے درمیان میں ہو۔ اور منگل و سنیچر
مین راس میں ہو۔ تو بزرگان کی بددعا سے اولاد نہ ہو۔

۱۲۷۔ اگر پانچویں گھر میں سنیچر زیر دشٹی چاند ہو۔ اور پانچویں گھر کا مالک راہ کے ساتھ
ہو۔ تو اولاد نہ ہو۔

۱۲۸۔ اگر پہلے گھر کا مالک اور پانچویں گھر کا مالک راہ کے ساتھ خانہ ۶۔ ۸۔ ۱۲۔ میں
ہوں۔ تو اولاد نہ ہو۔

۱۲۹۔ اگر پہلے گھر کا مالک اور پانچویں گھر کا مالک کمزور ہوں اور پاپی گرہ پانچویں گھر کو پورن دشٹی
سے دیکھتا ہو خواہ لگن کا مالک راہ کیساتھ اور پانچویں گھر کا مالک منگل کیساتھ ہو تو اولاد نہ ہو۔

۱۳۰۔ اگر سورج آٹھویں گھر میں اور سنیچر پانچویں گھر میں اور پانچویں گھر کا مالک راہ
کے ساتھ ہو۔ تو اولاد نہ ہو۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۳۱ - اگر بارہویں گھر کا مالک لگن میں اور آٹھویں کا مالک پانچویں گھر میں اور دسویں گھر کا مالک آٹھویں گھر میں ہو۔ تو اولاد نہ ہو۔

۱۳۲ - اگر برہسپت کے سنیچر لگن میں اور پاپی گرہ چوتھے گھر میں اور چندرماں پانچویں گھر میں ہوں۔ تو ماں باپ کی بددعا سے اولاد نہ ہو۔

۱۳۳ - اگر راس کا مالک مین راس میں اور چندرماں پاپی گرہ کے ساتھ ہو۔ اور پانچویں گھر کا مالک ۶۔۸۔۱۲ گھر میں ہو۔ تو ماں کی بددعا سے اولاد نہ ہو۔

۱۳۴ - اگر چوتھے گھر کا مالک آٹھویں گھر میں اور پہلے و پانچویں گھر کے مالک چھٹویں گھر میں اور دسویں و چھٹویں گھر کے مالک پہلے گھر میں ہوں تو اولاد نہ ہو۔

۱۳۵ - اگر راہو منگل۔ برہسپت ۶۔۸۔۱۲ گھروں میں ہوں سنیچر و چاند پانچویں گھر میں ہوں۔ تو اولاد نہ ہو۔

۱۳۶ - اگر سورج پہلے گھر میں منگل پانچویں گھر میں ہو۔ تو اولاد نہ ہو۔

۱۳۷ - اگر برہسپت سے پانچویں گھر میں پاپی گرہ ہو۔ اور پانچویں گھر میں برہسپت دھن یا مین راس کے ہوں۔ تو اولاد نہ ہو۔

۱۳۸ - اگر برہسپت سے پانچویں گھر کا مالک ۶۔۸۔۱۲ گھر میں ہو۔ اور اس و پانچویں گھر کے مالک ۶۔۸۔۱۲ گھروں میں ہوں تو اولاد نہ ہو۔

۱۳۹ - اگر لگن میں سورج اور ساتویں سنیچر ہو۔ تو حمل گر جاویں۔

۱۴۰ - اگر ساتویں گھر میں سورج اور دسویں گھر میں سنیچر ہو۔ اور برہسپت دیکھتے ہوں تو حمل گر جاویں

۱۴۱ - اگر سنیچر و منگل چھٹویں یا چوتھے گھر میں ہوں تو حمل گر جاویں۔

۱۴۲ - اگر سنیچر چھٹویں گھر کے مالک کے ساتھ چھٹویں گھر میں اور چاند ساتویں گھر میں ہوں۔ تو حمل گر جاویں

۱۴۳ - اگر برہسپت اور پانچویں گھر کے مالک پاپی گرہ ساتھ اور چوتھے و چھٹویں گھر میں

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

پاپی گرہ ہوں۔ تو اولاد نہ ہو۔

۱۴۴۔ اگر پانچویں۔ آٹھویں۔ بارہویں گھر میں پاپی گرہ ہوں۔ تو اولاد نہ ہو۔

۱۴۵۔ اگر چاند و برہسپت لگن میں اور ساتویں گھر میں سنیچر یا منگل ہوں۔ تو اولاد نہ ہو۔

۱۴۶۔ اگر چوتھے اور چھٹویں گھر میں پاپی گرہ ہو۔ اور مالک پانچویں گھر کو پاپی گرہ دیکھتا ہو تو اولاد نہ ہو

۱۴۷۔ اگر آٹھویں۔ بارہویں جنم لگن میں پاپی گرہ ہوں۔ تو اولاد نہ ہو۔

۱۴۸۔ اگر سنیچر و منگل لگن یا نویں اور دسویں گھر میں ہوں۔ تو اولاد نہ ہو۔

۱۴۹۔ اگر پانچویں گھر سنیچر۔ دشمن کے گھر کا ہو۔ تو اولاد کا سکھ نہ ہو۔

۱۵۰۔ اگر ساتویں گھر میں منگل اور دسویں گھر میں چاند ہو چوتھے گھر میں گرہ ہو تو اولاد نہ ہو۔

۱۵۱۔ اگر بدھ سنیچر شکر یا چھٹویں گھر میں ہوں۔ تو اولاد کا سکھ نہ ہو۔

۱۵۲۔ اگر چاند سے آٹھویں گھر میں پاپی گرہ ہو۔ تو اولاد کا سکھ نہ ہو اگر لگن میں پاپی گرہ اور چوتھے گھر میں چاند اور پہلے گھر کا مالک پانچویں گھر میں ہو۔ اور پانچویں گھر کا مالک کمزور ہو تو اولاد نہ ہو۔

۱۵۳۔ اگر ساتویں گھر میں پانچویں گھر کا مالک ہو۔ اور جنم لگن اور نویں گھر کے مالک پاپی گرہ کے ساتھ ہوں۔ اور چھٹویں گھر کا مالک پانچویں گھر کے مالک کو دیکھتا ہو۔ تو اولاد نہ ہو۔

۱۵۴۔ اگر سنیچر و منگل و شکر ساتویں گھر میں ہوں۔ تو اولاد نہ ہو۔

۱۵۵۔ اگر منگل جنم لگن میں اور سنیچر آٹھویں گھر میں اور سورج پانچویں گھر میں ہو تو اولاد نہ ہو

۱۵۶۔ اگر تیسرے گھر کا مالک چاند کے ساتھ کیندر (کون) میں ہو۔ تو اولاد کا سکھ نہ ہو۔

۱۵۷۔ اگر مین راس کے برہسپت اور جنم راسی کے بدھ اور طاق راشی کے سورج ہوں تو پسر کا سکھ نہ ہو

۱۵۸۔ اگر سنگھ کے سنیچر و منگل پانچویں گھر میں اور پانچویں گھر کا مالک چھٹویں گھر میں ہوں تو اولاد نہ ہو

۱۵۹۔ اگر سنیچر چھٹویں گھر میں ہو اور سورج چاند بدھ دیکھتے ہوں۔ اور جنم لگن میں پاپی گرہ ہو۔ تو کسی دیوتا کے دکھ سے اولاد نہ ہو۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitized by eGangotri

۱۵۹ الف اگر منگل پانچویں گھر کا مالک ہو اور پانچویں گھر والے کو منگل دیکھتا ہو تو اولاد نہ ہو۔

۱۶۰۔ اگر پاپی گرہ پورن درشٹی سے پانچویں گھر کو دیکھتا ہو۔ تو حمل گر جاویں۔

۱۶۱۔ اگر لگن کا مالک منگل کے گھر میں ہو۔ اور پانچویں گھر کا مالک چھٹویں گھر ہو تو اولاد نہ ہو

۱۶۲۔ اگر پہلے گھر۔ مالک پاپی گرہ کے ساتھ ہو۔ اور پانچویں گھر کا مالک ۶۔ ۸۔ ۱۲۔ گھروں میں ہو تو اولاد نہ ہو۔

۱۶۳۔ اگر کنیا کے سورج لگن ہیں اور پانچویں گھر میں منگل ہو۔ تو اولاد نہ ہو۔

۱۶۴۔ اگر جنم لگن اور چوتھے گھر میں پاپی گرہ ہوں۔ اور پانچویں گھر میں بدھ ہو تو اولاد ہو کر زندہ نہ رہے

۱۶۵۔ اگر لگن کا مالک اور پانچویں گھر کا مالک شبھ گرہ کے ساتھ ۶۔ ۸۔ ۱۲۔ گھر میں ہو۔ تو اولاد دیر بعد ہو۔

۱۶۶۔ اگر پانچویں گھر میں سینکھ یا برکھ یا کرک کے راہو ہوں تو بیٹیا پیدا ہو۔

۱۶۷۔ اگر پانچویں گھر اور پانچویں گھر کے مالک کو شبھ گرہ دیکھتے ہوں تو بیٹا پیدا ہو۔

۱۶۸۔ اگر جنم لگن کا مالک پانچویں گھر میں ہو۔ اور پانچویں گھر کا مالک اور برہسپت دونو بلوان ہوں تو بیٹا پیدا ہو۔

۱۶۹۔ اگر پانچویں گھر میں برہسپت ہو۔ اور اوسکو جنم لگن کا مالک دیکھتا ہو تو اولاد ہو۔

۱۷۰۔ اگر پہلے گھر کا مالک پانچویں گھر میں پانچویں گھر کا مالک جنم لگن میں خواہ دونو ملکر پہلے یا پانچویں گھر میں ہوں۔ تو اولاد ہو۔

۱۷۱۔ اگر دسویں گھر میں شبھ گرہ اور پانچویں گھر میں پاپی گرہ ہو تو مدت کے بعد اولاد ہو۔

۱۷۲۔ اگر دوسرے گھر میں شبھ گرہ اور پانچویں گھر میں پاپی گرہ ہو تو مدت کے بعد اولاد ہو۔

۱۷۳۔ اگر پہلے اور ناویں گھر کے مالک ساتویں گھر میں ہوں۔ دوسرے گھر کا مالک لگن میں ہو۔ تو اولاد ہو۔

۱۷۴۔ اگر برہسپت سے النس کا مالک کیندر میں ہو۔ تو اولاد ہو۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۷۵۔ اگر پانچویں گھر کا مالک مین میں نانویں گھر کا مالک جنم لگن میں۔ اور بدھ کیت پانچویں گھر میں ہوں۔ تو نہایت مشکل علاج اور اوپاؤ سے اولاد ہو۔
۱۷۶۔ اگر لگن کا مالک پہلے گھر یا دوسرے گھر میں ہو تو اول پسر پیدا ہو۔
۱۷۷۔ اگر چاند منگل شکر دو سبھاولگنوں میں ہوں۔ تو پہلے بیٹا ہو۔
۱۷۸۔ اگر گیارھویں یا لی گرہ پانچویں گھر میں شکر چاند ہوں۔ تو پہلے لڑکی ہو۔
۱۷۹۔ پانچویں گھر کو جسقدر مذکر گرہ دیکھتے ہوں اسقدر بیٹے۔ اور جتنے مؤنث یعنی استری گرہ دیکھتے ہوں اتنی لڑکیاں پیدا ہونیکا اتفاق ہوتا ہے۔
۱۸۰۔ پانچویں گھر میں جو لگن ہو۔ اُسکی تعداد کے مطابق اولاد کی تعداد ہوتی ہے۔
۱۸۱۔ اگر پانچویں گھر میں راہ یا کیت ہو تو اولاد بدکار ہوتی ہے۔
۱۸۲۔ اگر پانچویں گھر کا مالک مین راس میں سنیچر کیساتھ ہو۔ تو بانجھہ یعنے سنڈھ ہو
۱۸۳۔ اگر پانچویں گھر کے مالک پنج گھر کے چھویں یا تیسرے یا جنم لگن میں ہوں۔ تو بانجھہ یعنے سنڈھ ہو۔
۱۸۴۔ اگر پانچویں گھر پر شکر منگل کی پورن درشٹی ہو تو دوسری شادی ہو بیٹا پیدا ہو
۱۸۵۔ اگر پانچویں گھر میں سورج شبھ گرہ کی درشٹی میں ہو تو تین فرزند ورنہ ایک فرزند ہو۔
۱۸۶۔ اگر کرکے سنیچر یا منگل پانچویں گھر میں ہوں تو تین بیٹے پیدا ہوں۔
۱۸۷۔ اگر کنبھ کے سنیچر شبھ گرہوں کی درشٹی میں ہوں۔ تو پانچ بیٹے پیدا ہوں۔
۱۸۸۔ اگر پانچویں گھر میں سورج منگل۔ برہسپت بلوان ہوں۔ تو ۹ فرزند ہوں۔
۱۸۹۔ اگر پانچویں گھر میں چاند۔ بدھ۔ شکر سنیچر ہوں۔ تو ستر۱۷ لڑکیاں پیدا ہوں
۱۹۰۔ اگر نانویں بدھ شکر یا چاند ہو۔ تو لڑکی ہو۔
۱۹۱۔ اگر جنم لگن اور پانچویں گھر کے مالک اس میں کسی قسم کا سمبندھ رکھتے ہوں۔ تو فرزند فرمانبردار ہو۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۹۲ - اگر جنم لگن کا مالک اور پانچویں گھر کا مالک آپس میں دوست ہوں۔ تو پسر مطیع الحکم ہوں۔ اگر برابر ہو۔ تو وہ وفادار ہو۔ اگر دشمن ہوں تو پسر نافرمان اور جنگجو ہو

۱۹۳ - اگر سنیچر و منگل چوتھے گھر میں ہو تو پسر متبنیٰ ہو۔

۱۹۴ - جن جوگوں سے اولاد نہ ہو۔ اُن کا متبنیٰ جوگ ہوتا ہے۔

۱۹۵ - اگر پانچویں گھر کا مالک دوسرے یا آٹھویں گھر میں ہو تو دختر ہو۔

۱۹۶ - اگر پانچویں گھر کا مالک گرہ مذکر ہو۔ اور مذکر لگن میں ہو۔ تو پہلے پسر پیدا ہو

۱۹۷ - اگر مذکر گرہ خانہ پنجم کو پورن درشٹی سے دیکھتا ہو تو اول پسر ہو۔

۱۹۸ - اگر شکر راہ کے اُس کے بارہویں خانہ میں ہوں تو پسر گولی یعنی غلام کے شکم سے ہو۔

۱۹۹ - اگر پانچویں گھر کا مالک ۶-۸-۱۲ گھر میں ہو۔ منگل راہ دیکھتے ہوں۔ تو پسر سے باپ کو تکلیف پہونچے۔

۲۰۰ - اگر پانچویں گھر کا مالک خانہ ۶-۸-۱۲ میں ہو۔ اور مالک لگن پورن درشٹی سے دیکھتا ہو۔ تو پسر سے باپ کو تکلیف پہونچے بلکہ وہ تصدیعہ دیوے۔

۲۰۱ - پہلے اور ساتویں گھر میں پاپی گرہ ہوں اور آٹھویں گھر میں برسپت ہو تو جوان بیٹے کی موت کا صدمہ پہونچے۔

۲۰۲ - پہلے اور ساتویں گھر میں پاپی گرہ ہوں اور آٹھویں گھر میں شکر ہو تو لڑکی مرجاوے

۲۰۳ - تیسرے گھر کا مالک منگل کے ساتھ ہو۔ تو جاہل ہو۔

۲۰۴ - پانچویں گھر کا مالک۔ سورج۔ شکر کے ساتھ ۶-۸-۱۲ گھروں میں ہوں۔ تو نظر اور آنکھ بیٹوں کو نقصان پہنچاویں۔

۲۰۵ - پانچویں گھر کا مالک برسپت ہو کر ۶-۱۲-۸ گھروں میں آجاویں تو اولاد کی زبان کو گنگ کردیویں یا نقصان کچھ اور طرح پہونچاویں ۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitized by eGangotri

۲۰۶۔ بدھ اپنے گھر کا ہو کر تیسرے گھر میں ہو۔ تو دو بیٹے اور دو لڑکیاں ہوں
۲۰۷۔ برہسپت اپنے گھر کا بلوان ہو کر تیسرے گھر میں ہو۔ تو پانچ بیٹے ہوں گے۔
۲۰۸۔ شکر اپنے گھر کے بلوان ہو کر تیسرے گھر میں ہوں تو پہلے دو لڑکیاں اور ان کے بعد تین بیٹے ہونگے
۲۰۹۔ چندماں کرک راس میں بلوان ہو کر تیسرے گھر میں ہو تو ایک لڑکا ہوگا۔ پھر دوسرا بیٹا نہ ہوگا۔
۲۱۰۔ راہو۔ چاند مل کر تیسرے گھر میں ہوں۔ تو صرف ایک لڑکی ہوگی۔ اور کوئی اولاد نہ ہوگی۔
۲۱۱۔ منگل اپنے گھر کا ہو کر تیسرے خواہ پانچویں گھر میں ہوں۔ تو کوئی سنتان نہ ہوگی۔ بانجھ ہونگے۔ اگر پیدا ہو تو زندہ نہ رہیگی۔
۲۱۲۔ سنیچر اپنے گھر کے ہو کر پانچویں گھر میں ہوں۔ تو کوئی سنتان نہ ہوگی بانجھ ہونگے یا پیدا ہو کر زندہ نہ رہیگی۔
۲۱۳۔ شکر بلوان ہو کر ساتویں گھر میں ہوں۔ تو دو لڑکیاں اول ہوں انکے بعد تین لڑکے ہوں۔
۲۱۴۔ چھٹویں گھر میں سورج۔ آٹھویں گھر میں چاند دوسرے گھر میں منگل بارہویں گھر میں سنیچر ہوں۔ تو تمام سنتان اوس کی اندھی ہوگی۔
۲۱۵۔ کیندر گھر میں بدھ۔ برہسپت۔ شکر۔ چاند سے کوئی گرہ ہو۔ اور ساتویں گھر میں کوئی پاپی گرہ کنیا۔ متھن۔ کنبھ راس سے ساتویں گھر میں ہو۔ تو پرتاپی اور خوش قسمت ہو۔ مگر لڑکیاں زیادہ ہوں۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۲۱۶۔ جنم لگن میں بدھ۔ گیارہویں گھر میں برہسپت ہو۔ اور بلوان ہوں۔ تو اس پُرش کے گھر اگر کنیا جنم لیویگی۔ تو اچھے۔ امیر یا کسی بڑے دھنوان کے گھر بیاہی جاویگی اگر بیٹا جنم لیگا۔ تو وہ کسی اچھے امیر یا دھنوان کے گھر میں بیاہا جاویگا۔ اور بڑا پرتاپ والا اور نامور ہوگا۔

۲۱۷۔ پہلے اور ساتویں گھر میں پاپی گرہ ہوں۔ اور آٹھویں گھر میں برہسپت ہوں۔ تو بیٹوں کی موت کا صدمہ پہونچے۔ اگر شکر آٹھویں گھر میں ہوں تو لڑکیوں کی موت کا صدمہ ہو۔ اگر آٹھویں گھر میں منگل ہو۔ تو گربھ گر جایا کریں اگر سنیچر آٹھویں ہوں۔ تو خود بیمار روگی ہو۔ اوس کا پیٹ پھول جاوے۔

۲۱۸۔ ایک رشی سنتان کی گنتی اسطرح پر لکھتے ہیں:۔
پانچویں گھر میں جو جو گرہ بلوان ہو۔ اوسکی تعداد کے مطابق سنتان جنم لیتی ہے۔

۱۔ سورج ہو تو ایک لڑکا اور ایک کنیا
۲۔ منگل ہو تو تین بیٹے۔
۳۔ برہسپت ہوں تو پانچ بیٹے۔
۴ منگل برہسپت ہوں تو آٹھ بیٹے۔
۵ چندرماں ہو۔ تو دو کنیا
۶۔ برہسپت۔ چاند ہوں۔ تو پانچ بیٹے اور دو کنیا ہوں۔
۷۔ بدھ ہو تو سات کنیا
۸۔ نانویں گھر میں شکر ہو تو چھ کنیا۔
۹۔ ساتویں گھر میں راہو ہو تو پہلے ایک بیٹا پھر ایک کنیا۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۲۱۹ - پانچویں گھر کا مالک پاپی گرہ کے ساتھ ہو۔ اور پاپی گرہ پانچویں گھر کو دیکھتے ہوں۔ تو کلیش سنتان ہو۔ اگر چاند کیندر یا گیارہویں گھر میں بلوان ہو تو وہ دوش دور ہو۔

۲۲۰ - چاند ۴ - ۶ - ۸ گھر میں ہو۔ تو ہر طرح اشبھ پھل کرتا ہے۔ پرنتو اگر کرشن پکھ کا ہو۔ تو دوشوں کو دور کرتا ہے۔

۲۲۱ - تیسرے گھر کا مالک راس یا دوسرے یا پانچویں گھر میں ہو۔ تو سنتان کا کلیش ہو۔

۲۲۲ - لگیش نیچ ہو کر پانچویں گھر میں ہو۔ تو سنتان سے رہت اور کلیش میں ہو۔

۲۲۳ - بال برچھا یوگ - جنم راس بیکھ یا برچھک یا سنگھ ہو تو چار بیٹے پیدا ہووینگے۔

۲۲۴ - میکھی یوگ پانچویں گھر میں سنیچر ہو۔ تو پہلے لڑکا کا جنم ہوگا۔ اور دھن وان ہوگا۔

۲۲۵ - یوگ مذکور منگل پانچویں گھر میں ہو تو پہلی لڑکی پیدا ہوگی اور دھنوان ہو۔

۲۲۶ - منگل یا سنیچر جنم راس کا مالک ہو۔ اور کوئی شبھ گرہ اوسکو نہ دیکھتا ہو۔ تو اتی کلیش ہو۔

۲۲۷ - ۴ - ۶ - ۸ - گھروں میں منگل - چاند ہوں۔ تو سو بدہی اور مورکھ ہو اور پیٹ میں کوئی روگ ہو۔

۲۲۸ - تین گرہ اپنے گھروں سے ساتویں گھر میں ہوں۔ تو اور کوئی گرہ بلوان ہو کر شبھ استھان پر نہ ہو۔ تو بالکل مورکھ اور بے عقل ہوگا۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۲۲۹۔ کیتو پانچویں گھر میں اونچ خواہ نیچ استھان پر ہو۔ تو اسے معدہ کی اور پیٹ کی بیماری ہوگا۔ کیونکہ کیت پاپی گرہ ہے۔ اور پانچویں گھر میں علم عقل۔ اولاد۔ خوشی کو ناس کرتا ہے۔

۲۳۰ پانچویں گھر میں پاپی گرہ شنیچر۔ راہ کیت منگل۔ سورج سے کوئی گرہ پاپی ہوکر دوسرے یا چھین چاند ہو۔ تو سنتان کا کلیش ہو۔

۲۳۱۔ اگر پانچویں گھر میں پاپی گرہ پاپی گرہوں کی درشٹی میں ہوں گے۔ تو اول اولاد پیدا نہیں ہوگی۔ اگر ہوگی۔ تو ہو ہو کر مر جاویگی

۲۳۲۔ جنم لگن میں سہم الغیب جنم انس پر پڑے یا برہسپت ساتھ سہم الغیب کے ہو۔ یا اوسکو دیکھتا ہو۔ یا کسی کیندر میں ہوکر دیکھتا ہو۔ یا بدھ یا کوئی اور شبھ گرہ ساتویں گھر میں ہو۔ خصوصاً بدھ نانویں یا تیسرے گھر سے اوس شبھ گرہ کو دیکھتا ہو۔ تو وہ جیو جوتشی ہوگا۔ اور جو کچھ وہ کہیگا۔ صحیح اور درست نکلیگا خواہ وہ پورن ودوان نہ ہو

۲۳۳۔ راہو جنم لگن میں ہو خصوصاً ساتھ سہم الغیب کے ہو۔ تو وہ شخص غلط آئندہ بینی اناپ شناپ باتیں بنایا کرے گا۔ اور اس میں کئی قسم کی کراماتیں ہوویگی۔

۲۳۴۔ اگر چاند جنم لگن میں برہسپت کے گھر میں ہو۔ اور جنم رات کا ہو۔ تو وہ جیو جوتشی اور ودوان وشیہ آچاری ہوگا۔

۲۳۵۔ چاند اگر نانویں گھر میں برہسپت کے گھر میں ہو۔ تو جوتشی

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

اور وہ وان وشیہ اچاری ہوگا۔

۲۳۶۔ چاند اگر چھٹے میں بلوان اور خوشحال ہو تو جوتشی ہو۔

۲۳۷۔ چاند اگر تیسرے میں بلوان اور شبھ حالت میں ہو۔ تو علم جوتش اور غیب میں جو کچھ بتلائیگا وہ سچ ہوگا۔

۲۳۸۔ چاند۔ بدھ۔ اگر نوویں گھر میں اپنے گھر کے ہوں۔ اور اُن کے ساتھ سہم الچاند بھی ہو۔ اور بدھ اپنی حد اور انش میں ہو اور کوئی دوشٹ نہ ہو۔ تو اس کی زبان سے جو کچھ لفظ نکلے گا۔ وہ سچ ہوگا۔

۲۳۹۔ بدھ نوویں گھر میں اپنی حد میں ہو۔ اور کسی طرح سے دونوں نہ ہو تو وہ شخص جوتش اور حکمت دنیا میں عالم ہوگا اور وقت کی پہلے آئندہ خبریں دیگا

۲۴۰۔ بدھ اگر بلوان ہوگا۔ تو شخص حالات پوشیدہ کو جاننے والا حکیم و جوتشی ہوگا۔

۲۴۱۔ بدھ اگر لگن جنم میں بلوان ہو تو وہ شخص جوتشی اور حکیم ہوگا۔

۲۴۲۔ بدھ اگر جنم لگن کا مالک ہو اور کوئی شبھ گرہ ۳-۹ گھر میں ہو تو وہ شخص دنیا جوتش منتر اور دھرم سے بڑے فائدہ حاصل کریگا۔

۲۴۳۔ بدھ اگر پنجم کے گھر میں بلوان ہو۔ تو وہ شخص جوتشی و نیک اور گپت وآنا و دست بہت۔ جوتشیت کے جاننے والا ہوگا۔

۲۴۴۔ بدھ اگر اپنے گھر میں بلوان ہو۔ تو وہ شخص جوتشی اور حکیم ہوگا۔

۲۴۵۔ بدھ اگر دہم لگن میں بلوان ہو۔ تو وہ شخص جادوگری میں ماہر ہوگا۔

۲۴۶۔ بدھ گیارہویں گھر میں بلوان ہو۔ تو جوتشی اور تاجر ہوگا۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۲۴۷۔ بدھ اگر اپنی حد یا نوانشہ میں ہو۔ اور سورج اسکے ساتھ ہو تو اسرار گپت اور پوشیدہ باتوں سے واقف ہوگا۔
اگر چندرماں اسکے ساتھ ہوگا۔ تو آسمانی حالات سے خوب واقف ہوگا اور وددوان ہوگا۔

۲۴۸۔ شکر تیسرے گھر میں بلوان ہو۔ تو علم حساب جوتش ہندسہ اور تصنیف کتابوں میں کامل ہوگا۔

۲۴۹۔ شکر نانویں گھر میں اپنی حد یا نوانشہ میں ہو تو دھرماتماں اور پراپکاری ہو۔

۲۵۰۔ شکر اگر بدھ کی حد یا نوانشہ یا انس میں ہو۔ تو علم حساب جوتش حکمت میں لائق ہوگا۔

۲۵۱۔ سورج اگر برجھک انس میں ہو۔ تو علم۔ جوتش اور حکمت میں ماہر ہو۔

۲۵۲۔ سورج اگر شکر کی حد یا نوانشہ میں ہو۔ تو علم جوتش او غیب دانی میں ہوشیار ہو۔

۲۵۳۔ سورج اگر بدھ کی حد یا نوانشہ میں ہو۔ تو علم جوتش اور تصویروں کے بنانے میں لائق ہوگا۔

۲۵۴۔ سورج اگر سنیچر کی حد یا نوانشہ میں ہو تو حکیم اور وددوان اور کاہن ہوگا۔

۲۵۵۔ برسپت اگر نانویں گھر میں بلوان اور شبھ ہو۔ اور وہ اس کا اسنتری ہو تو وقت سے پہلے بڑے بڑے عجائب معاملات کی خبر دیویگا۔ اور کئی عجائبات دکھلاویگا۔

۲۵۶۔ برسپت اگر اپنے مثلثہ میں ہو۔ تو جوتشی اور وددوان ہوگا۔

۲۵۷۔ نانویں گھر کا مالک اگر لگن میں ہو۔ تو وددوان اور جوتشی دھرماتماں اور جوگیشر ہوگا۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۲۵۸ - دوسرے گھر کا مالک اگر تیسرے گھر میں ہو تو علم جوتش اور گپت ودیا سے مال دولت پیدا کریگا۔

۲۵۹ - ساتویں گھر یا دسویں گھر سے پہلے کوئی گرہ بلوان ہو تو جوتشی اور ودوان ہوگا

۲۶۰ - سہم السعادت یا سہم الغیب ۳ - ۹ - گھر میں ہو۔ اور کوئی شبھ گرہ نہ دیکھتا ہو۔ کم پاپی گرہ دیکھتا ہو۔ تو عجائب باتیں کرنیوالا ہوگا۔

۲۶۱ - اگر سہم ساتھ برہسپت کے یا ساتھ درشٹی برہسپت کے ہو۔ تو وقت سے پہلے معاملات آئندہ کی خبریں دیگا حکمت فلاسفی میں لائق۔ اور سچ بولنے والا ہوگا۔

۲۶۲ - اگر سہم سورج کے ساتھ ہو۔ مگر است کے انسوں میں نہ ہو۔ تو ودوان اور اسرار عجائب دکھلائیگا۔

۲۶۳ - سورج اور سہم الغیب اور مالک اوس کا اور نوالنسہ وسہم السعادت لگن شبھ حالت میں ہوں تو غیب کی باتیں بتلاویگا۔

۲۶۴ - اگر جنم لگن سنگھہ یا کنیا یا مکر یا کمبھ ہو۔ اور کوئی پاپی گرہ لگن یا دسویں گھر میں ہو۔ تو وہ منش علم جوتش اور جادو کو حاصل کریگا۔ خواہ وہ علم نہ پڑھنا چاہے اور نہ اوسکے پڑھنے کی امید ہو۔

۲۶۵ - چندرماں دلیل عقل دنیا۔ اور سورج دلیل عاقبت اور بدھ دلیل علم و قیاس ہے۔ اگر یہ تینوں بلوان۔ اور ایک دوسرے کو پورن درشٹی سے دیکھتے ہوں۔ تو عقل اور علم حاصل ہوگا۔

اگر یہ تینوں نربل اور لگن کو نہ دیکھتے ہوں۔ نہ آپس میں اُن کو درشٹی سمبندھ ہو۔ تو وہ منش بے علم اور جاہل ہوگا۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۲۶۶ - چندرماں اور بدھ اگر آپس میں درشٹ اسمبندہ کرتی ہوں تو علم اور عقل وقیاس حاصل ہوگا۔ اگر وہ آپس میں درشٹ سمبندھ نہ کرتی ہوں تو بے عقل اور بے علم ہوگا۔ اور اگر اس کو نہ دیکھتے ہوں نربلوان ہوں تو بے عقل ہوگا

۲۶۷ - بدھ اگر کیت کے ساتھ ہو تو جاہل اور عاجز اور جھوٹھ بولنے والا ہوگا۔

۲۶۸ چاند اور بدھ اگر آپس میں ۴ - ۱۰ یا ۱ - ۷ گھر و نہیں ہوں تو جھوٹا ہوگا۔

۲۶۹ - بدھ اگر نانویں گھر میں نربل اور پاپی ہو۔ اور برہسپت اوسکو نہ دیکھتا ہو تو جاہل ہوگا۔

۲۷۰ - بدھ اگر کرک یا سنگھ میں نربل اور آشبھ حالت میں ہو۔ تو جاہل اور احمق ہوگا

۲۷۱ - سینچر اگر مین راس میں نربل اور پاپی ہو تو جاہل اور احمق ہوگا۔ اور کسی کام میں فائدہ نہیں اٹھاویگا۔

۲۷۲ - چاند اگر سینچر سے انصراف کر کر بدھ کیطرف ہو۔ تو جاہل ہوگا۔

۲۷۳ - اگر انصراف چاند کا بدھ سے طرف سینچر کی ہو۔ تو وہ دانا اور عقلمند ہوگا۔

وقت جنم اولاد

۲۷۴ یگنیش (مالک لگن) کا سپشٹ راس - انس - کلا جسقدر ہو اس میں پنجمیش (پانچویں گھر کا مالک) کا سپشٹ راس انش - کلا جمع کرو۔ اس مجموعہ سے جو راس انش کلا برآمد ہو۔ اس راس سے پانچویں اور نانویں گھر میں - جب برہسپت گوچر کرکے آدے۔ اسوقت اولاد پیدا ہوگی۔

۲۷۵ - جنم لگن و برہسپت و چاند سے پانچویں گھر اولاد کے دینے والا ہے۔ ان سے جو نانواں گھر ہے اسکے مالک کی دشا اور انتردشا میں اولاد پیدا ہوگی

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۲۷۶۔ جنم راس سے پانچویں اور نویں گھر کے مالکان کا سپشٹ۔ راس۔ انش۔ کلا۔ باہم جمع کرو اس مجموعہ سے جو راس۔ انش کلا پائی جاوے اس راس میں جنم کنڈلی میں جو گرہ ہو۔ یا جو گرہ اس راس کو دیکھتا ہو اسکی دشا انتر دشا میں اولاد کا جنم ہوگا

تعداد اولاد

۲۷۷۔ سورج۔ چاند۔ منگل۔ ان ہر سہ کا سپشٹ راس انش۔ کلا باہم جمع کرو۔ اور اس مجموعہ کو بارہ پر تقسیم کرو۔ اس مجموعہ سے باقیماندہ جو راس پائی جاوے جس قدر نوانسہ اس راس کے گذرے ہوں اُسیقدر اولاد پیدا ہوگی۔

۲۷۸۔ پانچویں۔ نویں۔ دسویں۔ گیارہویں گھروں کا جو سپشٹ راس انش کلا ہے۔ ان کو باہم جمع کرو اس مجموعہ سے جو راس پائی جاوے اس راس کے جس قدر نوانسہ گذر چکے ہوں۔ اسی قدر اولاد کا جنم ہوگا۔

۲۷۹۔ جنم کنڈلی کے چوتھے پانچویں نویں گھروں میں جو جو گرہ ہوں۔ ان کا سپشٹ راس۔ انش۔ کلا۔ باہم جمع کرو۔ حاصل جمع کو بارہ پر تقسیم کرو باقیماندہ جو راس آوے۔ اس راس کے جسقدر نوانسہ گذر چکے ہوں۔ اسیقدر اولاد ہوگی۔

وقت موت اولاد

۲۸۰۔ جنم لگن سے پانچویں گھر کا مالک اور برہسپت اور وہ گرہ جو پانچویں

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

گھر کو دیکھتا ہو۔ ان چاروں گھروں کا سپشٹ راس انس۔ کلا باہم جمع کرو۔ اور حاصل جمع کو بارہ پر تقسیم کرکے جو باقی بچے اس راس انس۔ کلا کے نوانس میں جب شنیچر آ دیگا تب اولاد کی مرتو ہوگی۔

نوٹ:۔ یاد رہے کہ اولاد کے تمام یوگ شادی کے بعد دیکھے جاتے ہیں۔

۲۸۱۔ میکھ راشی خانہ پنجم میں ہو۔ تو بیماری امراض دموی۔ اولاد اور محبوبوں بھی سے نا خوش اور ملنا اختیار درد غ۔ اور نقصان تحایف۔ پریشانی غائب خوف دشمن کاموں میں بگاڑ۔

۲۸۲۔ برکھ راشی خانہ پنجم میں ہو۔ تو خوش خبریں اور محبت فرزندان و دوستان اور ملنا تحائف منجانب دوستان اور بہم پہونچنا سامان عیش و زندگی۔

۲۸۳۔ متھن راشی خانہ پنجم میں ہو۔ تو خوشی فرزندان۔ خوشحالی محبوب اور دوست ہونا دشمنوں کا۔

۲۸۴۔ کرک راشی پانچویں خانہ میں ہو تو خوشی اولاد و دوستان انجام ہر ایک کام ملنا تحائف

۲۸۵۔ سنگھ راشی خانہ پنجم میں ہو خوش حالی فرزندان عیش و عشرت ملنا تحایف بزرگان۔

۲۸۶۔ کنیا خانہ پنجم میں ہو تو نفاق اولاد ناراضگی دوستان

۲۸۷ تلا خانہ پنجم میں ہو تو حصول مراد فرزندان و دوستان ملنا تحائف۔

۲۸۸۔ برچھک خانہ پنجم میں ہو۔ تو مراد دل حاصل ہووے۔

۲۸۹ دہن خانہ پنجم میں ہو۔ تو خوشی اولاد۔ دوستاں ملنا تحایف۔

۲۹۰۔ مکر خانہ پنجم میں ہو۔ تو تہمت محبوبہ۔ دوستی عورت ملال۔ از طرف فرزندان۔

۲۹۱۔ کنبھ خانہ پنجم میں ہو۔ تو خوشی فرزندان اور حمل عورت

۲۹۲۔ مین خانہ پنجم میں ہو۔ تو خوشی فرزندان۔ اور ملاقات دوستاں

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۲۹۳۔ کتاب اشجار الاثمار میں سید علیشاہ بخاری نے لکھا ہے۔ کہ جس مولود کو سہم الغیب اور درجہ طالع کے پڑے یا برسپت ساتھ سہم الغیب کے ہو یا اوسکو دیکھتا ہو۔ خاصہ خانہ ۵ علم میں یا کسی کیندرے دیکھتا ہو۔ یا بدھ ساتویں گھر میں ہو۔ یا کوئی شبہ گرہ ساتویں گھر میں ہو۔ خاصہ کو بدھ نانویں یا تیسرے خانہ سے اوس شبہ گرہ کو دیکھتا ہو۔ تو احکام اوسکے راست اور درست ہونگے اگرچہ اس علم میں کم لیاقت ہو۔

۲۹۴۔ کتاب مذکور میں یہ بھی لکھتے ہیں۔ کہ اگر راہو جنم میں ہو۔ خصوصاً ساتھ سہم الغیب کے ہو۔ تو دلیل ہے۔ کہ وہ مولود سخنان غیبی اور کلمات لاریبی کہے گا۔ اور اس سے کرامات ظہور میں آویں گی۔

۲۹۵۔ کتاب غنیۃ المستفید میں محی الدین مغربی اندلیشی نے دلائل نجوم کثیر التعداد تحریر فرمائے ہیں۔ ان کل کا تحریر کرنا دشوار ہے۔ بطور انکی چند دلائل ذیل میں تحریر کئے جاتے ہیں:۔

۱۔ اگر چاند خانہ برسپت میں ہو کر لگن جنم میں ہو۔ اور جنم رات کا ہو تو مولود منجم اور عالم و پرہیزگار ہوگا۔

۲۔ اگر چاند خانہ برسپت میں ہو کر خانہ ۹ میں ہو۔ تو مولود منجم اور عالم و پرہیزگار ہوگا

۳۔ اگر چاند متعلق راشی میں خوشحال ہو۔ تو مولود منجم ہوگا۔

۴۔ چاند اگر بلا راشی میں شبہ حالت میں ہو۔ تو مولود وجیہہ اور صادق الاحکام ہوگا۔

۵۔ اگر چاند اور بدھ نانویں گھر میں ہوں اور وہ گھر اونکا اپنا ہو۔ اور ا ونکے ساتھ السعادت بھی ہو۔ اور بدھ اسپنے خط یعنے دیکھا میں ہو۔ تو وہ مولود صاحب نطق صحیح و حدس قوی شبیہ الوحی ہوگا خاصہ اگر اس راشی ناطقہ بھی ہو۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitized by eGangotri

۶۔ بدھ نانویں گھر اپنے خط میں ہو۔ تو وہ مولود عالم علم نجوم وطب ہوگا۔ اور قبل از وقوع واقعہ کے خبر دیگا۔ پس اگر بدھ مشرقی ہوگا۔ تو وہ مولود عارف و ناقد نسواں کا ہوگا۔ اور عالم علوم حکمت و نجوم وطب ہوگا۔

۷۔ اگر بدھ راس میں بلوان ہو تو وہ مولود عالم راز نجوم و علوم کا ہوگا۔

۸۔ اگر بدھ مالک راس ہو۔ اور کوئی شبہ گرہ خانہ ۳۔۹۔ میں ہو۔ تو مولود بسبب علم نجوم و سفر و دھرم و مذہب کے فائدہ عظیم حاصل کریگا۔

۹۔ اگر بدھ خانہ ششم میں بلوان ہو تو وہ مولود منجم و نیک مؤلف کتب ہائے اور آگاہ بر اسرار خفیہ کے ہوگا۔

۱۰۔ اگر بدھ اپنے گھر میں ہو۔ تو مولود عالم کتب نجوم وطب ہوگا۔

۱۱۔ اگر بدھ دھن راسی میں شبھ ہو۔ تو مولود ساتھ سحر اور کہانت کے کلام کریگا۔

۱۲۔ اگر بدھ گیارہویں گھر میں طاقت ور ہو۔ تو وہ مولود منجم یا تاجر ہوگا۔

۱۳۔ اگر بدھ مالک ہر ایک خط (نوانسہ۔ حد۔ درلیشکانڈ وغیرہ) میں مالک ہوگا۔ تو جب سورج اس کا شریک ہوگا۔ تو دلالت کریگا۔ اوپر کشف اسرار مکنونہ و علوم خفیہ کے۔
جب چاند شریک اس کے ہوگا۔ تو دلالت کریگا۔ اوپر ترقی علم مولود کے نامور کمادیات و نجومیات وغیرہ کے۔

۱۴۔ اگر شکر تیسرے گھر میں بلوان ہو۔ تو وہ مولود علم حساب و نجوم و ہندسہ و تعبیر و تصانیف کتب کثیر التعداد میں عالم اور فاضل ہوگا۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitized by eGangotri

۱۵۔ اگر شکر ناویں گھر میں اپنے حظوط میں ہو۔ تو وہ مولود کی عجائبات ظاہر کیا کرے گا۔

۱۶۔ اگر شکر حد وغیرہ بدحصہ میں ہو۔ تو وہ مولود عالم علم حساب ونجوم وطب ہوگا۔

۱۷۔ اگر سورج۔ برچھک راشی میں شبھ ہو۔ تو وہ مولود علم طب ونجوم میں عارف ہوگا۔

۱۸۔ اگر سورج حد شکر میں ہو۔ تو وہ مولود صاحب علم نجوم وحدس قوی قریب بوحی ہوگا۔

۱۹۔ اگر سورج حد بدھ میں ہو۔ تو مولود علم نجوم اور تصویر میں عالم ہوگا۔

۲۰۔ اگر سورج حد سنیچر میں ہو۔ تو مولود حکیم وکاہن وعالم اسرار کتب ہوگا۔

۲۱۔ اگر برہسپت ناویں گھر میں شبھ اور بلوان ہو اور وہ راشی مؤنث ہو۔ تو مولود قبل از وقوع واقعہ امور غیبیہ سے خبر دیگا۔ اور عجائبات عمل میں لاویگا۔

۲۲۔ اگر برہسپت اپنے مثلثہ میں ہو۔ تو مولود عارف نجوم و دقائق علوم کا ہوگا۔

۲۳۔ اگر ناویں گھر کا مالک لگن میں ہو۔ تو مولود منجم ونیک وعارف وپابند اپنے دھرم کا ہوگا۔

۲۴۔ اگر دوسرے گھر کا مالک تیسرے گھر میں ہو۔ تو مولود علم نجوم وعلوم خفیہ سے کتب مال کریگا۔

۲۵۔ اگر ساتویں یا دسویں گھر میں کوئی کوکب ثوابت میں سے ہو۔ کہ جو مزاج سنیچر یا شکر کے ہو۔ مثل عنق اور شجاع وفرس السفینہ وذنب الاسد کے ہو۔ تو وہ مولود عالم نجوم واسرار ہوگا۔

۲۶۔ اگر سہم السعادت وسہم الغیب خانہ ۳ یا ۹ میں ہوں۔ اور کوئی شبھ گرہ نہ دیکھتا ہو۔ اور کوئی پاپی خانہ وبال سے دیکھتا ہو۔ تو مولود عجائب الغرائب کلمات بتلا دیگا۔

۲۷۔ اگر سہم الغیب ساتھ برہسپت یا ساتھ نظر برہسپت کے ہو۔ تو وہ مولود قبل از وقوع واقعہ خبر دیگا اور ساتھ حکمت وفلسفہ وموعظا نیک کے کلام کریگا۔

۲۸۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

خانہ ۵

۲۸۔ اگر سہم الغیب ساتھ سورج کے ہو۔ اور حد افتراق یعنے دست میں نہ ہو۔
تو وہ مولود اسرار عجائب میں عالم ہوگا۔

۲۹۔ اگر سورج اور سہم الغیب ومالک اوس کا جزو سابق اور جزو نانواں
وسہم السعادت اور راشی کیت سے اور نظر منگل وشکر سے
اور مربیع و مقابلہ بدھ سے سالم ہو۔ تو دلیل ہے۔ کہ وہ مولود
خبر غیب دیویگا۔

۳۰۔ کتاب اسرلکنوں میں ابوبکر بن وحشیہ نے لکھا ہے کہ کسی کا جنم لگن سنگھ
یا کنیا یا مکر یا کنبھ ہو۔ اور پاپی گرہ یا ایک پاپی گرہ جنم لگن ۔۔ یا دسویں
گھر میں ہو۔ تو وہ مولود علم وسحر کو حاصل کرے گا۔
خواہ وہ خواہش تعلیم علم نہ رکھتا ہو۔ خصوصاً یہ لگن تعلیم
علم کا بھی ہو۔
اگر یہ لگن جنم لگن نہ ہو لیکن ابتدا تعلیم کا لگن ہو۔ توبھی ایک قسم
کی مہارت اوسکو حاصل ہوجاوے گی۔ اگرچہ اصل طالع
وہ طالع نہ ہو۔
جیسا کہ حکیم اسطالیینونس کا قول ہے۔ کہ میں ایک طالب علم طالبان علم
نجوم سے تھا۔ اور جنم لگن میرا حصول نجوم پر دلالت نہیں کرتا تھا
لیکن تعلیم اس علم میں میں نے ازحد مشقت اور محنت اوٹھائی۔ اوکی
تعلیم سے باز نہ آیا۔ آخر الامر اپنے مقصود کو پہونچا۔ جس کا مجھکو
وہم اور گمان بھی نہ تھا۔

۳۱۔ چونکہ چاند دلیل عقل دنیاوی اور سورج دلیل عقل آخرت اور
بدھ دلیل علم وکیاست ہے۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

پس اگر یہ تینوں قوی الحال یا ناظر یہ جنم لگن۔ یا باہم یک دیگر ہوں۔ تو دلیل علم و عقل مولود کی ہے۔

اگر یہ تینوں بدحال ہوں۔ یا لگن سے ساقط یا آپس میں ایک دوسرے کو نہ دیکھتے ہوں۔ تو دلیل جہالت و سفاہت کی ہے۔

سلطان الحکماء مہندس کامل محقق طوسی نے کتاب ثمرۃ الفلک میں لکھا ہے۔ کہ چاند دلیل دل اور بدھ دلیل عقل و دانش و کیاست ہے۔ پس جب یہ باہم ناظر ہوں تو دلیل ہے۔ کہ مولود با دانش و کیاست ہوگا۔ اگر باہم ناظر نہ ہوں۔ تو دلیل ہے۔ کہ مولود بیدانش و بے کیاست ہوگا۔

اگر کوئی منجملہ ان کے راس کو ناظر نہ ہو۔ تو مولود صاحب صرع ہوگا۔

کتاب غنیۃ المستفید میں لکھا ہے۔ کہ اگر بدھ ساتھ کیت کے ہو۔ تو دلیل ہے۔ اوپر حیل و عاجزی و دروغگوئی مولود کے۔

۲- اگر تربیع و مقابلہ چاند کا ساتھ بدھ کے ہو۔ تو دلیل ہے۔ کہ مولود صاف دروغگو ہوگا۔

۳- بدھ اگر نانویں گھر میں منحوس ہو۔ اور برسپت کی اوسپر نظر نہ ہو۔ تو وہ مولود جاہل ہوگا۔

۴- اگر کرک یا سنگھ میں منحوس ہو۔ تو مولود جاہل و احمق ہوگا۔

۵- بنیچر اگر مین راشی میں منحوس ہو۔ تو مولود جاہل و احمق ہوگا۔ اور

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

اپنے افلاک سے فائدہ حاصل نہیں کریگا۔

۶۔ اگر انصراف چاند کا سنیچر سے طرف بدھ کے ہو۔ تو مولود جاہل ہوگا۔ اگر انصراف چاند کا بدھ سے طرف سنیچر کے ہوگا۔ تو وہ مولود عاقل ہوگا۔

۷۔ اگر جنم کنڈلی میں تین گرہ استھان کے ہوں۔ تو مولود غلام اور خدمتگار ہوگا۔

۸۔ اگر تین گرہ وبال میں ہوں۔ تو محض جاہل اور بیوقوف ہوگا۔

۹۔ اگر کیت پانچویں گھر میں ہو۔ تو مولود محض جاہل ہوگا۔

۱۰۔ اگر چاند اور بدھ ایک دوسرے کو نہ دیکھتے ہوں۔ اور راس و لگنیش کو بھی نہ دیکھتے ہوں تو بھی جاہل ہوگا۔

۲۹۷۔ اگر تین گرہ جنم کنڈلی میں بخانہ وبال ہوں۔ تو مولود محض جاہل ہوگا۔

۲۹۸۔ اگر کیت پانچویں گھر میں ہو۔ خواہ شرف یا ہبوط ہو۔ تو وہ مولود گداگری کرے گا۔ اور جاہل ہوگا۔ اور علم اولاد خوشی وغیرہ کا ناس ہوگا۔

۲۹۹۔ اگر پانچویں گھر میں نحس گرہ سنیچر منگل۔ راہو۔ کیت سورج سے کوئی ہو تو اولاد کے لئے کلیش ہوگا۔ چاند بھی اور اوس سے پانچ دن اول اور پانچ دن مابعد نحس ہوتا ہے۔

۳۰۰۔ اگر پانچویں گھر میں پاپی گرہ ہونگے تو اولاد مولود پیدا ہو ہو کر مر جاوے گی۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

راز ہفتم - احکام جنم کنڈلی

خانہ ۶

۱۔ سورج چھویں گھر میں بلوان ہو تو راست کار - اور بلوان ہوشیار - ہنر مند بہادر - دلیر - خوش شکل - صاحب منصب و حکومت ہر امر میں غالب دشمن پر فتحیاب و دولت مند - بلند مراتب ہو۔

۲۔ چاند چھویں گھر میں ہو - کم عمر - اور فکر مند بے قدر - اور بدکار و بدخیال و بد باطن و مشوم ہو۔

۳۔ منگل چھویں گھر میں ہو - دشمن پر غالب ہو - اور عقلمند مشہور - دوسروں کی مدد کرے - جنگ میں فتح پاوے۔

۴۔ بدھ چھویں گھر میں ہو - تو دشمن پر غالب - الا بیمار - اور بے رحم و تکرار کرنیوالا - اور ڈرپوک ہو۔

۵۔ برہسپت - چھویں گھر میں ہو - تو ہر ایک موقع پر فتحیاب ہو - ہر ایک کا دوست و مددگار - و شیریں کلام و خوش مزاج و ظاہر پسند ہر ایک سے موافقت کرنیوالا ہو۔

۶۔ شکر - چھویں گھر میں ہو - تو کمینہ کام کرے - دشمن زیادہ ہوں - قرضدار ہو جاوے۔

۷۔ سنیچر - چھویں گھر میں ہو - تند خو - فتح پانے والا - دشمنوں پر غالب عاقل - ہوشیار - جلدباز - دشمن زیادہ ہوں۔

۸۔ راہ کیت - چھویں گھر میں ہو - تو دشمنوں پر غالب اور جنگ میں فتحیاب ہوگا - ہوشیار اور اختیار والا ہو۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۹۔ اگر چھٹویں گھر کا مالک پہلے گھر میں ہو۔ تو بلوان اور مضبوط جنگ جو ہمیشہ بیوپار کو تکلیف دینے والا۔ اور مخالفوں پر فتحیاب اور خود پسند خود رو ہو۔

۱۰۔ چھٹویں گھر کا مالک دوسرے گھر میں ہو۔ تو نامور اور دولت جمع کرے۔ مگر وہ فضول خرچ اور دولت کو برباد کر دیوے۔

۱۱۔ چھٹویں گھر کا مالک اگر تیسرے گھر میں ہو۔ اور پاپی گرہ ہو۔ تو نیک اشخاص اور رشتہ داروں کو سخت تکالیف پہونچاوے۔ اور درد شکم کی بیماری میں مبتلا ہو۔

۱۲۔ چھٹویں گھر کا مالک اگر چوتھے گھر میں ہو۔ تو باپ بیٹے سے رنج رہے۔ گھر بار جائداد۔ بزرگان کا نقصان۔ ماں باپ کو بیماری اور تکلیف رہے۔

۱۳۔ چھٹویں گھر کا مالک اگر پانچویں گھر میں ہو۔ تو اپنی اولاد سے رنج اور اسکا نقصان۔ بلکہ اولاد کے حملہ اور جھوٹ مخالفانہ سے خطرہ جان ہو۔

۱۴۔ چھٹویں گھر کا مالک اگر چھٹویں گھر میں ہو۔ تو مزاج با صحت اور مخالفان پر فتحیاب اور ہمیشہ با آرام۔ لیکن شوم۔ اور ناقص جگہ کی رہائش پسند خاطر ہو۔

۱۵۔ چھٹویں گھر کا مالک اگر ساتویں گھر میں ہو۔ اور پاپی گرہ ہو۔ تو اوس کی عورت اوسکو رنج اور تکلیف پہونچاوے۔ نافرمان اور جنگ جو ہو۔ اگر شبھ گرہ ہو۔ تو نیک عادت ہو لیکن بانجھ یعنے سنڈھ ہو۔ اگر حمل ہو بھی جاوے تو بھی گر جاوے۔

۱۶۔ چھٹویں گھر کا مالک اگر آٹھویں گھر میں ہو۔ تو سنیچر اُس کے ساتھ ہو۔ تو سنگرہنی کی بیماری ہو۔ اگر اُس کے ساتھ منگل ہو۔ تو سانپ کے گزندے سے موت ہو۔ اگر اوس کے ساتھ بدھ ہو۔ تو زہر یا زہریلی چیز سے موت ہو۔ اگر اُس کے ساتھ چاند ہو۔ تو بہت جلدی

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitized by eGangotri

موت ہو۔ اگر اُس کے ساتھ سورج ہو۔ تو کسی درندہ جانور سے موت اگر اُس کے ساتھ برہسپت ہو۔ تو بے عقل ہو۔ اور اگر اوسکے ساتھ شکر ہو۔ تو آنکھوں کا آزار ہو۔

۱۷۔ چھویں گھر کا مالک اگر پانچویں گھر میں ہو۔ اور پاپی گرہ ہو۔ تو ادہرمی اور بدکار۔ سادھو۔ برہمن تیرتھ۔ دہرم استھان کا مخالف۔ بزرگوں اور گوروؤں کا نافرمان۔

۱۸۔ چھویں گھر کا مالک اگر دسویں گھر میں ہو۔ اور پاپی گرہ ہو۔ ماں باپ کا دشمن۔ اور کمینہ روزگار۔ یا کمینہ خیال ہو۔

۱۹۔ چھویں گھر کا مالک اگر گیارھویں گھر میں ہو۔ تو بیوپار مویشی سے فائدہ اوٹھاوے۔ لیکن دشمن اور چور سے خوف نقصان ہو۔ بلکہ دشمن کے ہاتھ سے مارا جاوے۔

۲۰۔ چھویں گھر کا مالک اگر بارھویں گھر میں ہو۔ تو مویشی اور دولت کا ہمیشہ نقصان ہووے۔ لیکن دشمنوں کو بھی نقصان پہونچے۔

۲۱۔ لگن اور ساتویں گھر کا مالک اگر چھویں گھر میں ہو۔ تو عورت کی مخالفت سے رنج پہونچے۔

۲۲۔ لگن اور دسویں گھر کا مالک اگر چھویں گھر میں ہو تو عورت کی مخالفت سے رنج پہونچے۔

۲۳۔ چھویں گھر کا مالک پاپی گرہ کے ساتھ جنم لگن۔ خواہ آٹھویں گھر میں ہو۔ تو بچہ کے سر پر یعنے بدن پر زخم کا نشان ہوگا۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

الف ۔ سورج چھویں گھر کے مالک کے ساتھ ہو ۔ تو سر میں ۔
ب ۔ اگر چاند چھویں گھر کے مالک کے ساتھ ہو ۔ تو مُنہ پر ۔
ج ۔ اگر منگل چھویں گھر کے مالک کے ساتھ ہو ۔ تو گلے میں
د ۔ اگر برہسپت چھویں گھر کے مالک کے ساتھ ہو ۔ ناہی میں ۔
ہ ۔ اگر بدھ چھویں گھر کے مالک کے ساتھ ہو ۔ تو چھاتی میں ۔
و ۔ اگر شکر چھویں گھر کے مالک کے ساتھ ہو ۔ تو آنکھ میں ۔
ز ۔ اگر سنیچر چھویں گھر کے مالک کے ساتھ ہو ۔ تو پاؤں میں ۔
ح ۔ اگر راہ کیت چھویں گھر کے مالک کے ساتھ ہو ۔ تو نیچے کے بدن میں ۔

۲۴ ۔ مالکان خانہ ۳ ۔ ۴ ۔ ۵ ۔ ۱۰ میں سے جس خانہ کے مالک کے ساتھ مالک چھویں گھر یا پاپی گرہ کے ساتھ جنم لگن خواہ آٹھویں گھر میں ہو ۔ تو زخم کا نشان اس موقعہ پر ہوگا جسکی تفصیل مد نمبر ۲۳ میں درج کی گئی ہے ۔

۲۵ ۔ اگر سنیچر و منگل چھویں یا بارہویں گھر میں ہوں ۔ تو زخم کا نشان ہوگا ۔

۲۶ ۔ اگر منگل جنم لگن میں یا برہسپت و شکر ساتویں گھر میں ہو ۔ تو سر میں زخم کا نشان ہوگا

۲۷ ۔ اگر چھویں گھر کا مالک جنم لگن میں ہو ۔ تو دشمن کو مارنے والا ہو ۔

۲۸ ۔ اگر چھویں گھر کا مالک بلوان ہو ۔ اور اسکو شبھ گرہ دیکھتا ہو ۔ تو دشمن کو فتح کرنے والا ہو ۔

۲۹ ۔ اگر لگن کا مالک سورج کے گھر میں ۶ ۔ ۸ ۔ ۱۲ گھر میں ہو ۔ تو تاپ گندر روگ ہو

۳۰ ۔ اگر لگنیش چندرماں کے ساتھ ۶ ۔ ۸ ۔ ۱۲ گھر میں ہو ۔ تو جلیج گندر روگ ہو ۔

۳۱ ۔ اگر لگنیش برہسپت کے ساتھ ۶ ۔ ۸ ۔ ۱۲ ۔ گھر میں ہو ۔ تو بیماری ام باد ہو ۔

۳۲ ۔ اگر لگنیش شکر کے ساتھ ۶ ۔ ۸ ۔ ۱۲ گھر میں ہو ۔ تو بیماری چھینی ہو

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۳۳۔ اگر جنم لگن کو سورج و منگل پورن درشٹی سے دیکھتے ہوں۔ تو بیماری
سل اور دم کشی ہو۔

۳۴۔ اگر سنگھ یا کرک راس کے سورج و چاند یکجا ہوں۔ تو بیماری چھینی کی ہو۔

۳۵۔ اگر برسپت و منگل و سنیچر چوتھے گھر میں ہو تو چھاتی میں بیماری ہو۔

۳۶۔ اگر کرک راس میں چھٹویں گھر بدھ ہوں۔ تو چھینی کی بیماری ہو۔

۳۷۔ اگر سنیچر کے ساتھ چاند ہوں۔ اور منگل اوسکو پورن درشٹی سے دیکھتا
ہو۔ تو بیماری استسقا کی ہو۔

۳۸۔ اگر سنیچر بارہویں یا ۵-۹ گھر میں پاپی گرہ کی درشٹی میں ہو۔ تو بیماری
باد سے تکلیف پہونچے۔

۳۹۔ اگر نانویں گھر کا مالک چھٹویں گھر میں ہو۔ تو کئی قسم کی بیماریاں ہوں۔

۴۰۔ اگر سنیچر اور منگل چھٹویں گھر میں ہوں۔ اور سورج و راہ اونکو پورن درشٹی
سے دیکھتے ہوں۔ اور لگنیش کمزور ہو تو بیماری ہو۔

۴۱ اگر ساتویں گھر میں راہ کیت پاپی ہو کر آدیں تو شکم میں بیماری ہو۔

۴۲ اگر جنم لگن میں چاند اور سنیچر آٹھویں گھر میں ہو۔ تو بیماری شکم ہو۔

۴۳ اگر لگن میں برہسپت اور راہ ہوں۔ تو بیماری دندان کی ہو۔

۴۴ اگر چھٹویں گھر کا مالک تیسرے گھر میں ہو۔ تو نابھی میں بیماری ہو۔

۴۵ اگر سنیچر چھٹویں گھر میں ہو۔ تو پاؤں میں بیماری ہو۔

۴۶۔ اگر چھٹویں گھر میں راہ ہو۔ تو بیماری دندان ہو۔

۴۷۔ اگر چھٹویں گھر میں کیت ہو۔ تو بیماری لبوں کی ہو۔

۴۸۔ اگر چھٹویں گھر میں لگنیش اور آٹھویں گھر کا مالک ملکر آدیں۔ تو عمر کمتر
اور بیماری مشغول ہو۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۴۹ - اگر اگنیش - بدھ - منگل ملکر سنگھ راس میں بخانہ ۴ - ۱۲ - آدیں - تو
بیماری بواسیر وغیرہ ہو۔

۵۰ - اگر آٹھویں گھر میں پاپی گرہ اور برہسپت بارھویں گھر میں ہو تو بیماری
گذا یا بواسیر کی ہو۔

۵۱ - اگر جنم لگن میں منگل ہو۔ اور سورج و سنیچر اوسکو پورن درشٹی سے دیکھتے
ہوں - تو لوہے کی چوٹ سے زخم ہووے۔

۵۲ - اگر چندرماں و سنیچر ۶ - ۸ - ۱۲ گھر میں ہوں - منگل دیکھتا ہو - تو مرگی کی
بیماری ہو۔

۵۳ - اگر چاند - راہ آٹھویں گھر میں ہوں تو مرگی کی بیماری ہو۔

۵۴ اگر منگل و سنیچر ۶ - ۸ گھر میں ہوں - تو مرگی کی بیماری ہو۔

۵۵ - اگر چاند - سورج - منگل - جنم لگن خواہ آٹھویں گھر میں ہوں - اور اونکو
پاپی گرہ دیکھتا ہو - تو مرگی کی بیماری ہو۔

۵۶ - اگر تیسرے گھر کا مالک بدھ کے ساتھ ہو - تو گلے میں کوئی بیماری ہو۔

۵۷ - اگر تیسرے گھر میں پاپی گرہ ہو - اور پاپی گرہ دیکھتا ہو تو گلے میں بیماری ہو۔

۵۸ - اگر چاند جنم لگن میں اور راہ آٹھویں گھر میں ہو - تو بیماری مرگی کی ہو۔

۵۹ اگر اگنیش منگل کے گھر میں بدھ کے ساتھ ہو - تو سُنہ کی بیماری ہو۔

۶۰ - اگر دوسرے گھر میں سورج و منگل ہوں - اور تیسرے گھر کا مالک پاپی گرہ
انس میں ہو - تو کان میں بیماری ہو۔

۶۱ - چھٹویں گھر کا مالک سنیچر کے ساتھ مین راس میں ہو - تو بیماری حار گرم ہو۔

۶۲ چھٹویں گھر کا مالک بدھ منگل کے ساتھ ہو - تو بیماری عضو تناسل یعنی اندری کی ہو

۶۳ - اگر سنیچر - چاند جنم لگن میں ہوں - تو بیماری سایہ جن بھوت دامنگیر ہو۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۶۴ اگر سنیچر راہ جنم لگن میں ہو۔ تو بیماری سایہ جن بھوت وغیرہ ہو۔

۶۵۔ اگر چھٹویں گھر کا مالک راہ کیت کیساتھ ہو۔ تو بیماری بخار ہر چھٹے روز کی ہو

۶۶۔ اگر چندرماں کے گھر میں سورج اور سورج کے گھر میں چاند ہو تو نہایت دبلا بدن ہو

۶۷۔ سورج سے دوسرے گھر میں سنیچر دسویں گھر میں چاند ساتویں گھر میں منگل ہو تو لاغر اور کمزور ہو۔

۶۸ کرک برچھک کنبھ کے انس میں چاند سنیچر کے ساتھ ہو۔ تو گلم کی بیماری ہو۔

۶۹ اگر دوسرے گھر میں سنیچر یا راہ ہو۔ تو مرض سنگرہنی ہو۔

۷۰ جنم لگن میں راہ۔ بدھ اور ساتویں گھر میں منگل کیت ہوں تو مرض اپنسار ہو

۷۱ چوتھے گھر میں چاند۔ پاپی گرہ کے ساتھ ہو۔ تو مرض گلو ہو۔

۷۲۔ منگل نانویں گھر میں پاپی ہو کر آوے تو زہر اور آگ کا خوف ہو۔

۷۳ جنم لگن میں چاند۔ پاپی گرہ کے ساتھ ہو۔ خواہ کوئی پاپی گرہ چندرماں کو جنم لگن میں پورن درشٹی سے دیکھتا ہو۔ تو سیت کی بیماری ہو۔

۷۴۔ سنیچر۔ سورج۔ شکر۔ پانچویں گھر میں جمع ہوں تو پرمیو کی بیماری ہو۔

۷۵ ساتویں گھر میں منگل جنم لگن میں سورج ہو۔ تو پرمیو کی بیماری ہو۔

۷۶۔ دسویں گھر میں منگل ہو۔ اور سنیچر اوسکو پورن درشٹی سے دیکھتا ہو۔ تو پرمیو کی بیماری ہو

۷۷۔ ساتویں گھر میں سنیچر اور راس میں برہسپت ہو۔ تو مرض سوداوی ہو۔

۷۸ سنیچر جنم لگن میں اور منگل ساتویں یا پانچویں نانویں گھر میں ہو تو بیماری سوداوی ہو

۷۹ اگر بارہویں خانہ میں سنیچر وچین چندرماں ہو۔ تو مرض بادی ہو۔

۸۰ چندرماں جل راس میں ہو۔ اور مالک جل راس مذکور چھٹویں گھر میں ہو۔ اور بدھ چندرماں کو دیکھتا ہو۔ تو بیماری سوزش پشاب ہو۔

۸۱ چھٹویں گھر میں کوئی پاپی گرہ ہو۔ اور منگل لگنیش کو پورن درشٹی سے دیکھتا ہو۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitized by eGangotri

تو بیماری سوزش پیشاب ہو۔

۸۲ ۔ چاند مشتری پاپی گرہ کے ساتھ جل راس میں ہوں۔ تو بیماری کوہڑ داغ سفید کی ہو

۸۳ ۔ سنیچر منگل سورج یکجا ۲۔۶۔۸۔۱۲ گھر میں ہوں تو کوہڑ سرخ و سیاہ داغ کا ہو

۸۴ ۔ لگن میں چاند بارہویں گھر میں راہ ہو۔ تو سفید کوہڑ ہو۔

۸۵ ۔ دوسرے گھر میں راہ ۔ ساتویں گھر میں سورج ہو۔ تو بیماری سفید کوہڑ کی ہو۔

۸۶ ۔ اگر پانچویں یا نویں گھر میں پاپی گرہ کرک برچھک ۔ برکھ مکر کے ہوں خواہ اس غلہ کو پانچویں یا نویں میں ہوں۔ اور پاپی گرہ اونکو پیورن درشٹی سے دیکھتے ہوں۔ تو کوہڑ ہو۔

۸۷ ۔ چھٹویں گھر کا مالک سنیچر کے ساتھ جنم لگن میں ہو۔ تو کوہڑ صفراوی ہو۔

۸۸ ۔ چھٹویں گھر کا مالک سورج کے ساتھ جنم لگن میں ہو ۔ تو کوہڑ بلغمی ہو۔

۸۹ چھٹویں گھر کا مالک سورج کے ساتھ جنم لگن میں ہو تو کوہڑ خونی ہو۔

۹۰ جنم لگن میں منگل ۔ آٹھویں گھر میں سورج چوتھے گھر میں سنیچر ہو۔ تو کوہڑ ہو

۹۱ چھٹویں یا بارہویں گھر میں سنیچر و منگل ہوں تو بیماری شول کی ہو۔

۹۲ ۔ گیارہویں گھر کا مالک تیسرے گھر میں ہو۔ تو بیماری شول ہو۔

۹۳ ۔ ۴۔۷۔۱۰۔۱۔۵۔۹ سنگھ کے منگل اور تیسرے گھر میں برہسپت ہوں تو بیماری شول کی

۹۳ ۔ جنم لگن میں سنیچر یا ساتویں گھر میں منگل ہو۔ تو بیماری بلغم اور صفرا کی ہو۔

۹۴ ۔ بارہویں گھر میں سنیچر ساتویں گھر میں منگل اور لگنیش ہوں تو بیماری یا مرد صفرا کی ہو۔

۹۵ چھٹویں گھر کا مالک اور چندرماں کسی پاپی گرہ کے ساتھ ہوں۔ تو بیماری لحال یعنی لیف اور استسقا یعنے پیٹ پھولنے کی ہو۔

۹۶ ۔ اگر لگنیش ساتویں گھر میں ہو۔ اور پاپی گرہ کی اوسپر پیورن درشٹی ہو۔ اور کوئی شبھ گرہ نہ دیکھتا ہو۔ تو بیماری لحال یعنے لیف کی ہو۔

۹۷ ۔ پانچویں گھر میں سنیچر و چاند ہوں۔ تو بیماری لحال یعنے لیف یا استسقا کی ہو۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۹۸ - دوسرے گھر میں جبکہ اس کے چاند ہوں - اور سنیچر پورن درشٹی سے دیکھتا ہو - تو بیماری داد کی ہو -

۹۹ - چھوٹیں یا آٹھویں گھر میں منگل و چاند ملکر آویں تو سانپ یا کسی زہر یا دوا یا دوہ کا خوف ہو -

۱۰۰ - تیسرے گھر کا مالک راہ کیساتھ جنم لگن میں ہو - تو خوف سانپ اور زہریلا یا دوہ کا ہو

۱۰۱ چھوٹیں گھر کا مالک راہ یا کیت کیساتھ ہو - تو خوف سانپ زہر آگ چور کا ہو -

۱۰۲ - نانویں گھر کا مالک چھوٹیں گھر میں ہو - اور چھوٹیں گھر کا مالک اوسکو پورن درشٹی سے دیکھتا ہو - تو خوف چور آگ کا ہو -

۱۰۳ - چھوٹیں گھر کا مالک منگل و سنیچر کے ساتھ ہو - تو خوف چور اور آگ کا ہو -

۱۰۴ - پہلے چھوٹیں آٹھویں گھر میں سورج ہو - تو اوسکو منگل پورن درشٹی سے دیکھتا ہو - تو خوف آگ ہو -

۱۰۵ - چھوٹیں گھر کا مالک منگل کے ساتھ ہو - تو خوف آگ کا ہو -

۱۰۶ - جنم لگن میں پاپ گرہ ہو - اور پاپی گرہ اوسکو پورن درشٹی سے دیکھتا ہو تو خوف آگ کا ہو

۱۰۷ - تیسرے گھر کا مالک برہسپت کیساتھ جنم لگن میں ہو - تو خوف چوٹ حیوان کا ہو -

۱۰۸ - چھوٹیں گھر کا مالک سورج کیساتھ آٹھویں گھر میں ہو - تو خوف چوٹ گھوڑا کا ہو -

۱۰۹ چھوٹیں گھر کا مالک راہ کیساتھ ساتویں گھر میں ہو تو خوف چوٹ مرگ یعنے ہرن کا ہو

۱۱۰ اگر ۱ - ۲ - ۸ - ۸ گھر میں منگل ہو - اور اوسکو سورج پورن درشٹی سے دیکھتا ہو - تو پھوڑا پھنسی زیادہ پیدا ہوں -

۱۱۱ چھوٹیں گھر کا مالک اور لگنیش برہسپت کے ساتھ ہوں تو ہاتھی سے چوٹ کا خوف ہو

۱۱۲ چھوٹیں گھر کا مالک اور لگنیش چندرماں کیساتھ ہوں - تو خوف چوٹ گھوڑا کا ہے

۱۱۳ منگل ۶ - ۸ - ۱۲ گھروں میں ہو - تو پریشان خاطر کرے اور فکر خوشی کا ہو -

۱۱۴ - برہسپت ۶ - ۸ - ۱۲ گھر میں ہو تو فکر پوشاک - زیور - سواری کا ہو -

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۶ ۲ خ

۱۱۵ چندرماں ۶ ۔ ۸ ۔ ۱۲ گھر میں ہو۔ تو فکر چچا نہ و چھوٹوں کا ہو۔

۱۱۶ دہن یا مین کے برہسپت پانچویں گھر میں ہوں۔ تو فکر اولاد کا ہو۔

۱۱۷ سورج ۵ ۔ ۹ ۔ گھر میں ہو تو باپ اور بھائیوں کا فکر ہو۔

۱۱۸ پانچویں یا ساتویں گھر شکر ہو۔ تو فکر عورت کا ہو۔

۱۱۹ ۔ سورج چھٹویں گھر سیکھ راس میں ہو۔ تو ہمیشہ بیمار اور مقدمات جائداد میں مبتلا رہے ایسے اخراجات میں زیر بار اور قرضدار ہو جاوے ابتدائے عالم شباب جوانی میں ماں باپ کا انتقال ہو۔ جائداد میں جھگڑے پیدا ہوں آخر فتحیاب ہو۔

۱۲۰ ۔ چاند چھٹویں گھر سیکھ راس میں ہو تو ہمیشہ بیماری بلغم و بادی میں مبتلا رہے شروع عمر میں ماں مرجاوے۔ عورت بیمار ہو عورتوں کے جھگڑوں میں تکالیف اور نقصان اٹھاوے۔

۱۲۱ ۔ منگل چھٹویں گھر سیکھ راس میں ہو۔ تو بیماری خونی تکلیف دکھلاوے سمبندھی اور رشتہ داروں سے بگاڑ ہو۔ وسط عمر میں تہمت یا الزام میں بدنام اور سزایاب ہو مخالفان کو بھی تکلیف پہونچاوے۔ ننکے خاندان کے لئے اچھا نہ ہووے۔

۱۲۲ ۔ بدھ چھٹویں گھر سیکھ راس میں ہو۔ تو شروع جوانی میں بلند جگہ کے گرنے سے چوٹ آوے نیچ رہے لیکن نشان اوسکا بدن پر قائم رہے۔ ہر ایک علم اور ہنر میں کچھ کچھ مہارت ہو۔ تنگ حال اور قرضدار ہو۔ عام سے دل کا پیارا ہو۔

۱۲۳ ۔ شکر چھٹویں گھر سیکھ راس میں ہو۔ تو عیاش بلکہ بیماری آتشک کا خوف۔ شائق سفر مختلف مقامات پر رہائش چند عورات۔ مگر نا قابل پسند ہوں مخالف زیادہ ہوں

۱۲۴ ۔ برہسپت چھٹویں گھر سیکھ راس میں ہو۔ تو درازی عمر کا مخالف ہے عمر کمتر ہو کوئی سکھ اور آرام نصیب نہ ہو۔ قرضدار اور بیماری پھیپھڑوں میں مبتلا ہو۔ دشمن زیادہ ہوں۔

۱۲۵ ۔ سنیچر چھٹویں گھر سیکھ راس میں ہو۔ تو بے اولاد۔ اور جوڑوں کی بیماری

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

میں مبتلا ہے۔ دشمنوں پر غالب اور اچھی کمائی کرے۔

۱۲۶۔ راہ کیت چھٹویں گھر مکھ راس میں ہو۔ مقابلہ اور فساد مخالفان میں عاجز اور لاچار آ کر وطن چھوڑ دیوے زہردار جانوروں سے تکلیف اوٹھاوے حکام وقت سے خوف سزا ہو۔

۱۲۷۔ سورج چھٹویں گھر برکھ راس میں ہو۔ تو کام اور روزگار متوسط عمر میں ترک ہو جاوے لیکن پھر اوسکو اختیار رکھے۔ بیمار۔ دشمنوں پر غالب لیکن سفر میں چور تکلیف پہونچاویں۔

۱۲۸۔ چاند چھٹویں گھر برکھ راس میں ہو تو کم عمر۔ مخالف زیادہ۔ بیماری بلغمی ہو۔ شائق رہائش مقامات پہاڑی ہو۔ نانکوں سے امداد نہ پاوے۔

۱۲۹۔ منگل چھٹویں گھر برکھ راس میں ہو۔ تو دشمنوں سے سخت مقابلہ پیش آوے جائیداد برباد ہو جاوے۔ وطن چھوڑ دیوے۔ عورت کو نکال دیوے دولت کمانے کا شائق رہے۔ مگر آرزو پوری نہ ہو۔

۱۳۰ بدھ چھٹویں گھر برکھ راس میں ہو۔ دبلا۔ کمزور مزاج۔ علم سے فائدہ اور خوشی حاصل نہ ہو۔ عورت سے گذارہ میں زیادہ امداد ملے ضعیفی میں اولاد سے امداد فائدہ اور خوشی کی پہونچے۔

۱۳۱۔ برہسپت چھٹویں گھر برکھ راس میں ہو۔ تو لطف زندگی ضائع ہو۔ بیماری تپ دق۔ زیر بار قرض۔ ضمانت میں نقصان دولت بمتوسط عمر میں خوف سزا۔ دشمن زیادہ۔ جن سے خوف نقصان نہ ہو۔ وہ نقصان پہونچاویں۔

۱۳۲۔ شکر چھٹویں گھر برکھ راس میں ہو۔ علم قیاس میں ماہر۔ لیکن عورتوں کی محبت میں بےقدر اور جوڑوں کی بیماری میں مبتلا دشمن

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitized by eGangotri

زیادہ ہوں۔ عورات اور ان اشخاص سے نقصان پاوے۔ جن سے خوف
نقصان نہ ہو۔

۱۳۳۔ سنیچر چھٹویں گھر برکھ راس میں ہو۔ تو بدکار بے اعتبار و بے دھرم اور
دکھ اور فریب سے دولت پیدا کرے۔ متوسط عمر میں بلندی سے گر کر
لنگڑا ہو جاوے۔ مقابلہ دشمن میں تکالیف۔ چمڑہ اور جوڑوں میں
بیماری ہو۔

۱۳۴۔ راہو و کیتو چھٹویں گھر برکھ راس میں ہوں۔ مستقل مکان یا رہائش یا روزگار
نہ ہو۔ قرضہ لے کر واپس نہ دیوے۔ مقدمات میں وقت اور روپیہ ضایع
کرے البتہ فتحیاب ہوتا رہے۔

۱۳۵۔ سورج۔ چھٹویں گھر متھن راس میں ہو۔ تو اپنے کار روزگار میں فایدہ
نہ اٹھاوے نہ آرام اور دولت میں آسودہ ہو۔ بلکہ زیر بار قرضہ ہو والدین
بیمار۔ خود بیمار۔ اور نادار ہو کر رنج اور غم میں زندگی تمام
کرے۔

۱۳۶۔ چاند۔ چھٹویں گھر متھن راس میں ہو۔ تو بیماریاں بلغمی ہوں۔ متوسط عمر میں
عورات سے نقصان۔ چوروں سے مال تباہ ہو۔

۱۳۷۔ منگل چھٹویں گھر متھن راس میں ہو۔ تو ہر طرح رنج اور نقصان پیش آویں
زہریلے جانوروں سے تصدیعہ پہونچے اراضیات ضایع ہوں۔ حملہ دشمنان
میں بدن کو سخت چوٹ آوے۔ کوئی بازو ہاتھ یا پاؤں ٹوٹ
جاوے۔

۱۳۸۔ بدھ چھٹویں گھر متھن راس میں ہو۔ تو دبلا بدن۔ کمزور۔ نادار
قرضدار۔ اور ہر ایک کو پیارا ہو۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۳۹۔ برہسپت۔ چھویں گھر متھن راس میں ہو۔ تو دانا اور ہوشیار عقلمند ہو لیکن ہمیشہ پریشان اور مقدمات میں مصروف بلکہ کسی اتہام اور الزام میں پکڑا جاوے نادار قرضدار ہو۔

۱۴۰۔ شکر چھویں گھر متھن راس میں ہو۔ تو دشمن تکلیف دیویں بیماری درد چھاتی ہو۔ پانی میں ڈوبنے کا خوف ایک زخم کا نشان بدن پر ہو تمام عمر خرابیوں میں بسر ہو۔ البتہ ضعیفی میں کچھ آرام پاوے۔

۱۴۱۔ سنیچر چھویں گھر متھن راس ہو۔ تو بدکار اور جھوٹا۔ چور۔ شریر۔ دشمنوں سے مقابلہ۔ کبھی کارخانہ بنائے یا اون میں تعلق پیدا کرے۔

۱۴۲۔ راہ کیت۔ چھویں گھر متھن راس میں ہو۔ تو کمزور اور ہمیشہ تندرستی کا شاکی ہو۔ برے کاموں پر گذارہ ہو۔ فساد اور جھگڑوں میں گرفتار ہو متوسط عمر میں خوف سزا کا ہو۔

۱۴۳۔ سورج چھویں گھر کرک راس میں ہو۔ والد بیمار رہے۔ اپنے مزاج میں گرمی کا غلبہ ہو۔ زبردست دشمنوں سے مقابلہ پیش آوے متوسط عمر میں تنگ آ کر دشمنوں سے عاجزی کرے۔

۱۴۴۔ چاند چھویں گھر کرک راس میں ہو۔ تو مخالف زیادہ اور ماں بیمار نانکے تکلیف اوٹھاویں

۱۴۵۔ منگل چھویں گھر کرک راس میں ہو۔ تو کئی مصائب پیش آویں اراضیات ہو جاویں۔ سمبندی اور رشتہ دار بھی دشمن ہوں۔ متوسط عمر میں بدنام ہو بدن پر زخم کا نشان ہو۔

۱۴۶۔ بدھ چھویں گھر کرک راس میں ہو۔ تو صاحب اختیارات ہو بات زیادہ بول جایا کرے۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۴۷ - برہسپت چھویں گھر کرک راس میں ہو۔ گو معزز اور بارتبہ ہو۔ مگر اعلے افسران کی نظر میں حقیر ہو۔ اور گذارہ سے تنگ اور کاربار یا پیشہ اوسکا مستقل نہ ہو۔

۱۴۸ - شکر چھویں گھر کرک راس میں ہو تو ہمیشہ بیمار رہے پیشاب کی بیماری ہو۔ چند بار پانی میں ڈوبنے کا خوف متوسط عمر میں تکالیف عورات سے عاجز آوے

۱۴۹ سینچر چھویں گھر کرک راس میں ہو۔ تو تمام زندگی ہمیشہ ادر تکلیف میں بسر ہووے ہمیشہ بیمار۔ رنج اور بائی سے تکلیف دشمن حملہ کریں لاچار ہو کر کہیں چلا جاوے۔ متوسط عمر میں چور لوٹ لیویں۔ زیر بار قرضہ ہو رنج اور غم کبھی دامن نہ چھوڑے۔

۱۵۰ - راہ کیت چھویں گھر کرک راس میں ہو۔ تو نہ آرام دولت نہ سرپر زہردار جانوروں سے تصدیعہ پہونچے دشمن تنگ کرلیویں متوسط عمر میں خوف سزا ہو۔

۱۵۱ - سورج چھویں گھر سنگھ راس میں ہو۔ تو مشہور و نامور و نیک نام ہو لیکن ہمیشہ بے آرام اور مشتاق ہو۔ روپیہ لیکر تنگ ہو جاوے مقدمہ زیادہ کیا کرے۔

۱۵۲ - چاند چھویں گھر سنگھ راس میں ہو تو خود بیمار۔ پیشاب میں تکلیف زمان باپ بیمار۔ مال چوری جاویں۔ جائداد برباد ہو۔

۱۵۳ - منگل چھویں گھر سنگھ راس میں ہو تو ہر طرح تکلیف اور رنج پیش آوے روپیہ ضائع جاوے۔ خونی بیماریاں تنگ کریں کسی الزام میں خوف سزا ہو۔ دشمنوں سے مقابلہ۔

۱۵۴ - بدھ چھویں گھر سنگھ راس میں ہو تو علوم میں ماہر اور عقلمند ہو کر روپیہ ضائع کرے قرضدار ہو جاوے۔ کئی کاروبار کرے تاہم گذارہ سے تنگ اور قرضدار ہو۔

۱۵۵ - برہسپت چھویں گھر سنگھ راس میں ہو۔ تو کسی حادثہ دیکھے پسر دنکا انتقال ہو۔ نادار۔ پریشان۔ قرضخواہ تنگ کریں۔ آخری عمر میں دولتمند ہو۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۵۶۔ شکر چھویں گھر سنگھ راس میں ہو خوبصورت ہمیشہ مسافر۔ بیمار۔ مخالف زیادہ ہوں۔ عورت کا انتقال ہو۔ اور خود اچانک انتقال کرے۔

۱۵۷۔ سنیچر چھویں گھر سنگھ راس میں ہو۔ تو ہمیشہ بیمار دشمنوں سے عاجز۔ بلکہ متوسط عمر میں خوف سزا اور کچھ زمانہ مفرور اور چھپ کر رہے۔

۱۵۸۔ راہ کیت۔ چھویں گھر سنگھ راس میں ہو۔ تو بیمار۔ مقابلہ دشمن۔ مکار بدکار قرضدار جھوٹھ۔ ٹھگ۔ مفرور مسافر

۱۵۹۔ سورج چھویں گھر کنیا راس میں ہو تو نیک کام میں زر خرچ اگر قرضدار ہو جاوے مقابلہ دشمن۔ تباہی اولاد۔ وسط عمر میں سزا کا خوف۔ کچھ زمانہ رنج اور مصیبت دامنگیر ہو۔

۱۶۰۔ چاند چھویں گھر کنیا راس میں ہو ہنرمند۔ چند ہنروں میں ماہر پرہیزگار عابد نرم طبع عورت خوش قسمت خاندان سے ہو۔ اول عمر میں ماں باپ مر جاویں اور تکالیف میں مبتلا ہو۔ ہمیشہ سفر۔ مخالف تنگ کریں۔ بیمار تپ دق سے تکلیف پہنچے۔ آتشک کا بھی خوف ہو۔ روپیہ جمع نہ ہووے۔

۱۶۱۔ منگل چھویں گھر کنیا راس میں ہو۔ خونی بیماری نکسیر یا بواسیر سے تکلیف پہنچے غیر ملک میں رہے۔ مقابلہ دشمن میں اونپر فتحیاب ہو کسی دھرم کا مخالف نہ ہو۔ نہ عورت سے زیادہ محبت ہو عمر اول میں رنج آخیر میں خوش قسمت ہو۔ پہلی عمر کا رنج اولاد آخیر عمر میں دفع ہو عقل متوسط دہرماں جائداد برباد ہوکر پھر ہاتھ آوے آخیر عمر میں دشمن حملہ کریں۔

۱۶۲۔ بدھ چھویں گھر کنیا راس میں ہو۔ تو بیمار دشمن پر غالب نا تکے آرام پاویں۔

۱۶۳۔ برہسپت چھویں گھر کنیا راس میں ہوں تو ہمیشہ سورج کے ثمرہ کرتے ہیں

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۶۴۔ شکر چھوویں گھر کنیا راس میں ہو۔ تو برابر چاند کے پھل دیتے ہیں۔
۱۶۵۔ سنیچر چھوویں گھر کنیا راس میں ہو۔ تو منگل کے برابر پھل دیتے ہیں
۱۶۶۔ راہ۔ کیت اگر چھوویں گھر کنیا راس میں ہو۔ تو پھل ان کا برابر منگل کے ہوتا ہے
۱۶۷۔ سورج چھوویں گھر کنیا راس میں ہو تو تمام زندگی تکالیف میں ضایع جاتی ہے پہلی عمر میں والدہ کا انتقال بھر نانکے تباہ ہوں۔ پھر جائداد بزرگان برباد ہو جاوے سمبندی اور رشتہ دار مخالف ہو جاویں کسی طرح کا کوئی آرام نہ ہو۔
۱۶۸۔ چاند چھوویں گھر تلا راس میں ہو۔ تو جھگڑا فساد پیش آوے بھائی مخالف ہوں الزام میں گرفتاری کا خوف طبیعت بیمار۔ خصوصاً کانوں میں تکلیف۔
۱۶۹۔ منگل چھوویں گھر تلا راس میں ہو۔ بیماری خرابی خون۔ اگ اور حیوان سے چوٹ کا خوف۔ تکالیف دشمنوں سے غیر ممالک میں رہے جوانی کے بعد تنازعات میں کئی تکالیف پیش آویں۔
۱۷۰۔ بدھ چھوویں گھر تلا راس میں ہو۔ پریشان اور بیقرار۔ اپنے ہنر اور علم سے فائدہ نہ اٹھاوے۔ نہ اوس کو کسی کو امید امداد ہو۔ نہ جائداد کو ترقی دیوے۔ بلکہ اوس کو نقصان پہنچاوے۔
۱۷۱۔ شکر چھوویں گھر تلا راس میں ہو۔ تو عورت ہمیشہ بیمار رہے۔ اور اسکی طفیل دشمنوں سے مقابلہ اور دشمن زیادہ ہوں۔
۱۷۲۔ برہسپت چھوویں گھر تلا راس میں ہو۔ تو ہر مقام پر فتحیاب۔ نرم گفتار ہر ایک کا دوست لیکن دشمن اوس سے مقابلہ کریں۔
۱۷۳۔ سنیچر چھوویں گھر تلا راس میں ہو۔ تو وہ عام کا خیر خواہ ہو لیکن اوس کے دشمن زیادہ ہوں۔ اور نقصان دولت کریں اور چوری میں بھی نقصان مال ہو۔ حکام وقت سے بھی تصدیعہ پاوے۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۷۴۔ راہ کیت چھویں گھر تلا راس میں ہو تو بیمار اور دشمنوں سے تکلیف چور اور عورتیں نقصان مال کریں۔

۱۷۵ سورج چھویں گھر برچھک راس میں ہو۔ تو سرد ماغ میں کوئی بیماری یا خلل ہو۔ ماں باپ۔ بھائی دشمن۔ روزگار جاتا رہے۔ اپنا آقا مخالف ہو خواری اور تکلیف پیش آوے۔

۱۷۶۔ چاند چھویں گھر برچھک راس میں ہو۔ تو زبان دراز دلیرانہ گفتگو سے سخت نقصان اٹھاوے۔ نانکے خاندان میں صدمہ موت ہو طبیعت بیمار بلکہ سل یا تپ دق بصدیعہ دیوے۔ رہائیش ملک کا آرام نہ ہو۔ دور دراز سفر کرے

۱۷۷۔ منگل چھویں گھر برچھک راس میں ہو تو ہمیشہ بیمار۔ بے اعتبار۔ اپنی زبان سے دشمن پیدا کرے اور بوجہ دشمنی نقصان اٹھاوے۔ خونی امراض کا غلبہ ہو۔ بواسیر دامنگیر رہے۔

۱۷۸۔ بدھ چھویں گھر برچھک راس میں ہو۔ نرم طبیعت اور دوست کم ہوں ابتدائے میں بیماری دامنگیر رہے۔

۱۷۹۔ برہسپت۔ چھویں گھر برچھک راس میں ہو۔ عالم فاضل نامور۔ نیک نام۔ دو عورتیں ہوں۔ جائیداد بیدرگان نہ ہو۔ جوانی میں مقدمات میں مصروف ہووے زر کا نقصان زیر بار قرضہ ہو جاوے۔ کوئی گذارہ یا روزگار مستقل نہ ہو۔ اپنے ملک میں رہائیش کا موقعہ نہ ملے۔

۱۸۰۔ شکر چھویں گھر برچھک راس میں ہو تو عیاش اور شایق عورات ہو اور انسے فائدہ اٹھاوے بحری سفر کا خواہاں مقابلہ دشمنوں میں غالب رہے اور دشمن زیر ہوں۔

۱۸۱ سنیچر چھویں گھر برچھک راس میں ہو تو کوئی رنج پہنچاتا رہے۔ روزگار میں بسبب اتفاقی آفا خلل اور پھر کمتر قدر کام پر لگایا جاوے۔ دشمن اور چور حملہ آور ہو کر نقصان پہنچاویں اور بیماری بھی تصدیعہ دیوے

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۸۲۔ راہ کیت چھویں گھر برچھک راس میں ہو۔ تو ضرور بیماری خصوصاً پاؤں میں کوئی تکلیف پیدا ہوتی ہے۔ اور شہوت پرست ہوتا ہے لیکن مقابلہ دشمنوں میں فتحیاب۔ اور غیر ممالک میں ناموری۔ بے قرار اور غیر مستقل خیال۔ نانکے خاندان کا مخالف۔

۱۸۳۔ سورج چھویں گھر دھن میں ہو۔ تو غصہ دار جھگڑالو مقدمہ باز۔ زر و دولت کا نقصان۔ زیر بار قرضہ۔ مقابلہ مخالفاں میں سخت رنج اور ندامت اُٹھاوے

۱۸۴۔ چاند چھویں گھر دھن راس میں ہو کوتاہ عمر۔ دم کشی کی بیماری۔ خرابی خون سے چمڑہ بدن بھی خراب ہو جاوے۔ مخالفوں سے بحث اور تکرار اور جھگڑے پیش آویں۔ کبھی تکلیف پیش آویں۔

۱۸۵۔ منگل چھویں گھر دھن راس میں ہو۔ تو بڑے بڑے مقابلہ اور جنگ پیش آویں بڑی ناموری راجہ ہانوں پر حملہ کرے درمیانی عمر میں سخت تکالیف دیکھے اور زمینیں جاتی رہیں۔ گو کچھ جائداد ورانتاً ملے مگر اوس سے فائدہ اور خوشی حاصل نہ ہو۔ خون میں کوئی خرابی نکلے۔

۱۸۶ بدھ چھویں گھر دھن راس میں ہو۔ تو کئی ہنروں میں ماہر اور کئی کام جانتا ہو۔ مگر اُن سے فائدہ نہ ہو۔ اور ملک بہ ملک پھرے بیمار۔ کم طاقت سست دشمن زیادہ ہوں۔ بھائی بندوں کی مدد میں مخالف پیدا کر لیوے۔

۱۸۷ برہسپت چھویں گھر دھن راس میں ہو۔ گو اس اس میں برہسپت بلوان ہوتے ہیں۔ مگر پھل اس خانہ میں شبھ نہیں کرتے ہیں۔ آدمی کسقدر دہرماں ہوتا ہے۔ لیکن کم دولت اور عام لوگوں میں کم قدر ذلیل تمام لوگ دشمن بلکہ بھائی بند بھی مخالف ہوں۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۸۸ اگر شنکر چھویں گھر دھن راس میں ہو۔ تو عزت اور دولت روزگار۔ منصب بحالم جوانی زناکاری اور عیاشی میں کھو بیٹھے۔ بیمار خصوصاً آتشک ہو جاوے اور اوس سے عورت بھی انتقال ہو جاوے۔ سکھ آرام گھر بار مال ضایع ہو جاوے۔ جھگڑے اور فساد پیش آویں تمام عمر خرابیوں میں برباد کرے۔

۱۸۹ سنیچر چھویں گھر دھن راس میں ہو۔ تو پھل یہ دیتا ہے۔ کئی ہنروں اور دستکاریوں میں لایق۔ ہوشیار مستعد۔ کام انجنیری اور لوہار ترکھان میں کاریگر ہو۔ اور بیماریوں کے علاوہ درد گردن اور پاؤں کو زیادہ تکلیف پہونچاوے اکثر اوقات مقابلہ دشمنوں میں فتحیاب ہو مشہور اور نامور ہو۔

۱۹۰ راہ کیت چھویں گھر دھن راس میں ہو تو ہنر مند حکیم یا کل ساز کیمیاگر سائنسدان۔ زخم پھوڑے اور چند بیماریوں کا معالج ہمیشہ کمسان لوگوں میں حقیر مقدمہ باز چہرہ خراب ہو۔ دشمنوں کے مقابلہ میں غالب اور کامیاب ہو۔

۱۹۱ - سورج چھویں گھر مکر راس میں ہو۔ تو ہر طرح نقصان اور تکالیف پیش آتی ہیں۔ تمام زندگی رنج اندیشہ اور جھگڑوں میں اور بیماری کی کئی قسم خصوصاً آنکھ اور دشمنی رشتہ داران میں ضایع جاتی ہے۔ حکام وقت سے وسط عمر میں کئی نقصان اور تصدیعہ پہونچتے ہیں۔

۱۹۲ - چاند چھویں گھر مکر راس میں ہو۔ تو نادار تنگ حال غیر ملک کے زور آور اور ظالم حکمران سے نوبت تباہی اور بربادی پیش آوے۔ انجام کار ان صدمات تباہی خیز سے بچ جاوے آخری عمر میں بیماری تپ دق کا خوف ہے۔ بلغمی بیماریاں بھی ہوں۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۹۳۔ منگل چھویں گھر مکر راس میں ہو تو بڑے بھارے مقابلہ اور جنگ پیش آویں۔
لوگوں اور مخالفوں میں بے عزت ہو حکام وقت بھی مخالفت کریں تاہم سب پر
غالب اور فتحیاب ہو لیکن بدکار اور بدچلن ہو۔

۱۹۴۔ بدھ چھویں گھر مکر راس میں ہو گو خوش رہے۔ اور دشمن بھی کوئی نہ ہو لیکن
بیمار۔ کمزور۔ دُبلا۔ آنکھیں بیمار۔ زر دولت سے لاچار۔ نانگے گھر بیزار ہو

۱۹۵۔ برہسپت چھویں گھر مکر راس میں ہو۔ تو آرام دولت سلوک اتفاق سے محروم۔
بدنام۔ جھگڑوں۔ فسادوں میں زر دولت اور جائداد کا نقصان دشمنوں
سے کئی حادثہ اور مصائب دیکھے۔

۱۹۶۔ شکر چھویں گھر مکر راس میں ہو۔ تو عیاش زناکار متلون مزاج عورات میں
زر کا نقصان بلکہ مفلس اور نادار ہو جاوے۔ اور بوجہ ناجائز
معاملات کے دشمنوں سے نقصان اٹھاوے۔ بیمار مرض سوزاک یا
آتشک ہو۔

۱۹۷۔ سنیچر چھویں گھر مکر راس میں ہو۔ تو رنج عورت اور مقابلہ مخالفاں اور
۱۳۸۔ شکر یا چندرماں سے دوسری گھر میں سنیچر ہو۔ تو کسیکو فائدہ نہ پہونچاوے۔

۱۳۹۔ بدھ یا برسپت اگر دسویں گھر کا مالک ہو کر بلوان ہو۔ اور خانہ ۵ یا ۹ میں ہو۔ تو یگ کرنیوالا ہو۔

۱۴۰۔ بدھ دسویں گھر میں بلوان ہو کر شبھ گرہ کی درشٹی میں ہو تو جاپ کرنیوالا ہو۔

۱۴۱۔ بدھ نانویں گھر میں اوچ کا یا بلوان ہو کر شبھ حالت میں ہو اور کوئی پاپی گرہ اوسکو نہ دیکھتا ہو۔ تو یگ کرنیوالا ہو۔

۱۴۲۔ شکر چندرماں جنم لگن میں ساتھ ہوں۔ اور سنیچر دیکھتا ہو تو کسیکو فائدہ نہ پہونچاوے۔

۱۴۳۔ چوتھے گھر کا مالک آٹھویں گھر میں ہو۔ تو نربھاگ ہو۔ کم نصیب ہو۔

۱۴۴۔ ناتویں گھر کا مالک چھیویں گھر میں پاپی گرہ کی درشٹی میں ہو۔ تو

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitized by eGangotri

پتر بھاگ ہو۔

۱۴۵ الگنیش نربل ہو۔ تو کم نصیب ہو۔

۱۴۶ نانویں گھر کا مالک پاپی گرہ کے انس میں ہو۔ یا ہین اس میں ہو۔ تو کم نصیب ہو۔

۱۴۷۔ دوسرے گھر کا مالک گیارہویں گھر ہیں دسویں گھر کے مالک کی درشٹی میں ہو۔ تو خوش نصیب ہو۔

۱۴۸۔ جنم لگن چر ہو۔ مالک اس کا پاپی گرہ یا اسکو پاپی گرہ دیکھتا ہو۔ تو غیر ملک میں بخت یاور ہو۔ اور اقبال عروج پر آوے۔

۱۴۹۔ جنم لگن استھر ہو۔ مالک اوسکا شبھ گرہ ہو۔ اور شبھ گرہ اوسکو دیکھتا ہو۔ تو وطن میں بخت یاور ہو۔

۱۵۰ جنم لگن دوسبھاد ہو۔ مالک لگن اوسمیں ہو یا اوسکو دیکھتا ہو۔ یا کوئی شبھ گرہ دیکھتا ہو۔ تو وطن اور باہر ہر جگہ نصیب یاور ہو۔

۱۵۱۔ نانویں اور دسویں گھروں کے مالک آپسمیں سمبندھ رکھتے ہوں تو خوش اقبال ہو۔

۱۵۲۔ نانویں گھر کا مالک نانویں گھر میں اور دسویں گھر کا مالک دسویں گھر میں ہوں۔ اور ہر طرح بلوان اور پاپی گرہوں کی درشٹی سے بچے ہوئے ہوں۔ تو بڑا صاحب اقبال اور خوش قسمت ہو۔

۱۵۳۔ نانویں گھر کا مالک دوسرے گھر میں اور دوسرے گھر کا مالک نانویں گھر میں ہو۔ تو دولتمند ہو۔

۱۵۴۔ نانویں گھر کا مالک گیارہویں گھر میں ہو۔ تو خوش بخت ہو۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۵۵-گیارہویں گھر کا مالک اپنے گھر میں یا جنم لگن میں دسویں گھر کے کی درشٹی میں ہو۔ تو خوش بخت ہو۔

۱۵۶-برہسپت کرسا تویں گھر میں بلوان ہو۔ تو بعد شادی بخت یاور ہو۔

۱۵۷ نانویں گھر کو شبھ گرہ پورن درشٹی سے دیکھتا ہو۔ یا نانویں گھر کا مالک یا کوئی اور گرہ شبھ بلوان ہوکر نانویں گھر کو دیکھتا ہو وطن اور ... پردیس میں ہر جگہ بخت یاور ہو۔

۱۵۸ گیارہویں گھر کا مالک جنم لگن میں اور دوسرے گھر کا مالک گیارہویں گھر میں اور نانویں گھر کا مالک دوسرے گھر میں ہوں۔ اور دوسرے گھر کا مالک اُسکو دیکھتا ہو۔ تو بڑا خوش قسمت ہو۔

۱۵۹ لگنیش اور تیسرے گھر کا مالک شبھ گرہ میں شبھ گرہ کی درشٹی میں ہوں تو بھائی کی طفیل یا اُسکی دولت سے اقبال یاور ہو۔

۱۶۰-لگنیش اور پانچویں گھر کا مالک شبھ گرہ کی درشٹی میں شبھ حالت میں ہوں۔ تو بیٹے کی طفیل بخت یاور ہو۔

۱۶۱-نانویں گھر کا مالک پورن درشٹی سے پانچویں گھر کو دیکھتا ہو۔ تو بیٹے کے ذریعہ قسمت یاور ہو۔

۱۶۲-لگنیش اور دوسرے گھر کا مالک پانچویں گھر میں ہوں۔ تو بیٹے کے ذریعہ صاحب اقبال ہو۔

۱۶۳-نانویں گھر کا مالک شبھ گرہ ہو۔ اور شبھ ہوکر دوسرے گھر میں ہو تو خوش نصیب ہو۔

۱۶۴-جنم لگن اور دوسرے و تیسرے گھر میں شبھ گرہ بلوان ہوں۔ تو خوش نصیب ہو۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۶۵ یارہویں گھر میں سورج یارا ہو ہو۔ تو اشنان تیرتھ یا گنگا کا کرے

۱۶۶ ۔ نانویں گھر کو برہسپت دیکھتا ہو۔ یا بارہویں گھر میں برہسپت ہو۔ تو اشنان تیرتھ اور گنگا کا ہو۔

۱۶۷ ۔ بدھ یارہویں گھر میں بلوان ہو۔ تو اشنان گنگا یا کسی تیرتھ کا ہو۔

۱۶۸ ۔ جل راس کے چندرماں تیسرے گھر میں ہو۔ اور کوئی شبھ گرہ پورن درشٹی سے دیکھتا ہے تو اشنان تیرتھ گنگا کا ہو۔

۱۶۹ بدھ ۔ اٹھویں گھر میں شبھ گرہ کی درشٹی میں ہو۔ تو کئی تیرتھوں کا اشنان کرے۔

۱۷۰ ۔ نانویں اور دسویں گھر کے مالک نانویں گھر میں بلوان ہوں۔ تو بہت تیرتھوں کا اشنان ہو۔

۱۷۱ ۔ چندرماں سے نانویں گھر کا مالک کیندر میں ہو۔ تو بڑے تیرتھوں کا اشناں کرے۔

۱۷۲ ۔ چندرماں سے نانویں گھر میں شبھ گرہ ہو۔ تو بڑے تیرتھوں کا اشنان ہو۔

۱۷۳ ۔ چوتھے گھر میں سورج ۔ چھٹویں گھر میں برہسپت ہو۔ تو سنیاسی ہو کر تپ نہ کرے۔

۱۷۴ ۔ سیکھ راس نانویں گھر میں ہو۔ منگل بلوان اور شبھ حالت میں ہو۔ تو شبھ کرم کرنیوالا۔ اور گائے کی پوجا کرے

۱۷۵ نانویں گھر میں برکھ راس ہو۔ اور شکر بلوان اور شبھ حالت میں ہو تو شبھ کام کرنیوالا سخی ۔ گئو برہمن کو ماننے والا ہو۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۷۶ نانویں گھر میں متھن راس ہو۔ اور بُدھ بلوان ہو۔ تو نکوکار اور ساہدو
برہمن کو بھوجن کھلانیوالا ہو
۱۷۷۔ نانویں گھر میں کرک راس ہو۔ اور چندرماں بلوان ہو۔ تو تیرتھ برت
نیم پرہیزگار ہو۔
۱۷۸۔ نانویں گھر میں سنگھ راس ہو۔ اور سورج بلوان ہو۔ تو پرا اوپکاری
اور لوگوں کے کام کرنیوالا ہو
۱۷۹۔ نانویں گھر میں کنیا راس ہو۔ اور بُدھ بلوان ہو۔ تو مکار۔ حیلہ ساز۔
شائق عورات ہو۔
۱۸۰۔ نانویں گھر میں تلا راس ہو۔ اور شکر بلوان ہو۔ تو مسافرخانہ اور آرام
گاہ بنوادے۔
۱۸۱ نانویں گھر میں برچھک راس اور منگل بلوان ہو۔ تو بہادر اور بلوان
ہو۔
۱۸۲۔ نانویں گھر میں دہن راس ہو۔ اور برہسپت بلوان ہو۔ تو دہرماتماں
مسافرخانہ آرامگاہیں تیار کرادے۔
۱۸۳ نانویں گھر میں مکر راس ہو۔ اور سنیچر بلوان ہو۔ تو سخی اور شبھ کام کرنیوالا ہو
۱۸۴۔ نانویں گھر میں کنبھ راس ہو اور سنیچر بلوان ہو۔ تو مسافرخانہ اور چاہ تالاب
بنوادے۔ اور شبھ کام کرے۔
۱۸۵۔ نانویں گھر مین راس ہو۔ اور برہسپت بلوان ہو۔ تو مندر مسافرخانہ باغ تالاب
بنوادے معزز اور نامور نیکنام۔ دہرماتماں ہو۔
۱۸۶۔ برہسپت و راہو ملکر دہن راس میں کسی جگہ ہوں۔ منگل و شکر مل کر ساتویں
گھر میں ہوں۔ اور آٹھویں گھر میں سورج و چاند مل کر آدیں۔ تو

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

ملیچھ ہوگا۔ اگر بدھ برہسپت شکر میں سے کوئی گرہ بلوان ہوکر سنجھ حالت میں کیندر استھان پر ہو۔ تو دوش اوسکا دور ہو جاویگا

۱۸۷۔ کیندر استھان میں بدھ۔ برہسپت نہ ہوں اور دسویں گھر کو منگل ہو تو پاپ کرم ہوگا۔ کبھی کوئی بھلا کام نہیں کریگا۔

۱۸۸۔ جنم لگن سنگھ . . . ہو اور ساتویں سنیچر ہو۔ تو وہ منش اپنے دہرم بزرگان پر قایم نہیں رہیگا۔

۱۸۹۔ چاروں کیندر میں کوئی گرہ نہ ہو۔ نہ کوئی اور گرہ بلوان ہو۔ تو وہ منش مند بھاگ اور مانگنے والا ہوگا۔

۱۹۰۔ جنم لگن میں منگل اور برہسپت اور راہو ہوں۔ اور ساتویں گھر میں شکر ہو۔ اور اٹھویں سورج ہو۔ تو ادھرمی اور پراستریوں سے صحبت کرنیوالا۔ اور پچیسویں برس اپنا دہرم چھوڑ دیویگا

۱۹۱۔ تیسرے گھر میں چاند۔ ساتویں منگل اور آٹھویں سنیچر اور سورج ہوں تو دہرم اپنا چھوڑ دیویگا۔

۱۹۲۔ جنم لگن سنگھ ہو۔ اور ساتویں گھر کنبھ اس میں سنیچر ہو۔ تو دہرم چھوڑ دیویگا۔ کیونکہ وہ اپنے گھر میں بلوان ہوکر دھرم استھان کو پورن درشٹی سے دیکھتا ہے۔ اور اُس کا نیم ہے کہ جہاں اُسکی درشٹی ہو۔ اُس کا ناش کرتا ہے۔

۱۹۳۔ میکھ راشی خانہ نہم میں ہو۔ تو خوف حملہ چور۔ دل پریشان۔

۱۹۴۔ برکھ راشی خانہ نہم میں ہو۔ تو چوروں رہزنوں سے سفر میں خوف نہ ہو۔ دہرم میں اعتقاد عبادت بندگی۔ خواب خوشی آویں۔

۱۹۵۔ متھن راشی خانہ نہم میں ہو۔ تو کار عظیم سے فائدہ خواب خوش سفر۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

یا ظفر اور تجارت اور شراکت سے فائدہ۔

۱۹۶۔ کرک راشی خانہ بہ نہم میں ہو۔ تو اعتقاد دہرم۔ بندگی۔ پرستش۔ خواب خوش۔ سفر نیک۔

۱۹۷۔ سنگھ راشی نانویں گھر میں ہو۔ تو سفر اختیاری یا نغم۔ توبہ بدکاری شغل عبادت خواب خوش۔

۱۹۸۔ کینا خانہ نہم میں ہو۔ تو خواب پریشان اور دیکھنا شیر و بھینس و فیل کا خواب میں سفر دور و دراز اور تکالیف سفر۔

۱۹۹۔ تلا خانہ نہم میں ہو۔ تو پابندی دھرم بندگی عبادت ست سنگ راگ رنگ آواز شیریں۔ رقص سرود۔ باغ و سبزہ زار کنارہ آب محبت مادر فائدہ کثیر۔

۲۰۰۔ برچھک خانہ نہم میں ہو۔ تو سفر میں پریشانی اور خواب رنگا رنگ یلنا امداد

۲۰۱۔ دھن خانہ نہم میں ہو۔ تو اعتقاد دہرم اور خواب راست آویں اور سفر نزدیک سے فائدہ ہو۔

۲۰۲۔ مکر خانہ نہم میں ہو۔ تو سفر دور دراز سے فائدہ خواب ہائے پریشان اکثر سیاہ رنگ مثلاً بھینس۔ ہاتھی وغیرہ بہتری عورات سے اور معاملات شراکتی سے۔

۲۰۳۔ کنبہ خانہ نہم میں ہو۔ تو ترقی علم اور زیادہ سفر۔ خواب ہائے پریشان

۲۰۴۔ مین خانہ نہم میں ہو۔ تو علم اور ست سنگ دھرم اور شادی سفر میں

۲۰۵۔ اگر نہم لگن سنگھ ہو۔ اور ساتویں گھر میں کیتو ہو۔ تو مولود اپنے دہرم

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

یا مذہب میں نہیں رہیگا۔

۲۰۶ - اگر لگن میں منگل اور برہسپت اور راہو ہو۔ ساتویں شکر ہو۔ اور آٹھویں سورج ہو۔ تو مولود زناہ کار ہوگا۔ اور چھبیسویں سال دہرم اپنا ترک کرے گا۔

۲۰۷ - اگر تیسرے چاند اور ساتویں منگل اور آٹھویں سینچر و سورج ہوں تو مولود اپنا دہرم اور مذہب چھوڑ دیوے گا۔

۲۰۸ - اگر سنگھ لگن کا جنم ہو۔ اور ساتویں سینچر ہو۔ تو مولود دہرم اپنا ترک کریگا۔ کیونکہ ساتویں سینچر اپنے گھر کا ہوگا۔ اور سینچر تیسرے اور دسویں کامل نظر سے دیکھتا ہے۔ اور ساتویں سے ناواں گھر تیسرا ہوتا ہے۔ اور ناواں گھر متعلق دہرم اور مذہب کے ہے۔ اس لئے وہ دہرم بگاڑ دیویگا۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

رازیا زدھم احکام جنم کنڈلی

خانہ نمبر ۱۰ - کرم گھر

۱- سورج دسویں گھر میں بلوان ہو۔ تو صاحب بخت اور دولتمند او عالی مراتب ہو۔ بادشاہوں۔ حکام۔ بزرگوں سے فائدہ پہونچے۔ ورنہ پاوے۔ نربل ہو۔ تو ہر طرح روزگار۔ عزت اعتبار۔ رزق دولت میں کمی لاتا ہے۔

۲- چاند۔ دسویں گھر میں بلوان ہو۔ تو نامور۔ دولتمند۔ ماں باپ کا آرام راجدربار سے عزت و مرتبہ حاصل ہو۔ عیاش ہو۔ عورت کا پیارا عمدہ لباس و زیور ہوں۔ اگر نربل ہو۔ تو رنج تکلیف۔ آرام ماں باپ سے محروم۔ روزگار سے تنگ ہو۔

۳- منگل۔ دسویں گھر میں بلوان ہو۔ تو صاحب اختیار۔ بلند مرتبہ نیک پرہیزگار۔ ہر ایک کام مشکل اور مقابلہ میں فتح پاوے۔ دلاور بہادر۔ سردار یا افسر فوج یا مہتمم کارخانہ ہتھیار۔ رعب والا۔ لوگوں پر خوف ہو۔ اگر نربل ہو۔ تو معزولی درجہ۔ نقصان حکام رنج تہمت زخم۔ سفر بیفایدہ۔

۴- بدھ دسویں گھر میں بلوان ہو۔ تو نیکنام و صاحب قدر ہر ایک ارادہ میں کامیاب معزز۔ ہر دل عزیز۔ ہر ایک کا خیر خواہ۔ راجدربار سے مرتبہ۔ حکومت نصیب ہو۔ دانا۔ نیک۔ اچھے روزگار...

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

والا ہو۔ اگر نربل ہو۔ تو روزگار۔ عزت۔ درجہ میں خلل۔ زر دولت کا نقصان لوگوں میں بدنام۔

۵ برہسپت۔ دسویں گھر میں بلوان ہو دہرماتماں۔ مالدار دولتمند۔ سخی متحمل باحوصلہ حلیم مزاج۔ خوبصورت خوش طالع۔ معزز صاحب اقبال نیک کام راجدربار میں قدر منزلت ہو۔ اگر نربل ہو۔ تو روزگار عزت رزق دولت میں نقصان۔ لوگوں میں بدنامی ہو۔

۶۔ شکر۔ دسویں گھر میں بلوان ہو۔ عمدہ روزگار۔ تجارت سے فائدہ عورت نیک شائق سیر باغ۔ اکثر بیماری آنکھ کی ہو۔ اور آنکھوں کی بیماری کا حکیم ہو۔ اولاد زیادہ نامور۔ نیک خصلت صاحب دولت۔ اگر نربل ہو۔ تو نقصان زر دولت ماں باپ سے رنج۔ روزگار میں خلل۔

۷ سینچر۔ دسویں گھر میں بلوان ہو۔ تو حاسد مزاج کمینہ روزگار بخیل بے فیض۔ بدی پسند۔ مرض داد خارش سے تکلیف۔ ماں باپ سے آرام نہ ملے۔ اپنی محنت سے دولت پیدا کرے۔ اگر نربل ہو۔ تو کاروبار میں خلل نقصان دولت۔ ماں باپ کی موت۔

۸ راہ کیت۔ دسویں گھر میں ہو تو ادہرمی۔ بدکار کمینہ۔ روزگار۔ زنانہ مزاج مرض بواسیر کا شاکی میلا۔ دہرم کا مخالف۔ آرام باپ سے محروم۔ روپیہ کمانے میں زیادہ متوجہ ہو۔ اور راجدربار سے عزت اور مرتبہ پاوے۔

۹ دسویں گھر کا مالک جنم لگن یعنے خانہ اوّل میں ہو۔ تو اپنی ماں کی خدمت نہ کرے۔ باپ کا تابعدار۔ روزگار اچھا۔ معزز۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۰ دسویں گھر کا مالک دوسری گھر میں ہو۔ ماں سے پیار۔ باپ سے رنج جایداد تھوڑی روزگار اور بیوپار سے آسودہ

۱۱ دسویں گھر کا مالک تیسرے گھر میں ہو۔ تو ماں اور اپنے رشتہ داروں سے رنج رکھے۔ اور نانکے اوسکی پرورش کریں۔

۱۲۔ دسویں گھر کا مالک چوتھے گھر میں ہو۔ تو بآرام اور ماں باپ کا تابعدار اور سب لوگوں کا پیارا۔ اور راجدربار میں عزت۔ زمین مکان سے آسودہ۔

۱۳ دسویں گھر کا مالک پانچویں گھر میں ہو۔ تو نیکنام اور نیک کام۔ راگ رنگ کا شائق۔ معزز۔ صاحب علم۔

۱۴۔ دسویں گھر کا مالک چھٹے گھر میں ہو شبھ گرہ ہو۔ تو راجدربار اور باپ دادا نانکیوں سے دولت پاتا ہے۔ ایلا خوف دشمن۔ پاپی گرہ ہو۔ تو رنج اور تکلیف وسفر بے فایدہ۔

۱۵ دسویں گھر کا مالک ساتویں گھر میں ہو۔ تو اوسکی عورت خوبصورت نیک خصلت خدمتگار خاوند وساس سسر ہو۔ کار بیوہار میں فائدہ عزت۔

۱۶ دسویں گھر کا مالک اٹھویں گھر میں ہو سخت دل۔ جوٹھ بولنے والا۔ چور بدکار۔ ماتا کو تکلیف دینے والا۔ چھوٹی عمر۔ فریبی۔

۱۷۔ دسویں گھر کا مالک نانویں گھر میں ہو۔ تو دھرماتماں۔ ماں باپ سخی اور اور غریب مفلس کی خدمت کرنے والے ہوں۔ راجدربار میں عزت صاحب اقبال۔ بڑا مرتبہ۔

۱۸۔ دسویں گھر کا مالک دسویں گھر میں ہو۔ تو معزز اور صاحب منصب

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

دولتمند - امیر - ماں باپ کا فرمانبردار - راجدربار میں رتبہ اور

۱۹ دسویں گھر کا مالک گیارہویں گھر میں ہو۔ عمر دراز - دولتمند - معزز راجدربار میں درجہ اعلےٰ اور عزت - ماں باپ کا پیارا - اور اونکا خدمت گذار - خوش تقریر ہر ایک کام اور مجلس میں ہوشیار -

۲۰ دسویں گھر کا مالک بارہویں گھر میں ہو۔ تو خرچ زیادہ - روزگار کیلئے ہمیشہ سفر ہو۔

۲۱ سورج - میکھ راس یعنی دسویں گھر ہو۔ صاحب اقبال معزز - جائیداد بزرگان زیادہ - اور چند مقامات پر ہو۔ ماں باپ کی عمر دراز - راجدربار میں منصب اعلےٰ او عزت نامور - اعلےٰ روزگار -

۲۲ چاند - دسویں گھر میکھ راس بلوان ہو۔ راجدربار میں اعلےٰ درجہ یا کسی وقت کسی ملک کا راجہ یا حکمران باختیار ہو۔ زبان اور عزت کا بڑا بھاری خیال رکھے مختلف حصوں میں حکومت ہو۔ جائیداد اراضی و مکانات بکثرت ہو۔ لیکن ایک وقت ایسا آجاوے کہ اوس کے پاس کچھ نہ رہے۔ آخری زمانہ پھر عزت اور اقبال میں بسر کرے۔

۲۳ منگل دسویں گھر میکھ راس میں ہو۔ پہلی عمر زمانہ اچھا گذارے۔ متوسط میں جاکر تکالیف پیش آویں - اور گذارہ سے تنگ ہو جاوے کام زیادہ اور روزگار معقول اور کئی مقامات پر کرے۔ بھائی بند بھی معمولی صاحب روزگار ہوں۔ اُن کی تکالیف اور مصائب کا بار اپنے اوپر لیوے۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۲۴ - بُدھ دسویں گھر سیکھ راس میں ہو۔ خواہان عزت۔ کئی کام۔ اور سبب گذارہ کے ہوں۔ ہر ایک کام عقل اور سوچ سے کرے۔ نالائق بھائیوں سے رنج اُٹھاوے۔ تاہم لوگوں میں عزت اور نیکنام آخری عمر میں کس قدر ناموری پر دھبہ لگے۔

۲۵ برہسپت دسویں گھر میکھ راس میں بلوان ہو۔ ابتدا ئے زمانہ سے صاحب اقبال بڑا نامور بہادر بڑے اختیارات منصب شاہی متوسط عمر میں کسی ملک کا راجہ یا مہاراجہ ہوجاوے۔ کسی زمانہ میں لوگوں کو تعلیم دیوے۔ اور اس کے بعد ستارہ قسمت بلندی اور عروج پر آوے۔ آخری عمر میں سب کچھ

۲۶ شکر۔ دسویں گھر سنگھ راس میں بلوان ہو۔ لائق ہوشیار۔ فصیح زبان اور کار عمدہ چاندی۔ سونا۔ جواہرات کا بیوہار کرے عورت سے رنج اور آخری عمر میں

۲۷ سنیچر۔ دسویں گھر میکھ راس میں بلوان ہو۔ ابتدا عمر سے پریشان اور گذارہ سے لاچار۔ رزق دولت جائداد و بزرگان تباہ کر دیوے کافر کمینہ اور روزگار ناپسند خاندان ہو۔ بیشک ہر ایک کام میں کامیاب اور ہنر مند۔ لیکن جھوٹا۔ بے شرم بد صحبت۔ بدکار۔

۲۸ راہو کیت۔ دسویں گھر میکھ راس میں ہو۔ ظالم غصہ ور جنگ جو لڑائی میں تیغ زن فائدہ حاصل ہو۔ متوسط عمر میں سخت خراب اور گذارہ سے تنگ لیکن آخر عمر میں دولتمند ہو۔

۲۹ سورج دسویں گھر برکھ راس میں بلوان ہو۔ نامور نیک

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitized by eGangotri

ہنرمند شاہی معاملات اور مقدمات میں کامیاب۔ معزز۔ اچھے کام کرنیوالا۔ بلند اقبال۔

۳۰ چاند۔ دسویں گھر برکھ راس میں بلوان ہو۔ تو معزز۔ نیکنام غیر ملک میں سفر۔ اعلےٰ درجہ اور مرتبہ نصیب ہو۔ دائم السفر بشائق سفر بحری روزگار عمدہ ہر ایک کام میں کامیاب ہو۔

۳۱ منگل دسویں گھر برکھ راس میں ہو۔ زبردست دلاور سخت مزاج ظالم معزز۔ صاحب دولت دشمنوں پر غالب اگر دیگر گرہ شبھ حالتیں ہوں۔ تو مجسٹریٹ درجہ اعلےٰ ہو۔

۳۲ بدھ۔ دسویں گھر برکھ راس میں بلوان روزگار عمدہ صاحب علم۔ علم حکمت و ریاضی میں لائق۔ سلیقہ سخی۔ ماں باپ کو آرام دیوں۔

۳۳ برہسپت۔ دسویں گھر برکھ راس میں ہو۔ معزز۔ دولتمند۔ صاحب اولاد منصب و درجہ اعلےٰ نصیب ہو منصب دعادل مزاج نیکنام۔ نیک کام۔ اختیارات فیصلہ مقدمات حاصل ہوں۔ روزگار عمدہ۔

۳۴ شکر۔ دسویں گھر برکھ راس میں بلوان ہو۔ گو ایک زمانہ سخت نقصانات کا پیش آوے۔ تاہم جائیداد زمین۔ مکان۔ سواری دولت۔ درجہ با اختیار کام تجارت عمدہ نصیب ہو۔ لائق اور مصنف وغیرہ ہو۔ ماں باپ کو آرام۔

۳۵ سنیچر۔ دسویں گھر برکھ راس میں بلوان ہو۔ جائیداد زمین مکانات دولت۔ قدر زیادہ ہو۔ مگر باوجود اس کے پہلی عمر

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

جھوٹھ۔ غریب اور کمینہ کام اور کمینہ روزگار میں بسر کرے باپ کو تکلیف اور ان کا نافرمان۔

۳۶۔ راہ کیت۔ دسویں گھر برکھ راس میں ہو۔ ہنرمند۔ کام دستکاری کل سازی میں ماہر۔ معزز۔ لیکن جھگڑوں میں پریشان اور بے قرار و نادار ہو۔ اکثر تکالیف اور رنج پیش آویں۔ اُن سے آزادی پا کر وطن چھوڑ جاوے۔

۳۷۔ سورج۔ دسویں گھر متھن راس میں ہو۔ ہنرمند۔ دستکار۔ نامور۔ مشہور۔ دلیر۔ بہادر۔ امیر کبیر۔ معزز۔ راج دربار میں صاحب قدر ہو۔

۳۸ چاند۔ دسویں گھر متھن راس میں ہو۔ روزگار عمدہ۔ مویشی زیادہ معزز سخی۔ نیک نام۔ کئی آدمی ماتحت ہوں۔ دولتمند۔ ماں باپ خوش۔

۳۹۔ منگل۔ دسویں گھر متھن راس میں ہو۔ تو کسی کی اطاعت نہ کرے اپنی کمائی پر گذارہ۔ بکہ روزگار نہ ہو۔ ماں باپ سے مخالفت۔

۴۰ بُدھ دسویں گھر متھن راس میں ہو کئی کام کرے۔ مختلف کاموں پر گذارہ ہو۔ پہلی عمر پریشانی میں گذرے۔ آخری عمر میں گذارہ آمدنی اچھی ہو اور لوگوں میں عزت راج دربار میں قدر ہو۔

۴۱ برہسپت دسویں گھر متھن راس میں ہو۔ تو معزز۔ نامور۔ نیک نام۔ راج دربار میں عزت پیشہ تعلیم علم۔ ماں باپ کو آرام۔

۴۲۔ شکر۔ دسویں گھر متھن راس میں ہو۔ صاحب علم۔ علم بیدانت۔ قیافہ منطق۔ دہرم ددیا میں لائق پنڈت اور اوستاد ہو۔ راج دربار۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

ہیں۔ اعلےٰ درجہ اور بلند منصب ہو۔ متوسط عمر میں درجہ اور منصب اختیارات نصیب ہو۔ نامور مشہور ہو۔

۴۳۔ سنیچر دسویں گھر متھن راس میں ہو۔ ادہرمی۔ پاپی۔ بددیانت ماتحتوں کو تکلیف اور رنج دینے والا۔ ماں باپ کا مخالف۔

۴۴ راہ کیت۔ دسویں گھر متھن راس میں ہو۔ تو ہنرمند۔ دستکار مشین بنانے والا۔ عاقل دانا۔ دولتمند۔ سخی۔ لوگوں کے کام کرنیوالا۔ کسی ملکوں کا سیر سفر پیش آدے

۴۵۔ سورج۔ دسویں گھر کرک راس میں ہو۔ دانا۔ عقل کل۔ وزارت یا کوئی اعلےٰ درجہ نصیب ہو۔ معزز مشہور۔ زبردست۔ دلیر۔ بہادر صاحب اقبال دبدبہ والا۔

۴۶ چاند۔ دسویں گھر کرک راس میں بلوان ہو۔ معزز نامور۔ صاحب جایداد لائق۔ نیک نام۔ دولت زمین سے آسودہ۔ ہر ایک کام میں ماہر۔ ماں باپ کا تابعدار

۴۷۔ منگل۔ دسویں گھر کرک راس میں ہو۔ ادنےٰ اور کمینہ گذارہ۔ سمبندیوں سے نقصان۔ جایداد کی بربادی۔ ماں۔ باپ سے مخالفت۔ اعزازہ خاندان میں تنزلی۔

۴۸۔ بدھ دسویں گھر کرک راس میں ہو۔ کم علم۔ اور صاحب عقل تجارت میں ماہر متوسط عمر کے بعد شادکام اور دولتمند ہوجاوے۔

۴۹ برہسپت۔ دسویں گھر کرک راس میں ہو۔ عالم فاضل عقل کل دانا خوش نصیب۔ راج دربار میں بڑا درجہ۔ یا وزیر سلطنت آخری عمر میں عزت اور آرام زیادہ۔ ماں باپ معزز اور مسرور

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

خانہ ۱۰

۵۰ شکر۔ دسویں گھر کرک راس میں ہو۔ عالم۔ فاضل۔ بلکہ اُستادِ علم ہو۔ کئی قسم کی سواریاں۔ درجہ اور منصب باختیار نصیب ہو۔ اس کے اعلے عہدہ دار اوسکو اول تکلیف اور رنج پہونچاویں مگر آخیر کار وہ مددگار۔ اور مہربان ہوں۔ ہر ایک کام و روزگار میں کامیاب ہو۔

۵۱۔ سنیچر دسویں گھر کرک راس میں ہو۔ ادھرمی۔ جھوٹا۔ بددیانت بے ٹکانہ نکمّا اور کمینہ مزاج۔ بدنام۔

۵۲۔ راہ کیت۔ دسویں گھر کرک راس میں ہو۔ تعلیم یافتہ ہوشیار۔ مگر بے عقل جاہل بے ٹکانہ اور بے اعتبار مزاج۔ رشتہ داروں کا مخالف بدنام۔

۵۳۔ سورج۔ دسویں گھر سنگھ راس میں ہو۔ معزز۔ نامور۔ بلوان بہادر زمین مکانات۔ سواریاں نصیب ہوں۔ راج دربار میں عزت دھرماتماں سیر سفر پہاڑوں وغیرہ کا شائق۔

۵۴ چاند دسویں گھر سنگھ راس میں بلوان ہو۔ پہلی عمر اچھی گذرے اور اچھے کام کرے۔ لیکن متوسط عمر میں روزگار جاتا رہے کسی اور کا ترکہ ہاتھ آوے مختلف کاموں پر گذارہ ہو۔ البتہ مشہور اور نامور۔

۵۵ منگل دسویں گھر سنگھ راس میں ہو۔ ہر ایک سے مخالفت۔ ہمبند ہیوں سے دشمنی بخیل۔ جائداد بزرگان کا نقصان۔ عزت خاندان میں خلل۔

۵۶ بدھ۔ دسویں گھر سنگھ راس میں ہو۔ عالم۔ دانا۔ شاعر بلکہ خود

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

کتابیں بناوے بڑے اعلےٰ خیالات اور ایسی سمجھ ہو۔ گذارہ معقول روزگار اچھا مگر باوجود اس کے پھر بھی نادار اور تنگدست۔

۵۷ برہسپت۔ دسویں گھر سنگھ راس میں ہو۔ عالم فاضل۔ نامور۔ معزز نیک مزاج۔ دہرماتماں۔ دہرم کی ہدایت کرنے والا۔ اُستاد معزز عہدہ یا معزز روزگار اور شریف پیشہ۔ ماں۔ باپ کو آرام۔

۵۸ شکر۔ دسویں گھر سنگھ راس میں ہو۔ معزز۔ نامور۔ اعتباری اور اعلیٰ درجہ منظور نظر شاہی۔ جائیداد اور زمین پیدا کرے۔ خوشحال خوش مزاج اور کئی فنون اور شعبدہ وغیرہ کا شائق۔

۵۹ سنیچر۔ دسویں گھر سنگھ راس میں ہو۔ ادہرمی۔ پاپی۔ بدکار۔ مدد گار۔ کمینہ پیشہ۔ بدنام۔ بدکلام۔ شائق سفر۔

۶۰ راہ کیت۔ دسویں گھر سنگھ راس میں ہو۔ دلیر ہمت والا۔ جوان مرد کئی ہنروں میں ماہر۔ دور ملکوں کا سفر اور سیر کرنے والا آخری عمر میں زیادہ تر خوشحال ہو۔ کمینہ لوگوں اور کاموں سے زیادہ فائدہ۔

۶۱ سورج۔ دسویں گھر کنیا راس میں ہو۔ دہرماتماں۔ معزز۔ نامور معزز روزگار اور اعلیٰ عہدہ باختیار۔ نیکنام۔ صاحب جائیداد۔

۶۲ چاند۔ دسویں گھر کنیا راس میں ہو۔ تو ہر طرح بدحال۔ پریشان۔ جھوٹا نقصان جائیداد۔ بے وقت موت ماں باپ کا حادثہ پیش آوے دُبلا بے قرار خیال۔

۶۳ منگل۔ دسویں گھر کنیا راس میں ہو۔ ظالم بے رحم رشتہ داروں کا قاتل گرفت گیرا۔ چوروں وغیرہ میں مستعد۔ دولت نہ ہو۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۶۴ بدھ دسویں گھر کنیا راس میں ہو۔ نیک لوگوں کو فائدہ پہونچاوے دستکار ہنرمند۔ جایداد میں انقلاب۔

۶۵ برہسپت۔ دسویں گھر کنیا راس میں ہو۔ اور اچھے کام کرنے والا۔ نیکنام عالم۔ فاضل۔ زاہد۔ بلکہ کئی کتابیں بناوے۔ اور تعلیم دیوے غیب کے معاملات از خود اوس کے خیال میں حاضر آویں۔ معزز نامور۔ جوتشی ہو۔

۶۶ شکر دسویں گھر کنیا راس میں ہو۔ تو سمیندھیوں اور کئی خاندانوں کی پرورش کرے۔ عام حالات اور واقعات ملکی سے واقف اور اُن کو بخوبی مشتہر کرنے والا ہو۔ اچھے علوم کا استاد معزز

۶۷ سنیچر۔ دسویں گھر کنیا راس میں ہو۔ پہلی عمر رنج اور تکالیف میں گذرے۔ جایداد وراثتاً حاصل ہو۔ روزگار اور گذارہ کئی وسایل پر ہو۔ کچھ مدت ملازمت بھی کرے۔ آخری عمر میں زیادہ خوشحال ہو۔

۶۸ راہ کیت دسویں گھر کنیا راس میں ہو۔ چلنے پھرنے کا کام ہو۔ آرام کم تکلیف زیادہ۔ روزگار۔ اچھا ہو کر آخری عمر میں صاحب دولت ہو۔ ہر ایک کام دیانت داری سے کرے۔

۶۹ سورج۔ دسویں گھر تلا راس میں ہو۔ تو نامورئی اور عزت عمدہ روزگار میں خلل۔ کئی تکالیف کا حادثہ۔ بد دیانت۔ زمین پیدا کرکے اوسط فائدہ اور آرام نصیب ہو۔ نہ وہ زیادہ عرصہ تک قایم رہیں۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۷۰ چاند۔ دسویں گھر تلا راس میں ہو۔ سفر کا شائق محنتی۔ دولت سے تنگ زمین۔ مکان پیدا کرے۔ متلوّن مزاج۔

۷۱ منگل دسویں گھر تلا راس میں ہو۔ کوئی روزگار شوق یا پکا ارادہ نہ ہو۔ نہ کسی سے سلوک بلکہ دشمنی عام ہو۔ زمین اور جائیداد ہو کر زر دولت کا نقصان کرے لوگوں میں عزت نہ ہو۔

۷۲ بدھ۔ دسویں گھر راس میں ہو۔ ہنرمند۔ ہوشیار۔ بے قرار۔ خیال جائیداد۔ وراثتاً پاوے۔ نامور مشہور۔ روزگار اچھا۔

۷۳ برہسپت دسویں گھر تلا راس میں ہو۔ صاحب علم۔ ہنرمند۔ بے اعتبار طبیعت پہلی عمر میں ضرور کسی کے تابع اور زیرسایہ ہو مگر اُس کے بعد خودمختار اور صاحب درجہ افسر ہو جاوے معزز روزگار اچھا۔ ماں۔ باپ کا تابعدار۔

۷۴ شکر دسویں گھر تلا راس میں ہو۔ تو صاحب علم و عقل ہو اعلیٰ درجہ اور معزز۔ نامور۔ نیک نام۔ نیک کام۔ دولت مند صاحب جائیداد۔ اور جائیداد وراثتاً بھی حاصل ہو اچھا روزگار لوگوں میں سلوک اور اخلاق۔

۷۵ سنیچر۔ تلا راس میں دسویں گھر ہو۔ تو درجہ اعلےٰ اور اختیارات حکومت۔ دانا۔ ہمیشہ مسافر۔ کمینہ روزگار۔ ادھرمی۔ فریبی۔ ہنسی ٹھٹھولی کا شائق۔

۷۶ راہ کیت۔ دسویں گھر تلا راس میں ہو کمینہ روزگار ہمیشہ محتاج شائق سفر۔ آرام گھر نصیب نہ ہو۔ موت اولاد کا حادثہ بدنام

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitized by eGangotri

۷۷ سورج - دسویں گھر برچھک راس میں ہو۔ تو نامور - معزز - صاحب جائیداد - الا دشمن زیادہ ہوں۔ وقت موت ماں باپ آخری وقت اونکی خدمت سے محروم رہے۔

۷۸ چاند - دسویں گھر برچھک راس میں ہو۔ تو صاحب دولت اور عزت ہو۔ جائیداد ورانتاً حاصل ہو۔ اور جائیداد بزرگان بھی سخت تکالیف سے حاصل ہو۔ اور اوس کا نقصان بھی پیش آوے۔

۷۹ منگل - دسویں گھر برچھک راس میں ہو۔ لوہے کے کام کے لائق ہمیشہ سفر - کاریگر - دلاور - حوصلہ والا - روزگار - درجہ اوسط - زمین اور جائیداد نہ ہو۔ زیادہ تر نامور یا معزز نہ ہو۔

۸۰ بدھ دسویں گھر برچھک راس میں ہو۔ عالم - فاضل - علم ہندسہ میں لائق تعلیم کا اوستاد - دہرماتماں - دہرم کے کاموں میں دیا کھیان کرنے والا - حکمت علم جوتش میں تھوڑے سے مہارت - دولتمند -

۸۱ برہسپت دسویں گھر برچھک راس میں ہو۔ عالم کم روزگار کم گذارہ اور پہلی عمر پریشانی میں بسر ہو۔ زیادہ تر دولتمند یا معزز نہ ہو۔

۸۲ شکر دسویں گھر برچھک راس میں ہو۔ تو پہلی عمر روزگار اونٹے مگر اوس کے بعد روزگار اعلے اور نامور - نیک نام ہو جاوے صاحب جائیداد - شائق رنگ راگ اور تماشہ بین اور تماشہ گر کمپنیوں کا ممبر ہو۔

۸۳ سنیچر - دسویں گھر برچھک راس میں ہو۔ کمینہ روزگار تمام زمانہ

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

زندگی پریشانی اور مصایب میں بسر کرے بخیل کسی کو فایدہ نہ پہونچاوے۔

۸۴ راہ کیت۔ دسویں گھر برچھک راس میں ہو۔ کمینہ روزگار۔ اپنے دہرم کا مخالف ہانسی ٹھٹولی کا شایق صحبت کمینہ۔

۸۵۔ سورج دسویں گھر میں دہن راس میں ہو۔ غریب گھر میں جنم ہو عادات اچھے نہ ہوں۔ فسادی۔ فریبی۔ دغاباز۔ علم میں استاد متوسط عمر میں اقبال اور عزت راجدربار ترقی پر ہو۔ مشہور۔ نامور۔ نیک نام۔ آخری عمر میں موت فرزندان کا حادثہ۔

۸۶ چاند۔ دسویں گھر دھن راس میں ہو۔ علم اور کئی ہنروں میں ماہر جائیداد بزرگان کمتر ہو۔ ہمیشہ بیمار رہے۔ موت فرزندان کا حادثہ

۸۷ منگل دسویں گھر دہن راس میں ہو۔ صاحب اقبال۔ امیر دولتمند اختیارات مجسٹریٹی۔ شایق سفر۔ اور متوسط عمر میں تکالیف پیش آویں۔ دلیر۔ بہادر۔

۸۸ بدھ دسویں گھر دھن راس میں ہو تو صاحب علم و تعلیم خاص حاصل ہو۔ دولتمند ہو کر بخیل طبعیت اور خیال مستقل نہ ہو۔

۸۹۔ برہسپت۔ دسویں گھر دہن راس میں ہو۔ علم قیافہ اور قیاس میں ماہر معزز صاحب علم۔ اور دولتمند امیر۔ نیک کام سخی فیاض تیرتھ اور آرام گاہ مسافراں بنواوے۔ بڑی عمر ہو۔

۹۰ شکر دسویں گھر دہن راس میں ہو۔ سواریاں زیادہ۔ نیک نام۔ سخی شایق عورات صحبت اشخاص بدفعل۔

۹۱ سنیچر۔ دسویں گھر دھن راس میں ہو۔ کمینہ روزگار۔ کئی کاموں

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

پر گذارہ نہ ہو۔ دھرم سے رہت ہمیشہ پریشان خاطر

۹۲ راہ کیت۔ دسویں گھر دہن راس میں ہو۔ ہمیشہ مسافر۔ادھرمی کئی کاموں پر گذارہ ہو۔ ماں باپ کو تکلیف۔ لوگوں میں بدنام۔

۹۳ - سورج - دسویں مکر راس میں۔ ادنے روزگار۔ کوئی پیشہ مستقل نہ ہو۔ لوگوں کی نظر میں حقیر اپنے دھرم کا مخالف۔ چوری کا متہم اور کسی ناجائز کام سے خوف سزا، خدمت ماں باپ سے محروم ہر طرح تکلیف۔

۹۴ - چاند۔ دسویں گھر مکر راس میں بلوان ہو۔ صاحب اقبال بلند شان جائداد اور دولت اور حکومت با اختیار سے خوشحال۔ عیاش درمیانی عمر میں اکثر سفر۔ اعلےٰ درجہ اور مرتبہ کھویا جاوے عالم بلکہ شاعر۔ دھرم کرم میں پکا۔ عورت سے ترقی دولت اور مرتبہ ہو۔ ہر ایک کام اور قاعدہ شاہی میں ماہر۔

۹۵۔ منگل دسویں گھر مکر راس میں ہو۔ بہادر۔ دلیر۔ جائیداد۔ زمین دولت اقبال اختیارات سے مالا مال ہو۔ درمیانی عمر میں نقصان عزت اور مرتبہ۔ عیاش۔ اور عورات سے فائدہ۔ کارخانہ لوہے میں زیادہ فائدہ۔

۹۶ بدھ دسویں گھر مکر راس میں ہو۔ علم تجارت۔ جائیداد بزرگان سے فائدہ ہو۔ بلکہ نقصان جائیداد۔ اور کئی اقسام کی مصائب میں مبتلا ہو۔

۹۷ - برہسپت۔ دسویں گھر مکر راس میں ہو۔ عزت۔ دولت۔ جائیداد مال تجارت روزگار میں نقصان۔ زیر بار قرضہ۔ بہت تکالیف

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

پیش آویں۔

۹۸ شکر۔ دسویں گھر مکر راس میں بلوان ہو۔ تو بڑے درجہ اور اعلےٰ رتبہ شان و شوکت اقبال۔ اقبال عورت سے فایدہ نصیب ہو۔ درمیانی عمر میں سفر اور اعلےٰ مرتبہ اور اقبال میں تنزل ہو۔ دہرم میں قایم رہے۔

۹۹ سینچر۔ دسویں گھر مکر راس میں ہو۔ ادنےٰ درجہ۔ نکارہ پیشہ۔ بدعادت بدکار۔ فریبی کے فریب کے معاملہ میں خوف سزا۔ مخالف دہرم ماں باپ کی خدمت نہ کرے۔ کبھی مصیبتیں دیکھے۔

۱۰۰ راہو کیت۔ دسویں گھر مکر راس میں ہو۔ ہر طرح نتیجہ بد ہے۔

۱۰۱ سورج۔ دسویں گھر کمبھ راس میں ہو۔ ابتدا عمر میں عادات نافرمانی ماں باپ ناراض ہو جاویں۔ روزگار سرکاری میں خوف اور اندیشہ ہو۔ روزگار اچھا نہ ہو۔ نہ لوگ عزت کی نگاہ سے پیش آویں۔

۱۰۲ چاند۔ دسویں گھر کمبھ راس میں ہو۔ ابتدا عمر میں اچھا روزگار لیکن موت ماں باپ کا حادثہ اور مخالفت بھائیوں سے رنج اور تکلیف پیش آوے۔ اولاد سے محروم عزت آرام میں خلل۔

۱۰۳ منگل۔ دسویں گھر کمبھ راس میں ہو۔ کثیر تکالیف میں مبتلا۔ جوانی موت عورت اور فرزندان کا حادثہ۔ جائیداد کا نقصان۔ روزگار بے رحمی پرگندہ۔ پریشان۔ ہر ایک کام میں الجھنے۔

۱۰۴ بدھ دسویں گھر کمبھ راس میں ہو۔ ودوان۔ صاحب علم۔ کام تعلیم یا تجارت

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

سے فائدہ۔ روپیہ اچھا کماوے۔ مگر کام ہمیشہ ادنیٰ درجہ کے ہوں جو شایان عزت خاندان کے نہ ہو۔

۱۰۵ برہسپت۔ دسویں گھر کینبھ راس میں ہو۔ عالم فاضل۔ نامور۔ معزز۔ سخی نیک کام کرنے والا۔ اور علم وید ک میں استاد ہو۔ معزز اور دیانت دار مشہور نیکنام ہو۔

۱۰۶ شکر۔ دسویں گھر کینبھ راس میں ہو۔ چھوٹی عمر میں شائق رنگ راگ عورت خوش بخت اور صاحب دولت ہو وہ دولت ساتھ لاوے۔ ہنرمند۔ متوسط عمر میں زمین سے بڑا فائدہ اور دولت حاصل ہو۔ اچھے مکان اور بڑے سامان اور اعلیٰ رتبہ و شان نصیب ہوگا۔ نامور۔ نیک نام ہو۔

۱۰۷ سنیچر دسویں گھر کینبھ راس میں ہو کمینہ روزگار۔ مسافر۔ دستکار۔ کلوں کے کام میں ماہر۔ ماں باپ کو تکلیف۔

۱۰۸ راہو کیت دسویں گھر کینبھ راس میں ہو۔ کمینہ روزگار۔ بدکار بیکار ہمیشہ مسافر۔ مخالفت سے نقصان۔

۱۰۹ سورج دسویں گھر مین راس میں ہو۔ ابتدا عمر میں صدمہ موت باپ تباہی جائیداد بزرگان اور نقصان زر دولت۔ اس کے بعد جوانی میں کسیقدر آرام اور عزت نصیب ہو۔

۱۱۰ چاند۔ دسویں گھر مین راس میں ہو۔ جائیداد۔ دولت۔ عزت والے گھر میں جنم ہو۔ مگر اوسکو نقصان پہونچاوے۔ جوانی میں صدمہ موت ماں سے کئی کام بگڑ جاویں۔ اوسکے بعد پھر جائیداد اور مال دولت ہاتھ آوے حالات دولت۔ عزت جلدی کی [illegible]

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

رہیں متلون مزاج ہو۔

۱۱۱ منگل۔ دسویں گھر مین راس میں ہو۔ ادہری روزگار میں تکلیف شریروں سے رنج۔

۱۱۲۔ بدھ دسویں گھر مین راس میں ہو۔ تو عابد اور زاہد ہو۔ پہلی عمر عروج اور اقبال۔ مگر پچھلی عمر میں نقصان جائیداد۔ اور خوف ترک دھرم۔

۱۱۳ برہسپت دسویں گھر مین راس میں ہو۔ گو جائیداد بزرگان نہ ہو۔ مگر صاحب جائیداد۔ رتبہ باختیار۔ زمین زیادہ۔ دولتمند نیک نام۔ شریف جیسے عمر ترقی پذیر ہو۔ ویسے شان شوکت ترقی میں آوے۔

۱۱۴ شکر دسویں گھر مین راس میں ہو۔ پہلی عمر عیاشی زیادہ عورت خرچ زیادہ۔ ہمیشہ سفر میں بسر کرے۔ عزت آبرو میں خلل آوے۔ لیکن آخری عمر میں خوشحال اور اعلےٰ درجہ سے ممتاز ہو۔

۱۱۵ سنیچر۔ دسویں گھر مین راس میں ہو۔ اد نلے اور کمینہ روزگار دھرم کا شاکی۔ فریبی۔ لالچی۔ بدکار۔ بدنام۔

۱۱۶۔ راہ۔ دسویں گھر مین راس میں ہو۔ بدعادت۔ بدکار۔ بے دھرم فسادی۔ جوانی میں خود سزا۔

۱۱۷ لگنیش اور دسویں گھر کا مالک ایک دوسرے کے گھر میں ہوں یا ایک دوسرے کو پورن درشٹی سے دیکھتے ہوں۔ یا ایک گھر میں ہوں۔ تو صاحب اقبال ہو۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۱۸ دسویں گھر کا مالک کیندر یا ترکون میں بلوان ہو۔ اور اُس کو یا دسویں گھر کو شبھ گرہ بلوان ہو کر دیکھتے ہوں۔ تو راج دربار میں اعلیٰ درجہ اور روزگار پاوے۔

۱۱۹ ۔سورج مالک۔ لگن جنم یا دسویں گھر کا ہو کر پہلے یا دسویں گھر میں ہو۔ تو اعلےٰ روزگار اور راجہ دربار میں عزت نصیب ہو۔

۱۲۰ دسویں گھر کا مالک گیارھویں گھر میں بلوان ہو۔ تو اچھا روزگار اور اقبال نصیب ہو۔

۱۲۱ ۔جنم لگن یا چوتھے گھر میں برہسپت بلوان ہوں۔ تو راج دربار میں عزت اور روزگار حاصل ہو۔

۱۲۲ ۔تیسرے گھر میں برہسپت اور گیارھویں گھر میں چاند بلوان ہو۔ تو کُل دیپک ہو۔

۱۲۳ جنم لگن سنگھ ہو۔ اور اس میں منگل۔ پانچویں گھر میں چاند بلوان ہوں۔ بارھویں گھر میں راہو ہو۔ تو کُل دیپک ہو۔

۱۲۴ ۔چھٹے اور اٹھویں گھر کے مالک ایک دوسرے کے گھر میں ہوں تو صاحب اقبال ہو۔

۱۲۵ ۔چھٹے گھر میں برہسپت اور گیارھویں گھر میں چاند بلوان ہو۔ تو صاحب اقبال ہو۔

۱۲۶ دسویں گھر کا مالک پاپی گرہ سے سمبندھ رکھتا ہو۔ بے نشان اور بے عزت ہو۔

۱۲۷ ۔سورج سے دسویں گھر کے مالک کو پاپی گرہ دیکھتا ہو۔ تو باپ کو تکلیف اور نقصان پہونچے۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۲۸- سورج و منگل ملکر دسویں یا نویں گھر میں ہوں۔ تو موت باپ جلد آوے۔

۱۲۹- سورج و منگل ساتویں گھر میں راہ یا سنیچر کے ساتھ ہوں تو موت باپ جلد آوے۔

۱۳۰ سورج ساتویں۔ منگل دسویں۔ راہ بارہویں ہو۔ تو موت باپ جلد آوے۔

۱۳۱- جنم لگن میں برہسپت اور دوسرے گھر میں بدھ۔ منگل سنیچر ہوں۔ تو وقت شادی باپ کی موت ہو۔

۱۳۲- مین لگن میں سورج و چاند ہوں۔ اور اونکو پاپی گرہ دیکھتا ہو۔ تو باپ کی موت پانی میں ڈوبنے سے ہو۔

۱۳۳- سورج۔ شکر۔ دونو چر راشی میں ہوں۔ اور منگل اونکو پورن درشٹی سے دیکھتا ہو۔ تو موت باپ کی پردیس میں ہو۔

۱۳۴- سنیچر و منگل ملکر دسویں گھر میں ہوں۔ تو باپ کی موت ہو۔

۱۳۵- دسویں گھر کا مالک برہسپت یا شکر کے ساتھ یا اُن کی درشٹی میں بلوان ہو۔ تو باپ سے ہر طرح آرام اور عزت پاوے۔

۱۳۶ چوتھے گھر کا مالک دسویں گھر کے مالک کے ساتھ دسویں گھر میں ہو تو باپ عیاش اور پراستری سے لگن کرنیوالا ہو

۱۳۷ دسویں گھر میں سورج چاند ہوں۔ تو باپ پانی میں ڈوب جاوے۔

۱۳۸ دسویں یا چھٹے گھر میں منگل ہو۔ تو بعمر جوانی موت باپ کی آوے

۱۳۹- دسویں گھر کا مالک سورج و منگل کے ساتھ ہو۔ تو موت باپ جلد ہو۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۴۰ جنم لگن میکھ ہو۔ اور اس میں بُدھ اور ساتویں گھر میں برہسپت چوتھے
گھر میں چاند دسویں گھر میں شکر ہوں تو صاحب اقبال اور اختیارات
شاہی ہوں۔

۱۴۱ جنم لگن کرک ہو۔ اور اس میں برہسپت چوتھے گھر میں سنیچر۔ ساتویں
گھر میں شکر دسویں گھر میں منگل ہو۔ تو بڑا پرتاپ شیل راجہ کے ہو

۱۴۲ پانچویں گھر میں برہسپت۔ چاند شبھ انس کے ہوں تو معزز اور
پرتاپی ہو۔

۱۴۳ دسویں گھر کا مالک پانچویں گھر میں۔ چوتھے گھر کا مالک دسویں گھر میں
بلوان ہو۔ نانویں گھر کا مالک ان کو پورن درشٹی سے بلوان ہو کر دیکھتا
ہو۔ تو تخت نشین یا صاحب گدی یا بڑے اقبال اور پرتاپ
والا ہو۔

۱۴۴ جنم لگن کنیا اور اس میں بدھ ہو۔ منگل دسوں سورج تیسرے گھر میں اور
سنیچر چھٹے گھر میں بلوان ہوں۔ تو بلند اقبال اور مرتبہ تخت نصیب ہو

۱۴۵ چوتھا گھر کرک راس کا ہو۔ اور اس میں برہسپت ہو۔ دسویں گھر میں
منگل ہو۔ تو دولتمند اور بڑا پرتاپ ہو۔

۱۴۶ جنم لگن میکھ اور اس میں چاند ہو۔ سنگھ راس میں سورج دھن راس
میں برہسپت کر راس میں منگل کنبھ راس میں سنیچر ہوں۔ تو بڑا اقبالمند
یا راجہ ہو۔

۱۴۷ دو گرہ اپنے نوانسہ میں ہوں۔ تو اپنے خاندان میں ویک اور سردار ہو

۱۴۸ دسویں گھر میں سنیچر و سورج مل کر آویں۔ تو بدنام اور بے نشان
و بے قدر ہو۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۴۹ پہلے۔ دوسرے۔ چوتھے گھروں کے مالک اپنے اپنے گھروں میں اور نانویں گھر کا مالک پہلے گھر میں ہو۔ تو پرتاپی اور بڑے مرتبہ والا ہو

۱۵۰ پہلے چوتھے۔ نانویں دسویں گھروں کے مالک ملکر دسویں گھر میں ہوں۔ تو صاحب جائداد اور امیر عالیشان ہو۔

۱۵۱ -چوتھے گھر کا مالک نانویں گھر میں ہو۔ اور نانویں گھر کا مالک کیندر یا ترکون میں بلوان ہو۔ اور چوتھے گھر میں شکر برہسپت۔ بلوان ہوں تو صاحب تخت اور بخت ہو۔

۱۵۲ جنم لگن برکھ ہو اور میں چاند چوتھے گھر میں سورج ساتویں گھر میں برہسپت دسویں گھر میں سنیچر بلوان ہوں تو صاحب تخت اور بخت ہو۔

۱۵۳ -جنم لگن میں کوئی شبھ گرہ بلوان ہو۔ چھٹے گھر میں بدھ و برہسپت ہوں۔ اور کرک لگن میں چندرماں و سورج ہوں تو پرتاپی اور امیر کبیر ہو۔

۱۵۴ جنم لگن میں چاند۔ دوسرے گھر میں شکر اور چوتھے گھر میں برہسپت بلوان ہو۔
سنیچر تلا راشی میں ہو۔ تو صاحب تخت و بخت ہو۔

۱۵۵ کیندر میں شبھ گرہ اور ۳-۶-۱۱- پاپی گرہ بلوان ہوں -تو بڑا پرتاپی ہو۔

۱۵۶ کوئی گرہ مین لگن میں ہو۔ اور شکر و برہسپت کیندر میں ملکر بلوان ہوں تو بڑا پرتاپی ہو۔

۱۵۷ جنم لگن میں چاند۔شکر۔برہسپت کیندر یا ترکون میں بلوان ہوکر۔۔۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

ایک دوسرے کو پورن درشٹی سے دیکھتے ہوں تو بڑا پرتاپی ہو۔

۱۵۸۔ جنم لگن میں برہسپت اور دسویں گھر میں شکر بلوان ہو۔ تو راج پدوی پراپت ہو۔

۱۵۹۔ جنم لگن میں برہسپت اور کیندر میں بدھ بلوان ہو۔ اور نانویں گھر کا مالک پورن درشٹی سے دیکھتا ہو۔ تو صاحب اقبال ہو۔

۱۶۰۔ جنم لگن مین ہو اور اوس میں برہسپت بلوان ہوں۔ نانویں گھر کا مالک اپنے نوانشہ کا ہوکر آٹھویں گھر میں ہو۔ تو صاحب اقبال اور بلند مرتبہ ہو۔

۱۶۱۔ چھ گرہ اوچ استھان پر ہر طرح سے بلوان ہوں۔ تو شہنشاہ ہو

۱۶۲۔ چاند سے تیسرے گھر میں سورج و سنیچر۔ اور چوتھے گھر میں بدھ و شکر اور گیارہویں۔ گھر میں برہسپت ہوں۔ تو بڑا پرتاپی او صاحب اقبال ہو۔

۱۶۳۔ جنم لگن کنیا اور اوسمیں بدھ ہو۔ اور ساتویں گھر میں برہسپت نانویں گھر میں شکر اور گیارہویں گھر میں سنیچر ہو۔ تو امیر الملک یا راجہ ہو۔

۱۶۴ نانویں گھر میں تلا راس کے سنیچر۔ پانچویں گھر میں منگل۔ بدھ۔ برہسپت شکر ہوں۔ تو بلند اقبال ہو۔

۱۶۵۔ میکھ لگن کے سورج نانویں گھر میں تیسرے گھر میں سنیچر۔ چھیویں گھر میں منگل دسویں گھر میں شکر ہوں۔ تو امیر یا راجہ ہو۔

۱۶۶۔ برکھ۔ کنیا۔ برچھک۔ مین۔ راسوں میں تمام گرہ ہوں۔ تو خوش بخت ہو۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۶۷ متھن۔ بسنگھ۔ دھن۔ کنبہ راسوں میں تمام گرہ ہوں۔ تو مرتبہ بلند ہو

۱۶۸ جنم لگن میکھ ہو۔ اد سمیں سورج و برہسپت ہوں۔ دسویں گھر میں منگل۔ نانویں گھر میں چاند۔ بدھ شکر۔ بلوان ہوں۔ تو راجہ یا امیر کبیر ہو۔

۱۶۹ چاند۔ بدھ۔ برہسپت کے گھر و نمیں تمام گرہ بلوان ہو تو بڑا امیر کبیر ہو

۱۷۰۔ لگن یا چاند سے نانویں اور دسویں گھر کے مالک ایکدوسرے کے گھر میں ہوں تو صاحب اقبال یا راجہ ہو۔

۱۷۱۔ ہر سات گرہ اپنے اپنے متر کے گھروں میں بلوان ہو۔ تو بلند مرتبہ ہو۔

۱۷۲۔ ساتویں گرہ اگر اپنے اپنے گھروں میں بلوان ہوں۔ تو راجہ ہو یا امیر

۱۷۳۔ اگر تین گرہ اپنے اپنے اوچ گھروں میں ہو۔ تو راجہ یا راج منتری ہو۔

۱۷۴۔ اگر پانچ گرہ اپنے اپنے اوچ استھان پورن بلوان اور شبھ گھروں میں ہوں۔ تو بادشاہ یا راجہ ہو۔

۱۷۵۔ پورن چندرماں بلوان کو بدھ۔ شکر۔ برہسپت۔ بلوان ہوکر پورن درشٹی سے دیکھتے ہوں۔ تو راجہ یا امیر ہو۔

۱۷۶۔ جنم لگن برکھ ہو۔ اور اس میں پورن چاند ہو۔ اوسکو شکر و برہسپت پورن درشٹی سے دیکھتے ہوں تو بلند اقبال یا راجہ ہو۔

۱۷۷ جنم لگن کنیا ہو۔ اور اُس میں بدھ ہو۔ دوسرے گھر میں شکر نانویں گھر میں چاند۔

۱۷۸ جنم لگن میں مکر کے برہسپت ساتویں گھر میں چاند۔ گیارہویں گھر میں منگل آٹھویں گھر میں شکر ہو۔ تو خوش اقبال۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۷۹۔ جنم لگن کرک ہو۔ اُس میں چاند اور برہسپت ہوں۔ گیارہویں گھر میں
شکر دسویں گھر میں سورج بلوان ہوں۔ تو راجہ یا امیر ہو۔
۱۸۰۔ جنم لگن میکھ ہو۔ اوس میں سورج و چاند ہوں۔ نانویں گھر میں برہسپت
ہو تو راجہ یا صاحب اقبال ہو۔
۱۸۱۔ بُدھ۔ برہسپت کیندر۔ ترکوں میں ہو کر ایک دوسرے کو پورن
درشٹی سے دیکھتے ہوں۔ تو بلند اقبال امیر ہو۔
۱۸۲۔ میکھ کے سورج۔ برکھ کے چاند جنم لگن میں متھن کے بُدھ یا سنگھ کے
برہسپت۔ یا برچھک کے منگل ہوں تو راجہ یا امیر ہو۔
۱۸۳۔ تلا کے سنیچر جنم لگن میں اور کرک راس میں پورن چاند ہوں۔ اور اُن
کو شبھ گرہ۔ پورن درشٹی سے دیکھتے ہوں۔ تو تخت نشین یا امیر
ہو۔
۱۸۴۔ جس گھر میں چاند ہو۔ اُس کا مالک اور لگنیش دونوں بلوان ہو کر چندرماں
کے ساتھ ہوں۔ تو راجہ یا امیر ہو۔
۱۸۵۔ جنم لگن میکھ ہو۔ اوس میں سورج۔ چاند ملکر آویں۔ شبھ گرہ دیکھتے
ہوں۔ تو راج منتری ہو۔
۱۸۶۔ جنم لگن مکر ہو۔ اوس میں چاند اور منگل ملکر آویں۔ بُدھ نانویں گھر میں
ہو۔ تو بلند مراتب ہو۔
۱۸۷۔ جنم لگن مکر ہو۔ اس میں سنیچر و منگل اور دھن راشی میں سورج و چاند ہوں
تو خوش بخت اور صاحب اقبال ہو۔
۱۸۸۔ جنم لگن کرک اور اُس میں چاند ہو۔ نانویں گھر میں برہسپت۔ دسویں
گھر میں منگل ہو۔ تو بڑا پرتاپی اور بلند مرتبہ ہو۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۸۹ ۔جنم لگن مین میں برہسپت اور پانچویں گھر میں چاند۔ گیارہویں گھر میں منگل ہو۔ تو صاحب تخت بلکہ تخت نشین ہو۔

۱۹۰ ۔ ناؤیں گھر میں چاند اور چوتھے گھر میں شکر۔ اپنے گھر کے یا کسی اور صورت سے بلوان ہوں۔ تو صاحب مرتبہ اور اقبال ہو۔

۱۹۱ ۔جنم لگن میں چاند۔ ساتویں گھر میں برہسپت۔ چھٹویں گھر میں سنگھ کے سورج۔ بارہویں گھر میں سنیچر ہوں۔ تو تخت نشین یا امیر۔

۱۹۲ ۔جنم لگن مکر میں سنیچر۔ تیسرے گھر میں چاند۔ چھٹویں گھر میں منگل ناؤیں گھر میں بدھ یارہویں گھر میں برہسپت ہو۔ تو بلند اقبال یا امیر ہو۔

۱۹۳ ۔جنم لگن مکر میں سنیچر۔ چوتھے گھر میں منگل۔ چھٹویں گھر میں بدھ ساتویں گھر میں چاند۔ آٹھویں گھر میں سورج۔ دسویں گھر میں شکر ہوں تو بلند اقبال اور صاحب مرتبہ ہو۔

۱۹۴ جنم لگن برکھ میں چاند چوتھے گھر میں سورج ساتویں گھر میں برہسپت دسویں گھر میں چاند۔ آٹھویں گھر میں سورج دسویں گھر میں سنیچر ہو۔ تو راجہ یا امیر ہو۔

۱۹۵ ۔جنم لگن میں بدھ شکر۔ دھن لگن میں برہسپت و چاند۔ مکر لگن میں منگل و سنیچر ہوں۔ تو امیر یا راجہ یا وزیر ہو۔

۱۹۶ جنم لگن کنیا میں بدھ۔ اور پانچویں گھر میں سنیچر و منگل چوتھے گھر میں چاند۔ شکر۔ برہسپت ہوں۔ تو راجہ یا امیر ہو۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۹۷ نانویں گھر میں شکر۔ دسویں گھر میں چاند۔ باقی سب گرہ گیارہویں گھر میں ہوں۔ تو راجہ یا زمیندار ہو۔

۱۹۸ جنم لگن مین میں چاند مکر میں منگل کنبھ میں سنیچر۔ سنگھ میں سورج ہوں تو بلوان اور راجہ یا وزیر ہو۔

۱۹۹۔ جنم لگن کرک میں برہسپت اور دسویں گھر میں منگل ہو۔ تو وزیر یا مصاحب ہو۔

۲۰۰۔ جنم لگن کرک میں برہسپت۔ چاند۔ بدھ۔ شکر بلوان ہوکر گیارہویں گھر میں ہوں تو راجہ یا وزیر مصاحب ہو۔

۲۰۱ جنم لگن سنگھ میں سورج دسویں گھر میں چاند۔ پانچویں گھر میں برہسپت ہو۔ تو راجہ یا مصاحب ہو۔

۲۰۲۔ سورج کیندر میں بلوان۔ برہسپت ترکوں میں بلوان ہو۔ تو خوش اقبال اور صاحب مرتبہ ہو۔

۲۰۳ جنم لگن میں برہسپت۔ کرک میں چاند۔ مکر میں منگل۔ میکھ میں سورج ہو۔ تو بلند مراتب اور صاحب اقبال ہو۔

۲۰۴ جنم لگن میں کرک کے چاند یا تلا کے سورج و سنیچر۔ یا سنیچر و برہسپت جنم لگن میں ہو۔ تو صاحب مرتبہ ہو۔

۲۰۵ دسویں گھر میں میکھ راس کے منگل۔ کرک کے چاند۔ مین کے برہسپت ہوں۔ تو صاحب تخت ہو۔

۲۰۶۔ کرک میں چاند سنگھ میں سورج۔ ہوں۔ برہسپت پورن درشٹی سے دیکھتا ہو۔ تو صاحب اقبال اور بلند مرتبہ ہو۔

۲۰۷۔ جنم لگن کرک ہو چوتھے گھر میں سنیچر و منگل۔ دسویں گھر میں سورج

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

شکر بُدھ ۔ برہسپت ملکر آویں تو راجہ یا جوتیشر ہو۔

۲۰۸ دسویں گھر میں سورج و بدھ چھٹویں گھر میں راہو و منگل ہوں تو صاحب رُتبہ ہو۔

۲۰۹ دسویں گھر میں استھر راشی ہو اور اُس میں دسویں گھر کا مالک ہو اور برہسپت کیندر میں ہو۔ تو صاحب رتبہ ہو۔

۲۱۰ پانچویں گھر کا مالک دسویں گھر میں نانویں گھر کا مالک پانچویں گھر میں اور لگنیش گیارہویں گھر میں ہو۔ تو وزیر یا مصاحب راجہ کا ہو۔

۲۱۱ پہلے ۔ چوتھے دسویں گھر کے مالک اگر پانچویں ۔ نانویں گھر کے مالک کے ساتھ ہوں تو صاحب مرتبہ اور بلند اقبال ہو۔

۲۱۲ شکر برہسپت چوتھے گھر میں ہوں تو بلند مرتبہ اور صاحب اقبال ہو۔

۲۱۳ ۔ جنم لگن کنیا میں بدھ چاند ہوں ۔ خواہ نانویں دسویں گھر میں ہوں تو صاحب اقبال اور بلند مراتب ہو۔

۲۱۴ ۔ ایک گرہ بھی اوچ استھان پر ہو اور متر اوسکا اُسکو دیکھتا ہو۔ تو صاحب اقبال اور بلند مرتبہ ہو۔

۲۱۵ چوتھے گھر کا مالک اگر پہلے یا پانچویں یا نانویں یا دسویں گھر میں ہوں تو صاحب مرتبہ ہو۔

۲۱۶ ۔ دسویں گھر کا مالک کیندر یا ترکوں یا دوسرے گھر میں بلوان ہو تو صاحب مرتبہ ہو۔

۲۱۷ نانویں گھر کا مالک دھن راس میں ہو۔ تو صاحب اقبال اور

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

بلند مراتب ہو

۲۱۸ دسویں گھر کا مالک شبھ گرہ کے ساتھ پانچویں گھر میں ہو۔ تو صاحب اقبال ہو۔

۲۱۹ نانویں خواہ گیارہویں گھر میں دو شبھ گرہ بلوان ملکر آویں اور ایک پاپی گرہ دسویں گھر میں ہو۔ تو بڑا امیر اور اعلےٰ رتبہ والا ہو۔

۲۲۰ کوئی گرہ اوج ہوکر دسویں خواہ پانچویں گھر میں ہو۔ اور کوئی شبھ گرہ نانویں گھر میں ہو۔ اور ۶-۸-۱۲-گھر میں راہو ہو۔ تو راج یا بڑا امیر ہو۔

۲۲۱ اشنی۔ کرتکا یکھ نچھتر میں جنم ہو۔ شکر یا برہسپت شبھ استھان پر بلوان ہوں۔ تو صاحب اقبال اور خوش بخت ہو۔

۲۲۲ لگن جنم میں کوئی گرہ نہ ہو۔ بارہویں اور دوسرے گھر میں پاپی گرہ ہوں۔ تو پتا جلد مر جاوے۔

۲۲۳۔ اٹھویں گھر میں منگل۔ بارہویں گھر میں چاند و سورج۔ تیسرے گھر میں برہسپت سنیچر ہوں تو باپ فوراً مر جاوے۔

۲۲۴۔ دسویں گھر کے مالک سورج شکر کے ساتھ ۔ ۶-۸-۱۲ گھر میں ہو تو باپ کی نظر اور آنکھ کو نقصان پہونچاوے۔

۲۲۵۔ دسویں گھر کے مالک برہسپت ہوکر ۶-۸-۱۲ گھروں میں آویں تو ماں باپ کو گنگ کردیویں یا نقصان پہونچاویں۔

۲۲۶ چاند اور جنم لگن کو اگر کوئی شبھ گرہ نہ دیکھتا ہو۔ تو راج یوگ اپنا پھل نہ کریں۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۲۲۷ سورج اپنی انس کے ہوں۔ اور چاند است ہو کر پاپی گرہوں کی درشٹی میں ہو۔ اور کوئی شبھ گرہ بلوان ہو کر نہ دیکھتا ہو۔ تو راج یوگوں کا پھل نہ ہو۔

۲۲۸۔ سورج نیچ استھان میں ہو۔ تو راج یوگ جاتا رہے۔

۲۲۹ برہسپت است ہو۔ شکر۔ سنیچر بدھ پاپی گرہ کے گھر میں ہوں اور جنم لگن کنبھ ہو۔ دسویں گھر میں پاپی گرہ ہو۔ تو راج یوگ جاتا رہے۔

۲۳۰۔ برہسپت نیچ استھان پر ہوں۔ تو راج یوگ نسپھل جاوے۔

۲۳۱۔ جنم لگن میں را ہو۔ ساتویں گھر میں چاند تیسرے گھر سنیچر و منگل ہوں۔ تو کیندر میں کوئی شبھ گرہ نہ ہو۔ تو راج یوگ نسپھل ہو۔

۲۳۲۔ سب شبھ گرہ چھیویں گھر میں یا نیچ استھان میں خواہ چھیویں گھر میں چار گرہ ملکر آویں تو راج یوگ نسپھل ہو۔

۲۳۳ شکر نیچ استھان پر ہوں۔ تو راج یوگ نسپھل ہو۔

۲۳۴ مین لگن اور کیندر میں پاپی گرہ ہوں اور کوئی شبھ گرہ اون کے ساتھ نہ ہو۔ نہ دیکھتا ہو۔ یا سب گرہ شبھ اُس میں یا دشمن کے گھر میں یا بارہویں گھر میں ہوں تو راج یوگ نسپھل ہو۔

۲۳۵ چھین چندرماں اپنے ادچ استھان پر ہو۔ اور کوئی شبھ گرہ اُسکو دیکھتا ہو تو دوش چندرماں جاتا رہے۔

۲۳۶۔ پورن چاند شبھ گرہ کے دواونس میں ہو۔ تو دوش چاند کا جاتا رہے۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۲۳۷ - اگر جنم رات کیوقت چاندنی پکھ میں ہو۔ اور چاند کو شبھ گرہ دیکھتے ہوں۔ تو دوش اوسکا جاتا رہے۔

۲۳۸ - اگر جنم کرشن پکھ میں دن کو ہو۔ اور چندرماں کو پاپی گرہ دیکھتا ہو۔ تو دوش اُس کا جاتا رہے۔

۲۳۹ - چاند پاپی گرہ کے گھر میں ہو۔ اور اُس گھر کا مالک چاند کے ساتھ ساتھ ہو۔ یا اوسکو دیکھتا ہو۔ تو دوش چاند دور ہو جاوے۔

۲۴۰ لگنیش بلوان ہو کر شبھ گرہ ورشٹی میں یا اپنے متر کے گھر میں ہو۔ تو تمام دوش کنڈلی کے دور ہو جاویں۔

۲۴۱ پکھ نچھتر کے ۲-۲- چرن میں یا روہنی نچھتر کے دوسرے چرن میں چاند ہو۔ تو دوش کنڈلی دور ہو جاوے۔

۲۴۲ - لگن نچھتر۔ جوگ شبھ ہو۔ اور شبھ گرہ جنم لگن کو دیکھتا ہو۔ تو تمام دوش کنڈلی دور ہو جاویں۔

۲۴۳ - میکھ۔ برکھ مِتھن۔ کنیا۔ کرک۔ رِس کے راہو۔ جنم لگن میں ہوں۔ تو تمام دوش دور ہو جاویں۔

۲۴۴ - کنڈلی میں شبھ جوگ زیادہ ہوں۔ اور اشبھ یوگ کم۔ تو کچھ نقصان نہیں ہوتا ہے۔

۲۴۵ - جنم لگن میں اپنے یا اپنے متر یا اوچ استھان۔ یا مول ترکون کے برہسپت یا شکر یا بدھ ہوں۔ تو تمام دوش کنڈلی کے دور ہو جاویں

۲۴۶ سب شبھ گرہ کیندر یا ترکون میں ہوں۔ تو کوئی دوش کنڈلی کا اثر نہیں کر سکتا ہے۔

۲۴۷ - ۳-۶-۱۱- گھر میں راہو ہو۔ تو سب دوشوں کو دور کرتا ہے۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۲۴۸- پورن چاندکیندر- تر کون میں برہسپت کی درشٹی میں ہو- تو سب دوشوں کو دور کرتا ہے-

۲۴۹- شبھ گرہ بلوان- اور اشبھ گرہ نربل ہوں- تو کوئی دوش نہیں آتا ہے-

۲۵۰- ۱-۴-۵-۹-۱۰- گھروں میں برہسپت یا بدھ- یا شکر اپنے گھر یا اپنے متر کے گھر میں یا اوچ استھان میں یا اور صورت سے بلوان ہوکر آویں- تو تمام دوشوں کو دور کرتی ہیں-

۲۵۱- سورج میکھ لگن میں ہو تو ودیاوان- دانا- کئی ہنروں میں ہوشیار

۲۵۲- چاند- برکھ لگن میں ہو- تو اچھا کھانا- اور سندر بستر پراپت ہوں-

۲۵۳- منگل- مکر لگن میں ہو- تو دھن وان- پرتاپی- اور غلاموں کا سوامی ہو-

۲۵۴- بدھ- کنیا لگن میں ہو- تو راج منتری- دھنوان- بڑے اقبال والا

۲۵۵- برہسپت کرک لگن میں ہو- پرتاپی- اقبال والا بڑے اختیارات مرتبہ بلند- امیر یا راجہ ہو-

۲۵۶- شکر مین لگن میں ہو- تو دولتمند- پرتاپ والا- بڑا درجہ اعلےٰ مرتبہ امیر یا راجہ ہو-

۲۵۷- سنیچر- تلا لگن میں ہو- تو بڑا امیر- دھنوان- اعلیٰ اقبال راجہ یا مہاراجہ ہو-

۲۵۸- جب تین شبھ گرہ اپنے اپنے گھروں میں بلوان ہوں- تو راج منتری ہو- اگر تین شبھ گرہ اپنے اپنے گھروں کے سوائے

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

خانہ ۱۰

دوسرے شبھ استھانوں پر موں اور تین اشبھ گرہ ایک گھر میں یا
جدا جدا گھروں میں پاپی ہو کر آویں تو کسی کا ٹہلیا ہیں نے خدمتگار ہو۔

۲۵۹ ۔چاند۔ سورج۔ شکر۔ ایک گھر میں ہوں تو نیچ بدھی۔ مورکھ ہوگا۔

۲۶۰ بدھ۔ برہسپت۔ شکر۔ چاند بلوان ہو کر کیندر میں ہوں۔ تو دانا خوشحال
ودیا آیو۔ راجہ ہو۔ اگر اوچ استھان کے ہوں تو مہاراجہ ہو۔

۲۶۱ ۔سورج منگل سینچر۔ راہ کیت۔ بلوان ہو کر ۳۔۶۔۹۔۱۱ گھروں میں
ملکر یا جدا جدا ہوں۔ تو راج تل شبھ پھل کرتے ہیں۔

۲۶۲ ۔برہسپت جنم لگن میں بلوان ہو۔ باقی گرہ شبھ اشبھ کسی گھر میں ہوں
تو منش کل دیپک اور اپنے گھر میں سردار ہوگا۔

۲۶۳ ۲۔۷۔۱۲۔ گھروں میں شبھ خواہ اشبھ گرہ ہوں تو راج منتری
اور اپنے خاندان میں سردار ہوگا۔

۲۶۴ ۔پانچویں گھر میں برہسپت دسویں گھر میں چاند ہو۔ تو کاریگر۔ دھنوان ہو

۲۶۵ دسویں گھر کنڈلی میں تو تلا یا بین راس میں شکر و برہسپت ہوں۔ تو راج
گدی دھنوان اور لوگوں پر احسان کرنیوالا اور اسکے گھر کئے بدھوان بلوان ہوں

۲۶۶ ۔سب گرہ پہلے اور چوتھے گھر میں ہوں۔ باقی سب گھر خالی ہوں تو خوشحال
دھنوان۔ آدھی اوستھا میں راج پدوی یا تپسی جوگیشر ہو جاوے۔

۲۶۷ ۔سنگھ راس میں سورج اور کرک راس میں چاند اور چاند سے ۳۔ ۱۱ گھر
میں برہسپت بلوان ہو۔ تو راجہ ہوگا۔

۲۶۸ ۔کوئی گرہ (سورج کے سوا) یارہویں خواہ دوسرے گھر میں ہو۔
تو دھنوان خوشحال۔ راج منتری۔ سخی نامور۔ وِدوان بلوان
نرم سبھاؤ ہو۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۲۶۹ ایک گرہ بارہویں گھر میں اور ایک گرہ دوسری گھر میں (سورج کے سوا) ہو۔ تو وہ ملک میں نامور۔ ساتھ نیکی کے ہو سخی رکھانا عمدہ۔ سمبندیوں کی پرورش کرنیوالا ہو۔ وضنوان۔ راجدربار مانتا ہو۔

۲۷۰ کھینا رم یوگ (سورج کے سوا) کوئی گرہ تیسرے گھر میں اور ایک گرہ گیارہویں گھر میں ہو۔ توراجہ کے گھر میں جنم لیوے تو فرد ہن اور اپرادھی۔ چور۔ کامی۔ بدنام ہوگا۔ اور سدا روگی۔ سوگی رہیگا۔ اس کا بھائی بھی جلد مرتو ہوگا۔

۲۷۱ سینچر تو تلا لگن خواہ دھن لگن میں ہو کر جنم لگن میں ہو۔ تو راجہ ہوگا۔

۲۷۲۔ پانچویں اور نانویں گھر میں ایک ایک شبھ گرہ ہو۔ تو مہاراجہ ہوگا۔

۲۷۳۔ راج گتی یوگ مکر۔ کنبھ۔ برکھ۔ دہن لگنوں میں بلوان ہو کر شبھ گرہ ہوں۔ تو بڑا نامور اور بلوان راجہ ہوگا۔

اگر ان لگنوں میں کوئی گرہ نہ ہو۔ تو اپنے خاندان میں با اختیار سردار ہوگا۔

۲۷۴ آٹھویں۔ بارہویں گھر میں سینچر۔ بدھ۔ راہو۔ ہوں۔ اور دوسرے گرہ آٹھویں اور بارہویں گھر کے مدھ میں ہوں۔ توراجہ ہوگا۔ بشرطیکہ فوراً مرتو نہ ہو۔ اگر جیتا رہیگا۔ تو ۴۰ برس کے بعد مرتو ہوگا۔

۲۷۵ جنم لگن برچھک ہو۔ سورج سنگھ راس میں ہو۔ چاند۔ منگل بدھ برہسپت شکر۔ سینچر۔ راہو۔ کیت اور گھر میں ہوں۔ توراجہ ہوگا مگر اسکے بھائی کی موت کا اندیشہ ہوگا۔

۲۷۶ جو گرہ کیندر میں بلوان ہوگا۔ اوسکے تعلق سے روزگار اور کام کاج ہوگا

۱۔ سورج کیندر میں ہو۔ توراجدربار میں روزگار ہو کر دھن کی پراپتی ہوگی۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۲- چاند کیندر میں ہو۔ تو ساہوکاران اور بیوپاریاں کے روزگار سے دھن پراپت ہوگا۔

۳- کیندر گھر میں منگل یا راہو ہو۔ تو سوداگری کپڑہ سے دولت پراپت ہوگی۔

۴- کیندر گھر میں بدھ ہو۔ تو روزگار ودیا پڑھانے اور بید پڑھنے پڑھانے کا ہو۔ ودیا کے کاموں میں دھنوان ہو۔

۵- برہسپت کیندر میں ہو۔ سچ بولنے والا۔ بدھوان۔ پنڈت وِدوان ہو۔ ودیا راج دربار سے دھنوان ہو۔

۱۰۹۔ سورج بارہویں گھر مکر راس میں ہو غیر ملکوں اور غیر سرکاروں میں جاکر روزگار کرے۔ مگر کچھ دولتمند نہ ہو۔ مخالفوں سے رنج اور زر دولت کا نقصان ہو۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۱۰ - چاند - بارھویں گھر مکر راس میں ہو - ادنےٰ درجہ کی قسم کا بیوپار ہمیشہ سفر - دشمنوں سے نقصان زر -

۱۱۱ - منگل - بارھویں گھر مکر راس میں ہو - جھگڑوں میں بربادی دولت بیماری آتشک ہتھیاروں اور جنگی نوکری کا کام ہو -

۱۱۲ - بدھ بارھویں گھر مکر راس میں ہو - بیوپار کیلئے ہمیشہ مسافر - دولت مال سے آسودہ - سخی خیراتی کام کرنے والا - اگر نربل ہو - تو نقصان دولت ہو -

۱۱۳ - برہسپت - بارھویں گھر مکر راس میں ہو - جائیداد بزرگان برباد بددیانت - نادار - قرضدار - آخری عمر میں آنکھوں میں روگ بے فائدہ خرچ -

۱۱۴ - شکر - بارھویں گھر - مکر راس میں ہو - بزرگوں کی جائیداد ہاتھ نہ آوے مگر مکانات اور باغ اور مکان بناوے میٹھی زبان سفر میں لائق اور ہوشیار ہو -

۱۱۵ - سنیچر - بارھویں گھر مکر راس میں ہو - سفر میں لباس اور صورت بدل لیوے - عمر اچھی حالت میں بسر نہ ہو - کسی کے تابع ہو کر روزگار اور گذارہ کرے -

۱۱۶ - راہ کیت - بارھویں گھر مکر راس میں ہو - متوسط عمر کے بعد کمائے دولت کو نقصان کرے - سفر میں رہے - بدنام ہو جاوے جھگڑوں میں تکلیف -

۱۱۷ - سورج - بارھویں گھر کنبھ راس میں ہو - سفر زیادہ - روزگار سفر کام پیمائش زمینات یا ملکوں کا ہو - آخری عمر میں تکلیف

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

پریشانی اور بیماری دمہ کی ہو۔

۱۱۸ - چاند۔ بارہویں گھر کنبھ راس میں ہو۔ جائیداد و بزرگان کی تباہی دولت عزت ماں باپ کی بربادی۔ بے اد فضول خرچ۔ فکر اندیشہ۔

۱۱۹ - منگل۔ بارہویں گھر کنبھ راس میں ہو۔ پہلی عمر تکلیف میں گذرے اُسکے بعد جسقدر دولت پیدا کرے۔ وہ سب تباہ اور برباد کردیوے نہایت عاجز ہو کر زمانہ بسر کرنا پڑے۔

۱۲۰ - بدھ۔ بارہویں گھر کنبھ راس میں ہو۔ کم علم مگر عزت اقبال اچھا ہو۔ بمقابلہ آمدنی خرچ زیادہ۔ فکر اور تشویش۔

۱۲۱ - برہسپت بارہویں گھر کنبھ راس میں ہو۔ سخی۔ خیراتی کام کرنیوالا ہر دل عزیز۔ معزز۔ نامور۔ غیر ملکوں میں روزگار۔ مگر عمر متوسط اور زیادہ تر طبیعت پریشان رہا کرے۔

۱۲۲ - شکر۔ بارہویں گھر کنبھ راس میں ہو معمولی گذارہ۔ در پردہ قرضدار بظاہر آسودہ۔ کمی کام کرے۔ متوسط عمر میں موت عورت خرچ زیادہ۔ بیماری۔

۱۲۳ - سینچر۔ بارہویں گھر کنبھ راس میں ہو۔ شوم بے عقل۔ فریبی تمام عمر خرابیوں میں بسر ہو۔ دشمنی اور شرارت مول لیوے۔

۱۲۴ - راہ و کیت۔ بارہویں گھر کنبھ راس میں ہو۔ دور دراز ملک میں روزگار۔ جائیداد و بزرگان میں مقدمہ اور فساد ہوں۔ متوسط عمر میں حکام سے ناراضگی اور تکلیف۔ خرچ زیادہ۔ بیماری آنکھ

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۲۵ - سورج - بارہویں گھر میں راس میں ہو - صاحب اقبال - اعلےٰ رتبہ
حکام اور شریفوں کی تواضع میں خرچ زیادہ کرے - اور پہلی
خدمات کی وجہ سے آخری عمر میں راجدربار دولت اور عزت حاصل کرے

۱۲۶ - چاند - بارہویں گھر میں راس میں ہو - اچھی جائیداد اور کام کا مہتمم
ہو - تمام عمر اچھے کاموں میں بسر ہو - نیکنام - اعتباری اور
دیانتدار ہو -

۱۲۷ - منگل - بارہویں گھر میں راس میں ہو - بے رحم - بے درد - نامور
نیکنام - مگر درمیانی عمر میں تکالیف اور رنج پیش آویں -

۱۲۸ - بدھ - بارہویں گھر میں راس میں ہو - نامور - بیوپاری اور سرکاری
معاملات میں تکلیف - آخیر کامیاب ہو - خرچ زیادہ - شریفوں سے
رنج -

۱۲۹ - برہسپت - بارہویں گھر میں راس میں ہو - تو معزز اور مال دولت سے آسودہ
مگر بسبب فیاضی کے قرضدار ہو جاوے - موت اولاد کا حادثہ دیکھے
لوگ زیادہ خیرخواہ اور ہمدرد ہوں -

۱۳۰ - شکر - بارہویں گھر میں راس میں ہو - خوش اقبال - امیر ہمیشہ خوشی
میں زمانہ بسر ہو - خوش شکل - الا مستقل مزاج نہ ہو -

۱۳۱ سنیچر - بارہویں گھر میں راس میں ہو - تمام پریشانی اور نقصان دولت
مقابلہ دشمنوں میں بسر ہو -

۱۳۲ - راہ کیت - بارہویں گھر میں راس میں ہو - رزق - روزگار سے
تکلیف گذارہ کی تنگی - مگر آخری عمر میں آسائش اور آرام
مل جاوے

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۳۳- میکھ راشی خانہ دوازدہم میں ہو۔ تو خوف دشمن۔ خرابی املاک بیماری۔ الاترقی جانوراں چوپایہ۔

۱۳۴- برکھ راشی بارہویں گھر میں ہو۔ تو شتر۔ اسپ زیادہ ہوں اور مخالفان سے خوف۔

۱۳۵- متھن راشی خانہ دوازدہم میں ہو۔ تو ترقی جانوراں چارپایہ مخالفت اہلکاراں سرکاری۔

۱۳۶- کرک راشی خانہ دوازدہم میں ہو۔ تو ترقی جانوراں چوپایہ شتر و اسپ اور عہد پیمان دشمن۔

۱۳۷- سنگھ راشی خانہ دوازدہم میں ہو۔ تو ترقی جانوراں کلاں۔ اور مصالحت دشمن۔

۱۳۸- کنیا خانہ دوازدہم میں ہو۔ تو جماعت دشمناں مستعد دشمنی ہو مرادوں میں ناکامی۔ فایدہ جانور چوپایہ۔ املاک بہ قبضہ دشمن رہے۔

۱۳۹- تلا خانہ دوازدہم میں ہو۔ نفع جانوراں۔ اولاد دوست بھی دشمن ہو جاویں۔

۱۴۰- برچھک خانہ دوازدہم میں ہو۔ دشمن قوی ہو۔ خوف حکام ترقی مویشی۔

۱۴۱- دہن خانہ دوازدہم میں ہو۔ تو حصول مراد از دوستاں و فایدہ و نکوئی حالات۔

۱۴۲- مکر خانہ دوازدہم میں ہو۔ تو دشمنوں سے خوف گرفتاری مقابلہ دشمن۔ ترقی مویشی۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۴۳- کیتھ خانہ دوازدہم میں ہو۔ تو دشمنوں سے رنج اور اندیشہ نقصان

۱۴۴- مین خانہ دوازدہم میں ہو۔ تو دوستوں سے رنج اور دوست دشمن ہو جاویں۔ انجام اُن سے صلح ہو۔

راز چہاردہم

احکام متفرق یوگ

اب ان یوگوں کا حال لکھا جاتا ہے۔ جو کنڈلی کے کسی گھر میں نہیں آے ہیں۔

قران

جب کوئی گرہ دوسرے گرہ سے ملاپ سمبندھ ایک گھر میں ایک انش دا ایک کلا دا ایک بکلا پر کرے تو اُس کو قران کہتے ہیں۔ ایسے حالت میں اونکا بل آپس میں مل کر ایک خاص اثر پیدا کرتا ہے جیسا کہ دوائی یا کوئی اور چیز جدا جدا ہوں۔ تو اونکا اثر جدا جدا اور کمتر ہوتا ہے۔ مگر جب اونکو ملا کر یکجان کر دیا جاوے تو پھر اونکا ایک خاص اثر پیدا ہو جاتا ہے۔ مثلاً گندھک۔ شورہ۔ کوئلہ۔ جدا جدا ہوں۔ تو کوئی طاقت نہیں رکھتے ہیں۔ لیکن جب اُونکو ملا کر یکجان کیا جاوے تو پھر بارود بن جاتا ہے۔ اُس میں ایک طاقت پیدا ہو جاتی ہے اسی طرح جب قدرتاً گرہوں کا آپس میں سمبندھ ہو جاتا ہے تو ایک خاص

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

اثر دکھلاتے ہیں۔

قران دو گرہوں کا

۱۔ سورج۔ چاند کا قران ہو۔ تو سخت مزاج۔ غصہ والا۔ لالچی اور معمولی روزگار ہو۔ بکار یگر۔

۲۔ سورج۔ منگل کا قران ہو۔ تو دلاور۔ غصہ ور۔ پاپی۔ بلوان اور دل کو دبانیوالا بخت اور بدکلام۔ مہتر۔

۳۔ سورج۔ بدھ کا قران ہو۔ تو عقلمند۔ دانا۔ ہوشیار۔ رزق دولت سے آسودہ ہو۔

۴۔ سورج۔ برہسپت کا قران ہو۔ تو عقلمند۔ دانا۔ ہوشیار۔ امیر دولتمند لوگوں کے کام نکالنے والا ہو۔

۵۔ سورج۔ شکر کا قران ہو۔ تو بہادر۔ دلیر۔ شائق۔ رنگ راگ فن دستکاری میں ہو ہوشیار۔ عورت کا تابعدار۔

۶ سورج سنیچر کا قران ہو۔ تو لین دین میں ہوشیار۔ بیوپار میں لائق ہر ایک چیز اچھی بری کو مثل صراف کے پہچاننے والا۔

۷۔ چاند منگل کا قران ہو جنا تو سخت پاپی۔ جھوٹھ بولنے والا۔ چغلخور۔ بیمار ہو۔

۸۔ چاند۔ بدھ کا قران ہو۔ تو رحمدل۔ سخی۔ دہرماتما۔ دولتمند۔ بدھ وان ہو۔ دانا۔

۹۔ چاند۔ برہسپت کا قران ہو۔ تو دولتمند۔ شبھ کام کرنیوالا۔ خاندان میں معزز اور ہر ایک کو سہارا دینے والا۔ خاندان

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

کے لوگ اوسکا حکم مانیں۔
۱۰۔ چاند۔ شکر کا قران ہو تو دانا۔ اور ہر ایک کام میں عقل اوسکی لائق صلاح اور مشورہ کے ہو۔ لیکن عیاش ہو۔
۱۱۔ چاند سینچر کا قران ہو۔ تو اچھے کام کرنیوالا۔ عام کا خیر خواہ
۱۲۔ منگل۔ بدھ کا قران ہو۔ تو بہادر۔ دلاور۔ کھیل اور لڑائی میں پہلوان ہو۔ قبیلہ پرور۔
۱۳۔ منگل۔ برہسپت کا قران ہو۔ تو خاندان کا پرورش کرنیوالا۔ بلند مراتب۔ معزز۔ بہادر۔ دلاور رہو۔
۱۴۔ منگل۔ شکر کا قران ہو۔ تو فکرمند۔ بیقرار۔ ہمیشہ اندیشہ اور پریشانی میں رہے۔ جھوٹھ بولنے والا لیکن دشمن پر فتح پاوے۔ شایق عورات وغیرہ
۱۴۔ ثانی منگل شکر کا قران ہو۔ تو حیران و پریشان رہے۔
۱۵۔ بدھ۔ برہسپت کا قران ہو۔ ہمیشہ خوشحال اور خوشبودار چیزوں کا خواہشمند ہو۔ راگی۔
۱۶۔ بدھ شکر کا قران ہو۔ تو معزز۔ نامور۔ خاندان میں سردار دانا۔ دستکار۔ اور کئی ہنر جانتا ہو۔ میٹھی زبان۔
۱۷۔ بدھ سینچر کا قران ہو۔ ہمیشہ خوشحال۔ قبیلہ کو پالنے والا۔ احسان اور مروت کرنے والا۔ لیکن دُبلا۔ دغاباز۔ جھوٹھ بولنے والا۔
۱۸۔ برہسپت۔ شکر کا قران ہو۔ تو خوشحال۔ صاحب اولاد۔ دولتمند۔ عالم۔ فاضل۔ لیکچرار۔ بلند آواز۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۹ - برہسپت سینچر کا قران ہو۔ تو ہر طرح آسودہ خوش خرم اور بہت بولنے والا ہو۔ اور مضبوط۔

۲۰ - شکر سینچر کا قران ہوں۔ تو نقشہ اور تصویروں کے کام میں ہشیار آسودہ حال ہمیشہ عزت اور خوشی میں زمانہ بسر کرے۔ دولتمند اور جواہری ہو۔ عورت مضبوط ہو۔

قران تین گرہوں کا

۲۱ - سورج - چاند - بدھ کا قران ہو۔ بڑے مشکل کام بہم پہنچانے والا۔ دلاور - ہوشیار - لوگ اوسکا خوف مانیں - سواریوں کا شائق -

۲۲ - سورج - چاند - برہسپت - کا قران ہو۔ روزگار - ملازمت - سفر زیادہ - ہوشیار -

۲۳ - سورج - چاند - شکر - کا قران ہو۔ بے روزگار - گذارہ سے تنگ اوروں کے آسرا پر گذارہ کرے

۲۴ - سورج - چاند - سینچر - کا قران ہو۔ تو نادار - گذارہ سے تنگ پریشان خاطر -

۲۵ - سورج - منگل - بدھ کا قران ہو تو رنج اولاد - ملک بھرنیوالا فن جادوگری میں واقفیت رکھتا ہو۔

۲۶ - سورج - منگل - برہسپت کا قران ہو۔ تو افسر یا عہدہ دار لشکر دانا - دولتمند - سخت کام -

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۲۷- سورج - منگل - شکر - کا قرآن ہو۔ تو دولتمند - ہوشیار - سخی - لوگوں پر احسان اور مہربانی کرنیوالا ہو۔

۲۸- سورج - منگل - سنیچر کا قرآن ہو۔ ہر ایک نا اتفاقی - جھگڑا - تکرار - بیمار پریشان - عاجزی سے زمانہ بسر کرے۔

۲۹- سورج - بدھ - برہسپت کا قران ہو۔ تو بڑے عقل والا - امیر - دولتمند - معزز - نامور - لیکن آنکھوں میں کوئی روگ پیدا ہو۔

۳۰- سورج - بدھ - سنیچر کا قران ہو۔ تو کمزور - بزدل - عورت مشکل سمبندھیوں سے بدسلوکی۔

۳۱- سورج - برہسپت - شکر کا قران ہو۔ تو بے عقل - بدسلوک بدروزگار - بدنام۔

۳۲- سورج - برہسپت - سنیچر کا قران ہو۔ تو نامور - معزز - اچھے کام کرنیوالا۔

رحمدل - عورت اولاد سے خوشحال۔

۳۳- سورج - شکر - سنیچر کا قران ہو۔ بدنام - بدکار - بے روزگار عشق انگیز کہانیوں میں مست۔

۳۴- چاند - منگل - بدھ کا قرآن ہو۔ بدنام - بیکار - بیقدر - احسان اور مروت نہ جاننے والا۔

۳۵- چاند منگل - برہسپت کا قران ہو - خوش شکل - بدکار - عیاش - زناہی چور - فسادی - جھوٹا - بدعہد - دہوکھ دینیوالا۔

۳۶- چاند - منگل - شکر کا قران ہو - بیکار - گذارہ سے تنگ اولاد کا رنج - عورت نالائق - نافرمانبردار۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۳۷ - چاند ۔ منگل ۔ سنیچر ۔ کا قران ہو ۔ بدنام ۔ زناکارہ ۔ روزگار ۔ بچپن میں ماتا کی موت ۔ رنج ۔ تکلیف ۔

۳۸ - چاند ۔ برہسپت ۔ بدھ کا قران ہو ۔ صاحب علم ۔ خوشحال ۔ خوش قسمت نامور ۔ نیک نام ۔

۳۹ - چاند ۔ بدھ ۔ شکر ۔ کا قران ہو ۔ ودوان ۔ لالچی ۔ ہوشیار ۔ روپیہ کمانے میں صبح و شام سرگردان ہو ۔

۴۰ - چاند ۔ بدھ ۔ سنیچر کا قران ہو ۔ تو بڑا دانا اور خوشحال ۔ نامور معزز ۔

۴۱ - چاند ۔ برہسپت ۔ شکر ۔ کا قران ہو ۔ تو بلند اقبال اور خوش بخت ہو ۔

۴۲ - چاند ۔ برہسپت ۔ سنیچر کا قران ہو ۔ تو یقین پہونچانے والا ۔ نامور معزز ۔ راجدربار میں قدر منزلت ہو ۔ جادوگری کا شائق ۔

۴۳ - چاند ۔ شکر ۔ سنیچر کا قران ہو ۔ عالم ۔ فاضل ۔ پنڈت بید وں تک تعلیم دہرا تماں ۔ پرہیزگار ۔

۴۴ - منگل ۔ بدھ ۔ برہسپت کا قران قبیلہ پرور ۔ خاندان میں سردار اور کل دیپک ہو ۔ اچھے سخنوں اور شعروں کا پیارا ۔

۴۵ - منگل ۔ بدھ ۔ شکر ۔ کا قران ہو ۔ دبلا بدن تھوڑا بولنے والا ۔ رزق دولت سے آسودہ ۔

۴۶ - منگل ۔ بدھ ۔ سنیچر کا قران ہو ۔ تو ادھرمی ۔ پاپی ۔ دبلا لوگوں کے سندیسہ اور خط خبروں پہونچانیوالا ۔

۴۷ - منگل ۔ شکر ۔ برہسپت کا قران ہو ۔ تو بڑے مرتبہ اور

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

منصب والا۔ اولاد واستری سے خوشحال معزز۔ نیکنام۔ دلاور

۴۸۔ منگل برہسپت سنیچر کا قران ہو۔ کمینہ روزگار بے رحم۔ ظالم طبیعت بدعہد۔ اپنے اقرار اور وعدہ سے پھر جاوے۔

۴۹۔ منگل سنیچر شکر کا قران ہو۔ ہمیشہ سفر۔ عورت نافرمان اور لڑائی کرنیوالی۔

۵۰ بُدھ۔ برہسپت شکر کا قران ہو۔ تو نامور معزز۔ بڑے قدر والا دشمنوں کا قاتل۔

۵۱ بدھ۔ برہسپت سنیچر۔ کا قران ہو۔ تو امیر صاحب جائیداد۔ زمین مکان سے خوشحال۔ نیک نام۔ اچھے کام۔

۵۲۔ بُدھ شکر سنیچر کا قران ہو۔ تو بدکار۔ دھوکہ دینیوالا۔ تیز زبان بے اعتبار۔ بے قدر۔ بدنام۔

۵۳۔ برہسپت۔ شکر سنیچر کا قران ہو۔ تو گو غریب یا کمینہ یا بے نشان خاندان اور گھر میں جنم ہو۔ تب بھی نامور۔ بڑے اقبال والا۔ راجہ یا امیر ہو۔

چار یا چار سے زیادہ گرہوں کا قران

۵۴۔ چار یا چار سے زیادہ گرہ کیندر یا ترکون میں ہوں۔ تو سادہو یا فقیر یا فقیروں کے فرقہ میں شامل ہوتا ہے۔

سورج بلوان ہو۔ تو گیرو لبتر دھاری کا تپسی ہو۔

چاند۔ بلوان ہو۔ تو کھپر دھاری ہو۔

منگل بلوان ہو۔ تو کپالی ہو۔

بدھ بلوان ہو۔ تو دو دان اور ڈنڈی اسنیاسی ہو۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

برہسپت بلوان ہو۔ تو جتی ہو۔
شکر بلوان ہو۔ تو چکردھاری ہو۔
سنیچر بلوان ہو۔ تو پانگس ہو۔

یوگ سورج و چاند

۵۵ ویس یوگ۔ سورج سے بارہویں گھر میں (چندرماں کے سوا) کوئی گرہ ہو۔ تو تھوڑی درشٹی اور تھوڑا بولنے والا ہو۔ مگر کاموں میں چست اور ہوشیار۔

۵۶۔ بیجا یوگ۔ سورج سے دوسرے گھر میں (چندرماں کے سوا) کوئی گرہ ہو۔ تو میٹھی بانی دھیمی اور نرم۔ طبیعت ہر ایک پر کرپا کرنے والا۔ بڑا پراکرمی اور بلوان ہو۔

۵۷ اوبھی چری یوگ۔ سورج سے آگے اور پیچھے (چندرماں کے سوا) کوئی گرہ ہو۔ تو میانہ قد اور دانا و سمجھ والا۔ ہر ایک کام سوچ سمجھ کر کرنیوالا۔ بڑے امیروں اور بھاگ وانوں کی سنگت۔ لوگوں میں پرتیت اور مانتا ہو۔

۵۸۔ انفا یوگ۔ چاند سے بارہویں گھر میں (سورج کے سوائے) کوئی گرہ ہو تو نیکنام پن دان کرنیوالا۔ ہر ایک پر احسان اور دیا کرے۔

۵۹۔ سونفا یوگ۔ چاند سے دوسرے گھر میں (سورج کے سوائے) کوئی گرہ ہو۔ ہاتھوں اور اپنے پراکرم و اُدوم سے کمائی کر کر دولت پیدا کرنے والا۔ ہمیشہ آنند اور خوشحال۔ لوگوں میں قدر اور مانتا ہو

۶۰ دہور۔ دہرا۔ یوگ۔ چاند سے آگے اور پیچھے (سورج کے سوائے) کوئی

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

گرہ ہو۔ تو دہنواں۔ دہن وان کرنیوالا۔ بڑے پرتاپ اور اقبال والا کرپالو۔ دیالو۔ سب پر احسان اور مہربانی کرے ہوا نیز نصیب ہو۔

۶۱ - سورج۔ چاند کے آگے پیچھے شبھ گرہ بلوان ہوویں گے۔ تو پھل پورن کریں گے۔ اگر اشبھ گرہ ہونگے۔ تو تھوڑا پھل کریں گے۔

۶۲ کیمدرم یوگ۔ سورج و چاند کے آگے پیچھے کوئی گرہ نہ ہو۔ تو نردھن نرآدری نیچ کام یا ٹہل سیوا پر گذارہ کرنیوالا۔ اور ہمیشہ سوگ اور چینتا میں رہے۔

۶۳ - کیمدرم روپوگ۔ سورج سے چوتھے۔ ساتویں۔ دسویں گھر میں چندرماں ہو۔ تو تمام دوش کیمدرم یوگ (۶۲) کو ناش کر دیتا ہے۔

۶۴ جنم لگن یا چندرماں سے کیندر استھان میں کوئی گرہ ہو یا اُس استھان پر چاند کے ساتھ نواس کرتا ہو۔ تو کیمدرم یوگ دور ہو جاتا ہے اور پھل او سکا نشپھل جاتا ہے۔ پستک برہد جاتک میں اس کی ساکھا لکھی ہے۔

۶۵ - چندرماں اپنے گھر یا اپنی ہوا میں ہو۔ دوسرے گرہ جو چندرماں کی ہورا میں ہوں۔ وہ چاند کو دیکھتے ہوں تو پھل شبھ ہوتا ہے

۶۶ اُدہے یوگ۔ چندرماں سے چھٹے۔ ساتویں۔ آٹھویں۔ گھر میں بُدھ۔ برہسپت شکر ہوں۔ تو شبھ پھل کرتے ہیں۔ اوس صورتمیں کہ جب تینوں گھر و نمیں ملکر یا جدا جدا تینوں گرہوں کا نواس ہو یہ یوگ چاند کے تمام دوشوں کو دور کر دیتا ہے اور اُنکا ناش کرتا ہے۔

۶۷ - شبھ گرہ چندرماں کی ہورا میں ہوں۔ تو وہ جیو بھاگوان اور بڑے پرتاپ والا ہوتا ہے۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۶۸ چاند کو دن کے جنم میں برہسپت پورن درشٹی سے اور رات کے جنم میں شکر پورن درشٹی سے دیکھتے ہوں۔ تو بہت شبھ پھل کرتے ہیں۔

۶۹۔ بعض ودوانوں کا واک ہے کہ اگر جنم لگن یا چاند سے چوتھے گھر میں کوئی گرہ ہو۔ تو انفا یوگ (۵۸) ہوتا ہے۔

۷۰۔ جنم لگن یا چاند سے دسویں گھر میں کوئی گرہ ہو۔ تو سونفا یوگ (۵۹) ہوتا ہے۔

۷۱۔ جنم لگن یا چاند سے چوتھے اور دسویں گھر میں کوئی گرہ ہو تو دھوردھرا یوگ (۶۰) ہوتا ہے۔

۶۱۔ جنم لگن یا چاند سے چوتھے۔ دسویں گھر میں کوئی گرہ نہ ہو تو کیمدرم یوگ (۶۲) ہوتا ہے۔

یوگ کنڈلی کے گھروں کے

۶۲۔ اجو یوگ۔ اگر سب گرہ چر لگنوں میں ہوں۔ تو منش دیش بدیش پھرنیوالا۔ کرود سبھاؤ۔ بہت جوڑ توڑ ملانیوالا فریبی سبھاؤ۔

۶۳ موسل یوگ اگر سب گرہ استھر لگنوں میں ہوں۔ تو شبھ اچاری شبھ بیوپاری۔ بڑا نامور۔ پرتاپ والا۔ بھلے کاموں پراکرمی دھیرج وان۔

۶۴۔ نل یوگ۔ اگر سب گرہ دوسبھاؤ لگنوں میں ہوں تو استری سنتان دھن۔ دولت سے خوشحال ہو۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۶۵- مالا یوگ - اگر سب شبھ گرہ تین گھر کیندر میں ہوں تو منش بہن دان کرنیوالا
بہتر سجنوں کا ہتکاری - دھن - بھوشن - بستر - سنتان سے خوشحال

۶۶- بیال یوگ - اگر شبھ گرہ تین گھر کیندر میں نہ ہوں - تو نردھن اور بیمار
روگی ہوتا ہے :-

۶۷- گدا یوگ - سب شبھ گرہ دو گھر کیندر میں آجاویں - تو منش ہر ایک کام
میں فتح پاتا ہے - اور ششتروں پر ہمیشہ اوس کی جیت رہتی ہے اگنی
اور منتر تنتر و ودیا میں پریتی رکھتا ہے :-

۶۸- سکٹ یوگ - اگر سب گرہ ساتویں گھر میں ہوں - تو منش نردھن نراشن نراسرا-
روگی - سوگی ہوتا ہے -

۶۹- بلیگ - یوگ اگر سب گرہ چوتھے - دسویں گھر میں ہاوں - تو اپنی محنت
اور ادوم پر گذارہ ہو - اور سدا پردیس میں پھرے

۷۰- سرنگاٹک یوگ - اگر سب گرہ پانچویں - نانویں گھر میں آ جاویں - تو
بدھیوان اور خوشحال ہوتا ہے

۷۱- ہل یوگ - اگر سب گرہ ۲-۳-۴-۶-۷-۸-۱۰-۱۱-۱۲ گھروں میں ہو-
تو محنت اور کھیتی پر گذارہ ہو - تنگی سے سما گذارے - نردھن ہو :-

۷۲- بجر یوگ - ساتویں اور جنم لگن میں شبھ گرہ بلوان ہو چوتھے اور دسویں
گھر میں پاپی گرہ ہوں تو سریر میں گرمی بلوان کامی - پہلی اور پچھلی
اوستھا خوشی سے گذرے - پر بیچ میں دوکھ - اور کلیش دیکھے

۷۳- جو یوگ - چوتھے - دسویں گھر میں شبھ گرہ اور جنم لگن و ساتویں گھر میں
شبھ گرہ اور جنم لگن و ساتویں گھر میں اشبھ گرہ میں ہوں - پہلی اور
پچھلی اوستھا میں دوکھ کلیش دھن کا ناش - مان کا اپمان ہو - مگر مدھ

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

اوستھامیں سکھ۔ آرام دھن دولت سے اچھا وقت گذرے۔

۷۴۔ سروج یا کمل یوگ یشبھ آشبھ گرہ چاروں کیندر گھروں میں آجاویں تو اُس منش کی تمام اوستھا رنج اور خوشی میں گذرتی ہے حالت اُس کی ہمیشہ بدلتی رہتی ہے۔ کبھی دوکھ کبھی سکھ۔

۷۵ ۔کوب یوگ پورے چاروں گھر کیندر کے باقی آٹھ گھروں میں سب گرہ ہوں۔ کوئی گھر سوائے کیندر گھروں کے خالی نہ ہو۔ تو منش کل دیپک اور خاندان میں سردار۔ بھلے سبھا والا۔ بھلے کام کرنیوالا۔ دیرگھ آیو۔ دھنوان ہو۔

۷۶ ۔جوپ یوگ ۔ساتوں گرہ اگر جنم لگن سے تیسرے گھر تک برابر ہوں باقی نوگھر۔ چوتھے سے بارھویں گھر تک خالی ہوں۔ وددوان۔ دھنوان دھرماتما۔ پن دان کرنیوالا ہے۔

۷۷ سریوگ ۔ساتوں گرہ چوتھے گھر سے چھٹے گھر تک ہوں۔ اور باقی سب گھر خالی ہوں۔ تو ڈاکو۔ چور۔ نردھن۔ نردیا غریبوں کو لوٹنے والا۔

۷۸۔ شکت یوگ ۔ساتوں گرہ ساتویں گھر سے نانویں گھر تک ہوں۔ اور باقی سب گرہ خالی ہوں۔ تو نردھن اور کلپنا کرنیوالا۔ ہر ایک سے جھگڑا۔

۷۹ ونڈ یوگ ۔سب گرہ دسویں گھر سے بارھویں گھر تک ہوں باقی گھر پہلے سے نانویں تک خالی ہوں۔ تو منش نردھن۔ اور سنتان وودیا و بدھی سے رہت ہوتا ہے۔ تمام آیو اُس کی کلیشوں میں گذرتی ہے۔

۸۰ نئویوگ ۔پہلے گھر سے ساتویں گھر تک سب گرہ ہوں۔ باقی آٹھویں سے بارھویں گھر تک خالی ہوں۔ تو بے ٹھکانہ سبھاو اور لالچی۔ بیوپار

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

اناج یا کام کرایہ یا دریا میں ناؤ چلانے کے کام پر گذارہ ہو۔

۸۱ چھتر یوگ ۔ ساتویں گھر سے پہلے گھر تک کل گرہ آجاویں ۔ باقی گھر دوسرے سے چھٹے گھر تک خالی ہوں ۔ تو پہلے اور پچھلی عمر نہایت سکھ اور آنند سے امیری میں گذرے ۔ بڑا مانی ۔ پرتاپی ۔ نامور ۔ نیک نام ہو۔

۸۲ ۔ دہنک یوگ ۔ اگر ساتوں گرہ دسویں سے چوتھے گھر تک ہوں ۔ تو پہلی اور پچھلی اوستھا بہت سکھ ۔ آنند ۔ دہن سنتان سے خوش گذرے ۔ بنوں اور پربتوں پر رہنا پسند کرے ۔

۸۳ ۔ کوڑ یوگ ۔ سب گرہ چوتھے سے دسویں گھر تک ہوں ۔ تو منش چور پاپی ۔ ادہرمی ۔ ڈاکو ۔ بنوں اور ویران استھانوں پر رہنے والا ہو۔

۸۴ اردہ چندر یوگ ۔ اگر چاروں کیندر ۱ ۔ ۴ ۔ ۷ ۔ ۱۰ ۔ چھوڑ کر تمام گرہ ۲ ۔ ۳ ۔ ۵ ۔ ۶ ۔ ۸ ۔ ۹ ۔ ۱۱ ۔ ۱۲ ۔ گھروں میں ہوں ۔ تو منش افسر لشکر اور بڑے اختیار والا ۔ نامور خوشحال ۔ سدا آنند دھنوان پرتاپی ہوتا ہے ۔

۸۵ ۔ چکر یوگ ۔ اگر ۱ ۔ ۳ ۔ ۵ ۔ ۷ ۔ ۹ ۔ ۱۱ ۔ گھروں میں سب گرہ ہوں ۔ تو منش سندر روپ ۔ نامور ۔ بڑے مرتبہ اور درجہ اور عہدہ ۔ دھنوان بدھ وان ہوتا ہے ۔

۸۶ ۔ سمندر یوگ ۔ اگر سب گرہ ۲ ۔ ۴ ۔ ۶ ۔ ۸ ۔ ۱۲ ۔ ۱۰ ۔ گھروں میں ہوں تو منش سخی ۔ پن دان کرنیوالا ۔ بڑا مرتبہ ۔ بڑا قدر ۔ بڑا اختیار پرتاپ دیا وان ۔ دھنوان ہوتا ہے ۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۸۷ - گولی یوگ - اگر سب گرہ جنم لگن میں ہوں - تو دانا - سچ بولنے والا سخی - پن دان کرنے والا - دھرماتماں - لوگوں میں مانتا - قدر -

۸۸ - جگت یوگ - اگر سب گرہ صرف دو گھروں میں ہوں - تو لالچی فریبی دھوکو دینیوالا - شوم ٹھگ ہوتا ہے -

۸۹ - شول یوگ - اگر سب گرہ تین گھروں میں ہوں - تو دلاور - بہادر جنگی بلوان سخت دل - نردہن - نردیا - کوبدہی شریر -

۹۰ - کیدار یوگ - تمام گرہ اگر چار گھروں میں ہوں - لوگوں کے کام کرنے والا - دہنوان - سہارے اور دھیرج والا - بھلے سبھاؤ والا ہو -

۹۱ - پاس یوگ - اگر تمام گرہ پانچ گھروں میں ہوں - کرودہی - پاپی - دوکھ دائی نقصان پہونچانیوالا - ادہرمی -

۹۲ دامنی یوگ - اگر تمام گرہ چھ گھروں میں ہوں - تو دھنوان سنتان سے آنند - دانا - بدھ وان - کوشل سبھاؤ - سدا آنند میں رہنے والا ہوتا ہے -

۹۳ بنیا یوگ - تمام گرہ اگر سات گھروں میں ہوں - تو منش ودوان - بدھوان - پن دان کرنیوالا - سخی - دھنوان - راگی ہوتا ہے -

۹۴ بیسی یوگ - سورج سے بارہویں یا دوسرے گھر میں جب گرہ آویں تو وہ اپنا اپنا پھل پورن دکھلاتے ہیں -

۱ - سورج سے بارہویں یا دوسرے گھر میں منگل ہو - تو دلاور - مالدار - چور ہوگا -

۲ - سورج سے بارہویں یا دوسرے گھر میں بدھ ہو - تو جوگیشر یادی اور راہ حقیقت و معرفت کو جاننے والا بڑا دانا ہو -

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۳- سورج سے بارہویں یا دوسرے گھر میں شکر ہو۔ تو امیر۔ مالدار ہمیشہ خوشحال اور خوش بخت۔ بڑی بڑی نعمتیں نصیب ہوں۔

۴- سورج سے بارہویں یا دوسرے گھر میں برہسپت ہو۔ عالم فاضل اور بڑے امیروں کا وزیر اور صلاح کار ہو۔

۵- سورج سے بارہویں یا دوسرے گھر میں سنیچر ہو۔ تو اوسکے بھائی رشتہ دار مترسجن بہت ہوں۔

۹۵- ایک گھر میں یوگ شکر۔ بدھ سنیچر۔ تینوں۔ ملکر۔ ایک گھر میں آویں۔ تو جھوٹھ بولنے والا۔ عورت غیر سے دوستی۔ شہر بشہر پھرے دل کا بھید کسی کو نہ دیوے۔

۹۶- شکر۔ بدھ سنیچر۔ سورج۔ راہو۔ پانچ گرہ ایک گھر میں ہوں تو دانشمند اور جنگ جدل میں مستقل مزاج۔ سچ بولنے والا۔ پوتر پاک۔

۹۷ بدھ شکر۔ سورج۔ تینوں ایک گھر میں ہوں۔ تو دانا۔ معزز میٹھی زبان۔ خوبصورت عورتوں سے محبت۔

۹۸ چاند۔ منگل و سنیچر۔ راہ۔ چاروں گرہ ایک گھر میں ہوں۔ دلاور بہادر۔ معزز۔ اہنکاری۔ ابھمانی۔ دانا۔ مالدار۔ بڑے پروار والا لوگوں پر احسان اور مروۃ زیادہ کرے۔

۹۹- برہسپت۔ چاند۔ ایک گھر میں ہوں۔ تو اپنے بھائیوں سے سلوک ہر ایک کا صلاح کار۔ خاندان اچھا۔ عورت نیک بہادر سوہرہ مال۔ دولتمند۔ پرتاپی افسر لشکر یا رعیت

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۰۰ - منگل - بدھ - سورج - شکر - ایک گھر میں ہوں - تو بدکاری کا شایق لڑائی میں دلاور -

۱۰۱ - چاند - سورج - منگل - بدھ - چاروں گرہ ایک گھر میں ہوں - تو سخی اور شبھ کام کرنیوالا - خوبصورت - بہادر پہلوان - بلوان استری اولاد سے خوشحال - نیک نام -

۱۰۲ - سورج - شکر - ایک گھر میں ہوں - تو عالم - مالدار - عورتوں کے کام سے خوش - دلیر - جنگ میں بہادر -

۱۰۳ - چاند - شکر - ایک گھر میں ہوں - خوبصورت - تماش بین - خوراک پوشاک عمدہ - دلیر -

۱۰۴ - چاند - منگل - ایک گھر میں ہوں - تو لڑائی اور جنگ میں چالاک راگ رنگ کا پریمی - سخی مالدار - لیکن جھوٹھ سے زیادہ کام ہو -

۱۰۵ بدھ - چاند - سورج - ایک گھر میں ہوں - سواری کا شوق ہر ایک کا کام محبت اور دل سے انجام دیوے - سادھواں کا دوست -

۱۰۶ - سورج - منگل - برسپت - چاند - ایک گھر میں ہوں تو سخی و دلاور کولیشری شاعری میں ماہر - مصاحب - راج منتری -

۱۰۷ سورج - شکر - چاند - سنیچر - ایک گھر میں ہوں - راہو ایک گھر میں ہو - تو سر پرشٹ اور بلوان ہو - پرنتو ہمیشہ دوکھی رہے ابھمانی - گانی - اچھا گھر اور اچھی عورت - سندر - سنتان والا باگ رنگ سے پریت -

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۰۸- برہسپت - چاندر منگل - ایک گھر میں ہوں - اپنی بات کو پورا کرنیوالا - جبتک اوسکی بات پوری نہ ہو غمگین رہے۔ اوس کے سر میں دُوکھ - پھوڑا پھنسی - سندر روپ۔

۱۰۹- سینچر - بدھ ایک گھر میں ہوں۔ ہر ایک کا کام نکالے۔ جلدی رنج ہو۔ بدہوان۔

۱۱۰ نچھتر - اشنی - کرتکا - ریوتی - پکھ میں جنم ہو۔ اور شکر شبھ استھان پر ہو۔ تو شبھ پھل کرے۔ منش سردار اور راجہ ہو۔ اگر شکر آشبھ استھان پر ہو۔ تو بھی سردار اور جاگیردار ہو۔

۱۱۱- ا- نچھتر - مولا - مگھا - پوربا - پھالگنی - ریوتی میں جنم ہو سورج جنم لگن میں ہو۔ تو کنگال اور نردہن ہو۔ ہمیشہ پریشان اور حیران ہو۔

۲- چاندر - اوچ استھان پر ہو۔ تو منش راجہ اور پرتاپی ہو۔

۳- سورج - دسویں گھر میں ہو۔ تو خوش قسمت اور بھاگوان ہو۔

۴- منگل - برہسپت - سورج دسویں گھر میں ہو۔ تو سواری و جمعیت سے آسودہ رہے۔

۵- برہسپت سنگر دسویں گھر میں ہوں۔ تو سردار۔ دھنوان سنتان والا ہو۔

۱۱۲- شکر یا برہسپت - یا بدھ - یا چاندر - اوچ - استھان یا اپنے گھر میں بلوان ہوکر دسویں گھر میں ہو۔ تو دھنوان اور خوشحال اور آرام و اطمینان سے آیو گذارے۔

۱۱۳- جنم لگن کا مالک بلوان ہوکر کیندر - ترکون میں ہو۔ تو سدا سوکھی اور تندرست دھنوان یش والا۔ تھوڑے کام اور پراکرم سے

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

فائدہ بہت اوٹھاوے۔

ارشٹ نوران یوگ

۱۱۴۔ جس کنڈلی میں پاپ گرہوں کا ارشٹ ہو۔ اور اُس میں یہ یوگ آجاویں تو تمام دوش اُس کے دور ہوجاتے ہیں۔

۱۔ شکر۔ برہسپت۔ ملکر کیندر میں بلوان ہوں۔

۲۔ مہان سندہ یوگ۔ راہو ۳ گھر میں اور منگل ۸ گھر میں ہو۔ اور باقی گرہ شبھ استھان پر ہوں۔

۳۔ چاند۔ کرک۔ راس۔ بلوان ہوکر جنم لگن میں ہو۔ اور ساتویں گھر میں کوئی پاپی گرہ نہ ہو۔

۴۔ برہسپت بلوان ہوکر کیندر میں ہو۔ اور سورج پانچویں گھر میں ہو۔

۵۔ برہسپت یا شکر بلوان ہوکر کیندر گھر میں ہو۔

۶۔ راہو۔ منگل۔ سینچر۔ سورج۔ ملکر ساتویں گھر میں ہوں۔

۱۱۵۔ سورج سے نانویں باپ کا گھر۔ چاند سے چوتھے ماں کا گھر۔ اور منگل سے تیسرے بھائی کا گھر۔ اور بدھ سے چوتھے ماما کا گھر اور برہسپت سے پانچویں اولاد کا گھر۔ اور شکر سے ساتویں استری کا گھر۔ اور سینچر سے آٹھویں باقی سمبندیوں کا گھر ہے۔ جن گھروں میں شبھ گرہ بلوان ہوں گے۔ یا بلوان ہوکر اُنکو دیکھتے ہونگے تو اون کے لئے شبھ پھل ہوگا۔ اور جن گھروں میں پاپی گرہ بلوان ہونگے یا اونکو دیکھتے ہوں گے۔ تو حق میں کلیش کاری

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

اور دو کھہ وائی ہوگا۔

گر بھہ ٹھہرنیکا وقت (حمل)

۱۱۶ - جنم لگن سے پانچویں لگن اور چوتھے مہینہ تیسری تتھ۔ تیسرے دار اور دسویں نچھتر میں بیرج یا گربھہ ماتا کے ادور میں ٹھہرتا ہے اس حساب سے وقت ٹھیرنے گربھہ کا معلوم ہو سکتا ہے۔

مثلاً

۳۰ اکتوبر ۱۹۰۵ء ۱۵ ار کارتک سمت ۱۹۶۲ بکرم بروز سوار۔ تتھ دوج شکلا پکھہ کو بوقت ۱ بجے ۱۶ منٹ دن کے اسٹٹ ۱۵ گھڑی ۲۵ پل پر مکر لگن میں ایک لڑکا پیدا ہوا۔

مکر لگن سے پانچویں لگن برکھ اور چوتھا مہنہ کارتک سے مانگھہ اور دوج تتھ سے تیسرے تتھ چوتھ اور تیسرا وار سوار سے بدھ اور دسوال نچھتر اسراد ہا سے اوترا بھادر پر پایا گیا۔ جب اُن کو جنتری میں دیکھا گیا۔ تو یہ سب یوگ ۸۔ فروری ۱۹۰۵ء ۲۷ ار مانگھہ سمت ۱۹۶۱ میں پائے گئے۔ نشچہ کرنا پڑا کہ واقعی یہ دھروا رکیشرا ان معلوم کرتی وقت قرار حمل یعنے ٹھیرنے ۔۔۔ گربھہ کا درست ہے۔

۱۱۷ - کتاب عربی غنیتہ المستفید میں محی الدین عربی لکھتے ہیں کہ منجمان متقدمین نے جنم بچہ میں ساعات کا اثر بھی بتشل پہلا دیش

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

لگنوں کے لکھا ہے۔

دن اور رات کی بارہ بارہ ساعتیں ہوتی ہیں۔ خواہ وہ آپس میں برابر ہوں۔ یا کم و بیش غرضیکہ جسقدر رات دن کی گھڑی پل ہوں۔ اُن کو جدا جدا بارہ ساعتوں پر تقسیم کیا جاتا ہے جتنا دنمان ہے۔ اوسکی گھڑی پل کو بارہ پر اور جتنی راتری ہو۔ اُس کی گھڑی پل کو بارہ پر تقسیم کرتے ہیں۔

ہر ایک ساعت کا ہر ایک گرہ مالک ہوتا ہے۔ جو شبھ گرہ کی ساعت ہو۔ وہ شبھ پھل کرتی ہے۔ اور جو آشبھ گرہ کی ساعت ہو تو آشبھ پھل کرتی ہے۔ اس لئے اول ہر ایک دن اور ہر ایک رات کی ساعتوں کو نقشہ ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔ اور اس میں ہر ایک ساعت کے مالک کا نام تحت۔ ہر ایک ساعت کے لکھا جاتا ہے۔ تا کہ فوراً معلوم ہو جاوے۔

نقشہ ساعات اگلے صفحہ پر درج ہے۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

ساعات چکر

نام	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
دن اتوار	سورج	شکر	بدھ	چاندر	شنیچر	برہسپت	منگل	سورج	شکر	بدھ	چاندر	شنیچر
رات سوموار	برہسپت	منگل	سورج	شکر	بدھ	چاندر	شنیچر	برہسپت	منگل	سورج	شکر	بدھ
دن سوموار	چاندر	شنیچر	برہسپت	منگل	سورج	شکر	بدھ	چاندر	شنیچر	برہسپت	منگل	سورج
رات منگل	شکر	بدھ	چاندر	شنیچر	برہسپت	منگل	سورج	شکر	بدھ	چاندر	شنیچر	برہسپت
دن منگل	منگل	سورج	شکر	بدھ	چاندر	شنیچر	برہسپت	منگل	سورج	شکر	بدھ	چاندر
رات بدھ	شنیچر	برہسپت	منگل	سورج	شکر	بدھ	چاندر	شنیچر	برہسپت	منگل	سورج	شکر
دن بدھ	بدھ	چاندر	شنیچر	برہسپت	منگل	سورج	شکر	بدھ	چاندر	شنیچر	برہسپت	منگل
رات ویروار	سورج	شکر	بدھ	چاندر	شنیچر	برہسپت	منگل	سورج	شکر	بدھ	چاندر	شنیچر
دن ویروار	برہسپت	منگل	سورج	شکر	بدھ	چاندر	شنیچر	برہسپت	منگل	سورج	شکر	بدھ
رات جمعہ	چاندر	شنیچر	برہسپت	منگل	سورج	شکر	بدھ	چاندر	شنیچر	برہسپت	منگل	سورج
دن جمعہ	شکر	بدھ	چاندر	شنیچر	برہسپت	منگل	سورج	شکر	بدھ	چاندر	شنیچر	برہسپت
رات شنیچر	منگل	سورج	شکر	بدھ	چاندر	شنیچر	برہسپت	منگل	سورج	شکر	بدھ	چاندر
دن شنیچر	شنیچر	برہسپت	منگل	سورج	شکر	بدھ	چاندر	شنیچر	برہسپت	منگل	سورج	شکر
رات اتوار	بدھ	چاندر	شنیچر	برہسپت	منگل	سورج	شکر	بدھ	چاندر	شنیچر	برہسپت	منگل

اب ہر ایک ساعت کا بھلا دیش نیچے اگلے چکر میں لکھا جاتا ہے

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

پہلا دیش چکر ہر ایک ساعت

نام دن رات	نام سوامی	پہلا دیش
دن آیت رات ویر	سورج	اگر جنم ساعت ۱-۲-۳-۶-۸-۹-۱۰- دن آیت یا رات ویر وار میں ہو۔ تو بڑے مرتبہ والا اور شان شوکت و عزت و ریاست اور بڑے امیروں کا دوست ہوگا۔
دن سوم رات جمعہ	چاند	اگر جنم ساعت ۱-۲-۳-۶-۸-۹-۱۰- میں دن سوم یا رات جمعہ کو ہو۔ تو بڑے بڑے کام کرنیوالا۔ اور عجائب معاملات اور بڑے فایدہ پہونچانیوالا۔ اور ہر ایک سے نیکی کرنیوالا۔ دولتمند۔ اور انجام اوسکا نیک ہو۔
دن منگل رات سنیچر	منگل	اگر جنم بچہ کا ساعت ۱-۵-۰-۸ میں دن منگل یا رات سنیچر کو ہو۔ تو وہ چھوٹی عمر میں قتل کیا جاویگا۔ یا اوس پر الزام قتل لگایا جاویگا۔
دن بدھ رات آیت	بدھ	اگر جنم بچہ کا ساعت ۱-۴-۶-۸- میں دن منگل یا رات آیت کو ہو۔ تو نیک خیالات اور تواریخ دان عالم حکیم ہوگا۔
دن ویر رات سوم	برہسپت	اگر جنم بچہ کا ساعت ۱-۴-۵-۱۱ میں دن ویر یا رات سوم کو ہو تو بڑا نامور۔ رئیس۔ معزز۔ عالم۔ دھرماتماں ہوگا۔ لیکن عیاش اور صحبت عورت کا شایق ہوگا۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitized by eGangotri

دن شکر رات منگل	شکر	اگر جنم بچہ کا ساعت ۱-۲-۵-۸-۹-۱۰- میں دن شکر یا رات منگل کو ہو۔ تو مال و دولت جمع کریگا۔ اور آبی مقامات کا سیر پسند کریگا۔ اور دہرم میں کام توجہ دکھیگا۔ مگر کھیل میں زیادہ متوجہ رہیگا۔
دن سینچر رات بدھ	سینچر	اگر جنم بچہ کا ساعت ۱-۲-۸-۱۰- میں دن سینچر یا رات بدھ کو ہو۔ تو وہ زندہ نہیں رہیگا۔ اگر زندہ رہیگا۔ تو ہمیشہ بیمار۔ اور بدکار ہوگا۔

وقت پہلا ویش یعنی جنم وشا

چونکہ ہرایک گرہ کا دورہ اور وقت پہلا ویش معین اور مختلف ہے۔ اوس کو اس کتاب میں درج کرنا ضخامت کو بڑھاتا ہے۔ اس لئے اوس کو کتاب راز قسمت حصہ دوم چشمہ جنم وشا میں درج کیا جاویگا۔ کیونکہ ہرایک گرہ اپنے زمانہ دور یعنے اپنی وشا میں کال پھل دکھلاتا ہے اون سے مکمل پہلا ویش کتاب مذکورہ میں بیان کی جاویں گی ؞

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitized by eGangotri

جنم کنڈلی عورات

گرہوں کا اثر عالم عورات پر بھی بمثل مردوں کے منجماں نے تحریر فرمایا ہے۔ اوس کے اظہار کی کتاب ہذا میں گنجائش ہنیں دیکھی گئی۔ اسواسطے اوس کو کتاب راز قسمت کے حصہ سوم چشمہ جنم پتری استریاں میں درج کیا جاوے گا۔

وقت خاتمہ کتاب

چونکہ زمانہ دراز سے اس کتاب کی تیاری میں مصروف رہا ہوں۔ اس کے خاتمہ کا ۴ر جنوری سنہ ۱۹۰۶ء میں وقت مبارک آیا۔ اس کو ختم کر کر ایشور پرماتماں کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ اور دعا دیتا ہوں۔ کہ شائقین علم نجوم اور مطالعہ کنندگان کتاب ھذا کو تعلیم اس کی مبارک ہو۔ جہانتک پہلا دلیش اس کے خاکسار کے تجربہ میں آئے۔ وہ بالکل صحیح اور مطابق اس کے پائے گئے بشرطیکہ استخراج لگن ہا، دہر ایک گرہ صحیح و درست ہو۔ اور طاقت کا اندراج صحیح لگایا جاوے۔ خاکسار چیت رام منجم سکنہ کمالیہ ضلع منٹگمری ۴ $\frac{1}{1906}$

فہرست ہذا کو ملاحظہ فرما کر اپنے دوستوں کو بھی ان کتب سے مطلع فرما کر مشکور فرماویں

مژدہ

گردش فلکی سے علم نجوم یعنے جوتش بالکل پردہ تاریکی میں آگیا
تھا۔ گو اب انگریزی خوان۔ انگریزی میں اور سنسکرت دان
سنسکرت میں اس کا حظ حاصل کر رہے ہیں۔ مگر اردو خوان
و ہندی بھاشا و گورمکھی دان شائقین اس سے محروم ہیں۔
اُن کی خاطر چند کتب شائع کی گئی ہیں۔ جن کے مطالعہ
سے ہر معمولی خواندہ آدمی چند روز میں اعلیٰ درجہ
کی لیاقت پیدا کر سکتا ہے۔ اس سے پیشتر آج تک ملک
ہندوستان میں بزبان اردو کسی عالم نے ایسی سلیس او
مشرح و مفصل جماعت وار مکمل علم حاصل کرنے کی
کتب شائع نہیں کیں۔

ہدیہ ناظرین کی جاتی
ہیں

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitized by eGangotri

تفصیل کتب نجوم

یعنی

جوتش

کلید نجوم

معروف

چشمہ لگن ساری (حصہ اوّل)

ایسی ساری آج تک کسی ملک کسی زبان کسی زمانہ میں کسی عالم نے شایع نہیں کرائی۔ اس کے ایک بار کے مطالعہ سے ہر حرف شناس ۵ منٹ میں ساری سے لگن دیکھکر کنڈلی بناکر پھلادیش نوگرہ نوا دعمر وقت پیدائش مہورت سفر۔ تلاش مال چوری۔ دریافت نرخ اجناس وغیرہ نجوارتی اشیا۔ گرہ گوچر و پرشن بتلا سکتا ہے۔ یہ ساری تا قیام نظام شمسی کارآمد رہیگی۔ یہ ساری نوایجاد ہے۔ اسمیں قاعدہ صحت لگن مستند اور معتبر درج کیاگیا ہے۔ قیمت اردو ۱۱ ارشا شری ۱۱ ار گورمکی ۱۱ اور محصولڈاک ذمہ خریدار

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۲۔ کلید نجوم معروف چشمہ لگن سارنی حصہ دوم

اس میں مختلف قواعد دریافت وصحت لگن و وقت بوجہ تفاوت الوقت مختلف مقامات کثیر التعداد بمقابلہ مدراس وپھلاوش جنم۔ سال۔ رتو۔ ماہ۔ تتھ۔ یوم۔ پکھ۔ کرن۔ یوگ لگن راس مفصل ومشرح بحوالجات مختلف درج ہیں گویا ہر ایک انسان کا زندگی نامہ ہے قیمت ۸ر محصولڈاک بذمہ خریدار

۳۔ راز نجوم حصہ اول معروف چشمہ لگن

اس کتاب میں فاضل مصنف نے بڑی بھاری مشکل کو حل کیا ہے۔ جس کے باعث کہ علم نجوم آجتک اردو خوان شائقین کے لئے ناممکن چلا آتا تھا۔ یعنے گرہوں کا استخراج یعنے سپشٹ بڑی خوبی سے مثالیں دیکر سمجھایا ہے۔ علاوہ ازیں گرہوں اور راسوں کے منسوبات بھی مکمل طور پر درج کئے گئے ہیں۔ یہ ایک ضخیم کتاب ہے۔ قیمت صرف عہ؍ علاوہ محصولڈاک

۴۔ راز قسمت حصہ اول معروف چشمہ جنم پتری

اس ضخیم کتاب کے اوصاف ومضامین نایاب کے درج کرنے کیلئے بھی علیحدہ ایک کتاب کی ضرورت ہے بخوف طوالت اسکے چند اوصاف مختصراً ذیل میں درج ہیں۔ اسمیں قریباً ساڑھے تین ہزار نمرہ یعنے پھلاوش ہر ایک گرہ مفرد ومجمل معہ یوگہائے کے درج ہیں۔ جن سے حالات سکھ۔ دکھ ترقی۔ اقبال۔ زوال۔ آمدنی۔ نقصان دولت۔ برادراں۔ ملک املاک۔ جائیداد۔ مکان باغ۔ آرام والدین۔ علم۔ تعداد اولاد معہ وقت تولد وموت۔ اولاد۔ بیماری۔ شادی غمی دشمن عورات۔ فتح شکست۔ مقدمات تجارت۔ روزگار۔ وقت موت بقاعدہ انجمان ہندرا پاراشر۔ شنی جیمنی رکھ۔ عروج۔ مراتب حکومت۔ آمدنی عطیات۔ شاہی خرچ نقصان بیماری وغیرہ درج ہیں آجتک ایسی

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitized by eGangotri

ہم نظیر کوئی کتاب شایع نہیں ہوئی جنم پتوہ کے پہلاوش کیلئے لاثانی نسخہ ہے الغرض انسانی قسمت کا فوٹو ہے. باوجود اوصاف اعلےٰ اور ضخامت کثیر کے قیمت صرف عہ علاوہ محصولڈاک

۵- رازِ قسمت حصہ دوم معروف چشمہ جنم دشا

اس کتاب میں ونشوتری وشامہ انتر پرتیر سوکھشم و پران دشا مفصل و شرو عامہ سارنی و پہلاوش جوگنی دشا و فرواوات یونانیاں دسو درشن چکر کے درج ہیں۔ گویا وقت تولد سے وقت موت کے گھڑی پل تک کل حالات مکمل اس سے حاصل ہو سکتے ہیں علاوہ ازیں ہر انسان کے ایک ایک جنم گذشتہ کا حال بموجب کرم بپاک شاستر درج کیا گیا ہے تاہم قیمت صرف علاوہ محصولڈاک صرف عہ روپیہ۔

۶- رازِ قسمت حصہ سوم معروف چشمہ جنم پتری عورات

اس میں دردناک حالات. بیوگان. ثمرہ یعنی پہلاوش بختر. یو گہانے یوگی. آوارگی. چال چلن اولاد موت بیماری. حمل وغیرہ درج ہیں. اس کے علاوہ ترجمہ اصل کوک شاستر بھی بعد ضروری ترمیم درج کیا گیا ہے. قیمت صرف ۸ر محصولڈاک بذمہ خریدار

۷- رازِ غیب معروف چشمہ پرشن حصہ اول

اس کتاب میں ضعف وقوت ستارگان ۱۶ ابوگ پسنک شیل کنڈلی اور کئی قواعد دریافت ضمیر سائل دہر پرشن کا جواب بحوالہ قول رکھیشران ہند و منجمان یونان و مصر و مستند کتب کا انتخاب مع ذاتی تجربات کے درج کیا گیا ہے. گویا حالات قسمت انسانی فے البدیہہ راز غیب بتلا سکتا ہے جس سے عقل انسان دنگ رہجاتی ہے. اس میں کمی بیشی نرخ اشیائے تجارتی. تلاش غیب تحقیق قبل تنزلی بیماری چوری گمشدگی وغیرہ حوادثات زمانہ

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitized by eGangotri

کے ۱۲۰ سوالات متعلق تمام کاروبار دنیا بمعہ مفصل جوابات درج کئے گئے ہیں باوجود ضخامت کثیر اور مضامین عظیم الشان کے قیمت صرف عہ/ علاوہ محصولڈاک۔

۸- راز غیب معروف چشمہ پرشن حصہ دوم

اس میں دنیا کے تمام کاروبار کے متعلق ہر ممکن سوال کا جواب بقاعدہ علم ابجد اہل یونان وعلم کیرل ترجمہ پستک گرگ منورمے و ترجمہ کھٹ پنچاسکا درج ہیں اس میں کئی طریقوں سے ہر ایک سوال کا جواب مفصل درج کیا گیا ہے۔ قیمت ۸/ علاوہ محصولڈاک

التماس

سوامی جی مہاراج معززین قدردانان وایران ملک کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ کہ جنہوں نے بخیال قدردانی وحوصلہ افزائی مصنف اپنے عطائیات خلعت وامداد وسارٹیفکیٹ سے مصنف کو ممتاز اور مفتخر فرمایا۔ اور عام خواندہ صاحبان ملازم غیر ملازم کی توجہ دلا کر کتب ہاۓ تذکرہ صدر کا مطالعہ شروع کرا دیا ہے۔ صرف چند سارٹیفکیٹ ذیل میں درج کئے جاتے ہیں۔ عام کو طوالت کی وجہ سے درج نہیں کیا جاتا۔

۱- از کونسل انتظامیہ ریاست کپورتھلہ پنجاب

لالہ چیت رام صاحب کپورتھلہ میں چند روز سے آئے ہوئے ہیں۔ ان کی ملاقات سے مجھکو بہت خوشی حاصل ہوئی۔ انہوں نے بڑا حصہ اپنی زندگی تحصیل علم جوتش میں صرف کیا ہے اور یہ تحصیل ان کو کتب قدیم زبان عربی اور فارسی سے ہوئی ہے۔ یہ کتب معلوم ہوتا ہے کہ خلفائے عباسیہ کے وقت میں سنسکرت سے ترجمہ ہوئی تھیں اور وہ اصل پستک اب ہندوستان

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitized by eGangotri

میں کمیاب ہوگئی ہیں۔ لالہ صاحب اب ایسی کتابوں سے اردو میں اور ہندی میں ترجمہ کر رہے ہیں چنانچہ ایک پستک انہوں نے ہندی میں بنام نہاد چشمہ لگن سارنی تصنیف کر کے بہ صرف کثیر چھپوائی ہے جس سے امید ہے۔ کہ پنڈتان و برہمنان کو اس قدیم ودیا کی تجدید میں بڑی مدد ملیگی۔ جملہ شائقین علوم قدیم ہند کو لازم ہے کہ لالہ صاحب کو بذریعہ خریداری کتاب مطبوعہ کے اپنے مقصد اعلےٰ کے بر آنے میں امداد دیویں گے۔

الراقم ہریچند ممبر کونسل انتظامیہ ریاست کپورتھلہ ٹرسٹی بھارت دھرم مہامنڈل و فیلو پنجاب یونیورسٹی وغیرہ مقام کپورتھلہ ۱۸ ارچیت سمت ۱۹۶۴ مطابق ۳۰ مارچ سنہ ۱۹۰۷ء

۲۔ تحریر سری گوبند سنگھ سبھا کپورتھلہ سے — از سنگھ سبھا کپورتھلہ

آج واقعہ ۱۶ ارچیت سمت ۱۹۶۲ کو جلسہ سبھا بمکان بوٹا سنگھ صاحب پلیڈر میں منعقد ہوا جس میں جوتشی عالیشان لالہ چیت رام صاحب ساکن کمالیہ ضلع منٹگمری نے سکھی دھرم پر عمدہ لیکچر دیا جس سے حاضرین جلسہ نہایت خوش ہوئے اور ایک پستک چشمہ لگن سارنی بحروف گورمکھی پیش کیا جس کے ملاحظہ سے نہایت خوشی ہوئی۔ کیونکہ یہ جوتش ودیا پہلی دفعہ گورمکھی میں تحریر ہوئی ہے۔ اور ایک ایسے طریق سے پستک بنا ہوا ہے جسکو ہر ایک بشر بآسانی سمجھ سکتا ہے اور سنگھ سبھا کی طرف سے خلعت بھی صاحب موصوف کو دیا گیا اس لئے یہ یادداشت صاحب موصوف کو دی جاتی ہے۔ المرقوم ۱۷ ارچیت سمت ۱۹۶۲ بکرم

۳۔ ۳۰-۴-۰۶ — از دفتر سناتن دھرم سبھا پھلور

لالہ چیت رام صاحب جوتشی عالیشان ہماری سبھا میں تشریف لائے ہیں تقریباً پانچ چھ روز قیام فرمایا۔ آپکے لیکچر دربارہ جوتش واقعی موثر ہیں آپکی ایک کتاب موسومہ چشمہ لگن سارنی کا جسمیں جوتش مبتدیوں کیلئے سہل لکھا ہے مطالعہ کیا اس پر تھوڑا سا وقت صرف کیا مطالعہ سے معلوم ہوا کہ واقعی یہ کتاب علم جوتش کے سیکھنے کیلئے ایک اعلےٰ درجہ کی کتاب ہے مصنف نے اسکی تصنیف میں بہت جانفشانی کی ہوگی [illegible]

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitized by eGangotri

۴۔ از اجلاس کونسل آف ایڈمنسٹریشن ریاست فریدکوٹ

(مہر) دستخط انگریزی۔ سردار بہادر رسالدار پرتاب سنگھ صاحب ای۔ اے۔ سی۔
پریذیڈنٹ کونسل آف ایڈمنسٹریشن ریاست فریدکوٹ پنجاب

دستخط فارسی۔ عبدالغفور خاں ممبر کونسل

(مہر سنہری دربار)

فضیلت ارتسام لالہ جیت رام صاحب متوطن کوٹ کمالیہ ضلع منٹگمری منجم عالیشان المعروف سوامی چکرورتی ہرملاپی جن کی عالمگیر شہرت علم نجوم میں کسی زائد تصدیق کی محتاج نہیں اتفاقاً فریدکوٹ میں آئے۔ اپنی مولفہ کتابیں پیش کیں اپنے کمال علمی سے ہمارے جنم کنڈلیوں اور پرشنوں کا مطابق زمانہ ماضی۔ حال۔ استقبال کے احکام لگا کر تجربہ علم کا ثبوت دیا۔ ہم سب نے انکے لگائے ہوئے احکام کو واقعات کے ساتھ مطابق پایا۔ علم نجوم ملک سے قریب معدوم ہونیکو پہنچ چکا تھا۔ کیونکہ اس فن کے عام مدعیوں کے کاموں میں صداقت باقی کم رہگئی تھی جو صاحبان ہنر کسی مندجہ کمال تک پہنچ چکے ہیں۔ وہ جوتش جیسے گراں بہا فن کو برائی کیطرح مخفی رکھتے تھے جسوجہ سے جوتشیوں پر عام نیک خیال کی جگہ بدخیالی نے پا رکھی تھی۔ ایسے پرآشوب زمانہ میں سوامی چکرورتی کا جوتش کے باریک مسائل کو اردو زبان کے ذریعہ چھوٹی بڑی کتابیں تصنیف کی چھپوا کر شائع کرنا شوقمندوں کو فہم و تفہیم کرنے کے واسطے ہر وقت مستعد رہنا اور پھر عام بے علم لوگوں کے لئے اردو سے گورمکھی و بھاشا وغیرہ زبان میں ترجمہ کرکے زیادہ اشاعت کا ارادہ رکھنا ایسا کام ہے جسکی توجہ خاص خاص دھرم آتما جوتشیوں سے بھی نہیں رکھی جاسکتی یہ خصوصیت سوامی ہرملاپی کی نیاضدلی کی ایک قوی دلیل ہے۔ جو انکو معصروں میں اعلیٰ درجہ کی روزافزوں ناموری بخشیگی یقین ہے کہ دیسی درباروں میں قدردانی مزید کا سبب ہوگی۔ کونسل نے دربار ریاست کیطرف سے خلعت مالیتی مبلغ پچاس روپیہ اس سند کے ہمراہ دیا ہے۔ کہ ان کے ریاست میں اپنے ہنر کے اظہار سے خوشوقت کرنیکا یادگار ہے فقط

المرقوم ۵ اجیٹھ سمت ۱۹۶۵ مطابق ۱۷ مئی سنہ ۱۹۰۸ع نقل مطابق اصل ہے

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

سوامی چیت رام جی صاحب المعروف چکرورتی ہرلالی بطور سیاحت وارد نابھہ ہوکر سبھا میں ہمارے اثنائے مکالمہ قیل و قال سوامی جی صاحب اسوقت عجوبہ روزگار ثابت ہوئے اگر ہم ان کو مجدد کا لقب دیں بجا و سزا ہے کیونکہ آپنے ایک عجیب کرشمہ دکھلایا ہے یعنی علم نجوم میں آٹھ رسالہ تصنیف فرمائے ہیں۔ جو بذاتہ ہر ایک بے بدل ہے۔ علم جوتش کے دقایق بالانجیل بڑی وضاحت و صراحت سے منقول فرمائے ہیں۔ اور طرفہ یہ کہ جوتش اور اصطلاحات کی تطبیق لاثانی بیان کی ہے۔ واقعی دریا کو کوزہ میں بند کیا گیا ہے ایسی تصنیف اس علم میں بہت کمتر ہے۔ اب قدر دانی اور ہمت افزائی ناظرین والا تمکین کے ہاتھ ہے۔ تاکہ قوی دل ہوکر مصنف صاحب اور انتخاب کرکے اردو میں ذخیرہ جمع فرماویں اور دھرما اکن اشتراء رسائل مصنفہ میں سعی بلیغ مبذول فرماویں۔ فی زمانہ حالت سناتن دھرم متنزل ہے۔ اسکی پشتی کیلئے جسقدر توجہ کیجاوے۔ اندک ہے خصوصاً جوتش بدیا کی نسبت ہر ایک طفل ابجد خوان ہی منہ پھاڑ پھاڑ کر جو پیشگوئیاں اور علم وہمی بتلاتا ہے۔ حالانکہ یہ وید اقدس کا ایک رنگ ہے اسکی تائید سناتن دھرمی صاحبوں پر فرض واجب ہے چند کتب مترجمہ سوامی صاحب موصوف برائے ترویج منجانب سبھا خرید ہوئی ہیں۔ تاکہ اردو خوان بھی اس سے مستفید و مستفیض ہوں۔ فقط ۲۸ چیت سمت ۱۹۶۱ دستخط پربھدیال اہلکار مجلس رائے ریاست نابھہ پریذیڈنٹ سبھا۔ بندہ اودےرام سیکرٹری سناتن دھرم سبھا۔ نابھہ۔ بندہ گوبندرام ممبر سبھا نابھہ۔

ملنے کا پتہ: امرناتھ بی اے منیجر دفتر منجم عالیشان ڈاکخانہ کمالیہ ضلع منٹگمری

پنجاب

P.O. Kamalia

District Montgomery (PUNJAB)

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

یوگہائے طریق دوم دریافت عمر	۲۴۹
طریق سوم دریافت عمر	۲۵۰
طریق چہارم دریافت عمر بقاعدہ جیمنی سُتر	۲۵۶
طریق پنجم دریافت عمر بقول پاراشر	۲۶۷
وقت موت	۲۸۰
ثمرہ ہرایک راشی بخانہ ہشتم	۲۸۰
اثر تولد مولود بر والدین وغیرہ	۲۸۲
راز دہم احکام خانہ نہم	
ثمرہ ہرایک گرہ بارہ گھروں میں	۲۸۳
ثمرہ مالک خانہ نہم بارہ گھروں میں	۲۸۴
ثمرہ ہرایک گرہ میکھ راشی میں	۲۸۶
،، برکھ راشی	۲۸۷
،، متھن راشی	۲۸۸
،، کرک راشی	۲۸۹
،، سنگھ راشی	۲۹۰
،، کنیا راشی	۲۹۲
،، تلا راشی	۲۹۳
،، برچھک راشی	۲۹۴
،، دھن راشی	۲۹۵
،، مکر راشی	۲۹۶
،، کنبھ راشی	۲۹۷
،، مین راشی	۲۹۸
ثمرہ یوگہائے دھرم وبخت وغیرہ	۲۹۹
ثمرہ ہرایک راس بخانہ نہم	۳۰۴
یوگہائے آرام تکلیف و دھرم وغیرہ	۳۰۶
راز یازدہم احکام خانہ دہم	
ثمرہ ہرایک گرہ بارہ گھروں میں	۳۰۹
ثمرہ مالک خانہ دہم بارہ گھروں	
ثمرہ ہرایک گرہ میکھ راشی	
،، برکھ راشی	۳۱۳
،، متھن راشی	۳۱۵
،، کرک راشی	۳۱۶
،، سنگھ راشی	۳۱۷
،، کنیا راشی	۳۱۸
،، تلا راشی	۳۱۹
،، برچھک راشی	۳۲۱
،، دھن راشی	۳۲۲
،، مکر راشی	۳۲۳
،، کنبھ راشی	۳۲۴
،، مین راشی	۳۲۵
ثمرہ یوگہائے روزگار اقبال منصب و راج وغیرہ	۳۴۷
ثمرہ ہرایک راشی	۳۴۸
راز دوازدہم احکام خانہ یازدہم	۳۵۰
ثمرہ ہرایک گرہ بارہ گھروں میں	۳۵۰
ثمرہ مالک خانہ یازدہم بارہ گھروں میں	۳۵۲
ثمرہ یوگہائے لابھ وترقی دولت وعطیات سلطانی	۳۵۴
ثمرہ ہرایک گرہ میکھ راشی	۳۵۶
،، برکھ راشی	۳۵۷
،، متھن راشی	۳۵۸
،، کرک راشی	۳۵۹
،، سنگھ راشی	۳۶۰
،، کنیا راشی	۳۶۱
،، تلا راشی	۳۶۲
،، برچھک راشی	۳۶۴

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

...ن راشی	٣٦٥
مکر راشی	٣٦٦
مین راشی	٣٦٧
ثمرہ ہر ایک راشی بخانہ یازدھم	٣٦٩
راز سیزدھم احکام خانہ دوازدہم	
	٣٧١
ثمرہ ہر ایک گرہ بارہ گھروں میں	٣٧١
ثمرہ مالک خانہ دوازدہم بارہ گھروں میں	٣٧٢
ثمرہ یوگ ہائے خرچ نقصان و سزا وغیرہ	٣٧٤
ثمرہ ہر ایک گرہ ... میکھ راشی	٣٧٥
" برکھ راشی	٣٧٦
" متھن راشی	٣٧٧
" کرک راشی	٣٧٨
" سنگھ راشی	٣٧٩
" کنیا راشی	٣٨٠
" تلا راشی	٣٨١
" برچھک راشی	٣٨٢
" دھن راشی	٣٨٣
" مکر راشی	٣٨٤
" کمبھ راشی	٣٨٥
" مین راشی	٣٨٧
ثمرہ ہر ایک راشی	٣٨٨
راز چہاردہم احکام متفرق یوگ	٣٩٠
ثمرہ قران دو دیگر گرہوں کا	٣٩٠
" تین گرہوں کا	٣٩٠
ثمرہ قران چار سے یا چار سے زیادہ گرہوں کا	٣٩٤
ثمرہ یوگ سورج و چاند	٣٩٤
ثمرہ یوگ کنڈلی کے گھروں کا	٣٩٨
ثمرہ آرشٹ نوارن یوگ	٤٠٦
گربھ ٹھہرنے کا وقت	٤٠٧
ثمرہ ساعات	٤٠٧
وقت ثمرہ جنم و شاہ	٤١١
جنم کنڈلی عورات	٤١٢
وقت خاتمہ کتاب	٤١٢

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri